Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

"Mukhzib"
Zi Shoara

(Volume 2)

Tarteeb, Tadveen

Qitmeer-e-Ghous-e-Azam wa Lateef-e-Laoubali

Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri
Laoubali Al-Jilani Sajjad

Sajjadah Nasheen Bargah Hazrat Patther Wale Saheb
Mustaidpura Karwan, Hyderabad (INDIA)

9 789391 372187

Hazrat Haadi-E-Deccan Digitization & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad

تاریخ ساز مشاعرہ
تاریخ ساز کلام

اُردو شعروادب کی تاریخ کا پہلا ۱۳ روزہ مشاعرہ میں پیش کیا گیا کلام
جس میں ۱۲۵ شعراء ۱۲۵۰ اشعار پر مشتمل نعت شریف اور ۱۱۱ اشعار پر مشتمل منقبت پیش کئے۔

”مخضب زِ“ شعراء

(جلد دوم۔ ص تا ی)

ترتیب وتزئین

قطمیر غوث اعظمؓ و لطیف لا اُبالیؓ

ڈاکٹر سید عبدالمھیمن قادری لا اُبالی الجیلانی سجادؔ محی الدین

سجادہ نشین رابع بارگاہ حضرت وتد دکن المعروف پتھر والے صاحب
کامل التفسیر۔ کامل الحدیث۔ کامل التاریخ۔ پی ایچ ڈی جامعہ نظامیہ۔
ایم اے (عربی۔ فارسی۔ اردو)۔ MLIS

مخضب زشعراء

Collection Peer Sahib Qudari

••स्कैन्ड/Scanned••

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qudari Digitization eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّ وَنُسَلِّمُ عَلٰی حَبِیْبِهِ الْعَظِیْم

ھو القادر
اللطیف

ھو الرزاق
الھادی

۱۴۴۲

”مغضب“ زِ شعراء

2020

﴿جلد دوم۔ص تا ی﴾

ترتیب وتدوین

قطمیر غوث اعظم رضی اللہ عنہ و لطیف لا اُبالی رضی اللہ عنہ

ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا اُبالی الجیلانی سجاد محی الدین

سجادہ نشین رابع بارگاہ حضرت وتد دکن المعروف پتھر والے صاحب۔کامل التفسیر۔کامل الحدیث۔کامل التاریخ۔جامعہ نظامیہ

ایم اے (عربی۔فارسی۔اردو۔پولیٹیکل سائنس۔میوزولوجی۔لائبریری سائنس)

پی ایچ ڈی میوزولوجی، آرکیول سائنس، مینواسکرپٹولوجی (لائبریری سائنس)

स्कैन्ड/Scanned

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad, India

کتاب کے بارے میں

یکے از مطبوعاتِ دار الھدیٰ سلسلہ نمبر۔219

نام کتاب : مخضب زِشعراء (جلد دوم)
ترتیب وتدوین : ڈاکٹر سید عبد المھیمن قادری لا أبالی الجیلانی
سنہ طباعت : 11/ جمادی الاولیٰ 1443ھ مطابق 16/ ڈسمبر 2021ء بروز جمعرات
سنہ اشاعت : 11/ جمادی الاولیٰ 1444ھ مطابق 6/ ڈسمبر 2022ء
تعداد صفحات : 592
تعداد اشاعت : ایک ہزار (1000)
قیمت : -/4000 (مکمل سٹ)
کتابت : محمد جاوید صاحب، اطیب اعجاز قادری صاحب، محمد انوار اللہ صاحب در مطبع دار الھدی
سرورق : حافظ محمد انوار اللہ صاحب (جامعہ نظامیہ)
طباعت : مطبع دار الھدیٰ، مستعد پورہ، حیدر آباد۔
ناشر : مطبع دار الھدی,486-4-13 بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب، مستعد پورہ، کاروان، حیدر آباد۔
500 006۔ تلنگانہ اسٹیٹ۔ الہند۔
فون نمبر:0091-9396354301, 040-2482 9438

ISBN No.
9 789391 372187

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Hyderabad Digitization eGangotri

رسمِ اجرا بدست

محترم المقام حضرت العلام مولانا

سید شاہ عبداللہ حسین بادشاہ قادری حیدری مدظلہ العالی

سجادہ نشین بارگاہ سرکار لااُبالی علیہ الرحمہ

محترم المقام حضرت العلام مفکر اسلام

فقیہ دکن مولانا مفتی خلیل احمد صاحب مدظلہ العالی

شیخ الجامعہ جامعہ نظامیہ

حقوق

اس کتاب کے مکمل حقوق مطبوعات دار الہدیٰ بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب مستعد پور حیدر آباد کے حق میں محفوظ ہیں کوئی فرد، ناشر، مطبع یا کمیٹی، ادارہ دار الہدیٰ یا سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب کی اجازت کے بغیر کتاب یا کسی حصہ کو طبع کرنے کی زحمت نہ فرمائیں۔ ورنہ قانونی چارہ جوئی کی جائے گی اور جرمانہ 15,000,00 (پندرہ لاکھ) روپے عائد کیا جائے گا جو سال 2020ء کے لئے مختص ہوگا۔ یکم جنوری 2021ء سے اس جرمانے میں ہر سال ایک لاکھ روپے کا اضافہ ہوگا۔

دستیابی

486-4-13 بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب، مستعد پورہ، کاروان، حیدر آباد۔ 500006

لااُبالی اکیڈمی بارگاہِ سرکارِ لااُبالیؒ کرنول۔
عرشی کتاب گھر منڈی میر عالم، حیدر آباد۔
حسامی بک ڈپو مچھلی کمان حیدر آباد۔
ہدیٰ بک ڈسٹری بیوٹرس پرانی حویلی حیدر آباد۔

کاظم سیریز حیدر آباد۔
شیخ الاسلام لائبریری حیدر آباد
مینار بک ڈپو نزد چار مینار، حیدر آباد۔
ہمالیہ بک ڈپو نامپلی حیدر آباد۔

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

مجمل فهرست

نشان سلسلہ	عنوان	صفحہ
1	مختصر سوانح حضرت قطب دوراں وتد دکن سید شاہ عبداللہ شاہ قادری لا اُبالی الجیلانی رحمۃ اللہ علیہ جن کے 125 سالہ عرس مبارک کے ضمن میں یہ 125 شعراء 125 اشعار پر مشتمل نعتِ شریف پیش کئے۔	5
2	قطعہ تاریخ سنہ اشاعت	9
3	صَفوت ۔ از۔ حضرت سید شاہ عبداللہ حسین بادشاہ قادری حیدری مدظلہ العالی سجادہ نشین بارگاہ سرکار لا اُبالیؒ	10
4	ضیط ۔ از۔ فقیہ دکن حضرت مولانا مفتی خلیل احمد صاحب مدظلہ العالی۔ شیخ الجامعہ جامعہ نظامیہ	11
5	طابِ گُل۔ از۔ آفتاب سخن سردار سلیم صاحب	12
6	مت سہل ہمیں جانو۔ از۔ آفتاب سخن سردار سلیم صاحب	14
7	طرس ۔ از۔ ڈاکٹر سید عبدالمهیمن قادری لا اُبالی (مرتب)	18
8	غمامِ علم وادب۔ تاثرات ۔ علماء علام ، مشائخ عظام ، ادباء وشعراء کرام	23
9	فہرست نعوت، مناقب، فارسی نعوت	47
10	فہرستِ گرہ (نعوت) بہ طرح ''دل هوا تم پر فدا یا مصطفیٰ''	52
11	فہرست گرہ (مناقب) بہ طرح ''ایک سو پچیسواں هے عرس عبداللہ کا''	993
12	فہرست گرہ (مناقب) بہ طرح ''عرس آیا هے سوا سو سالہ عبداللہ کا''	1043
13	فہرست گرہ (فارسی نعوت) بہ طرح ''ترحم یا رسول اللہ ترحم''	1151
14	منظوم استقبالیہ۔ منجانب: محترم جناب اطیب اعجاز قادری صاحب	1158
15	مشاعرے کی رپورتاژ۔ (۱) اطیب اعجاز قادری صاحب (۲) آفتابِ سخن سردار سلیم صاحب	1193 1196
16	فہرست مطبوعات دارالهدیٰ۔ بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب۔ حیدرآباد	1199
17	مشاعرہ کا دعوت نامہ ومشاعرہ کی تصویری جھلکیاں	1201

مختصر سوانح حیات و تذکرۂ دکن حضرت سید عبداللہ شاہ قادری لا ابالی الجیلانی قدس اللہ سرہٗ

جن کے سوا سو سالہ عرس شریف کے ضمن میں یہ مشاعرہ منعقد کیا گیا۔

آپ کی ولادت سنہ ۱۲۵۰؁ھ مطابق ۱۸۳۴؁ء میں ادونی ضلع کرنول میں ہوئی۔ آپ کے والد ماجد کا نام حضرت سید غلام حسین قادری لا ابالی الجیلانی ہے۔ آپ کے دادا محترم مجذوب المجاذیب حضرت سید محی الدین پاشاہ قادریؒ نے اپنی حینِ حیات ہی میں ادونی سے حیدر آباد بلا کر اپنا جانشین منتخب بنالیا تھا۔ مگر آپ اپنے آبائی وطن میں ہی مقیم تھے۔ آپ کے حیدر آباد آنے کی وجہ یہ ہوئی کہ آپ کے دادا حضرت نے خواب میں آپ کو یہاں آنے کا حکم دیا۔ آپ ادونی سے نکل کر مختلف مقامات کی سیر و سیاحت اور دین اسلام کی ترویج و اشاعت کرتے ہوئے پٹھان چیرو (موجودہ پٹن چیرو) کے قریب موضع مُتنگی میں لب سڑک مسجد میں قیام فرمایا۔ اس وقت آپ کی عمر شریف ۳۵ برس تھی۔ جب تین دن تک آپ مسجد سے باہر نہ نکلے تو اہل قریہ اس بات سے متعجب ہو گئے کہ حضرت نہ کچھ کھاتے ہیں نہ پیتے ہیں اور نہ دوسری ضروریات کے لئے باہر نکلتے ہیں۔ چوتھے دن متنگی کے مالی پٹیل فرید صاحب اور کچھ اہلِ قریہ مسجد میں داخل ہوئے تو دیکھا کہ آپ ذکر خداوندی میں مشغول تھے۔ بہت دیر بعد جب آپ ذکر سے فارغ ہوئے تو فرید صاحب اور دوسرے لوگ آپ کی اس کرامت سے بے انتہا متاثر ہو کر آپ کے مرید ہو گئے۔ مزید کچھ عرصہ آپ وہاں قیام فرمائے اور اس دوران ایک دینی مدرسہ قائم کر کے طالبین حق کو دینی تعلیم سے آراستہ فرماتے رہے۔ تعلیم کے مقررہ وقت کے بعد اکثر خاموشی اور ذکر و اذکار میں گزارتے۔ بعدہٗ حیدر آباد تشریف لائے اور موجودہ مقام پر اپنے دادا حضرت کی تربیت میں رہ کر علوم باطنی کی تکمیل فرمائی۔ تین سال بعد حضرت مجذوب المجاذیب سید شاہ محی الدین بادشاہ قادری لا ابالیؒ کا بعمر ۱۱۰ سال وصال ہوا، اور آپ اپنے دادا حضرت کے جانشین ہوئے۔ اس وقت آپ کی عمر شریف ۳۸ سال تھی۔

حُلیہ :

آپ بلند قامت۔ گندمی رنگ۔ ابرو غیر پیوستہ۔ بلند بینی۔ سینہ کشادہ۔ چہرہ بارعب۔ جبین بلند اور گھنی ریش تھی۔

خوارق:

آپ کم سُخن، خاموش مزاج اور وقت کا زیادہ حصہ یادِ الٰہی میں گزارتے۔ بالخصوص مسجد میں عبادات کی

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

ادائیگی کے بعد مسجد کے زیریں چھوٹے کمرے میں ذِکر الٰہی میں مشغول رہتے ۔ شریعت کی پابندی حد درجہ فرماتے ۔ علاوہ ازیں طریقت، حقیقت اور معرفت کی کئی منازل بھی طے فرما چکے تھے ۔ عینی شاہدین نے آپ کو مسجد کے زیریں حجرے میں شیر کے قالب میں دیکھا ۔ گھر کے اطراف جنگل کے مانند کثرت سے طرح طرح کے درخت تھے جس کے درمیان آپ شیر بن کر ٹہلتے اور پھر حجرے میں داخل ہوجاتے ۔ دیکھنے والے چونکہ خوفزدہ ہوجاتے تھے اس لئے آپ نے بعد میں لوگوں کو حجرے میں آنے سے منع فرما دیا ۔ اِس حجرے کو ''گوِی'' کہتے ہیں ۔ اس حجرہ کا سنہ تعمیر ''خانۂ انوارِ الٰہی'' ۹۶۰ ہجری ہے جو سنگ موسیٰ پر کندہ ہے ۔ اسی حجرہ کی پہلی منزل پر قطب شاہی مسجد ہے جس کا نام مسجد قطب دوراں سید عبداللہ شاہ قادری' حضرت ہی کے نام سے موسوم ہے ۔ مسجد کے سنہ تعمیر کی مادہ تاریخ ''خانۂ قادر'' ۹۶۱ ہجری ہے جو سنگ موسیٰ پر کندہ ہے ۔

توکّل:

آپ کی حیات مبارک درویشانہ اور متوکّلانہ رہی ۔ آصفجاہی حکومت کی جانب سے ماہانہ ۲۷ روپیئے چار آنے حالی بطور یومیہ مقرر تھے جس کی اجرائی بتاریخ ۹ / جمادی الثانی ۱۲۸۹؁ھ میں ہوئی تھی ۔ بقولِ حضرت امجدؔ حیدرآبادی ؎

ہر چیز مُسبّب سَبب سے مانگو مِنّت سے، خوشامد سے، ادب سے مانگو
کیوں غیر کے آگے ہاتھ پھیلاتے ہو بندے ہو اگر رب کے تو رب سے مانگو

تعمیرات:

رہائشی مکان اور مسجد کی حضرت وتد دکنؒ وقتاً فوقتاً تعمیر و ترمیم کرواتے رہے ۔ چنانچہ ایک دستاویز دیکھنے سے یہ پتہ چلتا ہے کہ دو تین مرتبہ آپ نے سات سو روپیئے حالی کے صرفے سے مسجد اور ملحقہ کنویں کی تعمیر کروائی ۔ امام اور موذن دونوں کی تنخواہ نو روپیے حالی حضرت دِلاور النساء بیگم (نواب میر محبوب علی خاں آصفجاہ ششم کی دادی جو حضرت مجذوب المجاذیبؒ کی مریدہ تھیں) اپنی جانب سے دیا کرتی تھیں ۔ مگر اُن کے انتقال کے بعد یہ سلسلہ موقوف ہوگیا ۔

جوانوں کا پہرہ:

حضرت وتد دکنؒ کی ایک مریدہ سردار بیگم نے دِلاور النساء بیگم سے خواہش کر کے درگاہ شریف اور رہائشی مکان پر چار پہرے دار مقرر کئے ۔ یہ بات سرسالار جنگ اوّل کے عہد کی ہے ۔ اِن ہی کی دستخط سے پہرے داروں کا

Hazrat Hadi-E-Deccan Digitized by eGangotri Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

تقرر رہوا تھا۔ ایک دِن آڑ دو، دو جوان پہرہ دیتے۔ پہرہ داروں کی تنخواہ محکمۂ نظامت جمیعت صرف خاص سے مقرر تھی۔ جوانوں کا پہرہ تقسیم ہند یعنی سنہ ۱۹۴۷ء تک تھا اس کے بعد موقوف ہو گیا۔

سفر حج و زیارت:

پُرانے کاغذات کے مطالعے سے یہ بات معلوم ہوئی کہ حضرت وتد دکنؒ تیرھویں صدی کے اوائل میں حج بیت اللہ کو تشریف لے گئے تھے۔ حج کے بعد مدینہ طیبہ میں زیارت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مشرف ہو کر بغداد شریف گئے اور کربلائے معلیٰ، کاظمین شریفین و نجف اشرف وغیرہ کی بھی زیارتیں فرمائیں مگر یہ تفصیل معلوم نہ ہو سکی کہ اس سفر میں آپ کے ہمراہ کون کون تھے؟ اور یہ سفر کس سنہ میں ہوا تھا؟

ازواج و اولاد:

حضرت وتد دکنؒ کی چار ازواج تھیں جن سے مختلف اوقات میں آپ نے عقد فرمایا۔ آپ کو ایک صاحبزادے سید حُسین قادری تھے جو بچپن میں انتقال کر گئے۔

جانشینی:

اپنے صاحبزادے کے پیدائش کے چھ ماہ بعد ہی انتقال کر جانے کے بعد حضرت وتد دکنؒ نے اپنے حقیقی برادرِ خورد سید شاہ غوث قادریؒ کے بڑے صاحبزادے فخر اولیاء حضرت سید شاہ عبدالرزاق قادری لا ابالی الجیلانیؒ کو اپنی زندگی میں ہی اپنا جانشین مقرر فرما دیا اور وصیت بھی حضرت فخر اولیاءؒ کے نام فرما دی جبکہ آپ کا قیام ابھی ادونی میں ہی تھا۔ اس وصیت کے مطابق حضرت وتد دکنؒ کے وصال کے بعد حضرت فخر اولیاءؒ کو آپ کا جائے نشین بنایا گیا۔

کرامت:

حضرت وتد دکنؒ کی بے شمار کرامات اور پیشن گوئیاں ہیں جو تذکرہ اجداد ھادی میں تفصیل سے موجود ہے یہاں صرف ایک کرامت تحریر کی جاتی ہے۔ آپ کو علمِ تصوّف میں بڑا دخل تھا۔ سلوک کے کئی مدارج طے فرما چکے تھے۔ اور اپنے مریدین میں سے بعض کو باطن میں اعلیٰ و روحانی مقامات تک پہنچا چکے تھے۔ خصوصاً مریدین کو تصوف کی تعلیم سے بہرہ ور فرماتے۔

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheeb Qadri Digitization eGangotri

ایک مرتبہ ذات وصفاتِ خداوندی کے نکات سمجھا رہے اور ذات باری تعالیٰ میں اپنے آپ کو فنا کر کے بقا کا درجہ حاصل کرنے کے رموز کی تعلیم فرما رہے تھے۔ سمجھائش کی غرض سے آپ نے چنے کا ایک دانہ زمین میں بو دیا اور پانی ڈالا۔ خدا کی قدرت سے تھوڑی دیر بعد ہی چنے کا پودا زمین سے اُگا اور بڑا بھی ہوا۔ چند ہی منٹ میں اس کو چنے کے دانے بھی نکل آئے۔ اور آپ چنے کے دانے توڑ کر مریدین میں تقسیم فرمائے اس طرح حاضرین درس نے بے موسم کا چنا کھایا۔

وِصال:

حضرت وتد دکنؒ نے اپنے وصال سے چھ ماہ قبل ہی اپنی وفات کی تاریخ اور مہینہ بعض مریدوں سے پیشن گوئی فرما چکے تھے اور وصال سے صرف ایک ہفتہ قبل مریدین کی خواہش پر چنگول کے دورہ فرمائے اور تین چار دن قیام کے بعد گھر واپس ہوئے اِن باتوں کی وجہ سے حضرت کی پیشن گوئی کا بعض لوگوں کو یقین نہ آیا مگر آپ کے کہنے کے مطابق ۲ / جمادی الاول ۱۳۱۷ھ مطابق ۱۸۹۹ء بروز شنبہ بوقت صبح بعمر (۶۷) سال بعہد نواب میر محبوب علی خاں آصفجاہ ششم حضرت وتد دکنؒ کا وصال ہو گیا۔

حضرت وتد دکنؒ کی تدفین آپ کے دادا محترم مجذوب المجاذیب حضرت سید محی الدین پاشاہ قادریؒ کی سیدھی جانب عمل میں آئی۔ آپ کا مزار شریف احاطہ درگاہ میں داخل ہونے کے بعد دروازے کی سمت سے دوسری کمان میں ہے جس پر پتھر اور گچ کی پختہ عمارت موجود ہے۔ مزار کا طول ساڑھے چھ فیٹ، عرض ساڑھے تین فیٹ اور اونچائی سوا تین فیٹ ہے۔ چند تاریخی سنگ موسیٰ کے قدیم کتبات بھی ہیں۔

از

ڈاکٹر سید محی الدین قادری ھادی لاابالی الجیلانی
والد محترم مرتب ومدون گلدستہ ہذا

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadari Digitization eGangotri

قطعہ تاریخ سنہ اشاعت در صنعت لطیف

۱۴۴۲ھ و 2020ء

صنعت لطیفی
گلدستہ پیارا
سنہ ہے مہیمن
مخضب زشعراء

نتیجہ فکر

ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لااُبالی سجاد پاشاہ

طرس

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الحَمدُ لِلّٰہِ الاَحد الصَمدِ المَعبود۔ المِلک القَادر المَقصود۔ اَشھد اَن لا الٰہ الا اللّٰہ وحدہٗ لا شریک لہٗ وھو الموجود۔ و اَشھد ان سیّدنا و شفِیعنا و ملاذِنا و مولانا محمّدًا صلی اللّٰہ علیہ والہ وسلم الحَامِدُ والمحمود۔ وعلیٰ الہٖ و اَزواجہٖ و ذریتہٖ و صَحبہٖ و ھم شاھدٌ و مشھود۔

اللہ نے ہر انسان کو اُس کی مقرر کردہ حیات بخشی ہے لیکن اس مختصر اور مقرر کردہ حیات میں کچھ ایسے کام لے لیتا ہے جسے اللہ زندہ رکھنا چاہتا ہو۔ رحمۃ للعالمین قائد الغر المحجلین سرور کائنات سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات مبارکہ پر رہتی دنیا تک لکھا جاتا رہے گا۔ اور ان تمام تحریروں میں نعت پاک کا مقام سب سے افضل و اعلیٰ ہے۔ مجھ حقیر فقیر کو اللہ نے یہ اعزاز بخشا کہ، نعت پاک کی ایسی محفل سجاؤں جو دنیائے علم وادب کی محافل میں بے مثل و بے نظیر مجلس ہو۔ یہ خیال دو سال قبل اللہ نے میرے ذہن میں ڈال دیا۔ اور میں نے فوراً ایک مشاورتی اجلاس طلب کیا۔ علماء و مشائخ اور ادباء وشعراء سے اس کی بابت مشورے حاصل کئے۔

ایک سو پچیس (125) ویں عرس شریف کے موقع پر ایک سو پچیس (125) شعراء کا مشاعرہ اور ہر ایک نعت ایک سو پچیس (125) اشعار پر مشتمل ہو مزید یہ کہ منقبت اور فارسی نعت شریف کے کم از کم گیارہ، زائد از پچیس شعر ہوں۔ جب یہ تمام باتیں اجلاس میں پیش ہوئیں تو ابتداء میں سبھی کو یہ ناممکن سا لگا۔ لیکن اللہ نے میرے دل میں یہ یقین پیدا کر دیا کہ یہ ممکن ہے۔ بہر حال مشیروں نے حامی بھری، پھر کیا تھا، اس مبارک کام کا باضابطہ آغاز ہوا۔ اور مسلسل میں نے دو سال اس مشاعرے کی تیاری میں خود کو مشغول رکھا۔

حالات کئی آئے، شعراء کی فہرست بنانا، مہمان و میزبان شعراء کا انتخاب کرنا، وقت سے پہلے شعراء کو اطلاع دینا، کلام عرس سے قبل جمع کرنا اور گلدستے کو ترتیب دینا، اشاعت کے مراحل، عرس کی تیاریاں، دعوت ناموں کی تقسیم، کلام کی ترتیب، دیگر امور الغرض کہ کام ایک ہی سال میں تکمیل کو پہنچنا تھا۔ اور ۲۰۲۰ء میں یہ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Qadri Collection Hyderabad Digitization eGangotri

تاریخ ساز مشاعرہ منعقد ہونا تھا۔ لیکن کورونا وباء نے نظام العمل کو منتشر کر دیا۔ ہوتا وہی ہے جو اللہ چاہتا ہے۔ ۲۰۲۰ء نہ سہی ۲۰۲۱ء میں یہ مشاعرہ منعقد ہو رہا ہے۔

رات اور دن کے مسلسل ساتھ چلنے کے بعد الحمد للہ یہ کام تکمیل پایا۔ تمام کلام یکجا ہوئے' کچھ شعراء محرّم ہوئے' کچھ محروم تو چند مرحوم بھی ہو گئے۔ مرحومین میں کچھ شعراء کی زندگی کا آخری کلام یہی نعت پاک رہی جو کہ ایک سو پچیس اشعار پر مشتمل ہے۔ ایک نعتیہ کلام کے جملہ اشعار ۱۲۵۔ 125x125=15225 جملہ نعوت کے اشعار ہوئے ہیں۔ منقبت کے کم از کم گیارہ اور زائد از ۲۵ 'اشعار۔ اس کے علاوہ فارسی نعتِ شریف کے تین کلام جن میں دو کلام ۲۵' اشعار پر مشتمل ہیں جب کہ ایک کلام کے بائیس اشعار ہیں۔ میں نے ہر کلام کا ایک ایک شعر خود پڑھا ہے جس کی وجہ سے مندرجہ ذیل چند باتیں پیش ہیں۔

ان ایک سو پچیس شعراء میں چند دیگر مکاتب فکر کے شعراء بھی ہیں۔ اردو اور ہندی کے شعراء بھی ہیں لیکن واضح رہے کہ تمام کا کلام اردو ہی میں دستیاب ہوا۔ صحت شعر کی ذمہ داری شاعر پر ہوتی ہے۔ ہر طرح کے شعراء مجھے اس میں نظر آئے۔ سب کی ندرت اور خیال بھلے ہی مختلف ہوں مگر عموماً طرحی مشاعروں میں خیالات کا ٹکراؤ ہو ہی جاتا ہے۔ باوجود اس کے یہاں کم ہوا۔ بہت سی خوبیاں بھی ہیں۔ کچھ کچھ خامیاں بھی رہیں، لیکن تمام کی کاوش ناقابل فراموش ہے۔

ایک شاعر نے اپنے کچھ اشعار کو مکرر بھی لکھا ہے، کچھ اشعار ایسے بھی ہیں جن کے مصرع اولیٰ کا مصرع ثانی سے کوئی ربط ہی نہیں، کچھ اشعار ایسے بھی ہیں جن میں شاعر کا خیال واضح نہیں ہوتا۔ کچھ شعراء نے محاوروں اور کہاوتوں کو بہت ہی شاندار طریقے سے استعمال کیا ہے۔ اشارے اور کنائے بھی خوبصورت برتے ہیں، چند شعراء محاوروں کو غلط استعمال کئے اور چند نے محاوروں میں چار چاند لکھا دیئے۔ چند شعراء نے الفاظ کو قاعدہ کے مطابق نہیں باندھا۔ جیسے گلمَہ کو گلمَہ، کچھ اشعار ایسے بھی ہیں جن کے انوکھے مضامین' خیال اور لفظوں کی بندشوں کو پڑھتے ہوئے اشک رواں ہو گئے، بعض شعراء کا اِملا بھی درست نہیں تھا (مگر انھیں درست کر دیا گیا ہے) مثلاً: مسئلہ کو مصلہ' حاضری کو حاظری، یقیناً کو یقینن، فاتحہ کو فاطحہ، قافیہ کو قافعہ، نعلین کو نالین، تمغہ کو طمغہ، بغض کو بغز، مرتبہ کو مرطبہ، آل کو عال، طیبہ کو طعیبہ، مصرع کو مصراء، نصب کو نسب وغیرہ لکھا گیا تھا۔

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

اکثر شعراء کے مصرعوں میں ٹکراؤں بھی ہوا ہے جیسے۔ سلسلہ در سلسلہ یا مصطفیٰ مصطفیٰ۔ مصطفیٰ یا مصطفیٰ یا مصطفیٰ۔ آپ کے در کا گدا یا مصطفیٰ۔ آپ ہیں رہی شمس الضحیٰ یا مصطفیٰ۔ آپ ہیں رہی بدر الدجی یا مصطفیٰ۔ مرحبا صد مرحبا یا مصطفیٰ۔ آپ ہی رہو ہیں ابتداء یا مصطفیٰ۔ آپ ہی ہو رہیں انتہاء یا مصطفیٰ۔ وغیرہ۔

بعض شعراء کے ہاں ان مصرعوں کا بار ہا ٹکراؤ دیکھنے کو ملتا ہے۔ اس کے علاوہ ندرت کے اعتبار سے بھی چند شعراء نے کمال کر دِکھایا ہے۔ جیسے محمد یوسف ندیم صاحب پونہ، مہاراشٹرا نے ۱۲۵ مطلعوں پر مشتمل نعت شریف لکھی ہے۔ محمد محبوب اشرف صاحب پٹنہ، بہار نے 125 گرہوں پر مشتمل نعت شریف لکھی۔ علاوہ ازیں احقر راقم الحروف نے نعت اور منقبت کے ہر شعر میں تلمیح (قرآن پاک یا حدیث پاک) کا استعمال کیا ہے اور کلام کی تخریج بھی کر دی ہے۔

اس کے علاوہ قوافی کی شاعری میں بڑی اہمیت ہوتی ہے اور اس اعتبار سے کچھ شعراء نے منفرد قوافی کا استعمال کیا ہے۔ مثلاً: سید بدر احمد نے عندیہ' ڈاکٹر میر مرتضیٰ لطفی صاحب نے رِبا، نابعہ، کامل حیدرآبادی صاحب نے جامعہ' دیوالیہ، ناظم مشاعرہ اطیب اعجاز قادری صاحب نے جھنجھنا، ڈاکٹر معین افروز نے چھّا (اچھّا، خواہش)، اسد کربلائی نے ہرملہ، والدہ اور اسلم ماجد جبلپوری صاحب نے ۱۰ تا ۱۲ منفرد قوافی استعمال کئے۔ یہ وہ قوافی ہیں جن کا دیگر شعراء کے ہاں استعمال نہیں ملتا۔

چند شعراء نے گلدستہ میں کلام کے اشاعت کے متعلق کہا کہ ''ہماری بغیر اجازت کلام کو گلدستہ میں کیسے شائع کیا جا رہا ہے'' اس صورت میں معترض شعراء کے کلام کو ہٹا کر دوسرے شعراء کے کلام کو شامل کر دیا گیا۔

الغرض کہ تمام شعراء حضرات نے اللہ اور رسول اللہ ﷺ کی رضا اور خوشنودی کے لئے صدق دل سے نذرانۂ نعت کے اشعار کو قرطاس پر پھولوں اور خوشبوؤں کی مانند بکھیر دیا ہے۔ جس کی خوشبو نہ صرف دنیائے ادب کو معطر کرے گی بلکہ خود شعراء کی ہستیاں ان شاء اللہ حال سے ابد تک ان خوشبوؤں میں تر رہیں گی۔

الحمدللہ اس تاریخ ساز تیرہ روزہ مشاعرے کا اول مقصد اللہ کی خوشنودی حاصل کرنا ہے اور دوسرا مقصد و ارمان یہ ہے کہ ان نعوت مقدسہ کے صدقے ہماری بخشش کا سامان ہو جائے۔ آخر میں مَیں اللہ رب العزت کا شکر بجالاتا ہوں کہ اُس نے ہمارے خواب کی خوبصورت تعبیر عطا فرمائی۔

اس گفتگو کے بعد میں شکریہ ادا کرتا ہوں بالخصوص سرپرست مشاعرہ فقیہ دکن مفکر اسلام حضرت العلامہ مولانا مفتی خلیل احمد صاحب دامت برکاتہم، شیخ الجامعہ جامعہ نظامیہ۔ نگران مشاعرہ آفتاب سخن جناب سردار سلیم صاحب، نائبین صدر مشاعرہ برادر ثانی مفتی الحاج سید عبدالمتعال قادری لااُبالی رہبرؔ صاحب، برادر ثالث مفتی الحاج سید عبدالمستعان قادری لااُبالی محیؔ صاحب، سکریٹری مشاعرہ برادر رابع مفتی الحاج سید عبدالمقسط قادری لااُبالی قادرؔ صاحب، برادر خامس مفتی الحاج سید عبدالموٴخر قادری لااُبالی ارشادؔ صاحب، ناظم مشاعرہ اطیبؔ اعجاز قادری صاحب، مفتی محمد اسلم خان احقرؔ صاحب، ڈاکٹر سید معین الدین افروزؔ اور مفتی محمد منیب رزاقی طاہرؔ صاحب۔

ان کے علاوہ کتاب کی طباعت و اشاعت کے مراحل کو سَر کرنے والے حضرات جناب محمد جاوید صاحب، جناب مولانا محمد انوار اللہ صاحب' جناب محمد عبدالرزاق صاحب در مطبع دارالہدی، ان کے علاوہ تمام معتقدین وشیدائیان اولیائے کرام اس گلدستے کے ہر قاری اور کلام کے ہر سامع کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اللہ سے دعا گو ہوں کہ مَیں نے صدق دل سے صرف اور صرف اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رضا اور خوشنودی کے لئے یہ کام سرانجام دیا ہے۔ اللہ ہماری اس کاوش اولیٰ کو قبول ومقبول فرمائے۔ اور تادم زیست اس طرح کے کام ہم سے لیتا رہے۔ یہ جذبہ ہمارے ساتھ ساتھ ہماری نسلوں میں بھی منتقل فرمائے۔ لکھنے پڑھنے سُننے سمجھنے میں اگر کوئی غلطی یا کوتاہی رہ گئی ہو تو اپنے فضل وکرم سے معاف فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

ایک ضروری بات یہ بھی کہہ دوں کہ کتابت کی اگر کوئی غلطی نظر آئے تو درگزر فرمائیں۔

کلام واشعار کی تعداد بہ یک نظر

اردو نعتِ شریف 2020 کے جملہ کلام کی تعداد **125** ھے اور اشعار کی تعداد۔ **15,625**

اردو منقبت طرح اول کے جملہ کلام کی تعداد **34** اور اشعار کی تعداد۔ **457**

اردو منقبت طرح دوم کے جملہ کلام کی تعداد **89** اور اشعار کی تعداد۔ **1086**

فارسی نعتِ شریف کے جملہ کلام کی تعداد **3** اور اشعار کی تعداد۔ **58**

اس تاریخ ساز عہد ساز شعر و ادب کی تاریخ کے پہلے ضخیم گلدستہ میں جملہ کلام کی تعداد **251** ہے اور جملہ اشعار کی تعداد۔ **17,226**

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib, Hyderabad

شعراء کے لئے قواعد و قوانین

مندرجہ ذیل قواعد وقوانین شعراء کے لئے مرتب کئے گئے تھے۔

(۱) اردو طرحی نعتِ شریف 125 اشعار پر مشتمل ہو۔

(۲) اردو طرحی منقبت کم از کم 11 زائد از 25 اشعار پر مشتمل ہو۔ 11 سے کم 25 سے زائد اشعار شامل نہیں کئے جائیں گے۔

(۳) فارسی طرحی نعتِ شریف کم از کم 11 زائد از 25 اشعار پر مشتمل ہو۔ 11 سے کم 25 سے زائد اشعار شامل نہیں کئے جائیں گے۔

(۴) کلام میں ''تُو'' اور ''تیرا'' کے الفاظ استعمال نہ کریں۔ دیگر صورت میں شعر کو تبدیل کر دیا جائے گا۔

(۵) بیرونِ ریاست شعراء کو نذرانہ 1125 روپئے پیش کئے جائیں گے۔ کرایہ 2 ہزار روپئے علاحدہ دیا جائے گا۔

(۶) شہر حیدرآباد اور ریاست تلنگانہ کے (ضلعی) شعراء کو 1125 روپئے مشاہرہ پیش کیا جائے گا۔

(۷) ان شاء اللہ تمام 125 شعراء کرام کا کلام گلدستہ کی شکل میں شائع کیا جائے گا۔ جس کے حقوق ادارہ دارالہدیٰ کے حق میں ہوں گے۔

(۸) کسی شاعر کو کلام کی اشاعت کے سلسلہ میں اعتراض ہونے کی صورت میں اُن کا کلام گلدستہ میں شامل نہیں کیا جائے گا۔

(۹) کلام کو ارسال کرنے کے بعد کسی ہنگامی صورت کے سبب اگر شاعر شریکِ مشاعرہ نہ ہو تب بھی اندرون ریاست شعراء کو 1125 اور بیرون ریاست شعراء کو 3125 روپئے روانہ کر دیئے جائیں گے۔

(۱۰) شعراء کرام 13 دنوں میں جتنے بھی دن چاہے مشاعرے میں شریک ہو سکتے ہیں۔ قیام و طعام کا انتظام اندرون بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب رہے گا۔ تمام شعراء کو تاریخی توصیفی سند، موتیوں کی مالا، گلدستہ کا ایک نسخہ اور ہر شاعر کے نام کے اسٹامپ والا پین بطور تحفہ پیش کیا جائے گا۔

(۱۱) کلام کی ترتیب، گلدستہ میں اشاعت، اشعار میں کمی وبیشی، شعراء کی تقدیم و تاخیر، کلام پیش کرنے کے لئے تاریخ، دن اور وقت کا تعین اور دیگر ضروری امور کا بزم نادی الہادی اور دارالہدیٰ پبلیشر کے ذمہ داران کو مکمل حق حاصل رہے گا۔ اور کسی کو بھی کسی بھی قسم کے اعتراض کی گنجائش نہ ہوگی۔

از

ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لاابالی الجیلانی۔ مرتب و مدون

فہرست نعوت و مناقب ۔ اردو و فارسی

سلسلہ نشان	تخلص	نام	مقام	نعت شریف اردو	منقبت	نعت شریف فارسی
76	صابرؔ	محترم جناب حلیم صابر صاحب	کلکتہ ۔ بنگال	626	1025	
77	صادقؔ	محترم جناب ڈاکٹر خواجہ فریدالدین صادق صاحب	حیدرآباد ۔ ٹی ایس	633	1028	
78	صفدرؔ	محترم جناب عبدالوہاب قادری صاحب	کرنول ۔ اے پی	640	1112	
79	ضیاءؔ	محترم جناب ڈاکٹر رؤف صاحب	جبلپور ۔ ایم پی	648	1113	
80	ضیاءؔ	محترم جناب مفتی اختر ضیاء صاحب	حیدرآباد ۔ ٹی ایس	655	1114	
81	ضیاءؔ	محترم جناب ضیاء الدین سلطانی صاحب	جڑچرلہ ۔ ٹی ایس	662	1115	
82	ضیاءؔ	محترم جناب محمد ضیاء الدین صاحب	تانڈور ۔ ٹی ایس	669	1116	
83	طارقؔ	محترم جناب محمد حامد طارق نظامی صاحب	جبلپور ۔ ایم پی	677	1117	
84	طاہرؔ	محترم جناب محمد طاہر خان صاحب	جبلپور ۔ ایم پی	684	1119	
85	طاہرؔ	محترم جناب محمد منیب رزاقی صاحب	حیدرآباد ۔ ٹی ایس	691	1119	
86	طورؔ	محترم جناب کرشن کمار صاحب	دھرم شالہ ۔ ایچ پی	698	1120	
87	ظہیرؔ	محترم جناب ظہیر ناصری صاحب	محبوب نگر ۔ ٹی ایس	706	1121	
88	ظہیرؔ	محترم جناب ظہیر کانپوری صاحب	کانپور ۔ یوپی	713	1122	
89	عرفانؔ	محترم جناب عبدالمناف پٹیل صاحب	کولہاپور ۔ ایم ایچ	721	1123	
90	عقیلؔ	محترم جناب ڈاکٹر عقیل ہاشمی صاحب	حیدرآباد ۔ ٹی ایس	728	1124	
91	عقیلؔ	محترم جناب محمد عقیل احمد صاحب	حیدرآباد ۔ ٹی ایس	735	1125	
92	علیؔ	محترم جناب ابراہیم علی قادری صاحب	ادونی ۔ اے پی	742	1126	
93	غفارؔ	محترم جناب عبدالغفار خان رزاقی مرحوم	حیدرآباد ۔ ٹی ایس	750	1127	
94	فرازؔ	محترم جناب محمد ناصر خان صاحب	سمبھل پور ۔ اڑیسہ	758	1029	
95	فریدیؔ	محترم جناب صادق علی صاحب	محبوب نگر ۔ ٹی ایس	765	1030	
96	فریدیؔ	محترم جناب محمد منصور عالم صاحب	پٹنہ ۔ بہار	772	1128	
97	فضلؔ	محترم جناب حافظ محمد فضل صاحب	جبلپور ۔ ایم پی	779	1130	

98	فیروزؔ	محترم جناب فیروز اختر صاحب	کلکتہ۔ بنگال	786	1000	
99	فیضؔ	محترم جناب ابوالفائز ہاشمی صاحب	جھارکھنڈ	793	1033	
100	فیضیؔ	محترم جناب عبدالماجد صاحب	سمبھل پور۔ اڑیسہ	800	1031	
101	قیصرؔ	محترم جناب سید خواجہ اسماعیل صاحب	محبوب نگر۔ ٹی ایس	808	1034	
102	کاملؔ	محترم جناب کامل حیدرآبادی صاحب	حیدرآباد۔ ٹی ایس	816	1131	
103	کاملؔ	محترم جناب ریاض الدین صاحب	ناگپور۔ ایم ایچ	823	1132	
104	کھوکرؔ	محترم جناب عبدالسلام صاحب	رتلام۔ ایم پی	830	1035	
105	گداؔ	محترم جناب محمد عبدالحاجی صاحب	حیدرآباد	838	1133	
106	لطیفؔ	محترم جناب سید عبداللطیف صاحب	شنکر پلی۔ ٹی ایس	846	1134	
107	لطیفیؔ	محترم جناب ڈاکٹر میر مرتضی علی قادری صاحب	حیدرآباد۔ ٹی ایس	853	1135	
108	ماجدؔ	محترم جناب اسلم ماجد صاحب	جبلپور۔ ایم پی	861	1136	
109	محورؔ	محترم جناب شاہ نواز محور صاحب	جبلپور۔ ایم پی	868	1137	
110	محیؔ	محترم جناب مفتی سید عبدالمستعان قادری لاابالی صاحب	حیدرآباد۔ ٹی ایس	875	1138	
111	مضطرؔ	محترم جناب تاج مضطر صاحب	ورنگل۔ ٹی ایس	882	1139	
112	مقصودؔ	محترم جناب مقصود احمد صاحب	مالیگاؤں۔ ایم ایچ	889	1037	
113	مقصودؔ	محترم جناب محمد مقصود شریف صاحب	حیدرآباد۔ ٹی ایس	896	1140	
114	مقیمؔ	محترم جناب خواجہ مقیم الدین صاحب	حیدرآباد۔ ٹی ایس	903	1141	
115	ناظرؔ	محترم جناب ڈاکٹر ناظر صاحب	مدھیہ پردیش	911	1142	
116	ندیمؔ	محترم جناب یوسف ندیم صاحب	پونا۔ ایم ایچ	918	1143	
117	نشترؔ	محترم جناب ڈاکٹر مبشر احمد صاحب	حیدرآباد۔ ٹی ایس	925	1038	
118	نصیرؔ	محترم جناب محمد نصیرالدین حضرمی صاحب	محبوب نگر۔ ٹی ایس	932	1144	
119	نظیرؔ	محترم جناب ڈاکٹر واحد نظیر صاحب	دہلی	939	1039	
120	نورؔ	محترم جناب نورالدین نور صاحب	گلبرگہ۔ کرناٹک	946	1040	
121	واخؔ	محترم جناب سید حُسین صاحب	حیدرآباد	955	1145	
122	وارثؔ	محترم جناب علیم الدین صاحب	پٹنہ۔ بہار	962	1047	
123	وحشیؔ	محترم جناب سمیع اللہ انصاری صاحب	کلکتہ۔ بنگال	969	1141	
124	ھاشمیؔ	محترم جناب شاہ نواز ہاشمی صاحب	حیدرآباد۔ ٹی ایس	977	1148	
125	یاسرؔ	محترم جناب سید یاسر بخاری صاحب	کرنول۔ اے پی	985	1149	

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moizuddin Hyderabad Digitization eGangotri



مخضب ز شعراء

صٓ

تعداد کلام (3) تعداد اشعار (375)

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad India
Collection of Mohammed Qadri Digitization eGangotri

صابرؔ

نام :- محمد حلیم
قلمی نام :- حلیم صابرؔ
تخلص :- صابرؔ
ولدیت :- محمد سلیم
پیدائش :- 26-01-1945، کلکتہ
تعلیم :- دسویں جماعت
آغاز شاعری:- 1971
شرف تلمذ :- محترم جناب حضرت رضا مظہری صاحب
تصانیف :-

(1) ترنگ ہائیکو- 2009 - (2) حرف آشنا- غزلیات کا مجموعہ- 2010 - (3) اخلاص سخن دیوانِ غزلیات - 2011 -
(4) سکھی سہیلی - 2012 - (5) پیار بھرے گیت - 2013 - (6) پر مزاح شکوے طنزیہ ومزاحیہ منظومات - 2012 -
(7) ساز اور آواز مجموعہ غزلیات - 2015 - (8) سوغات - دوہا غزلیات کا اولین دیوان -2015 - 18 مشاہیر ادب-
(9) شہر نگاران- شہر کلکتہ پر طویل مثنوی - (10) دور کی چھاؤں - جاپانی صنف سخن تنکا کا مجموعہ - 15 عراء متوسطین -
(11) خامشی کی چیخ- جاپانی صنف سخن رینگا کا مجموعہ - (12) سناٹوں کا شور- جاپانی صنف سخن رینگا کا مجموعہ -14 شعرائے متقدمین-
(13) دوغزلہ دیوان- 16 شعرائے متاخرین- 17 روپ ترنگ- دویا گیت-

آدھی ملاقات کے لئے:- 2- چمرو سنگھ، نار کلٹرا، کلکتہ- 700011
Mobile No.0091-63052340/9748772983

﴿1﴾ السلام اے حق نوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
پیکرِ صدق و صفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿2﴾ السلام اے رحمة للعالمین
ماہ تابانِ ولا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿3﴾ السلام اے پَرتَوِ نورِ ازل
عکسِ نور کبریا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿4﴾ السلام اے مہرِ چرخِ آگہی
جلوۂ نور خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿5﴾ السلام اے داعئ خیر الامور
سیدِ خیر الوریٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿6﴾ السلام اے رہبرِ راہ نجات دینِ حق کے پیشوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ السلام اے سیّدِ شاہِ اُمم امتی کے رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ السلام اے ماہ تابانِ حرم سیّدِ بدرالدجیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ السلام اے محسنِ انسانیت مونسِ شاہ و گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ السلام اے نور اخلاق جمیل خوش خصال وخوش ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ السلام اے سیرت حسنہ کے پھول خوشبوئے باغ وفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ السلام اے خیرخواہِ خاص وعام صاحبِ جود و سخا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ السلام اے صاحبِ لطف وکرم
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ السلام اے کاسرِ قصرِ بُتاں قائدِ حق آشنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ السلام اللہ کے پیارے رسول یا محمد ﷺ مصطفی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ السلام اے پیکرِ یزداں السلام دو جہاں کے رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ السلام اے رشکِ مہتاب السلام خوب روئے مہ لقا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ السلام اے شاہ بطحا السلام رتبہ اعلی آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ اے علم بردارِ اسلام السلام یا نبیٔ دوسَرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ الصلوٰۃُ والسلام اے شاہِ دیں آپ پر صبح ومسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ آپ کی شانِ امامت کو سلام مقتدائے انبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ آپ پرلاکھوں سلام اے مصطفی مصطفی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ معترف ہیں آپ کی عظمت کے سب انبیاء و اولیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ ارفعِ و اعلیٰ و عالی مرتبت آپ کو رب نے کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ آپ کی ذات افتخارِ کائنات ہے نہ کوئی آپ سا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿26﴾ نازشِ کون و مکاں ذات آپ کی
اے نبئ دوسَرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ دیکھ کر اہلِ جہاں حیراں ہوئے
آپ کا ہر معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ اِس جہاں کیا اُس جہاں میں بھی نہیں
کوئی ہمسر آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ آپ کے حق میں خلیل اللّٰہ نے
مانگی تھی رب سے دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ دی سبھی نے ہی بشارت آپ کی
آئے جتنے انبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ سب سے پہلے رب نے لوحِ عرش پر
نام لکّھا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ ہے خدائے دو جہاں کو بھی پسند
آپ کے ناز و ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ ہے نمایاں جس پہ حرف لا الہ
ہے وہ چہرہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ دوجہاں میں آپ کو خیرالانام
حق تعالی نے کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ ہے بلا شک آپ کی ذاتِ نفیس
پاک پاک و پارسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ کررہا ہے پیش حُسنِ بے مثال
روئے زیبا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ جسمِ اطہر کا پسینہ عطر بیز
مشک وعنبر سے سِوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ آپ کی معصومیت پرتھی نثار
آمنہ کی مامتا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ دیکھ کر یہ آپ کا رنگِ جمال
رشک کرتی ہے حنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ آپ کے دنداں مبارک دیکھ کر
ماند گوہر بھی ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ سب سے عالی شان ہے شان آپ کی
بعدِ شانِ کبریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ آپ کو فائز خدائے پاک نے
رہنمائی پر کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ آپ کے پاس آئے جبریل امیں علیہ السلام
لے کے پیغامِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ آپ کو مزّمّلِ غارِ حرا
حق تعالی نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ اقراء بسم ربک الذی آپ نے
حکمِ خالق سے پڑھا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿46﴾ آپ کے حق میں خدا کا مدرسہ بن گیا غارِ حرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ کی عطا رب نے نبوت آپ کو تاجدارِ انبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ آپ کے نور نبوت کے طفیل دوجہاں روشن ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ آپ پر نازل ہُوا قرآنِ پاک ہے جو فرمانِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ حاصلِ قرآں بنی ذات آپ کی فضل یہ رب کا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ اُس میں کچھ تحریف ہوسکتی نہیں وعدہ ہے اللّٰہ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ سارے نبیوں میں خدائے پاک نے آپ کو افضل کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ آپ کی قرآن نے تحسین کی مرحبا و حبَّذا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ آپ کی شانِ نبوت کو سلام کرتے ہیں ارض وسما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ سارا عالم آپ کی آمد سے قبل شرک میں تھا مبتلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ دورتک پھیلا ہُوا چاروں طرف تھا اندھیرا کفر کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ جب سبق وحدانیت کا آپ نے ساری دنیا کو دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ ہوگیا بے جاں طلسمِ کفروشرک قصرُ باطل کا گرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ منہ کے بل سب گرپڑے لات ومنات بن کے جوبُت تھے خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ ہوگئے حق آشنا آتش پرست بجھ گیا آتش کدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ آپ کے دم سے ہُوا حاصل پتہ عبد کو معبود کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ حق شناسی کی ہَوا سے بُجھ گیا کفر کا ہر اک دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ آپ کے آنے سے وحدت کا چراغ دہر میں روشن ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ آپ دنیا میں نہیں آتے اگر کون رب کو پوجتا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ تھے جوغافل رب سے ان کو، آپ نے کر دیا رب آشنا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Sahib Quadri Collection Hyderabad Digitization eGangotri

﴿66﴾ آپ کے نور ہدایت کے طفیل پھیلی ایماں کی ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ آپ ہی کی رہنمائی سے ہمیں جادۂ ایماں مِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ ساری دنیا میں کِیا پرچم بلند آپ نے اسلام کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ مٹّھی میں بے جان کنکریوں نے بھی آپ کا کلمہ پڑھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ آپ نے حکمِ خدا بندوں تلک من وَ عن پہنچا دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ جاہلیت دور کے معبودوں کا مٹ گیا سب دبدبہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ آپ ہی کی دین کی تبلیغ سے فیض کا چشمہ بہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ روشنی سب کو ہدایت کی ملی ماہِ تابانِ ہدیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ جس کسی کو ہو گیا پیار آپ سے رب کا وہ پیارا ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ آپ کی امت ہوئی خیرالامم یہ بھی ہے فیض آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ اِس سعادت پر کریں کیونکر نہ فخر ہم غلامِ مصطفی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ امتی کو آپ کا بن کر غلام رتبۂ آقا مِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ آپ کا ہے یہ جو احسانِ عظیم سرنگوں ہے دل مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ حق تعالی نے بُلاکر اپنے گھر آپ کو مہماں کِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ کرتا ہے تصدیقِ معراج النبی سورہ خود قرآن کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ ایک پَل میں عرشِ اعظم کا سفر آپ نے طئے کرلیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ گھوم آئے پَل میں ساتوں آسماں یہ بھی ہے اک معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ سارے نبیوں میں کسی کو بھی کہاں یہ شرف حاصل ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ شاہراہِ آسماں پر آج بھی آپ کے ہیں نقشِ پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿85﴾ بلبلِ سدرہ نے چھوڑا ساتھ جب ساتھ کوئی بھی نہ تھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿86﴾ پھر اکیلے ہی ہوئے محوِ سفر　　آپ تھے اور راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ چلتے چلتے آگیا پھر وہ مقام　　جلوہ گاہ کبریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ پھر وہاں جب آپ نے رکّھا قدم　　سامنا رب سے ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ آپ تھے اللہ کے جب روبرو　　تھا نہ کچھ بھی فاصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ ہوگئے جب فارغِ راز و نیاز　　اذن رخصت کا مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ درمیانِ سیرِ معراج آپ نے　　دیکھی جنت کی فَضَا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ دیکھ کر شرما گئیں حورانِ خلد　　آپ کی شرم وحیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ بعد سیرِ خلد پھر آگے بڑھے　　تھی جہاں جائے سزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ غارِ دوزخ میں بھی جھانکا آپ نے　　تھا جو شعلوں سے گِھرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ امتی کے واسطے مانگی پناہ　　رب نے بھی وعدہ کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ بخش دے گا سب خطائیں اس کی وہ　　آپ کا جو ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ مل گیا معراج کا تحفہ نماز　　خوش، دلِ مومن ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ خانہ کعبہ میں گونج اٹھی اذاں　　دیکھ کر رب خوش ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ ہوگئے داخل عمر ؓ اسلام میں　　آپ نے جب کی دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ پئے بہ پئے پھر لشکرِ اسلام کی　　فتح کا ڈنکا بجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ پھر ہُوا درپیش ہجرت کا سفر　　حکم جب رب نے دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ ہوگئی حاصل مدد اللہ کی　　کون رستہ روکتا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ بھول بیٹھا شہرِ یثرب اپنا نام　　وہ مدینہ بن گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ رشک جس پر کرتا ہے باغ بہشت　　ہے وہ روضہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ رحمتوں کی ہوتی ہے بارش جہاں　　روز و شب صبح و مسا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

﴿106﴾ گنبدِ خضریٰ کا کرتی ہے طواف خلدِ زیبا کی ہَوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿107﴾ آپ کے در کی زیارت کا شرف مجھ کو بھی حاصل ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿108﴾ جاگ اٹھی آقا مری خوش قسمتی ہے کرم یہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿109﴾ دیکھی شانِ مصطفائی آپ کی رب نے جو کی ہے عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿110﴾ تھا مرے سازِ عقیدت پر رواں نغمۂ صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿111﴾ جب دُرود پاک بھیجا آپ پر کِھل اٹھا چھرہ مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿112﴾ گنبدِ خضریٰ کا وہ منظر حَسیں باعثِ راحت ہُوا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿113﴾ مسجدِ نبوی میں ہو کر سجدہ ریز مانگی رو رو کر دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿114﴾ ہو ہماری زیست میں ایسا عمل جس میں ہو رب کی رضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿115﴾ جس سے ہو ناراض رب العالمیں ہو نہ سرزد وہ خطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿116﴾ قطرۂ اشکِ ندامت جس گھڑی میری آنکھوں سے بہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿117﴾ ہوگیا حاصل مجھے قلبی سکون غم ہُوا دل سے جدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿118﴾ صدق دل سے میں نے نعتیں بھی پڑھیں با ادب یوں بارہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿119﴾ پھر مدینے میں بلائیں مجھ کو گر پھر پڑھوں صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿120﴾ پھر مجھے دیدار ہوجائے نصیب آپ کے دربار کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿121﴾ آپ کی رحمت کے سائے میں رہوں پھر مجھے ہو فکر کیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿122﴾ کلمۂ طیب زباں پر ہو مری آئے جب وقتِ قضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿123﴾ حشر کے دن ہو شفاعت بھی نصیب شافعِ روز جزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿124﴾ مجھ سے گر ناراض دنیا ہو تو ہو آپ مت ہونا خفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿125﴾ کیجئے صابرؔ کا گلدستہ قبول نعتیہ اشعار کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheen Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

صادقؔ

نام :- ڈاکٹر خواجہ فرید الدین صادق

تخلص :- صادقؔ

پیدائش :- 19-01-1947 حیدرآباد (دکن)

تعلیم :- B.com(osm) B.sc(osm) B.ed(osm) L.L.B(osm)۔ اور بھی ڈگریاں ہیں۔

تصانیف :- 222 مطلوں پر مبنی نعت پاک لکھنے کا ریکارڈ۔ دنیا کی طویل ترین غزل، سولہ ہزار چھ سو چھیاسٹھ (16,666) اشعار پر مبنی۔ تین ہزار تین سو تینتیس غزلیں لکھیں۔ اور ان تمام اشعار کو چونتیس (34) کتابوں کی شکل میں منظر عام پر لایا۔

آدھی ملاقات کے لئے :-

12-2-823/A/12/1 SANTOSHNAGAR COLONY, MEHDIPATNAM,
HYDERABAD-500028 (T.S) INDIA
Mobile No-0091-9246524163/0091-8309507484

* * *

(1) ضِد مرے دل نے کیا یا مُصطفٰی ﷺ
لے کے وہ طیبہ چلا یا مُصطفٰی ﷺ

(2) ڈھونڈتا تھا میں سکوں کو ہر جگہ
طیبہ کو جا کر ملا یا مُصطفٰی ﷺ

(3) بس مدینہ کا ہی میں ہو کر رہوں
دل کی ہے یہ ہی صدا یا مُصطفٰی ﷺ

(4) زد میں رہ کر یہ ہَوا کے آج بھی
جل رہا ہے یہ دِیا یا مُصطفٰی ﷺ

(5) گھپ اندھیرا تھا جہاں میں کل تلک
آپ سے ہی ہے ضیا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pelbi Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ در گزر بھی کردیا تھا آپ نے   دشمنوں نے جو کِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿7﴾ جب نواسے کی شہادت ہوگئی   تیر دنیا پر چلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ ہم ہیں عاصی راہ سے بھٹکے ہوئے   کیا کریں گے ہم گلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ پوچھتا تھا خواب میں مَیں سب سے ہی   حوض کوثر کا پتہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ آپ کیا آئے جہاں میں آپ سے   ہوگیا سب کا بَھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ معجزہ دیکھا تھا سب نے کل یہی   کلمہ کنکر نے پڑھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ اک نظر میں بھاگیا دل کو مرے   آپ کا روضہ بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ اک اشارہ آپ نے جو کردیا   شق قمر ہوکر رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ خوش نصیبی ہے یہ میری دیکھئے   جام کوثر کا مِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ آپ پر پتھر چلے تو دیکھئے   دل کو پتھر سا لگا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ دوجہاں کے بادشاہ ہیں' آپ کے   پیٹ پر پتھر رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ دل تڑپتا جب مدینہ کے لئے   کیا کہوں میں کیا کِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ گُنگنایا آپ کا کلمہ اسے   دل پہ اس کو بھی لکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ اس جہاں کا دین کی راہوں پہ اک   کارواں تم سے چلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ آپ کے تشریف لانے سے فقط   ہم کو قراں بھی مِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ بھردو میری جھولی کو اب تو ذرا   حال دل تم نے سُنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ آپ کی چوکھٹ پہ رونے کے لئے   مجھ کو یہ اک پَل مِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ میں غلاموں کے غلاموں کا غلام   دل غلامی میں رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ آپ کو اپنا ہی سمجھا اس لئے   جو بھی تھا دل میں کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿25﴾ دل مرا قابو سے باہر ہوگیا   دیکھ کر گنبد ہرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿26﴾ آپ ہیں رب کے حبیب کبریا   یہ ہے قرآں میں لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ اک فرشتہ آکے گھر سے آپ کو   آسماں پر لے گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ اک فقط کلمہ تھا دل میں آپ کا   دل یہ نورانی بنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ چھوڑ کے بارِ جہاں کو آج تو   میں مدینہ کو چلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ سرجھکاتا روضہ پہ میں آپ کے   دل نے سجدہ کردیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ جب مدینہ میں رکا میں تو سُنا   ذرہ ذرہ نہ کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ آپ ہیں رب کے حبیب پاک اک   یہ قراں میں ہے لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ عاشقی میں آپ کے ہی بس جیوں   دل نے مجھ سے یہ کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ آپ ہیں صادق جہاں میں یکتا اک   دشمنوں نے یہی کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ گوکہ سایہ آپ کا ہے ہی نہیں   سرپہ سایہ بھی رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ عاشقی میں آپ کی یہ بھی ہوا   نعتیں میں نے بھی لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ رحمة اللعالمین ہیں آپ اک   خود خدا نے بھی کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ سب پریشاں کرتے تھے جب آپ کو   بوجہل نے بھی کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ یہ مہربانی فقط ہے آپ کی   ہم کو رمضاں بھی ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ اس زمیں پر آخری ہو تم نبی   آپ سے رب نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ آپ کے نعلین کے ہی صدقے میں   یہ جہاں ہم کو ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ میں چلا آیا مدینہ سے مگر   دل وہاں پر رہ گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ یاعلی رضی اللہ عنہ کہتاہے جس کو یہ جہاں   بچے تھے ، کلمہ پڑھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ دیکھ کے طیبہ کی اک تصویر کو   جانے مچلا دل مرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ جو بھی میرا ہے وہ سارا آپ کا   آپ پر یہ جاں فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿46﴾ راستے میں طیبہ کے صحرا ملا   جاں کو جو کھم میں رکھا مصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ آپ کے تشریف لانے سے یہاں   دنیا کو سب کچھ ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ میں جو پوچھا اک نبی کا نام تو   سب کے سب نے کہدیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ آپ کا خادم ہوں میں تو اس لئے   سنّتوں پر میں چلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ آفتوں کو دُور مجھ سے ہر گھڑی   آپ نے ہی بس کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ آپ کی سیرت کو پڑھ کر اب مجھے   زندگی کا رخ ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ گھر پہنچ کر خیریت بوڑھیا کی لی   جب نہیں کچرا گِرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ ساتھ دوں گی زندگی بھر آپ کا   بی خدیجہ رضی اللہ عنہا نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ خوش ہوئے تھے اک دفعہ حضرت علی رضی اللہ عنہ   آپ کا بستر ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ جب بھی حاوی نفس مجھ پر ہو گیا   کلمہ فوری پڑھ دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ کاش ہوتے ہم بھی امت میں اُسی   انبیاء نے بھی کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ جیسے ہی یہ آپ نے مجھ کو دیا   جامِ کوثر پی گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ جاتے آتے رہنے کا طیبہ کو اب   بن گیا اک سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ کھلتے ہی کلمہ پڑھا تھا آپ کا   پھول جب بھی اک کِھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ خوش نصیبی ہے کہ ہم کو دیکھئے   گلشنِ سیرت ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ دیوانگی کی حد یہ میری ہو گئی   خواب میں طیبہ چلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ آپ ہی تو ہیں جہاں میں واقعی   نورِ رب کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ اس جہاں میں آپ ہیں آخر نبی   راز یہ ہم پر کھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ بوبکر رضی اللہ عنہ بھی تلملا کر رہ گئے   سانپ نے جب جب ڈسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ بس دُرود پاک کو پڑھنے لگا   جب بھی میں بھٹکا ذرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿66﴾ اب تلک طیبہ نہ مجھ کو لے گئی   زندگی سے ہے گلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ دیکھ کے طیبہ کی اک تصویر کو   کچھ سکوں مجھ کو ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ میں گواہی دیتا ہوں معراج کی   بوبکر ؓ نے یہ کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ جب کوئی مشکل جو سرپہ آگئی   یا علی ؓ میں نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ دیکھ کے گنبد کو ہی میں آپ کی   ہاتھ جوڑے میں کھڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ جب کہو ہم لوٹ کے آجائینگے   چاند و سورج نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ ہے درودِ پاک میں کچھ تو مزہ   میں تو بس پڑھتا رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ جالیوں کو چومنے مَیں آپ کی   روضہ کی جانب چلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ گود میں اک چاند میرے آگیا   بی حلیمہ ؓ نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ بوجہل کی باتوں میں آ آکے ہی   یہ جہاں دشمن ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ غارمیں جب آگئے تھے آپ تب   خود بخود خطرہ ٹلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ ایسا منصف میں دیکھا ہی نہیں   حجرِ اسود نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ وہ حیات ظاہری میں آپ نے   سب کے دل کو جیتا تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ آپ جیسا اک مدبر ہے کہاں   عائشہ ؓ نے بھی کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ جس کو کہتے ہیں کرونا ہند میں   اک وبا نے تنگ کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ سر کٹائے وہ حسین ابن علی ؓ   دین کو زندہ کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ رہبری میں آپ کے ہی بس چلا   زندگی کا کاروا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ بھردو جھولی اب ذرا میری بھی ہاں   اک سوالی نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ بس مجھے در پر بلالو ایک بار   دو غلامی کا صلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ آپ نے سب کو بتا یا برملا   رب نے جب بھی جو کہا یا مُصطفٰی ﷺ

«86» آپ کے صدقے میں رب نے دیکھئے تحفہ قراں کا دیا یا مُصطفٰی ﷺ
«87» اک بدی کی آپ کے آنے تلک چھاگئی تھی اک گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ
«88» کچھ پریشاں آپ کو اُس دور میں بوجھل نے بھی کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
«89» جب نواسے چڑ گئے تھے پیٹ پر طولِ سجدے کو مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
«90» نغمگی بھی آگئی تھی سنگ سنگ ساز کچھ ایسا بجا یا مُصطفٰی ﷺ
«91» طیبہ میں داخل ہوئے تھے آپ جب تاشہ مرفہ بھی بجا یا مُصطفٰی ﷺ
«92» کچھ حدیثوں کو بھی پڑھ کر آپ کے راہ پہ دیں کے چلا یا مُصطفٰی ﷺ
«93» آپ کا جب کِیا میں نے خیال حوصلہ دل کو مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
«94» کچھ قراں کچھ حدیثوں سے بھی تو درس سب کو بھی مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
«95» آپ کے در پہ نا جانے کتنے ہی شاہوں کا بھی سَر جھکا یا مُصطفٰی ﷺ
«96» اک نہ دیکھا میں سوالی آپ کا ہاتھ خالی جو گیا یا مُصطفٰی ﷺ
«97» اب سمجھ میں آگیا ہے ہم کو بھی زندگی کا فلسفہ یا مُصطفٰی ﷺ
«98» وہ سدھرتا جا رہا ہے دیکھئے جو بھی قراں کو پڑھا یا مُصطفٰی ﷺ
«99» آپ کا اسمِ گرامی لینے سے حادثہ ہر اک ٹلا یا مُصطفٰی ﷺ
«100» ساری دنیا نے سُنا ہر بات کو آپ نے جو بھی کہا یا مُصطفٰی ﷺ
«101» آپ کے جیسا نہ دیکھا آج تک اک صحابی نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
«102» دل جو گھبرایا مرا تو میں نے بھی آیتِ قراں پڑھا یا مُصطفٰی ﷺ
«103» کامیابی جب قدم چومے کوئی دشمنوں کا دل جَلا یا مُصطفٰی ﷺ
«104» آپ کے آنے سے ہی تو چل پڑا رحمتوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«105» دل مرا یہ دیکھئے گا بس سدا آپ کے در پر رہا یا مُصطفٰی ﷺ

«106» ہم مقدر والے ہیں جو آپ سا　　اک نبی ہم کو مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
«107» سب سے پہلے لانے ایمان دنیا میں　　موقع اکبر کو مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
«108» عائشہ رضی اللہ عنہا کو آپ کے پیرائے میں　　نور ایسا کچھ دِکھا یا مُصطفٰی ﷺ
«109» جانے کب سے کیا کہوں یہ دیکھئے　　طیبہ طیبہ دل کہا یا مُصطفٰی ﷺ
«110» اک نہ اک دن پہنچوں گا طیبہ کو میں　　سونچ کر میں بھی بڑھا یا مُصطفٰی ﷺ
«111» جب بھی آنکھیں بند کیا میں دیکھئے　　آپ کا جلوہ دِکھا یا مُصطفٰی ﷺ
«112» چلتے ہو تو طیبہ کو ہم جائیں گے　　کوئی مجھ سے یہ کہا یا مُصطفٰی ﷺ
«113» ساری دنیا کو کہوں گا آج تک　　آپ سا اک نہ مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
«114» اُس نے دل سے مانا ہر اک بات کو　　امّتی نے جو سنا یا مُصطفٰی ﷺ
«115» آپ کے نعلین کا بھی دیکھئے　　صدقہ ہم کو بھی مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
«116» اب سنور نے لگ گیا ہے دیکھئے　　زندگی کا راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
«117» جب شجر کو بھی پکارا آپ نے　　دوڑ کے وہ آگیا یا مُصطفٰی ﷺ
«118» آپ کا دیدار بھی تو خواب میں　　کچھ غلاموں کو مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
«119» اک لکھی جو نعت تو یہ چل پڑا　　نعتوں کا اک سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«120» دیکھ کے روضہ کی اک دن اک جھلک　　جانے کیا کیا دل کہا یا مُصطفٰی ﷺ
«121» گو کہ سایہ آپ کا ہے ہی نہیں　　آپ کا سایہ رہا یا مُصطفٰی ﷺ
«122» آپ کے جوتوں کا صدقہ کچھ ہمیں　　کچھ یتیموں کو مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
«123» جب دُوردِ پاک کو پڑھتا رہا
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«124» جب بھی دیکھا گنبدِ خضرا کو میں　　نور کا حالہ دکھا یا مُصطفٰی ﷺ
«125» آپ کے روضہ پہ صادق آتے ہی　　سر جُھکا اور دل جُھکا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

صفدرؔ

نام :- یل عبدالوہاب قادری

تخلص :- صفدرؔ

ولدیت :- یل عبدالخالق صاحب

پیدائش :- 18-01-1999، کرنول

تعلیم :- SSC

شاعری کا آغاز:- 2018ء میں ہوا

شرف تلمذ :- مفتی ڈاکٹر سید ہاشم عارف پاشاہ قادری حیدری مدظلہ العالی

آدھی ملاقات کے لئے:-

46/486, D2 Budhawar peta, Kurnool-518001, A.P., India

Mobile No-8978526626

* * *

﴿1﴾ خود خدا ہے آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
آپ خالق کا پتہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم

﴿2﴾ ہر نبی کے مقتدا ہیں آپ ہی
مقتدی ہیں انبیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم

﴿3﴾ گِر نہیں سکتا وہ روزِ حشر تک
نام لے کر جو اٹھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم

﴿4﴾ غوث عارف اور قطب ابدال سب
آپ کے در کے گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم

﴿5﴾ قم باذنی سن کے میرے پیر سے
مردہ زندہ ہو گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Qadri Collection Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ آپ کے صدقے ہُوا مجھ پر کرم
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿7﴾ زندگی اس نے گزاری پرسکوں   ورد جو کرتا رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ تذکرہ ہے آپ کا لب پر مرے   ہے کرم کی انتہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ جس کسی نے کی عداوت آپ سے   نار دوذخ میں گرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ دو جہاں میں آپ ہی کا ہے بھرم   ہو کرم کی اک نگہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ دور کردو ہر مصیبت ہر وبا   آپ سے ہے التجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ نقش پائے مصطفی پرآج تک   ہر ولی کا سَرجُھکا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ دیکھ کر روئے منور آپ کا   خود قمر شرماگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ دوجہاں میں ہے مدینہ بے مثال   آپ کا روضہ بنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ انبیاء میں آپ کا ہے بے شبہ   اک انوکھا مرتبہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ نعرۂ یا غوث ہو کہ یا علی رضی اللہ عنہما   ہوگا ان کا ترجمہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ تشنہ لب سارے کھڑے ہیں امتی   جامِ کوثر ہو عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ میرے آقا میرے مولا آپ کی   ہے نرالی ہر ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ ایک پل میں حل ہوئیں سب مشکلیں   دی تمہیں جب بھی صدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ من رانی کا خلاصہ ہے یہی   آپ حق کا آئینہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ آپ کا ہر اک عمل میرے نبی   خلد کا ہے راستہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ ہو نہیں سکتی دعا اب میری رد   آپ کا ہے واسطہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ ہے کرم یہ آپ کا خیرالوریٰ   جو مِلا جتنا مِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ ہو بیاں کس طرح مدحت آپ کی   ہے ثناء خواں خود خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿25﴾ عرش پر بلواکے رب نے آپ کو   نور میں نہلا دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Sahib Hyderabad Collection Digitization eGangotri

﴿26﴾ یہ اذانیں حشر تک دیں گی صدا   ذکر اونچا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ ہم غلاموں کا سہارا کون ہے؟   حشر میں تمرے سِوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ حرف، نقطے اورجملوں نے کہا   ہو نہیں سکتی ثنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ با ادب سورج دیار پاک پر   بھیک لینے ہے کھڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ قبر ہو یا حشر ہو یا پل صراط   ہے وظیفہ ہرجگہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ فیض پانے سر جھکانے کیلئے   در مِلا ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ آپ کی آمد کا خالص تذکرہ   کر رہا ہے جابجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ مدحت خیرالوری کے نام سے   جل رہا ہے اک دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ عظمتیں کعبے کی اس دن بڑھ گئیں   جب اٹھی تمری نگہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ سدرہ والے دم بخود ہیں آج تک   دیکھ کر رتبہ عُلٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ آیت واللیل نازل ہوگئی   رخ سے جب پردہ ہٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ باعقیدت دی سلامی پیڑ نے   اور پھر سجدہ کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ حالِ دل اپنا سناکر اونٹ نے   آپ سے کی التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ کافروں کودشمنوں کوہر گھڑی   آپ نے دی ہے دُعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ شہر طیبہ آپ کے صدقے نبی   دین کا مرکز بنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ بادشاہِ وقت بھی آقا تیرے   ہے گداؤں کا گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ مشکلیں خودمشکلوں میں پڑگئیں   نام جب تمرا لیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ بے زباں مخلوق بھی گویا ہوئی   دیکھ کرچہرہ ترا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ انبیاء واولیاء کا رات دن   بس یھی نغمہ رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ اک اشارہ آپ کا خورشید بھی   خود پلٹ کر آگیا یا مُصطفٰی ﷺ

«46» ہوگیا جو فوت عشقِ پاک میں
مرکے وہ زندہ ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ

«47» ٹھوکروں میں ہے خزانے آپ کے
دوجہاں کے بادشاہ یا مُصطفٰی ﷺ

«48» ہر گھڑی ، ہرپل، دو عالم میں سدا
آپ کا ڈنکا بجا یا مُصطفٰی ﷺ

«49» زندگی کی شام ہوجائے میری
دیکھ کر روضہ ہرا یا مُصطفٰی ﷺ

«50» عاشقوں کے دل کا ہے چین وسکوں
سبزگنبد آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

«51» آپ کے نعلین ہوں جس کو عطا
ہے سکندر وقت کا یا مُصطفٰی ﷺ

«52» جس کسی نے آپ کو راضی کیا
اس سے راضی ہے خدا یا مُصطفٰی ﷺ

«53» آپ کی نظر کرم جس پر پڑی
حشرمیں بخشا گیا یا مُصطفٰی ﷺ

«54» پیڑ کو جس پل بلایا آپ نے
خود وہ چل کرآگیا یا مُصطفٰی ﷺ

«55» عرش اعظم جھومتا ہی رہ گیا
چوم کر وہ نقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ

«56» ہرنبی کا معجزہ اپنی جگہ
تم سراپا معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ

«57» وجہ تخلیق دوعالم کون ہیں؟
بے دھڑک میں نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ

«58» رب نے قرآن مبیں کو بالیقیں
آپ پر نازل کیا یا مُصطفٰی ﷺ

«59» جوگیا دنیا سے الفت میں نبی
مل گئی اس کو بقا یا مُصطفٰی ﷺ

«60» عارفوں کی روح کی ہے اک غذا
آپ کے در کی ہوا یا مُصطفٰی ﷺ

«61» جس جگہ سجدہ کریں شمس وقمر
آپ کا وہ نقش پا یا مُصطفٰی ﷺ

«62» سب فرشتے کررہے ہیں روزوشب
آپ کی مدح وثنا یا مُصطفٰی ﷺ

«63» دید کو ہے منتظر آنکھیں مری
رخ سے اب پردہ اٹھا یا مُصطفٰی ﷺ

«64» ابن مریم اور موسی علیہم السلام نے کہا
آپ سب کے پیشوا یا مُصطفٰی ﷺ

«65» عرش اعظم پر خدائے پاک نے
کلمۂ طیب لکھا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿66﴾ مل گئی جس کو شفاعت آپ کی　　خلد میں سیدھا گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿67﴾ اسم احمد کا دیا جب واسطہ　　بخش دی رب نے خطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿68﴾ حسنِ یوسف علیہ السلام پر فدا ہے سب حَسیں　　جو ہے صدقہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿36﴾ ہوگیا اسلام میں پیدا نفاق   کیسے سب یہ ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿37﴾ آپ کی فرقت میں آنکھیں نم رَہیں   دل ہے زخموں سے بھرا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿38﴾ جذبۂ ایمان تو ہر حال میں   حق پرستوں میں رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿39﴾ آبیاری ہوگئی اسلام کی   پھول صحرا میں کِھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿40﴾ یہ حقیقت ہے نظام کائنات   آپ کی خاطر بنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿41﴾ کرلیا اللہ نے اُس کو پسند   دیں تمہارا ہے نیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿42﴾ زندگی بھر ہم کہیں پر بھی رہیں   دل مدینے میں رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿43﴾ جو تمہاری یاد میں گزرا نہیں   ایسا لمحہ ہے بُرا ' یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿44﴾ آپ کو تھی حق تعالیٰ کی مدد   آپ کی سب ہے عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿45﴾ آپ راضی ہیں خدا سے ہر گھڑی   آپ سے راضی خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿46﴾ آپ کا صدقہ دیا اللہ نے   ہم کو جو کچھ بھی ملا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿47﴾ آپ نے ایمان کی دی روشنی   دل کو روشن کردیا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿48﴾ ہر کسی کے در پہ جاسکتا نہیں   آپ کے در کا گدا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿49﴾ آپ کے صدقہ میں امت بخش دے   ہے یہی رب کی رضا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿50﴾ آپ نے جس شان سے تبلیغ کی   دین پختہ ہوگیا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿51﴾ آپ کے سارے اصولوں پر چلے   آدمی کی ہے بقا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿52﴾ آئے عالم میں ہزاروں انبیاء   آپ سب سے ہیں جدا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿53﴾ قتل بچوں نے کیا بوجہل کو   بدر میں یہ بھی ہُوا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿54﴾ آپ کی سنت پہ بس چلتے رہیں   ہم سے نہ ہوگی خطا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿55﴾ آج جو سَر سبز ہے انسانیت   تم نے صدقہ دے دیا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿56﴾ آپ ہونگے حشر میں ہوگا نہ کم   اُمتی کا حوصلہ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿57﴾ آدمی کو درجۂ انسانیت   آپ کے دم سے مِلا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿58﴾ آپ کے صدقے میں مانگا رب سے جب   جو بھی چاہا مِل گیا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿59﴾ آپ کی عظمت کی ایسی شان ہے   اونٹ نے سجدہ کِیا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿60﴾ اپنے ہاتھوں سے لگایا باغ جو   ایک دن میں پَھل دِیا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿61﴾ آپ جب رب سے ملے، ہرگز نہ تھا   دو کماں کا فاصلہ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿62﴾ آپ بن کر آئے روحانی طبیب   دیجئے ہم کو شفا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿63﴾ جنت الفردوس مومن کی نقیب   ہوچکا ہے فیصلہ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿64﴾ اتنے کم وقفے میں دنیا میں ہُوا   دین کا یہ ارتقا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿65﴾ کی وسیلے سے تمہارے جب دعا   دامن اپنا بھرگیا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿66﴾ دورِ حاضر میں مصیبت کم نہیں ہر طرف غُل ہے بپا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ تم مناؤ گے تو مانے گا ضرور ہم سے ہے مولیٰ خفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ آپ کی آمد سے طیبہ کی فضا کس قدَر ہے خوش نما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ اپنے در پر اب مجھے بلوائیے رو رہا ہے دل مِرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ داغ دامن پر گناہوں کا لگا اشک سے دھویا گیا یا مُصبطفٰی ﷺ
﴿71﴾ حق پہ چلنے کا کِیا جو فیصلہ ہوگئی دنیا خفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ پار کردینا ہماری ناؤ بھی سامنے طوفاں کھڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ حق پہ بس ایمان کا سکّہ چلے ہے یہی سونا کھرَا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ جلد آئے گی قیامت ہوشیار! آرہی ہے یہ ندا ' یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ حضرت زینب ؓ پہ توڑا ظلم یہ چھین لی سَر سے ردا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ خوشبوئیں طیبہ سے چل کر آئی ہیں لائی ہے بادِ صبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ فرطِ الفت میں مدینے کا غبار ہم نے چہرے پرملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ جارہے تھے سب مدینے کی طرف کون ہم کو پوچھتا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ کیا کریں بگڑے ہوئے حالات نے ہم کو تنہا کر دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ اور کب تک غم اٹھاتے جائیں ہم اب نہیں ہے حوصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ آخری دم تک رہیں ایمان پر بس یہی ہے مدّعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ زندگی کی الجھنیں سُلجھاؤں میں کوئی مِل جائے سِرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ شوقِ دیدارِ تمنا یوں بڑھا میں بھی پیدل چل پڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ جب بھی سوئے رات میں پڑھ کر دُرود آپ کا جلوہ دکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ آپ بن کر آئے ہیں خیرالبشر ہوگیا سب کا بھلا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿86﴾ بے سہاروں کو دیا ہے حوصلہ ورنہ سب تھے بے نوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿87﴾ کر کے دکھلا یا ہے وہ ہر حال میں آپ نے جو بھی کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿88﴾ آپ تو محبوب ہیں اللہ کے آپ پر مولی فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿89﴾ ہم مصیبت سے بھلا گھبرائیں کیوں آپ ہیں مشکل کشا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿90﴾ آپ کو رب نے بُلایا عرش پر مرحبا یہ مرتبہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿91﴾ آپ کی نظروں میں ہے ہر اُمتی آپ سب سے آشنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿92﴾ ہم کو طیبہ ہی سے جنت کے لئے مل گیا ہے راستہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿93﴾ کیا یہی کم ہے ہمارے واسطے آپ سے ہے واسطہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿94﴾ دوجہاں میں ہم ہوئے ہیں سُرخرو دین ایسا دے دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿95﴾ پاؤں رُکتے ہی نہیں تھے شوق میں جب مدینے کو چلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿96﴾ مجھ سا عاصی آپ کا ہے امتی یہ تو ہے رب کی عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿97﴾ اب بھٹکنے کی ضرورت ہی نہیں آپ سا ہادی ملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿98﴾ بات ہم نے آپ کی مانی نہیں ہوگئی ہم سے خطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿99﴾ کیسے دنیا کا مسلماں ایک ہوں یہ مرض ہے لا دوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿100﴾ ساری دنیا کے حَسیں ہیں اک طرف
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿101﴾ بن کے آئے رحمة للعالمیں ہم پہ ہے رب کی عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿102﴾ آپ نے سمجھا دیا انسان کو زندگی کا فلسفہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿103﴾ ہم خطاکاروں کا سب کچھ آپ ہیں آپ محبوبِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿104﴾ زندگی میں مل گیا سب کچھ ہمیں اب نہیں کوئی گِلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿105﴾ ہر کسی مومن کے دل میں نور کا جل رہا ہے اک دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿106﴾ اُس سے راضی رب کبھی ہوگا نہیں   آپ جس سے ہوں خفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ امتِ مسلم کی خاطر رات بھر   آپ کرتے ہیں دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ آپ کی خوشبو سے ہے مہکی ہوئی   آئی ہے بادِ صبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ غیر کا ظلم و ستم کب تک سہیں   ہوگئی ہے انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ در پہ آیا ہر کوئی یہ سوچ کر   آپ سے ہوگا بَھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ ہر مسلماں کے لئے بس آپ ہیں   آسرا روز جزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ آپ نے تو ہر قدم پر خیر کی   ہم ہی نکلے بے وفا، یا مُصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ چاند دو ٹکڑے ہُوا یہ معجزہ   آپ نے دکھلا دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ ہر کسی مظلوم کی امداد کی   تم نے زخموں کو سہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ جب کیا سجدہ خدا کے روبرو   مل گیا ہم کو صلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ یہ تمہارے نام کا فیضان ہے   بھاگتی ہے ہر بلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ روزِ محشر کیجئے ہم پر کرم   ہے یہی اک التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ مدتوں سے آرزو ہے دید کی   دے رہا ہوں یہ صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ آپ کے در پر پہنچنا چاہئے   آپ کرتے ہیں بَھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ آپ کے ہاتھوں میں جنت ہے حضور   کیجئے ہم کو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ اِس جہاں کے ظالموں کی بھیڑ میں   آپ کا ہے آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ کوئی چاہے بھی تو کرسکتا نہیں   آپ نے جو کچھ کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ ساری دنیا کو سبھی کچھ دے دیا   آپ نے کچھ نہ لیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ مل گئی ایمان کی دولت ہمیں   ہے خزانہ بے بہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ آپ پر طائف میں جو گذری وہ سب   سن کے طارقؔ رو پڑا یا مُصطفٰی ﷺ

طاہرؔ

نام :- الحاج محمد طاہر خان ماسٹر

قلمی نام :- طاہرؔ دموہی

تخلص :- طاہرؔ

ولدیت :- محمد یوسف

تاریخ پیدائش :- 1-9-1973

مقام پیدائش :- دموہ (مدھیہ پردیش)

شاعری کا آغاز :- 2001ء

شرف تلمذ :- حافظ قطب الدین نشترؔ (مرحوم)۔ جناب غلام عبدالحق چھتر پوری

تعلیم :- گرائجویشن۔

تصانیف :- نورِ صداقت (مجموعہ کلام) 2017ء

آدمی ملاقات کیلئے :- نوری نگر تاج مسجد کے پیچھے، دموہ 470661 مدھیہ پردیش، الہند۔

موبائل - 0091-9993554216

* * *

﴿1﴾ والضحٰی بدرالدجیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آپ ہیں صدر العلیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿2﴾ یہ جہاں کیا درحقیقت آپ ہیں
زینت عرشِ علیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿3﴾ ذاتِ اقدس آپ کی سب سے عظیم
رتبہ ہے سب سے بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿4﴾ جو ہدایت کا ہے دستاویز وہ
آپ پر نازل ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿5﴾ آپ ہی ہیں مومنوں کے راہ بَر
آپ ہی ہیں رہنما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Hyderabad Digitization eGangotri

(6) جو بھی آیا آپ کے پرچم تَلے   آپ کا وہ ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
(7) چلنا پھرنا بات کرنا آپ کا   سب کا سب ہے معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
(8) آپ کی سیرت کو پڑھ کر آج بھی   پاتے ہیں ہم حوصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
(9) ختم ہوجائے یہ بیماری کا دَور   ٹھیک ہو آب و ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
(10) آپ کی ذاتِ گرامی کے سِوا   کون ہے میرا بَھلا یا مُصطفٰی ﷺ
(11) آفتوں نے جب بھی گھیرا ہے ہمیں   دل ہمارا کہہ اٹھا یا مُصطفٰی ﷺ
(12) کاش مجھ سے ہر کوئی کہنے لگے   ائے غلام مصطفیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
(13) تاجداروں سے بھی ہیں اعلیٰ تریں   آپ کے در کے گدا یا مُصطفٰی ﷺ
(14) بخشوا لینا ہمیں بھی حشر میں   شافعِ روزِ جزا یا مُصطفٰی ﷺ
(15) آپ آئے رب کی رحمت آگئی   غنچہ غنچہ کِھل اُٹھا یا مُصطفٰی ﷺ
(16) آپ آئے تو درختِ کفر و شر   جڑ سے جیسے کٹ گیا یا مُصطفٰی ﷺ
(17) بجھ گیا آتش کدہ ایران کا   معجزہ آمد کا تھا یا مُصطفٰی ﷺ
(18) آپ آئے رہ گزاروں کا نصیب   مثلِ گلشن کِھل اُٹھا یا مُصطفٰی ﷺ
(19) آپ آئے تو گلستاں بن گیا   پہلے جو ویرانہ تھا یا مُصطفٰی ﷺ
(20) آپ کے آنے سے کفر شرک کا   مٹ گیا سب دبدبہ یا مُصطفٰی ﷺ
(21) لات و عزّیٰ منہ کے بل ہی گِر پڑے   سن کے مژدہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
(22) کیف طاری ہوگیا دل پر مرے   جھوم کر جب بھی کہا یا مُصطفٰی ﷺ
(23) ہم یہ پڑھتے طئے کریں گے پُل صراط   مرحبا صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
(24) دم نکلتے وقت ہونٹوں پر مرے   نام ہو بس آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
(25) جس کی دنیا میں نہیں کوئی مثال   آپ ہیں وہ آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿26﴾ تا قیامت رہبری فرمائیں گے   آپ ہی کے نقشِ پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿27﴾ گل کِھلے الفت کے دل میں جوں مرے
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿28﴾ آپ کا ہر اک عمل ہے بے مثال   بارہا ثابت ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿29﴾ بخش دی ایمان کی دولت ہمیں   یہ کرم ہے آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿30﴾ مومنوں کو اپنی منزل کا پتہ   آپ کے صدقے مِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿31﴾ آپ کے صدقے بنی ہے کائنات   آپ ہر شئے کی بنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿32﴾ جگمگائیں چاند سورج کہکشاں   آپ سے پاکر ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿33﴾ ناز ہے اپنے مقدر پر ہمیں   آپ سا رہبر ملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿34﴾ آپ کی مدحت سرائی اور میں ؟   ہے مری اوقات کیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿35﴾ آپ کا جب حکم صادِر ہو گیا   سنگ ریزوں نے پڑھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿36﴾ آپ کے حُسنِ سراپا کے حضور   آئینے کا ذکر کیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿37﴾ کشتیٔ دیں غرق ہو ممکن نہیں   آپ ہیں جب رہنما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿38﴾ آپ ہی کا نور تھا جس کے طفیل   بخشی آدم علیہ السلام کی خطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿39﴾ کُل جہاں کی رہنمائی کے لئے   آپ کو بھیجا گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿40﴾ آپ ہیں آرام فرما جس جگہ   رشک والی وہ جگہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿41﴾ آپ کی ذاتِ گرامی واقعی   ہیں سراپا معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿42﴾ آپ آئے تو جو یثرب تھا کبھی   وہ مدینہ بن گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿43﴾ ہوگئی اُس کی طرف یہ کائنات   آپ کا جو ہو گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿44﴾ چاہتے ہو تم اگر دل کا سکوں   بس پڑھو صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿45﴾ ہیں وظیفے کے مرے الفاظ یہ   مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Hyderabad India Collection Peer Mohammad Qadri Digitization eGangotri

﴿46﴾ آپ کے لب ہائے اقدس آئے یاد   پھول جب کوئی کِھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ کیوں نہ کرتے انبیاء ذکر آپ کا   یا امام الانبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ عَالمِ غم میں مزہ آنے لگا   جس گھڑی دل نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ آپ کے شیدائیوں کو فکر کیا   ان کا حامی ہے خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ ہو گئی پُر نور دل کی کائنات   مل گیا عشق آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ جب دیا ہم نے وسیلہ آپ کا   ہوگئی پوری دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ عظمتوں کا آپ کی ہم سے قیاس   کون کھینچے دائرہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ آپ کا ہے درد سینے میں مرے   دل ہے لذّت آشنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ آرہی ہے پھر مدینے سے ہَوَا   گُل کِھلا امید کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ کیا کہیں ہم ان اشاروں کا کمال   چاند دو ٹکرے ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ حق تعالیٰ نے کِیا قرآن میں   جا بجا ذکر آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ کیوں نہ مہکے‘ وہ جو چَوکھٹ آپ کی   چوم کر آئے ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ آگئی شامِ مدینہ مجھ کو یاد   اِس ادا سے دن ڈھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ عظمیتں ہیں آپ پر ساری نثار   آپ ہیں خیرالوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ آپ ہی تو ہیں ہدایت کا چراغ   آپ ہیں شمع ہدیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ آپ کے دیدار سے خود ہوگیا   محوِ حیرت آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ جب دُرودِ پاک کثرت سے پڑھا   ہو گیا فضلِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ نعت گوئی کا رہے گا دہر میں   یوں ہی جاری سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ آپ کے در سے ہے جاری آج بھی   رحمتوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ آپ کی الفت سے اب آباد ہے   دل مدینہ بن گیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿66﴾ جامِ وحدت ، نام ہے جس جام کا　　کیجئے مجھ کو عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ آپ کے ہاتھوں میں ہے جس کا نظام　　اُجڑے کیا وہ مئے کدہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ ناز ہے تقدیر پر اپنی مجھے　　اُمّتی ہُوں آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ مومنوں کے حق میں راحت بن گئی　　آپ کی اک اک ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ جب سجائی ہم نے محفل آپ کی　　برسی رحمت کی گھٹا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ ہے نسیمِ صبح پر بھی خندہ زن　　شہر طیبہ کی ہَوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ دل کے گلشن میں بدولت آپ کی　　مہکی مہکی ہے فَضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ منتظر ہوں کاش ہوجائے کبھی　　آپ کی چشمِ عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ زلف ہے واللّیل آقا آپ کی　　روئے انور والضُّحیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ کامیابی ہے اُسے جو عشق میں　　آپ کے ، جیتا رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ بڑھ رہا ہے اور بڑھتا جائے گا　　ذکر ہر پَل آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ بے نواؤں کو نوا دی آپ نے　　بے کسوں کا آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ ڈھونڈھتی پھرتی ہے یہ بادِ صبا　　آپ کے در کا پتہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ آپ کا ہی ذکر ہے کونین میں　　رحمت و عظمت بَھرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ کچھ بھی ہو ہم نے تو کلمہ آپ کا　　پڑھ لیا سو پڑھ لیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ حق زباں سے نعت گوئی کا بَھلا　　ہم سے ہو کیسے ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ آپ کے عشّاق کی پہچان ہے　　دیتے ہیں درس وفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ حکمتوں سے ہے بھرا ہر ایک لفظ　　آپ نے جو کچھ کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ لاکھ ہم سے روٹھ جائیں دو جہاں　　آپ مت ہونا خفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿85﴾ آپ سے بڑھ کر نہیں کونین میں　　صاحب جود و سخا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pir Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

«86» عرش پر پہنچے تو مولیٰ نے کہا   مرحبا یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
«87» آپ ہی کے تو وسیلے سے ملا   قربِ حق کا راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
«88» کیا کمی اس کے مقدر میں، جسے   آپ کا دامن ملا یا مُصطفٰی ﷺ
«89» محفل ہستی منور ہوگئی   ورد جب دل نے کیا یا مُصطفٰی ﷺ
«90» ہم نہ چھوڑیں گے محبت آپ کی   لاکھ دنیا ہو خفا یا مُصطفٰی ﷺ
«91» آپ کے نقش قدم سے ہی ملا   ہم کو جنت کا پتہ یا مُصطفٰی ﷺ
«92» اقتداء کی انبیاء نے آپ کی   آپ سب کے مقتدا یا مُصطفٰی ﷺ
«93» آپ امام الانبیاء ختم الرُّسُل   آپ اعلیٰ مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
«94» آپ سے پُر نور ہیں دونوں جہاں   آپ ہیں نورِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
«95» سر میں سودا ہے ہمارے آپ کا   آپ ہی ہیں مدّعا یا مُصطفٰی ﷺ
«96» عاصیوں کے واسطے محشر کے دن   آپ کا ہے آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
«97» سب قرینے جس کے آگے ہیچ ہیں   وہ قرینہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«98» جو چلے نقشِ قدم پر آپ کے   بن گئے وہ اولیا یا مُصطفٰی ﷺ
«99» دل کی دنیا اس لئے پُر نور ہے   آپ ہیں جلوہ نما یا مُصطفٰی ﷺ
«100» دونوں عالم پر ازل سے ہے محیط   اعلٰی منصب آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«101» ہر مَرَض کے واسطے اکسیر ہے   نامِ نامی آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«102» مرحبا قرآن کی تفسیر ہے   آپ کی اک اک ادا یا مُصطفٰی ﷺ
«103» آپ کی نسبت سے ہوگی بالیقین   میری سیرت آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ
«104» لفظ، قاصر آپ کی تعریف سے   آپ کا کہنا ہی کیا یا مُصطفٰی ﷺ
«105» آپ کی تعریف میں توصیف میں   مَحو ہیں ارض و سما یا مُصطفٰی ﷺ

﴿106﴾ آپ ہی نے تو سکھائی ہے ہمیں بندگیٔ کبریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ کاش مل جائیں تو مَیں سر پر رکھوں آپ کے نعلینِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ برتر و کمتر میں جو بھی فرق تھا آپ آئے تو مِٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ بیٹیاں درگور ہوتی تھیں مگر آپ نے رحمت کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ نعت گوئی کا ہنر جب پالیا دل مرا روشن ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ آپ کے رستے سے ہی منسوب ہے خلد تک کا راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ مومنو آؤ مٹادیں دوریاں سب پڑھیں صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ آپ کی الفت میں آئے مجھ کو موت یوں مِرا ہو خاتمہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ ہے لقب اُمّی‘ مگر کوئی نہیں علم والا آپ سا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ ہو نہ جس دل میں محبت آپ کی دل ہے وہ کس کام کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ آپ کا ہی سایۂ رحمت نشاں حشر تک پھیلا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ آپ کے رستے سے جو بھی ہٹ گیا وہ بھٹکتا ہی رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ ہم کو جینے کا سلیقہ دہر میں آپ ہی سے ہے ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ یوں بھرم رکھّا خدا نے آپ کا قبلہ کعبہ کر دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ دل میں بس الفت بسائی آپ کی اور سب ٹُھکرا دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ ہم گنہ گاروں کی خاطر آپ نے مانگی رو رو کر دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ دشمنوں کو بھی رِہائی بخش دی کون ہوگا آپ سا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ شک نہیں اس میں کہ سیرت آپ کی آئینہ ہے آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ مشک و عنبر کی مہک جس پر نثار وہ پسینہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ لیجئے طاہر کو بھی زیرِ لِواء آپ ہو کہف الوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheem Qadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

طاہؔر

نام :- مفتی محمد منیب رزاقی طاہؔر
تخلص :- طاہؔر
ولدیت :- محمد عبدالغفار خان رزاقی
پیدائش :- 07-07-1991
مقام پیدائش :- حیدرآباد دکن
شاعری کا آغاز :- 2017ء
شرف تلمذ :- آفتاب سخن جناب سردار سلیمؔ صاحب
تعلیم :- مولوی کامل الفقہ (جامعہ نظامیہ)، ایم۔اے (عربی) جامعہ عثمانیہ
آدھی ملاقات کے لئے:-

9-10-430/2/A محلہ گنج، قلعہ گولکنڈہ، حیدرآباد۔500008 تلنگانہ اسٹیٹ۔الھند
فون ۔ ای میل - 8686223494 mdmuneebrazzaqi@gmail.com

* * *

﴿1﴾ آپ ہیں بدرالدجیٰ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿2﴾ پار بیڑا ہو گیا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو مدینے کو گیا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿3﴾ مرتضیٰ یا مجتبیٰ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مُصطفیٰ یا مُصطفیٰ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿4﴾ تکتا رہتا ہوں سدا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آپ کا گنبد ہرا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿5﴾ ہاں! ہے قرآں میں لکھا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
معجزہ در معجزہ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴾6﴿ آپ کا ہے آسرا یا مُصطفٰی　　آئیے وقتِ قضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾7﴿ یا نبی صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی　　مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴾8﴿ زندگی کا سلسلہ یا مُصطفٰی　　دھڑکنوں کی ہے صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾9﴿ آپ محبوب خدا یا مُصطفٰی　　آپ ہی حاجت روا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾10﴿ آپ میرا مدعا یا مُصطفٰی　　آپ ہی مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾11﴿ درد پھیکا پڑگیا یا مُصطفٰی　　نام جب میں نے لیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾12﴿ یہ بھی سیرت میں ملا یا مُصطفٰی　　کام آئے نہ آنَا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾13﴿ آپ کا ہُوں میں گدا یا مُصطفٰی　　دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾14﴿ معجزہ ہے معجزہ یا مُصطفٰی　　آپ کا ہر واقعہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴾15﴿ دُور ہو ہر اک بلا یا مُصطفٰی　　ہر بلا کی ہے دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾16﴿ آپ کی ہر اک ادا یا مُصطفٰی　　ساری دنیا سے جدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾17﴿ آپ دیجے یہ دعا یا مُصطفٰی　　ہو مریضوں کو شفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾18﴿ آپ ہی خیرالوریٰ یا مُصطفٰی　　آپ ہی نورالھدیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴾19﴿ آپ نے جو بھی کہا یا مُصطفٰی　　ہوگیا بس ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾20﴿ آپ ہی شمس الضحٰی یا مُصطفٰی　　آپ ہی صدرالعلیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴾21﴿ کہہ رہے ہیں ہم سدا یا مُصطفٰی　　جان و دل تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾22﴿ یہ کرونا کی وبا یا مُصطفٰی　　دور ہوجائے سدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾23﴿ دل کی جانب دیکھتے ہی مل گیا　　آپ کے در کا پتہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴾24﴿ اُمتی کے واسطے معراج میں　　آپ نے مانگی دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾25﴿ سب فرشتے مل کے پڑھتے ہیں دُرود　　آرہی ہے یہ نِدا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohamed Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿26﴾ اک مدینہ ہی مری نظروں میں ہے　　در کوئی نہ دُوسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ آگیا طیبہ تصور جس گھڑی　　دل اسی جانب پھرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ ذہن کو وسعت ملے تو پاسکوں　　زندگی کا فلسفہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ مر رہا ہے دل یہ تِل تِل یا نبی　　بخش دیجئے گا جِلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ ہوگئی برباد اُس کی زندگی　　جو شریعت سے ہٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ ہر سہارے کو میں اپنے چھوڑ کر　　ہے سہارا ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ تقویت ایماں کو حاصل ہوگئی　　در ملا جب آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ سب فرشتے دیکھتے ہیں رشک سے　　مہکی طیبہ سے فَضَا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ آپ کے ہاں، آپ کے، بس آپ کے　　عشق میں ہُوں مبتلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ یہ زمین و آسماں خلق خدا　　آپ کی خاطر بَنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ زندگی ہے زندگی اک بس وہی　　جو بھی چوکھٹ پر جھکا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ مُصطفٰی یا مُصطفٰی کا ورد ہے　　مہرباں ہے اب خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ اُس طرف ہیں دشمنِ اسلام سب　　اُمتی اک جا کھڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ درد و غم ہے مفلسی ہے ہر گھڑی　　دو خدارا حوصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ سازشوں کا بول بالا ہے پڑا　　آسرا دو آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ ابن آدم علیہ السلام کے لئے فرمائیے　　رب سے اپنے اب دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ کھو نہ جاؤں بھیڑ میں دنیا کی میں　　ڈال دو نوری ردا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ جب عمر رضی اللہ عنہ داخل ہوئے اسلام میں　　جابجا ڈنکا بجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ آیتِ قرآن کا لہجہ وہی　　گفتگو میں ہے رچا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ نام کا ہے جو مسلماں بالیقیں　　اس کا کردیجے بَھلا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Qadri Collection, Hyderabad Digitization eGangotri

﴿46﴾ آج تک بھی بُھول پایا ہی نہیں   یاد ہے غارِ حرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ جس نے ٹھکرایا نبی کا راستہ   منہ کے بل ہی وہ گِرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ آپ آئے تو مِلا اسلام بھی   ہاتھ آیا ہے سِرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ آپ کو جو بھی نہ مانے یا نبی   مرگیا وہ بس مَرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ ابرہہ اپنے کئے کی بالیقیں   پاچکا ہے وہ سزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ چاہتا ہوں بس یہی مَیں رات دن   رب کی مرضی اور عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ ذہن کو وسعت ملے سمجھوں ذرا   سورتِ تَبَّت یَدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ بے سہارا آگیا ہوں آس میں   ہو بَھلا اب کچھ مرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ ہے رسولوں کی تمنا آپ ہی   آپ شاہِ انبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ نعت کہنے کا ارادہ کرلیا   لاج رکھ لیجے ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ جو سمجھ پایا ہے ہستی کو وہی   ہے وہ راضی بار نہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ ایک پَل بھی یاد سے غافل رہُوں   ہو نہ جائے یہ خطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ کہہ رہا ہے جو بھی طیبہ کو گیا   کیا سُہانی ہے فضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ خاتمہ بالخیر ہو جائے مِرا   آپ کا دیدار عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ خانہ کعبہ سراپا دیکھئے   ذرّہ ذرّہ ہے شفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ جس طرح بھی آپ نے رکھا قدم   اُس طرف سبزہ اُگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ آپ نے جو کہہ دیا وہ بالیقیں   رب کی مرضی میں رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ جو بھی مجھ کو رب کی جانب سے ملا   کرلیا بس اکتفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ دیکھ کر طاقت علی کی جنگ میں   دنگ تھے سب سورما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ سرسراتی ، جھلملاتی ، نور کی   یاد ہے بادِ صبا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheen Hyderabad Digitization eGangotri

﴿66﴾ حشر کے میدان میں دیکھیں گے سب　　بخشوانا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ گھل رہا ہوں دور رہ کر آپ سے　　دور ہو یہ فاصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ آرزو ہے ساتھ اُن کے آؤں میں　　طیبہ جائے قافلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ میں بھی طیبہ جا کے آؤں اس طرح　　چل پڑے یہ سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ دید ہو خوابوں میں مجھ کو یا نبی　　اب عطا ہو، ہو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ رب ہو راضی ہے یہی منشاء مرا　　کر رہا ہوں میں ثنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ ہو گئی انمول بے شک ہر وہ شئے　　آپ نے جس کو چُھوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ ظلمتوں کے بیچ لائے آپ جو　　باب روشن اک بنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ رشک کرتا ہی رہے گا ذرّہ وہ　　آگیا جو زیرِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ آپ کی سیرت کا جو پَیرو رہا　　وہ رہے گا دیرپا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ لاج رکھ لو لاج رکھ لو یا نبی　　آیا ہے اک غمزدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ ہر بھلی جو بات مل جائے کہیں　　ہے اثاثہ گمشدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ کیا بگاڑے گا زمانہ اب مرا　　میں غلامِ مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ آپ سے مل جائے جس کا دل اُسے　　حق کا مِل جائے پتہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ میں گدائے سبز گنبد بن گیا　　آپ کے درپر پڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ جز تمہارے کون اُس دم ہے مرا　　شافعِ روزِ جزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ بے گماں جنت نشاں طیبہ نگر　　مجھ کو تو ایسا لگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ آپ کے اقوال کی ہے روشنی　　جل رہا ہے وہ دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ تھے فرشتے تو فرشتے یا نبی　　مقتدی تھے انبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ لَو لگا کر بیٹھا ہوں میں ہند میں　　سُن لو میرا مدّعا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohsin Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿86﴾ میری جانب دیکھ لیجے اک نظر   اب عنایت ہو ذرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿87﴾ سر زمیں طیبہ کی بھائی اس قدر   بس ہوں تکتا ہی کھڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿88﴾ جان مُٹھی میں لئے آیا ہوں میں   اب نہ ہوجاؤں جدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿89﴾ اپنی اُمت میں رکھا عاصی کو بھی   یوں کرم تم نے کِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿90﴾ آپ کی مُٹھی میں آکر رشک سے   کنکروں نے بھی کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿91﴾ رب کو بھائی ہر گھڑی ہر آن بس   آپ کی ہراک ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿92﴾ صبح ہو یا شام ہو، ہر اک پہر   ورد ہے صلِّ علٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿93﴾ دیکھ آیا میں مدینہ اُس گھڑی   گل عقیدت کا کِھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿94﴾ عاصیوں کی خیر خواہی کے لئے   کون ہے تمرے سوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿95﴾ وقتِ آخر دید کا شربت ملے   یہ دعا ہے، یہ دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿96﴾ رائیگاں جائے گا کیسے یا نبی   خونِ ناحق جو بہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿97﴾ گنبد خضریٰ جو آیا ہے نظر   مل گیا مجھ کو صلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿98﴾ آسمانوں سے بھی اونچا اور بلند   دین کا پرچم رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿99﴾ بے گماں سجاد کے مالک ہیں آپ   دیجئے راہ ھدی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿100﴾ ہر سہارے کو مَیں اپنے چھوڑ کر   بے سہارا ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿101﴾ ساری دنیا میں کہیں بھی در نہیں   آپ کے در سے بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿102﴾ میں بھی طیبہ جاؤں اور گم جاؤں بس   اتنی سی ہے بس التجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿103﴾ حضرتِ آدم علیہ السلام کی توبہ پاگئی   بس وسیلہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿104﴾ حق تعالیٰ نے کہا ہے آپ سے   شافعِ روزِ جزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿105﴾ تکتا رہتا ہوں میں دیکھو ہر گھڑی   در کا تمرے راستہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheed Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

(106) کپکپی ہونے لگی ہے انتہا   میں قصیدہ جب لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
(107) آپ کا شیدا زمانہ کیوں نہ ہو   جب خدا ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
(108) در گُزر فرمائیے گا یا نبی   آگیا ہے بے نوا یا مُصطفٰی ﷺ
(109) فاطمہؓ کے واسطہ، مجھ پر کرم   چاہئے بس آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
(110) ہو مریضوں کے لئے بس آپ ہی   ہر مَرَض کی ہو دَوا یا مُصطفٰی ﷺ
(111) پایا ہے قرآن میں بھی یا نبی   آپ ہی کا تذکرہ یا مُصطفٰی ﷺ
(112) آپ ہی کا اک اشارہ ہر طرف   ابر بن کر چھا گیا یا مُصطفٰی ﷺ
(113) پھر سے طیبہ دیکھ لوں پیارے نبی   اتنی ہے بس التجا یا مُصطفٰی ﷺ
(114) ہے ازل سے تا ابد بس آپ ہی   کیا فنا اورکیا بقا یا مُصطفٰی ﷺ
(115) کی امامت آپ نے نبیوں کی بھی   مرحبا صد مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ
(116) روز محشر میں بچالیجئے مجھے   ہے سہارا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
(117) چاند تاروں نے کہا یہ آپ سے   دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
(118) زلف واللیل ہے چہرہ والضحٰی
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

(119) مالکِ محمود ہیں بس آپ ہی   ہو شفاعت اب ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
(120) روزِ محشر عاصیوں کے وسطے   شافعِ روزِ جزا یا مُصطفٰی ﷺ
(121) لاج رکھ لینا گناہ گاروں کی بس   مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
(122) یہ دیا بُجھنے نہ پائے گا کبھی   آپ ہی اس کی جِلا یا مُصطفٰی ﷺ
(123) اپنے طاہرؔ کو بچا لیجے حضور   یہ ہے عصیاں میں گِھرا یا مُصطفٰی ﷺ
(124) حاضری جب ہوگئی دربار میں   پاک و طاہرؔ میں ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
(125) آپ کی آمد کے صدقے میں نبی   پاک و طاہرؔ سب ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ

طورؔ

نام :- کرشن کمار
تخلص :- طورؔ
مقام :- لاہور (پاکستان)
پیدائش :- 11-10-1933۔ لاہور پاکستان
تعلیم :- MRJD۔ سرٹیفیکٹ ان ٹورزم۔ سرٹیفیکٹ ان ہوٹل منجمنٹ اینڈ کیٹرنگ ٹیکنالوجی

تصانیف :- (1) دریافت۔ تالیف۔ (2) تربیت۔ تالیف۔ (3) سیر سبزہ۔ آزاد غزلوں کا مجموعہ۔ (4) شگفت۔ غزلیں۔ (5) عالم عین۔ غزلیں۔ (6) مشک منور۔ غزلیں۔ (7) رفتہ رمز۔ غزلیں۔ (8) سرنامہ گماں نظری۔ غزلیں۔ (9) غرفۂ غیب۔ غزلیں۔ (10) چشمۂ چشم۔ حمد و نعت کا مجموعہ۔ (11) گل گفتار۔ غزلیں۔ (12) طور طلسم۔ غزلیں۔ (13) خاک خمیر۔ غزلیں۔ (14) سمک سماک۔ ہندی غزلوں کا مجموعہ۔ (15) وصل موجود۔ غزلیں۔ (16) دید مرید۔ غزلیں.

اعزازات :- (1) بہار اردو اکیڈمی کی جانب سے کتابوں پر انعام دیا گیا۔ (2) یوپی اردو اکیڈیمی کی جانب سے کتابوں پر انعام دیا گیا۔ (3) امریکن بایڈ گرافیکل انسٹی ٹیوٹ کی جانب سے Man of the Year ایوارڈ۔ 2002ء۔ (4) امیر خسرو ایوارڈ۔ انجمن ترقی اردو ہند کی جانب سے 2006ء۔ (5) ہماچل پردیش حکومت کی جانب سے۔ 2007ء۔ (6) غالب ایوارڈ۔ 2012ء۔ (7) ساہتیہ اکاڈمی ایوارڈ۔ 2012ء۔ (8) ہریانہ اردو اکاڈمی کی طرف سے۔ 2014ء کا ایوارڈ۔

آدھی ملاقات کے لئے :-
134/E, Khanyara Road, Dharamshala,
Pin: 176215, Himachal Pradesh,
Mobile No.0091-9816020854

* * *

(1) ہر یقیں کا ادّعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آپ ہیں نورِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(2) آپ ہی کی ذات سے ممکن ہوئی
رونق غار حرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(3) ہم سزاوار قیامت ہیں ضرور
مصطفٰی' یا مُصطفٰی' یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(4) آپ کے الطاف سے یہ زندگی
ہوگئی ہے کیا سے کیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(5) ساری دنیا ہی سمٹ کر آگئی
جب اٹھا دست دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿6﴾ ایک اک نقطہ ہے واضح، آپ ہیں صاحبِ فہم و ذکا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿7﴾ آپ ہیں تو آپ کے سائے سے ہے روشنی کی ابتدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ ہے ہمیں صبر و قناعت کا یقیں آپ سے ہے واسطہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ پنج وقتہ اِن نمازوں کا چلن آپ سے جاری ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ دہر میں جس واسطے پیدا ہوئے فرض کب ہوگا ادا ، یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ زندگی میں سارے یہ دیوار و در ہوگئے ہم سے جدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ اب ہوئے سارے وظیفے ترک شد اب ہُوا انساں بُرا ، یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ ہر مسافت سے گزر کر آگئے ہم سے آشفتہ نوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ آپ کے قدموں پہ ہے اب یہ نثار خون سا رنگ حنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ آپ کی امت ، بھلا ہوتے ہوئے پائیں گے ہم کیوں سزا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ ہم کو ہے منظور اب اس زیست میں آپ کا ہر فیصلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ اس جہاں میں آپ کے ہوتے ہوئے کیوں کسی سے مانگنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ ہاتھ ہیں اٹھے ہوئے دل کی طرف ہے لبوں پر بس دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ ہے ہمارے آج بھی سَر مَاتھے پر آپ نے جو بھی کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ وار ڈالا ایک جو تھی نقد جاں
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ آپ پر ظاہر ہوا ہے لفظ لفظ جو بھی اللہ نے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ رہن تھے شیطان کے یہ جسم وجاں آپ نے چُھڑوا دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ آپ کے ایما پہ ہی بس طئے ہُوا زندگی کا فاصلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ سونے سے لکھنے کے قابل ہے وہ سب آپ نے جو بھی کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿25﴾ جسم اطہر سے زمیں جو مس ہوئی ارفعِ تخت خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moin Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿26﴾ قلزمِ خوں کے برابر تھا بہت   جو سفر ہم نے کِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿27﴾ بحرِ غم میں کشتیٔ جاں کو بس اب   آپ کا ہے آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿28﴾ جان دے دیں آپ کے اک حکم پر   ہے محبت میں روا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿29﴾ آپ ہی جب ہم سے آنکھیں پھیر لیں   کیا ہو قسمت سے گلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿30﴾ آپ ہیں تو چھو نہیں سکتی ہمیں   اس جہنم کی ہَوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿31﴾ کیا کہیں کس سے کہیں روداد اب   کون سنتا ہے بَھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿32﴾ زندگی کی اس نماز عشق میں   آپ ہو کعبہ مِرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿33﴾ آپ کی جانب سے ہو کر آتی ہے   یہ جو چلتی ہے ہَوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿34﴾ بحر میں صرف ایک کشتی ہی نہیں   ہم ہیں اور ہے ناخدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿35﴾ کیا کہیں اب آپ کے اس عشق میں   ہم ہیں سارے مبتلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿36﴾ اتنی سی درخواست ہے کردیں مُعاف   جو ہماری ہو خطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿37﴾ رحم مادر میں ہے جواب اس کو بھی   آپ کا ہے آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿38﴾ آپ سے ہے وسعت کون ومکاں   آپ سے ارض وسما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿39﴾ نورِ انور ہونے کی ہے یہ دلیل   آپ کا سایہ نہ تھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿40﴾ واقعہ اک چاند کے دو نیم کا   آپ کا ہے معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿41﴾ لو وہ جنت کی اب آئی ہے نوید   لو وہ دروازہ کُھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿42﴾ اورشب کالی ہوئی وہ زلف سے   آپ سے سورج اُگا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿43﴾ آفتوں کا وقت ہے جب جب پڑا   منہ سے نکلا برملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿44﴾ ان عقیدت مندوں کا حال زبوں   کون ہے جو دیکھتا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿45﴾ المدد کہنے میں کوئی حرج کیا   وقت اب جب آپڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿46﴾ ماضی میں گزرے ہیں جتنے انبیاء   کون ان میں آپ سا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿47﴾ یہ بھی اک انداز ایمانی ہے اب   ہم ہوئے خود سے جدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿48﴾ آپ ہی سے نور ہے زیرِ فلک   آپ ہی سے دن چڑھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿49﴾ مَس ہے لازم پیرہن سے آپ کے   یوں تو چلتی ہے ہَوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿50﴾ آپ کے ہوتے ہوئے ایمان کا   سارا گلشن ہے ہرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿51﴾ ہوگیا مرقوم وہ قرآن میں   آپ نے جو بھی کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿52﴾ چاند کا دو نیم ہونا واقعہ   سامنے سب کے ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿53﴾ کارواں پھر کیوں سرِمنزل نہ ہو   آپ جب ہوں رہنما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿54﴾ آپ سے بحر رواں کے سامنے   پیاس کا کیا ماجرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿55﴾ آپ سے ہے اس سفر کا اختتام   جس کی ہے اب ابتدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿56﴾ آپ کے قدموں سے اب ہے منسلک   آسماں کا ہر سِرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿57﴾ ہو رہے ہیں دشمن اب اسلام کے   جن سے تھی راہ وفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿58﴾ اپنے بھی اب جنگ پر آمادہ ہیں   امن کا ہے یہ صلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿59﴾ آپ کا پیغام کیوں لاتی نہیں   خالی کیوں ہے یہ ہَوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿60﴾ آپ کے قدموں کی برکت کے سبب   ہیں جو آثارِ اتیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿61﴾ آپ نے عمرِ رواں کے سامنے   رکھ دیا ہے آشنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿62﴾ آپ کی ملت کی آنکھوں میں کوئی   خواب ہے اک پھول سا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿63﴾ پیچھے مڑ کے دیکھتے ہیں جب کبھی   ہوتے ہیں خود سے خفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿64﴾ آج بھی جاری ہے نادیدہ سفر   آپ اب بھی رہنما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿65﴾ خوش ہوئے ' ہر لفظ جب قرآن کا   اس سماعت میں پڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿66﴾ دے رہی ہے آپ کی ہر اک حدیث کتنی یادوں کا مزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ ہم ہیں رقصاں ، ہے ابھی تک زندگی ہم ہیں مصروف دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ وقت کی آنکھوں میں بھی بھرتا نہیں یہ سراپا آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ بندگی سے ہوتا ہے ہر دم عیاں عبدیت کا سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ کیوں زباں پر قفل ہے، اب آدمی کیوں نہیں کچھ بولتا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ پھونک ماری خاک کے پتلوں میں کیا سب کو ہے سب کچھ پتا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ جو نہ کرنا تھا کِیا ہم لوگوں نے جو نہ ہونا تھا ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ جس نے رکھا آپ پر پختہ یقیں مرنے پر وہ جی گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ آپ میں تھی یہ رسالت کی مثال آپ کا سایہ نہ تھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ بھیجتے ہیں آپ پر لاکھوں دُرود آپ پر ہے ہر دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ ڈالے ہے شیطاں دلوں میں وسوسہ آپ دیں ' اُس کو ہٹا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ ملتا ہے اس کو جہاں میں ہر ثواب جو ہو مشغول خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ آپ نے بدلا ہے کعبے کا غلاف پائیں گے اس کا مزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ ہم جہالت میں ہیں اب بھی جی رہے ہم پہ ہو رحمت بپا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ غور کرنا ہے ہمیں قرآن پر ہے خدا کا فیصلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ آپ کی بس ایک رحمت کے طفیل ہم کو ہے قرآں ملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ آپ آئیں گے شفاعت کیلئے ہم جو ہوں گے غم زدہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ ہے ذریعہ یہ نماز بندگی قرب کے اللہ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ جو ہمارے دل میں کھٹکے ہے گناہ دور فرمادیں زرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿85﴾ صاف کرتا ہے دلوں کو، آنکھ سے جو بھی آنسو ہے گرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿86﴾ ہم جو سہتے ہیں بس اب اس درد سے ہے دلوں کا واسطہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ اک یہی حربہ تو ہے شیطان کا ڈالتا ہے وسوسہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ ہر مصیبت ٹال دیتی ہے نماز آپ نے بے شک کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ ہوگیا مائل دل اللہ کی طرف ہوگیا سوئے خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ روح کی اورجسم کی ہے یہ غذا شہدجو ہے لفظ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ ہوتا ہے اللہ وارد اس میں جب ہوتا ہے تب معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ ذکر ہوگا آسمانوں میں بہت جب بھی ہوگا فیصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ ہے وصیت تَقوَۂ اللہ کی یہ ہی امت سے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ ہو تلاوت اک بہت قران کی آپ کا کہنا بجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ ہو بھلائی کی بنا سارا کلام ہے زباں کا آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ ماردیتی ہے دلوں کو یہ ہنسی کیوں بھریں ہم یہ خلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ ساری امت کی فقیری ہے یہی راست ہو ہر راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ ہے ضروری ہم کریں بس یہ جہاد نفس سے اپنے سدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ لوگ مسکینوں سے اب الفت کریں آپ کا تھا فیصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ اپنے سے اونچوں پہ مت رکھیں نظر کیا ہے اُن سے واسطہ ' یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ عیب بینی اپنی کا جو ہو خیال اس سے ہوتی ہے جلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ عقل مندی ہے کہ اک تدبیر سے بول بالا کردیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ قوم کی خوش قسمتی کے واسطہ ہم ہیں مصروف دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ عیب ہیں تجھ میں تو پھر غصہ نہ کر آپ نے سب سے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ زندہ رکھنے کے لئے اسلام کو خود کو رکھتے ہیں ہرا یا مُصطفٰی ﷺ

«106» آپ کو معلوم ہے اب ہر طرح
کیا ہے اپنا ماجرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«107» یہ وہی کافرجہاں ہے جس جگہ
ساتھ کس نے کب دِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«108» فقر ہے روشن ہمارے سامنے
جو تھا ہونا ہوچکا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«109» خیمۂ جاں میں ہراک لفظ خدا
یاد کرتے ہیں سدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«110» اب ستاروں پر کمندیں ڈال دیں
طئے ہُوا ہر مرحلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«111» جو پسِ پردہ وہی ہے آشکار
زندگی ہے آئینہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«112» صحن گرد و ریگ میں بہتی ہوئی
ہر ندی کا آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«113» جس قدر بھی ہے پس پردہ وجود
آپ سے ہے پھول کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«114» زندگی کا زرد ہے چہرہ یہاں
کب رُکا سَیلِ فنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«115» بات اب خود سے ہے بے خوف وخطر
برکتوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«116» آپ کے دربار سے سب کچھ ملا
اور کیا اب مانگنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«117» استعارہ ہے ہماری ذات کا
آگے ہے دشتِ بلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«118» ایک حصہ ہیں زمین و آسماں
آپ کے اوصاف کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«119» آپ کے قدموں کی سب برکت ہے وہ
ہم کوجوکچھ بھی ملایا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«120» آسماں پر چاند کی مانند ہے
آپ ہی کے نقش پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«121» آپ ہو سَرچشمہ نورِ خدا
آپ ہو نورِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«122» کب بَھلا اب اس زمیں کی خاک پر
آپ کا سایہ پڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«123» نقش ہے دونوں جہانوں کیلئے
آپ کا یہ مرتبہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«124» گرم خاکِ دشت جاں کے واسطے
آپ ہیں ٹھنڈی ہَوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«125» طور جیسے حشر میں ہوں گے غلام
ہوگی ظاہر جب سزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moin Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مخضب ز شعراء

ظ

تعداد کلام (2)

تعداد اشعار (250)

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohammad Sahib Quadri Hyderabad Digitization eGangotri

ظہیؔر

نام :- (استاذ سخن) ظہیر احمد
قلمی نام :- ظہیؔر ناصری
تخلص :- ظہیؔر
پیدائش :- جولائی 1948ء، نارائن پیٹ
تعلیم :- بی۔کام۔ (کامرس)
شرف تلمذ :- محترم جناب طرفہؔ قریشی صاحب۔
ملازمت :- کچھ سال روزنامہ سیاست (آفس) میں ملازم رہے۔ پھر A.P.S.R.T.C. کے اکاونٹس سیکشن میں تقرر ہوا۔ 1980، میں کڑپہ میں تبادلہ ہوا۔

تصانیف:- (1) حرفستان (مجموعہ) غزلیات (2) نورستان (مجموعہ نعوت)
(3) انوار الحرمین (سفر نامۂ حج) (4) تعلیمات تصوف

آدھی ملاقات کیلئے:-

H.NO.1-10-23/2/C, Shah Sahab GUTTA, MAHBUBNAGAR. 509001-
Telangana State, Mobile No.7013253502

* * *

﴿1﴾ تھی مودّت کی ادا یا مُصطفٰی ﷺ
دین کی پھیلی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ عشق کی ہم عین سے واقف نہیں
آپ کا عرفاں کجا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ کیوں کٹورے آنکھوں کے لبریز تھے
جب میں در پر آگیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ آہ و زاری ہچکیاں تھیں اور میں
جب ہُوا تم سے جدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ اُس پہ خلّاقِ دو عالم ہے فدا
آپ پر جو ہے فدا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Raheem Saheb Quadri Digitization eGangotri

﴿6﴾ با وضو جب ہوگئی بزم خیال   نعت کا دفتر کُھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ رہ گزر اشجار سب مہکے ہوئے   جب گزر ہو آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ آپ کا نوری تصّور اور قلم   اور دبستاں نعت کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ پی کے جامِ لاالہ کو آپ سے   مست ہیں اہلِ صفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ کیجئے چشمِ ترحّم کیجئے   ظلم ہے ہر سُو بپا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ رخ ہے یا جلوہ گلِ لَالَہ کا ہے   آپ کی زلفیں گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ ہم ہماری اصل سے واقف نہیں   آپ کو جانیں گے کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ آپ کی رفتار کو، ہجرت کی شب   غیر ممکن ناپنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ سرجھکائے ٹھرے ہیں شاہانِ وقت   میں بھی ہُوں ٹھرا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ صاحبِ تنزیل قرآں آپ ہیں   نور کے مہبط بجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ انتخابِ قادرِ مطلق ہو آپ   انبیاء کے مقتدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ آپ کی آمد پہ ہرشے جھوم اٹھی   شور تھا صدمرحبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ لَاالٰلہ کا ہوگیا اعلان جب   کفر کا پردہ گرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ اُف، وہ حنّانہ کی حالت کیا کہوں   جیسے بچہ رو رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ فتحِ مکہ کی نرالی ہے عطا   کعبے کو کعبہ مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ آپ نے جوڑا دلوں کو پیار سے   ورنہ کس کا کون تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ آپ کی خاطر ہی خالق نے حضور   وحشی رضی اللہ عنہ کی توبہ سنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ جب اناالحق کی صدا گونجی تو پھر   دار پر وہ کون تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ ذاتِ والا محورِ کل کائنات   مصدرِ ارض وسما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ یہ بھی ہم پر آپ کا احسان ہے   ہے دُرودوں میں شفا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿26﴾ یوں کہے سینے میں یہ سازِ دَرُوں   مصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ ہے مہینہ پھر ربیعُ النّور کا   ہرطرف چھائی گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ رومیؔ و سعدیؔ و جامیؔ سب کے سب   آپ کے نغمہ سَرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ اللہ اللہ خوشبوئے غارِ حرا   شش جہت میں عطر زا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ آپ عاشق کعبہ والے کے حضور   کعبے والا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ خوے ابراہیمؑ ہو ہم کو عطا   طَور اسماعیلؑ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ آپ کے عینین میں ہے مرحبا   جلوۂ رب العلٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ صبح سے وردِ دُرود پاک میں   پتہ پتہ باغ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ حشر میں رکھنا مجھے ساتھ آپ کے   ہے یہی اک التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ گبندِ خضرا کا سایہ بس مجھے   کیا کروں دارِ فنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ آپ کے ہمراہ سر پر گھومتا   ابر کا لکّہ رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ غیب دانی آپ کی ظاہر کیا   خیبری وہ واقعہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ آنسوؤں کا کیوں مواجہ کے قریب   باندھ ٹوٹے صبر کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ پیشِ منظر ہے شہ دیں کا حرم   دل پکارے مصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ کیا حضورِ غوث اعظمؓ اس جگہ   آنے والے ہیں شہا ، یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ سبز گنبد کو میں دیکھوں بارہا   جی نہیں بھرتا مرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ نام لیوا آپ کا ہے آج بھی   شان سے جیتا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ آپ کے آنے سے خالق بھی شہا   خَلق پر ظاہر ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ جاکے طیبہ میں ہمیں محسوس ہو   باغِ جنت کی فضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ پتہ پتہ بوٹا بوٹا جانے ہے   نامِ نامی آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿46﴾ آپ کی قربت ملی ہے شک اُسے   جو غریبوں میں رہا یا مُصطفٰی ﷺ

«47» آپ کے گنبد کو چھوکے آگئی   جھومتی بادِ صبا یا مُصطفٰی ﷺ
«48» مرحبا کوہِ صفا مروہ کے بیچ   آپ کے ہیں نقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
«49» کیا کہا اور کیا سُنا دہلیز پر   ہوش مجھ کو کب رہا یا مُصطفٰی ﷺ
«50» روبرو جالی کے ہو لفظوں کا حال   کیا بیاں ہو مدعا یا مُصطفٰی ﷺ
«51» جوبھی آیا در پہ جھولی بھر گئی   کوئی خالی کب گیا یا مُصطفٰی ﷺ
«52» التجا ہے اک یہی یوم حساب   مجھ کو کوثر کی عطا یا مُصطفٰی ﷺ
«53» ڈوب کر بھیجا درودِ پاک جب   بس قلم یہ چل پڑا یا مُصطفٰی ﷺ
«54» آپ ہی کے نور سے کل کائنات   ہوگئی جلوہ نما یا مُصطفٰی ﷺ
«55» سب نے پایا حق حریم عدل سے   ہوگیا انصاف وا یا مُصطفٰی ﷺ
«56» آپ کے اوصاف میں لطف وکرم   صاحبِ جود و سخا یا مُصطفٰی ﷺ
«57» آپ کے نقشِ کف پا مرحبا   صاف جنت کا پَتہ یا مُصطفٰی ﷺ
«58» رحم کیجے دوجہاں کے تاجدار   وقت ہے نازک بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
«59» آپ کے الطاف کا جوئندہ میں   مخزنِ لطف و عطا یا مُصطفٰی ﷺ
«60» اِس بلاسے کب خلاصی پاؤں گا   ہوں گرفتارِ ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
«61» جس پہ بھی چشمِ کرم اٹھی شہا   وہ ہُوا صاحب ولا یا مُصطفٰی ﷺ
«62» اپ ہیں شمع ضیاء بادِ جہاں   آپ سے جگ جاگ اٹھا یا مُصطفٰی ﷺ
«63» ہے چمن میں آپ کے دم سے بہار   دوجہاں مدحت سَرا یا مُصطفٰی ﷺ
«64» زینتِ کونین آقا آپ ہیں   آپ کی ہرسُو ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
«65» جب زباں پر نام آئے آپ کا   دور ہوتی ہے بَلا یا مُصطفٰی ﷺ
«66» آپ سے پہلے خدا کی ذات سے   کوئی بھی واقف نہ تھا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿67﴾ آپ کی خاطر شبِ معراج میں — آسماں کا در کُھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ آپ کے اوصاف کی مخلوقِ کل — مدح خواں صبح و مسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ آپ کی آمد کے استقبال میں — سج گیا عرشِ عُلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ اللہ اللہ قاب قوسینِ امور — بیچ سے پردہ اٹھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ آپ سے اچھا نہیں ' کوئی نہیں — دستِ قدرت کی کلَا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ برکتیں آئیں ابوطالب کے گھر — آپ جو رب کی عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ آپ کی آمد پہ یثرب جیسا شہر — رشکِ جنت بن گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ بادباں پر نام لکھا آپ کا — خود کنارے آلگا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ آپ کی تعلیم کی ہے نشرگاہ — آستانہ غوث رضی اللہ عنہ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ آپ کے لطف و کرم کی ہے عطا — آستاں اجمیر کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ میرے کاسے پر نظر کچھ ڈالیئے — واسطہ حسنین رضی اللہ عنہما کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ چشتیہ اور قادریَّہ ہوں غلام — یہ ہے تحفہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ کیسے خود میں ہے خدائی جلوہ گر — مَیں ہُوا حق آشنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ اُس نے پائی ہے بقا کی منزلیں — آپ میں جو ہے فنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ جانے والا جائے گا اک دن ضرور — آنے والا آئے گا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ در حقیقت ہے مدینہ شاہکار — اک نگینہ دھرتی کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ آپ کا ہر اک عمل صد مرحبا — عین منشائے خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ آپ کے منشاء پہ ربِّ ذوالجلال — صاد کرتا ہے سدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿85﴾ ہم مدینے جب بھی آئیں ، سچ یہ ہے — خلد کی پائیں فضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Hazrat Haadi-E-Deccan Digital Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahab Qadari Digitization eGangotri

﴿86﴾ میں طوافِ گنبد خضریٰ کروں کاش بن جائوں صبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ آپ کے جلوے اتر آئے تُرَنُت ماسوا دل سے ہٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ سبز گنبد کے تلے رکھ لیجئے میں ہُوں اک ادنیٰ گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ صدق دل سے خم کروں میری جبیں آپ کا ہو نقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ آپ کی رفعت کے آگے یا نبی ہیں فدا کل انبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ آپ ہیں بے مثل' سب ہیں متّفق ہوگا ہے نہ ہوسکا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ جس نے چھوڑا پاک دامن آپ کا وہ بھٹکتا ہی رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ بے گماں اس کی شفاعت لازمی جو مدینے آگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ آپ کا قلبِ مبارک شاہِ دیں علم کا مخزن بنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ جب ہوئی محفل دُرودِ پاک کی گھر معطّر ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ آپ کی آمد ہوئی طیبہ نگر امن کا مرکز بنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ آپ کے در کی گدائی جس نے کی بادشہ وہ بَن گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ جب صدا فاران سے گونجی تو کفر سَر بہ زانو ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ آپ کا اسوہ بنا معمول جب میں اکیلا کب رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ آپ کی جس پر پڑی نوری نظر عارفِ کامل بنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ خاکِ طیبہ کی فضیلت کیا کہوں ہے شفا ہی بس شفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ کھو گیا جو آپ کی یادوں میں وہ دُرِّ یکتا بن گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ کم کبھی بھی تاجِ شاہی سے نہیں آپ کے نعلینِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ آپ کے قدموں کا بوسہ مرحبا عرشِ اعظم نے لیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ آپ کا دیدار کرنے ثَور میں مار اک بے چین تھا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India
Collection Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

«106» آپ کے قدموں میں آکر اونٹ نے   با ادب سجدہ کیا یا مُصطفٰی ﷺ
«107» بوسۂ مُہرِ نبوت کے لئے   وہ بہانہ خوب تھا یا مُصطفٰی ﷺ
«108» دیکھتے ہیں آپ کی جانب سبھی   ہو کرم عینین کا یا مُصطفٰی ﷺ
«109» آپ کے نغمے ہمیشہ جھوم کر   گنگناتی ہے صبا یا مُصطفٰی ﷺ
«110» بیکرانی آسماں کی شاہِ دیں   آپ کی رحمت سَرا یا مُصطفٰی ﷺ
«111» لہلہاتا ہے گلِستان نُعوت   برسے ہے ابر ثنا یا مُصطفٰی ﷺ
«112» آپ کا لہجہ ملائم کیا کہوں   پھول برساتا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
«113» کیسے کہہ دوں آپ کو دُرِّ یتیم   حق تعالی آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«114» آپ پر تو نوعِ انسانی ہی کیا   ذرہ ذرہ ہے فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«115» آپ نے طیبہ بلایا ہے مجھے   بخت میرا جاگ اٹھا یا مُصطفٰی ﷺ
«116» میں زیارت سے مشرف ہوگیا   ہے نشہ ہی اب نشہ یا مُصطفٰی ﷺ
«117» آپ جب جنت میں جائیں گے حضور   پیچھے پیچھے قافلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«118» آپ نے زلفیں بکھیریں رخ پہ جب   چاند بادل میں چُھپا یا مُصطفٰی ﷺ
«119» آپ کی عمر رواں کا ہرعمل   معجزہ ہی معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
«120» بانجھ دھرتی لہلہا اٹھی حضور   جب قدم تم نے رکھا یا مُصطفٰی ﷺ
«121» کیوں نہ ہو مقبول میری ہردعا   ہے وسیلہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«122» آپ ہی کے عشق میں مَیں مست ہُوں
دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«123» آپ کا لطف و کرم درکار ہے   میں کہاں کا پارسا یا مُصطفٰی ﷺ
«124» خواب میں جلوہ عطا اب کیجئے   شوق ہے بڑھتا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
«125» پیر کی نسبت پہ نازاں ہے ظہیرؔ   ہُوں مجیدی شاہؒ کا یا مُصطفٰی ﷺ

ظہیرؔ

نام :- ظہیر کانپوری
تخلص :- ظہیرؔ
ولدیت :- عبدالخالق صاحب
پیدائش :- 30-06-1954، کانپور
شاعری کا آغاز :- 1968
شرف تلمذ :- محترم جناب رشید قمر لکھنوی صاحب
تعلیم :- ادیب کامل
آدھی ملاقات کیلئے -:-
ST/20,Chudi Bazar, Kanpur-208001,U.P.,
فون۔ 0091-9616567330

❁ ❁ ❁

﴿1﴾ معجزہ ہی معجزہ یا مُصطفٰیﷺ
آپ ہیں سر تا پا یا مُصطفٰیﷺ

﴿2﴾ خوش جمال و خوش لقا یا مُصطفٰیﷺ
خوش نگاہ و خوش ادا یا مُصطفٰیﷺ

﴿3﴾ آپ نے جو کہہ دیا یا مُصطفٰیﷺ
ہو گیا وہ ہو گیا یا مُصطفٰیﷺ

﴿4﴾ پیکرِ لطف و عطا یا مُصطفٰیﷺ
منبعِ جود و سخا یا مُصطفٰیﷺ

﴿5﴾ آپ کی نعت اور حمدِ کبریا
روز و شب کا مشغلہ یا مُصطفٰیﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Feroz Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴾6﴿ سعدیہؓ کی اونٹنی بیمار تھی   اُس میں کوئی دم نہ تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾7﴿ ہاں مگر جب لے چلی ہے آپ کو   یوں چلی جیسے ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾8﴿ وہ ذلیل و خوار ہوگا حشر میں   آپ سے جو پِھر گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾9﴿ لب پہ جب نامِ مبارک آگیا   طئے ہُوا ہر مرحلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴾10﴿ میں بھی آؤں حاضری کے واسطے   اذن ہو گر آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾11﴿ پہلے لکھا میم پھر حا میم دال   پھر قلم چلنے لگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾12﴿ مدتوں سے ہُوں شکارِ رنج و غم   کیجئے غم سے رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾13﴿ جان جائے تو چلی جائے مگر   ہو مگر در آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾14﴿ بے زبانوں کو زباں دی آپ نے   بے نواؤں کی نوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾15﴿ سَرورِ عالم مدد فرمائیے   وقت ہے صبر آزما یا مُصطفٰی ﷺ
﴾16﴿ آپ کا بے شک لعابِ پاک بھی   ہر مَرَض کی ہے دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾17﴿ فرش پر ہے آپ کی جلوہ گری   عرشِ حق پر ہے خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾18﴿ ہم کو ملتی ہے مہ و خورشید میں   آپ کے رخ کی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾19﴿ شافعِ روز قیامت آپ ہیں   پھر ہمیں کیا سوچنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾20﴿ ہر طرف اک شور ہوگا حشر میں   مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴾21﴿ پیکر حق و صداقت آپ ہیں   جو کہا سب سچ کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾22﴿ منزلِ دشوار آساں ہوگئی   دل سے جب ہم نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾23﴿ دم بہ دم لمحہ بہ لمحہ لب پہ ہے   بس دُرودِ مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴾24﴿ میں غلام سرورِ کونین ہُوں   ہے مرے گھر کا پتہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴾25﴿ کیجے لطف و کرم لطف و کرم   واسطہ حَسنینؓ کا یا مُصطفٰی ﷺ

Hazrat Haadi-E-Deccan Digitized by eGangotri Institute, Hyderabad

﴿26﴾ آپ جیسا دُوسرا کوئی نہیں آپ پر دنیا فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ ہر گھڑی ہر پل زباں پر آپ کی رب کی ہے حمد و ثنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ رات دن کہتا رہوں پڑھتا رہوں صرف نعتِ مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ بُلبلِ باغِ مدینه میں بھی ہُوں رنگ ہے میرا جدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ آپ کا شہر مقدس خواب میں ہم نے دیکھا بارہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ اُس کو جنت میں ملا اعلیٰ مقام جو تمہارا ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ سوئے یثرب جائیں مکه چھوڑ کر ہے یه مرضئ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ راه وه دکھلائی جس میں ہم کو ہے فائدہ ہی فائدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ گر پڑی ہاتھوں سے تلوارِ عمرؓ آپ نے دیکھا ہی تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ عکس جس میں حال اور ماضی کا ہے آپ ایسا آئینه یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ اہل طائف کے ہے پتھر ہاتھ میں آپ کے لب پر دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ لمحه لمحه بس یہی احساس ہے میں کجا و تو کجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ مرکزِ اہلِ وفا ہے واقعی آج بھی غارِ حِرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ سب برابر ہیں نظر میں آپ کی کچھ نہیں چھوٹا بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ سنگِ اسود نصب کرنے کے لئے مانا سب نے فیصله یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ ہیں مقدم بھی موخّر بھی ہیں آپ ابتداء اور انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ آپ لے کر آئے قرآنِ مبیں یه کرم ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ ہر دلِ مومن میں جس کا نور ہے وه ہے روضه آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ آپ کی تعریف اور توصیف کا ہم سے کیا ہو حق ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ دیجئے اپنے دیارِ پاک میں ہم کو تھوڑی سی جگه یا مُصطفٰی ﷺ

(46) کوچہ کوچہ ہم کو طیبہ کا لگا
جنت الفردوس سا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(47) ذرّہ ذرّہ آپ کی دہلیز کا
کس قدر ہے خوش نما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(48) آرزو ہے اور یہی ارمان ہے
دیکھ لوں در آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(49) خاکِ در بھی آپ کی میں کیا کہوں
کیمیاء ہے کیمیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(50) صبح صادق اور دوشبنے کا دن
تم ہوئے جلوہ نما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(51) کیا بتائیں شہرِ طیبہ میں ہمیں
کس قدر اچھا لگا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(52) لے کے آئے نوعِ انساں کے لئے
اک مکمل ضابطہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(53) دیکھ کر شقِّ القَمَر کو ہوگیا
منہ دھواں بوجہل کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(54) اہل طائف کے لئے بھی آپ نے
رب سے فرمائی دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(55) کردیا ہِندَہ کو بھی تم نے معاف
یہ مروت واہ وا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(56) عاشقوں کو اک مدینے کے سوا
کب کہیں اچھا لگا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(57) جسم بُوصَیری رحمۃ اللہ علیہ پہ ڈالی آپ نے
اپنی نورانی رِدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(58) فاطمہ زہرہ علیِّ مرتضٰی رضی اللہ عنہم
نور کا ہیں آئینہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(59) روح تو سوئے مدینہ ہے رواں
جسم تنہا رہ گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(60) جس کو دیکھا وہ تمہار ہوگیا
یہ بھی ہے اک معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(61) اُمِّ ہانی رضی اللہ عنہا کا مکاں معراج میں
رشکِ جنت بن گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(62) یہ زمین و آسماں شمس و قمر
آپ کے ہیں نقشِ پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(63) ہو عطا زخم جگر کے واسطے
مرہم لطف و عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(64) آج کل ہے عالمِ اسلام کو
مشکلوں کا سامنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(65) حضرتِ عثمان رضی اللہ عنہ کو دی آپ نے
دولتِ علم و حیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pee Mohsin Collection Hyderabad Digitization eGangotri

﴿66﴾ آپ ہیں بدرالدجیٰ نورالھدیٰ آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ ہے رضائے رب تمہارا ہر قدم تم ہو مرضیِّ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ دوسرا کوئی نہیں کوئی نہیں اس جہاں میں آپ سا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ عائشہؓ کو سُوئی یوں مِل ہی گئی مسکرائے جو ذرا ' یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ عہد طفلی میں بھی صادق اور امین اہل مکّہ نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ دل شکستہ ہُوں پریشاں حال ہُوں اک نظر مجھ پر ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ چل دیا سوئے مدینہ قافلہ ہر قدم ہے کیف زا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ آپ ہی میں ہے فقط ہے آپ میں در گذر کا مادّہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ ملتی جلتی جنت الفردوس سے ہے مدینے کی فضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ دور کردیتی ہے سب بیماریاں شہر طیبہ کی ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ سبز گنبد اور سنہری جالیاں کس قدر ہیں خوشنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ آپ کے دم سے ہے روشن کائنات آپ ہیں اِس کی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ سبز گنبد ہو نظر کے سامنے جب مری آئے قضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ وجہ تخلیقِ دو عالم آپ ہیں آپ ہیں اِس کی بِنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ چاند تاروں نے کہا خوش آمدید جب ہوئے جلوہ نما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ آپ کی خاکِ قدم ہے بالیقین سَو دواؤں کی دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ ہے لبِ حور و ملائک پر یہی مرحبا صلِّ علٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ ایک پل میں آپ آئے اور گئے فرش تا عرشِ عُلٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ ہر پیمبر کو کہاں رب نے دیا آپ جیسا مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ میزباں عرشِ بریں پر ہے خدا تم ہو مہمانِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ

(86) بخش دوں گا آپ کی امّت کو میں   حق تعالیٰ نے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(87) رُک گئے سدرہ پر جبریلِ امیں علیہ السلام   تم گئے سوئے خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(88) آپ کی وہ عزت و توقیر ہے   حد نہ جس کی انتہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(89) آپ کی عظمت کے جو منکر ہوئے   ہوگئے سب لاپتہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(90) دُور اُس کی مشکلیں فوراً ہو ئیں   جس نے دل سے کہدیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(91) ہے پسندیدہ خدائے پاک کو   آپ کی اک اک ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(92) شہرِ طیبہ میں نظر آیا ہمیں   ذرّہ ذرّہ آئینہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(93) نعت کے اشعار لکّھوں دم بہ دم
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(94) آپ نے آکر مِٹادی دہر سے   ظلمتِ کِبر و انا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(95) اچھے اچھوں سے بھی اچھے آپ ہیں   دشمنوں نے بھی کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(96) نعت پڑھنے کے لئے حسّان رضی اللہ عنہ کو   کر دیا ممبر عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(97) انبیاء یوں تو ہزاروں آئے ہیں   تم ہو محبوبِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(98) راتوں بھر امت کی خاطر آپ نے   رب سے مانگی ہے دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(99) یا نبیؐ یا نبیؐ یا نبیؐ   یہ وظیفہ ہے مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(100) لڑکیاں آئی ہیں استقبال کو   کہہ رہی ہیں مرحبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(101) آج ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کا گھر   ہو گیا ہے پُر ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(102) دیکھ لو تم آزما کر دیکھ لو   ہر مَرَض کی ہے دوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(103) کنکروں کو بھی پڑھایا آپ نے   کلمۂ حق لا اِلٰہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(104) روزِ محشر ہم گنہ گاروں کو بس   آپ ہی کا آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(105) آپ ہیں بس آپ ہی بس آپ ہیں   خَلق کے حاجت روا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moid Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿106﴾ ہر عمل ہے روزِ روشن کی طرح   ہر قدم ہے پُر ضیا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿107﴾ چل نہ پائے سُنّتوں پر آپ کی   بخش دو جرم و خطا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿108﴾ نور ملتا ہے جہاں میں آپ کا   سلسلہ در سلسلہ یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿109﴾ آپ کی آمد پہ دنیا نے کہا   مرحبا صد مرحبا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿110﴾ ہر زباں ہر دل میں ہے کونین کے   نغمۂ صلِّ علیٰ یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿111﴾ یہ ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما پہلو میں ہیں   ہو نہیں سکتے جدا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿112﴾ مسجد اقصیٰ میں ہیں اسرا کی شب   منتظر سب انبیا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿113﴾ مضطرب ہے دل بہت مغموم ہے   ہاتھ رکھ دیجے ذرا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿114﴾ منہ کے بل سب گر پڑے کعبے کے بُت   شور مکّے میں ہُوا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿115﴾ آپ کے در کے فقیروں میں ہیں سب   اولیاء و اصفیا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿116﴾ یَومَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ سے ہو گیا   دینِ حق کا تکملہ یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿117﴾ نعت کہنے کو اٹھایا جب قلم   چل پڑی تازہ ہَوا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿118﴾ روز ہوتا حاضرِ طیبہ حضور   گر نہ ہوتا فاصلہ یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿119﴾ لمحہ لمحہ دم بہ دم پڑھتا رہوں   بس دُرودِ مُصطفیٰ یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿120﴾ روضۂ اقدس کو بس نزدیک سے   دیکھ لوں میں بھی ذرا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿121﴾ مبتلائے گردشِ ایام ہوں   یک نظر برحال ما یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿122﴾ دیکھ لوں میں بھی سنہری جالیاں   ہے یہی دل کی صدا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿123﴾ پا کے انگلی کا اشارہ آپ کی   چاند دو ٹکڑے ہُوا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿124﴾ ثَور کے منہ پر حفاظت کے لئے   جالا مکڑی نے بُنا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿125﴾ آپ کی توصیف کیا لکّھے بھلا   یہ ظہیرؔ بے نوا یا مُصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad India eGangotri

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مخضبز شعراء

ع

تعداد کلام (4)

تعداد اشعار (500)

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pir Mohsin Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

عرفاںؔ

نام :- محمد عرفان عبدالمناف پٹیل

قلمی نام :- عرفانؔ شاہ نوری

تخلص :- عرفانؔ

پیدائش :- 20-07-1972، کروشی، ضلع بلگام

تعلیم :- بی۔ ایس۔ سی، بی۔ ایڈ، ایم۔ اے، ایم۔ فل

شرف تلمذ :- عبدالجبار سحرؔ (برہانپوری)

شاعری کا آغاز:- 1992ء سے ہوا۔

تصانیف :- (1) پہلی کرن (1995ء) منتخب کلام علامہ اقبال

(2) تلوک چند محروم (تلوک چند محروم کا مطبوعہ وغیر مطبوعہ کلام) 2019ء (3) حاشیے میں نیکیاں (غزلیاں مجموعہ) 2019ء

انعامات و اعزازات:- (1) نورس اعزاز۔ بیجاپور (2015ء) (2) مومن ایوارڈ۔ اچلکرنجی (2016ء) (3) جگر ایوارڈ۔ مرادآباد (2018ء)

آدھی ملاقات کیلئے:- 78/1458 جواہر نگر، نزد روشن مسجد، اچلکرنجی، ضلع کولہاپور۔ مہاراشٹرا

Mobile No.9028652027

* * *

﴿1﴾ خود خدا نے بھی کہا یا مُصطفٰی ﷺ
ہے تمہارے بعد کیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ مجتبیٰ صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
ہر نبی کا مدعا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ غم کے ماروں کی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
ہو خطا تو ہو عطا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ لب پہ آیا لا الہ یا مُصطفٰی ﷺ
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ ہم غلاموں کو جھکا سکتی نہیں
وقت کی تیغِ جفا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ جامِ کوثر جب تصور میں پئے　　ہوش مستوں کو بھی آیا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿7﴾ تا ابد عشاق میں پلتا رہے　　یہ جنوں اور ولولہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ جامِ وحدت پی کے ہم بھی ہوگئے　　بے خودی میں باخدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ آپ نبیوں کی امامت کا وقار　　کہہ رہے تھے انبیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ جو کہا سچ ہی کہا یا مُصطفٰی
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ آپ کی محفل میں آتے ہی بنے　　بے وفا سے با وفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ ایک پل میں ہر مصیبت ٹل گئی　　گھر میں جب طغرا لگا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ دوجہاں کی مملکت قبضے میں ہے　　اور اک تھا بوریا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ زہر بھی کافور پل میں ہوگیا　　لعاب تھا یا کیمیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ رہ روِ حجاج کی خاطر مِرا　　درد ہو بانگ درا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ عشق میں ایسی بسر ہو زندگی　　صورتِ اہل صفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ باندھ کر رختِ سفر بیٹھا ہوں میں　　بس اشارہ ہو ذرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ خلد کا ہے بس وہی حقدار، جو　　آپ کا ہو آشنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ ہاں کلامِ رب بھی کہتا ہے یہی　　آپ ہی راہ بقا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ آپ ہی بتلائیں ہم کو کون ہے　　آپ سا جود و سخا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ توڑ دیں گے ظلم کے ایوان ہم　　آپ نے بخشی جِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ گلشنِ اسلام کے ہر گل میں ہے　　آپ کی بوئے وفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ مظہر نورِ خدا بھی آپ ہیں　　آپ ہی نورِ ہدی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ ہے لکھا یہ عرش کی دہلیز پر　　سر بسر اک معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿25﴾ منزلِ سدرہ سے آگے دیکھتے　　تھا یہ کس میں حوصلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«26» مرتسم ہے سینۂ تاریخ پر　غیر فانی نقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
«27» کہہ رہی ہے آج تک نورِ سحر　کیا بِلالی تھی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
«28» آپ کے اخلاق کی تلوار سے　ظلمتوں میں خوف تھا یا مُصطفٰی ﷺ
«29» کر رہی ہے آج مجھ کو بے قرار　سوئے طیبہ کی ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
«30» دل میں دنیائے محبت کچھ نہ ہو　لب پہ ہو ذکرِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
«31» فیض ہے آمد کا سارا آپ کی　ذرہ ذرہ جگمگا یا مُصطفٰی ﷺ
«32» باخدا ٹانکیں گے تسمہ تاج میں　آپ کی نعلین کا یا مُصطفٰی ﷺ
«33» ایک پل میں پار بیڑا ہوگیا　جب کہا بے ساختہ یا مُصطفٰی ﷺ
«34» خضر علیہ السلام کو بھی تھا یقیں اس بات کا　آپ ہی ہیں رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
«35» ہم نگاہِ مہر کے مشتاق ہیں　آپ ہی کا آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
«36» میں مدینہ جوں ہی پہنچوں اس گھڑی　لے اڑے مجھ کو قضا یا مُصطفٰی ﷺ
«37» حشر سے تا خلد تک قائم رہے　عاشقی کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«38» یا خدا ہو میرے مصرعوں کی ردیف　ہاں مگر ہو قافیہ یا مُصطفٰی ﷺ
«39» اب مجھے مرنے کا کوئی ڈر نہیں　کہہ دیا سو کہہ دیا یا مُصطفٰی ﷺ
«40» ہوگئی روشن میری نوکِ قلم　میں نے جب جب بھی لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
«41» آ نہیں سکتا بھنور میں وہ کبھی　جب کہے گا نا خدا یا مُصطفٰی ﷺ
«42» صرف لب تک ہی نہیں محدود آپ　لوحِ دل پر بھی لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
«43» کر رہی ہے آج بھی خیبر کی خاک　آرزوئے مرتضیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
«44» ہم کو دنیا آپ کا کہتی رہے　دیکھ کر اپنی ادا یا مُصطفٰی ﷺ
«45» دید کی حسرت میں میری چشمِ تر　غم میں کب سے مبتلا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad India. Collection Of Mohammed Qadari Digitization eGangotri

(46) دیکھ کر حجاج کا ہر قافلہ   کاسۂ دل بھرگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(47) ہم نے دیکھا ، جو ہُوا منکر وہی   ہوگیا رسوا سدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(48) دید کی حسرت ہو پوری خواب میں   دل مِرا ہو آئینہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(49) ہم غلاموں کا یوں ہی چلتا رہے   قافلہ در قافلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(50) سر کے بل لے جائے گی طیبہ مجھے   میری یہ آہِ رسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(51) عاشقوں کو ہے یقیں روزِ جزا   ہوگا حق میں فیصلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(52) غم کے صحرا میں کمالِ عشق سے   مسکراؤں پھول سا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(53) بے کس و مجبور کے ہو ہم نوا   ناتواں کے ہو عصا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(54) آپ کا بیمار مانگے آپ سے   دردِ فرقت کی دوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(55) اپنی پلکوں کی منڈیروں پر سدا   خاکِ طیبہ ہے سجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(56) جان کے دشمن کی خاطر آپ نے   دست بستہ کی دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(57) میری آنکھوں میں بسا ہے راستہ   آپ کی دہلیز کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(58) تم نسیم صبح سے کہہ دو زرا   لے کے آئے خاکِ پا ' یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(59) چشمِ مضطر مضطرب ہے ، ہاں مگر   ہجر میں آیا مزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(60) ہاں رخِ انوار سے ہی آپ کے   رنگ پھولوں کو ملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(61) کس قدر الفت سے وہ سرشار تھیں   ماں حلیمہ عائشہ رضی اللہ عنہما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(62) نورِ حق کے مطلع و مقطع ہیں آپ   اور ہم نغمہ سَرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(63) فرش سے عرشِ بریں تک آج بھی   آپ ہی جلوہ نما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(64) آپ کی نظرِ کرم مجھ پر ہوئی   اب کہاں ہے مسئلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(65) رات دن مَیں ذکر میں مشغول ہُوں   بس یہی ہے مشغلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿66﴾ ظلم سہہ کر دشمنوں کے زخم پر — آپ نے مرہم لگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ نغمۂ داؤد کی ہر تان میں — آپ ہی کا زمزمہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ آپ ہی فخرِ عرب نازِ عجم — آپ ہی شمس الضحیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ روزِ محشر پھر نہ ہو کوئی حساب — دردِ دل کی ہے صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ دامنِ رحمت میں لی اس نے پناہ — آپ کو جس نے ستا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ بی حلیمہ کا خزاں دیدہ چمن — مسکرایا مسکرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ ضو فشانی نورِ حق کی جب ہوئی — غم کدہ روشن ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ ہیں کتابِ نور کی تفسیر آپ — اور ہم ہیں حاشیہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ ایک لمحہ اشتیاقِ دید کا — ہر صدی سے ہے بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ آپ کی الفت نے بخشا ہے ہمیں — اک نرالا حوصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ رحمتِ حق بھی خفا ہو جائے گی — آپ ہوں گے جو خفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ بڑھ رہی ہے میرے دل کی تشنگی — تشنہ لب کی ہے دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ شہرِ بطحیٰ، سبز گنبد اور آپ — ہیں تخیل میں سدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ آپ سے ہی عالمِ تصویر کی — ہوگئی رنگیں قبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ میرے سر پر دھوپ کی یلغار میں — رحمتِ حق کا ہوسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ کیا بتاؤں اہتمامِ ذکر سے — گھر ہُوا روشن مِرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ آپ کا دامن ہے گویا عرش کا — مختصر سا راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ تمرے دیوانے کا چھرہ دیکھ کر — تمرا دیوانہ ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ سارے نبیوں نے کہا تھا عرش پر — تو کجا اور من کجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ سارے عالم کی قبائے زندگی — بوسیدہ تھی بوسیدہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿86﴾ غلغلہ ہے گنبدِ افلاک پر　　نعرۂ تکبیر کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿87﴾ اے مسیحا سُن مسیحائی کا راز　　ہر مرض کی اک دوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿88﴾ تھا خدائے لم یزل اورآپ تھے　　کچھ نہ تھا کوئی نہ تھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿89﴾ آپ کے صدقے میں پہنچی عرش تک　　ہر دعائے نارسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿90﴾ تم سمندر اور میری زندگی　　پانی کا اک بلبلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿91﴾ لغزشوں اور ان خطاؤں کو لئے　　سر جھکائے ہُوں کھڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿92﴾ آپ کی فرقت میں دل ہے بے قرار　　ہر خوشی ہے بے مزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿93﴾ آپ کی فرقت کا غم میرے لئے　　ہے متاعِ بے بہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿94﴾ فرحت وعشرت میں ہے ڈوبا ہُوا　　آج تک غارِ حرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿95﴾ ہر صدی ہر لمحہ ہر پل ہر گھڑی　　ذکر ہے بس آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿96﴾ کہہ رہی ہے باغِ جنت کی ہَوا　　ہیں بہارِ جاں فزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿97﴾ ٹاٹ کا پیوند لباسِ نور پر　　سادگی پر مر مٹا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿98﴾ میری آنکھیں جب ہوئی فرقت میں نم　　راحتِ جاں غم ترا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿99﴾ آپ کی نظروں سے پینا ہے ہمیں　　عمر بھر جامِ بقا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿100﴾ چاند بھی ہے ایک صدقہ آپ کے　　حُسن کی تنویر کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿101﴾ نعت میں پڑھتا رہو اور حشر میں　　آپ کا ہو سامنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿102﴾ ڈھل گئیں مدحت میں ساری نکہتیں　　کہہ گئی بادِ صبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿103﴾ جسمِ اطہر کی نمی سے بن گیا　　خوشبوؤں کا مجموعہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿104﴾ بس وہی کرتا ہے دانائی کی بات　　جو دِوانہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿105﴾ تلخیاں قند و شکر میں گھل گئیں　　جب ہوئے ہیں آپ گو یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«106» ہاں سکھاتی ہے ہمیں طرزِ سخن   آپ کی حُسنِ ادا یا مُصطفٰی ﷺ
«107» خواب ہے اورخواب کی تعبیرآپ   مفلسی کا کیا گلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«108» رو رہے تھے منبر و محراب سب   آپ نے پردہ کیا یا مُصطفٰی ﷺ
«109» فخرِ بشر، خیرالبشر، خیرالوریٰ   آپ شانِ کبریا یا مُصطفٰی ﷺ
«110» ہوگئی بےباک تہذیبِ عرب   بے حیا سے با حیا یا مُصطفٰی ﷺ
«111» آپ نے قرآں کے ذریعے دے دیا   زندگی کا فلسفہ یا مُصطفٰی ﷺ
«112» حسنِ یوسفؑ تھی زلیخا کی زباں   اورلبِ یوسفؑ پہ تھایا مُصطفٰی ﷺ
«113» ہیں کمالِ ضبط سے معمور آپ   اورحدِ صبر و رضا یا مُصطفٰی ﷺ
«114» آپ کا غم جب نہ ہو توپھر کہاں   ولولہ اور حوصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«115» میرے آقا آپ کی رفعت کے بعد   ہر بلندی زیرِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
«116» ہو مسیحا خضر ہو یا چارہ گر   پا رہے تم سے شفا یا مُصطفٰی ﷺ
«117» روشنی ہی روشنی ہے ہرطرف   نور کا دریا بہا یا مُصطفٰی ﷺ
«118» دینِ حق کے عاشقوں کو ڈر نہیں   آفتابِ حشر کا یا مُصطفٰی ﷺ
«119» آپ ہی ہیں مبتدا کونین کے   آپ ہی ہیں انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
«120» جھوٹ کی ظلمت میں سچ تھانیند میں   آپ نے اس کو جگا ، یا مُصطفٰی ﷺ
«121» مَیں وہیں سے ہوں جہاں سے آپ کی   آئی تھی ٹھنڈی ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
«122» ہر گھڑی چشمِ تصور میں مجھے   آپ کا روضہ دکھا یا مُصطفٰی ﷺ
«123» نعت کہنے کا سلیقہ آگیا   باوضوجب بھی لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
«124» کہہ رہی ہے چاند تاروں کی ضیا   مصطفی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
«125» ہو سدا عرفان کے طرفین میں   سابقہ اور لاحقہ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheman Qadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad

عقیلؔ

نام :- سید حفیظ الدین حسین
قلمی نام :- عقیل ہاشمی
تخلص :- عقیلؔ اور ہاشمیؔ
ولدیت :- سید بہاء الدین حسینؔ
پیدائش :- 10-05-1940
تعلیم :- پی ایچ ڈی (اردو) جامعہ عثمانیہ
پیشہ :- صدر شعبہ اردو جامعہ عثمانیہ۔ سنہ 2000ء میں وظیفہ حسن پر سبکدوشی
تلمیذ :- حضرت خواجہ عبدالعلی صدیقیؔ نقشبندی قادری
اعزازات :- ملک و بیرون ملک سے کئی ایوارڈس حاصل کر چکے ہیں۔
10 عدد ایم فل اور 5 عدد پی ایچ ڈی کے مقالے آپ کی زیر نگرانی تکمیل ہو چکے۔
تصانیف :- آپ کی اب تک 32 تحقیقی و تنقیدی تصانیف شائع ہو کر مقبول عام ہو چکی ہیں۔
آدھی ملاقات کے لئے :-

2-6-7/JC/1/37, Plot No.37, Janachaitanaya Colony, Phase-1,
Upparpally, Hyderabad-500048.T.S. Phone: 9000289189.

* * *

﴿1﴾ ائے حبیب کبریا یا مُصطفٰی ﷺ
ائے امام الانبیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ آپ ہیں شاہِ ہدی یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہیں خیر الوری یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ قامتِ زیبا جو دیکھا یارسول
آپ پر سب کچھ فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ کُن کا مصدر آپ نورِ اوّلیں
شان لولاک لمایا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ شاہِ بحر و بر نبئ محترم
منشائے رب العلیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Saheb Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ عکسِ نورِ لَم یَزل و لَا یَزال　　ہے یہ رمزِ اَیْنَمَا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ سرِّ وحدت باعثِ لوح و قلم　　واقفِ راز الہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ اول ما خلق نوری کی قسم　　نور ، پیکر ہیں ڈھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ آپ ہیں محبوبِ حق نور اَتَم　　ابتداء اور انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ احمد و محمود و حامد اور حمید　　یا محمد ﷺ مصطفی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ نام بھی اللہ کو محبوب ہے　　عرش پر لکھوادیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ ذاتِ اقدس ہے مبشّر اور نذیر　　حق تعالی نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ ہو قریشی ہاشمی شاہِ عرب　　ذی نسب ذی مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ آپ کی آمد سے ظلمت مٹ گئی　　نور دیکھا ہر جگہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ علم و حکمت کا دیا درسِ مبیں　　پڑھ کے ہاں وحی خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ کردیا اعلانِ حق فاران سے　　دفن باطل ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ بے مثال آقا ہیں وجہ کائنات　　قدرتِ حق کی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ خوش نصیبی سرخروئی مل گئی　　دو جہاں میں ہے خوشا ' یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ ظلمت و طاغوت میں شمع ازل　　آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ روئے انور پر جہاں قربان ہے　　آپ ہیں بدرالدجیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ سرورِ دیں کا سراپا دیکھ کر
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ تھے حَکَم سرکار اسود کے لئے　　تھا وہ احسن فیصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ طاعتِ حق ہے اطاعت آپ کی　　پالیا حق کی رضا ، یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ حشر تک انسانیت کے واسطے　　آپ رہبر رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ خاتم پیغمبراں ، رحمت لقب　　آپ ہی ہیں حق نما یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿26﴾ وہ جو تھے لا دین ، ہادی ہوگئے
تہلکہ برپا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿27﴾ ہے ولادت کا شاہا اعجاز بھی
بجھ گیا آتش کدہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿28﴾ یہ بھی سچ ہے آپ کی میلاد پر
خشک بھی ساوئ ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿29﴾ ساتھ حوروں کے چلی آئیں یہاں
بی بی مریم آسیہ علیہاالسلام یا مُصطفٰی ﷺ

﴿30﴾ اسمِ والد ہے جو عبداللّٰہ حضور
والدہ بی آمنہ رضی اللہ عنہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿31﴾ محترم ازواج، ان میں بھی خاص
ہے خدیجہ عائشہ رضی اللہ عنہما یا مُصطفٰی ﷺ

﴿32﴾ محفلِ میلاد ہے کیف و سُرور
مہکی مہکی ہے فضا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿33﴾ کتنی پیاری زندگی ہے آپ کی
نازنین و دلربا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿34﴾ سرکش وباغی سبھی حیران تھے
دیکھ کر اک اک ادا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿35﴾ دشمنوں نے بھی کہا بے اختیار
صاحبِ صدق وصفا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿36﴾ بے مثالی ہے شجاعت آپ کی
کوئی دیکھے دبدبہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿37﴾ شانِ اَوحی آپ کی ہے گفتگو
ہر عمل ہے معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿38﴾ اک اشارے کا تھا گویا منتظر
ماہ دو پارا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿39﴾ حکمِ آقا سے فقط اک آن میں
آفتاب لوٹ آگیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿40﴾ سنگ ریزوں نے عدو کے ہاتھ میں
کلمۂ طیّب پڑھا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿41﴾ بدر میں نصرت کو آئے تھے ملک
یہ عجب تھا معرکہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿42﴾ ننھے عاشق آپ کے مُعَوَّذُ و مَعَاذُ
قتل بوجہل کو کِیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿43﴾ دوزخی ہیں آپ کے دشمن تمام
بولہب اور عقبہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿44﴾ کامراں ہیں آپ جو غزوات میں
اور عدو رسوا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿45﴾ کیا فضیلت آپ کی ہوگی بیاں
شان ہے سب سے جدا یا مُصطفٰی ﷺ

Hazrat Haadi-E-Deccan Digitized by eGangotri Institute, Hyderabad

﴿46﴾ نامِ نامی سید کل خوش نظر فرح بخش ہے دلکشا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ زید و بوذر اور بلال حبشیؓ صدقے قرباں ہیں فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ ہیں سبھی جن و ملک شیدا نبی گرویدہ ہیں اولیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ حکم ہے اللہ کا ، لَا تَرفَعوا ہے یہ ایمانی بقا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ کس کا استقبال ہے کونین میں سج گئے ارض و سما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ قدسیوں نے یہ کہا معراج میں مرحبا صد مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ ہے عروج و اوج جو اسری کی شب دیدنی شوقِ لقا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ منزل قوسین میں دیدارِ حق روبرو ہے آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ کہہ اٹھے روح الامیں سرکار سے میں نہ دیکھا آپ سا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ نور کی تعریف کہا ہوا ، نور ہے مِثلکم نوری ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ نازنیں صد سروری فخرِ زماں نورِ ایمان و حیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ آپ انیس و بندہ پرور اور کریم حامل فقر و غنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ مل گئی ہے نعمت پروردگار مالکِ ہر دوسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ ایُّکم مِثلی کا ہے عالَم دگر تاجدارِ اتقیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ کتنی پاکیزہ ہے سیرت آپ کی منبعِ جود و سخا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ عارفوں کے واسطے جانِ وِلا عاشقوں کا مدعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ مَارمَیت اِذْ رَمیت سے عیاں پیار کتنا حق کو تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ وقتِ ہجرت ہمسفر صدیقؓ تھے اور حفاظت کو خدا ' یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ ثَور میں اللہ نے نگرانی کی یاد ہے وہ واقعہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ دیکھنا طیبہ میں ہے آشفتگی مومنوں کے مقتدا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Hyderabad Digitization eGangotri

﴿66﴾ دید کی نعمت انہیں حاصل ہوئی — ہر کوئی قربان تھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ ذرہ ذرہ کی زباں پر ہے دُرود — ہے خوشی کا زمزمہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ شرطِ ایماں ہے محبت آپ کی — ہم پڑھیں صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ عمر بھر کیسے کوئی بھٹکے کہاں — راہبر ہے نقش پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ جاں نثاری کا قرینہ ہے یہی — دین ایماں ہو فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ آپ کا ہوتا تھا جس جا سے گزر — مہکا ہر اک راستہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ دشت میں سیراب پیاسے ہو گئے — کوزے سے دریا بہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ دشمنِ دیں کی عیادت کو گئے — خلق کو بتلا دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ وصفِ عالی ہے یہ ایفائے عہد — کردیا وعدہ وفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ آپ کا بستر نبئ والا شان — بوریا ہے بوریا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ جو اُوڑھائی کعب رضی اللہ عنہ کو انعام میں — ہو عطا ایسی ردا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ اونٹنی لے کر شکایت آگئی — آپ منصف پیشوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ عشق قرنی ہجر کی سب کیفیت — یاد ہے یہ ماجرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ دی بشارت توڑ کر چٹان کو — معجزہ دکھلادیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ گر نہ ہو جو التفاتِ ہاشمی — ہے کٹھن ہر مرحلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ دعوتِ دیں حکمرانوں کو بھی دی — آشنا حق سے کِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ دیکھئے ہے اہل دانش سرنگوں — دنگ ہے مَاوشُما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ فتح مکہ ہے کہ یہ فتح مبیں — ہے قرآں میں تذکرہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ ہے رضی اللہ عنہم کی نوید — جنتی سب صحابہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿85﴾ چوما عکاشہ رضی اللہ عنہ نے جب مہر نبی — نور افزا لمحہ تھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

«86» نعرۂ تکبیر سے کب ہے الگ   لب پہ آیا برملا یا مُصطفٰی ﷺ
«87» موت تھی لا ریب نیزے کی انی   کیا غضب کا وار تھا یا مُصطفٰی ﷺ
«88» سہہ گئے آزار ، ہر ظلم و ستم   کی ہے طائف میں دعا یا مُصطفٰی ﷺ
«89» اُنس کی خیرات پائی آپ سے   عزم کا بھی حوصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«90» جذبۂ ایثار و قربانی کا وصف   ربط ونسبت سے ملا یا مُصطفٰی ﷺ
«91» آفتوں میں گِھر گئی امّت شہا   استغاثہ استغاثہ یا مُصطفٰی ﷺ
«92» اسوۂ حسنہ سے دوری کے سبب   لٹ گیا یہ قافلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«93» آستاں پر بھیک لینے کے لئے   ہیں کھڑے شاہ و گدا یا مُصطفٰی ﷺ
«94» دین کی خاطر شہ صدیق رضی اللہ عنہ نے   راہِ حق میں سب دیا یا مُصطفٰی ﷺ
«95» آپ ابوالقاسم ائے فریاد رس   چارہ گرحاجت روا یا مُصطفٰی ﷺ
«96» رحمۃ للعالمیں ہو اک نظر   ہے گزارش التجا یا مُصطفٰی ﷺ
«97» شہر مکہ اور مدینے کا خیال   دل تڑپتا ہے مِرا یا مُصطفٰی ﷺ
«98» بہرِ تعظیم و ادب اخلاص سے   ورد ہے صبح و مسا یا مُصطفٰی ﷺ
«99» ذکرہے بس آتی جاتی سانس میں   کام یہ کب ہے نیا یا مُصطفٰی ﷺ
«100» آپ کی نسبت سے ہوتی ہے قبول   اٹھ گئے دستِ دعا یا مُصطفٰی ﷺ
«101» دولت فکر و تدبر اور یقیں   صبرسے ہوں آشنا یا مُصطفٰی ﷺ
«102» روبرو ہے مَن رَانی کی حدیث   روئے حق روئے شہا یا مُصطفٰی ﷺ
«103» کس کو حاصل ہے کہو تابِ نظر   آپ کو دیکھے بھلا یا مُصطفٰی ﷺ
«104» کاش دیکھوں آپ کو میں خواب میں   ہوکرم لطف وعطا یا مُصطفٰی ﷺ
«105» صدقۂ در ہے ہمارے واسطے   خوانِ نعمت مائدہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿106﴾ یادِ طیبہ میں گزاری زندگی — ہے یہ میرا آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿107﴾ عاصیوں کو ہے یقیں اس بات کا — ملتا ہے‘ سب کچھ ملا‘ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿108﴾ مشکلوں میں رنج میں ہر حال میں — دی صدا بے ساختہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿109﴾ نعت گوئی کا صلہ انعام بھی — پاؤنگا حق سے جزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿110﴾ کیا سمجھ میں آئے گی ذاتِ نبی — کس کی ہے فکرِ رسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿111﴾ روشنی ہے چار سُو قرآن کی — روز و شب حمد وثنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿112﴾ آپ کے صدقے میں شاہا دیکھئے — مل گیا حق کا پتہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿113﴾ جب ہوا وابستہ دامن سے کوئی — کب رہا ہے وہ بُرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿114﴾ اک وسیلے سے مِری بگڑی بنی — ہو گیا مَیں کیا سے کیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿115﴾ جاگتے سوتے یہی اک رٹ ہے اب — مصطفی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿116﴾ بارہا لاریب کہتا ہوں یہی — میرے ہر دکھ کی دوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿117﴾ مجھ کو حاصل ہے غلامی کی سند — سلسلہ در سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿118﴾ حاضری کا حکم ہے عاصی تجھے — کہدے یہ بادِ صبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿119﴾ لرزہ بر اندام ہوں روزِ حساب — کیسا یہ خوف ورجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿120﴾ در پہ گنہ گار شرمندہ خجِل — اک دِوانہ ہے کھڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿121﴾ وقتِ نزع آپ آجائیں حضور — آئے پھر میری قضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿122﴾ سرخ مٹی جب کبھی دیکھوں کہیں — یاد آئے کربلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿123﴾ دل میں صدیق وعمر عثماں علی رضی اللہ عنہم — بات ان کی ہے سوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿124﴾ کیجئے آقا شفاعت کیجئے — یا شفیعِ مجتبیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿125﴾ نعت گو عاصی عقیلؔ ہاشمی — بے سہارا بے نوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Hazrat Haadi-E-Deccan Literary & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moid Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

عقیلؔ

نام :- محمد عقیل احمد

قلمی نام :- عقیل احمد عقیلؔ

تخلص :- عقیلؔ

پیدائش :- 1953-6-5 حمایت نگر، ضلع رنگا ریڈی

تعلیم :- موضع منگلارم اسکول میں ابتدائی تعلیم ایس ایس سی تک حاصل کئے۔

ملازمت :- محکمہ مال میں پٹواری کے عہدے پر فائز رہے۔

شرف تلمذ :- محترم جناب زعیم ذومرہ صاحب۔

تصنیف :- (1) مدینے کے پھول (نعتیہ مجموعہ)

تاریخ وفات :- 21-7-2020

آدھی ملاقات کے لئے (پتہ) :-

H.No.1-84, Himayat Nagar, Moinabad Mandal, R.R.Dist.
Mobile No 9603520868

* * *

﴿1﴾ رات دن ہے لخلخہ یا مُصطفٰی ﷺ
ہوگیا مجھ کو یہ کیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ گنبدِ خضری کو دیکھا جس گھڑی
دل ہوا مرا ہرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ آگ دوزخ کی بھی ٹھنڈی ہو گئی
جب بھی میں نے کہدیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿۴﴾ دیکھنے خود کو بنایا آپ کو
آپ رب کا آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ آپ کے قدموں میں ہو مدفن مرا
ہے مری اب یہ تمایا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohsin Qadri Collection Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ آپ کا در چھوڑ کر جاؤں کہاں
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿7﴾ کنکروں نے آپ کا کلمہ پڑھا   یہ ہے کیسا معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ تم کو دیکھوں ہے تمنا آخری   ہُوں دیوانہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ ہے کلیجہ چاک دل زخمی ہوا   دیکھ لوحال اب مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ مرنے سے پہلے زباں پر ہو مری   نامِ نامی آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ رخ سے پردہ اب ہٹادیجے ذرا   پیاسا ہُوں دیدار کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ قبر میں طیبہ سے بس آتی رہے   سبز گنبد کی ہوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ اب مدد کو آئیے آجائیے   حال خستہ ہے مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ کیا جلائے گی اُسے دوزخ بھلا   آپ کا جو ہو گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ آئی یہ کیسی کرونا کی وبا   خالی کعبہ ہو گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ ہو نہ پایا آج تک دنیا میں جو   اس وباء نے وہ کیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ اب کرونا سے بچا لینا ہمیں   کرتے ہیں سب التجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ مسجدوں کو بھی یہ تالا پڑ گیا   ہوگیا یہ کیا سے کیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ یہ کرونا کی وبا اب دُور ہو   اب ہو اس کا خاتمہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ عکسِ دنداں سے ہُوا روشن مکاں   کیا کرشمہ بھی ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ اب سکوں ملتا نہیں ہے ہند میں   دل پہ یہ کیا غم ہوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ ہجر کے چھالے ہیں دل پراب مرے   چاک ہے دامن مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ نعتِ آقا کہتا ہے رب قدیر   یہ ہے قرآں میں لکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ نہ مَرُوں گا نہ مَرُوں گا ہند میں   آئے قدموں میں قضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿25﴾ اوڑھے کملی کا کفن مَیں آپ کی   خلد میں لوں گا مزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿26﴾ میرا جو کچھ ہے مرے آقا کا ہے   میرا سب کچھ ہے فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ تیر یہ حبِّ نبی کا دل میں ہے   تیر پر ہے یہ لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ راہ میں دل کو بچھائے ہوں کھڑا   گھر مرے آنا ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ کاسہ بھر دینا مِرا اب یا نبی   ہُوں بھکاری آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ جان لے لے گی جدائی آپ کی   اب بُلا لینا ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ ساتھ لے جانا مجھے بھی خلد میں   امتی ہُوں آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ حشر کی گرمی سے جب تڑپا کروں   سایہ ہو بس آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ نام لیکر آپ کا جھوما کروں   ایسی مستی ہو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ ہجر کی گرمی سے بیکل ہوں یہاں   آئے طیبہ سے ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ ہر زباں پر کلمۂ طَیِّب ہے آج   دین کا ڈنکا بجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ ہر کوئی پڑھتا ہے اب صلِّ علیٰ   یہ بھی ہے اک معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ خلد کا رستہ گلی ہے آپ کی   خلد کا ہے یہ پتہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ نورِ آقا سے ہُوا روشن جہاں   حُسنِ یوسف علیہ السلام نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ حضرتِ عیسیٰ علیہ السلام نے دی تھی جو خبر   ان کا کہنا سچ ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ قتل کرنے کے لئے آئے عمر رضی اللہ عنہ   پڑھ کے کلمہ یہ کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ جان و مال اب سب فدا تم پر نبی   سب لٹا کر کہہ دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ کب سے آکر آپ کے در پر کھڑا   بھر دو کاسہ اب مرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ جب ملے خلد بریں مجھ کو اگر   ساتھ ہو حسنین رضی اللہ عنہما کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ آپ کے پاؤں مَیں دھو دھو کر پیوں   ہے یہ چھوٹی سی تمنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ نزع میں آکر کرو مجھ پر کرم   پاؤں میں سَر ہو مرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿46﴾ آخری ہچکی میں ہو نامِ نبی تب کہوں میں مصطفیٰ یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿47﴾ یوں کفن پر میرے لکھنا دوستو یا محمد ﷺ مصطفیٰ یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿48﴾ جب ڈرائیں قبر میں منکر نکیر اُس گھڑی آنا ذرا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿49﴾ لے چلو طیبہ کی جانب تم مجھے کہہ اٹھے لاشا مرا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿50﴾ حضرتِ یوسف علیہ السلام بھی حیراں رہ گئے دیکھ کر حُسن آپ کا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿51﴾ اپنے قدموں میں ذراسی دو جگہ آگیا میں آگیا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿52﴾ گرمئ محشر کا مجھ کو ڈر نہیں ہے بھروسہ آپ کا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿53﴾ قبر میں ہوگا اندھیرا جس گھڑی ہو اجالا پاؤں کا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿54﴾ حضرتِ آدم علیہ السلام نے دیکھا عرش پر عرش پر بھی تھا لکھا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿55﴾ جالئ خیرالوریٰ کو تھام کر میں نے رو رو کر کہا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿56﴾ جس گھڑی ہوگا مرا پُل سے گزر تھام لینا تب ذرا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿57﴾ ہے گداگر آپ کے در پر کھڑا صدقہ دو حسنین رضی اللہ عنہما کا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿58﴾ ساتھ اپنے لے کے چلنا خلد میں ہوگا میرا تب بھلا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿59﴾ خواب میں اب تک نہیں آئے نظر مجھ سے کیوں کر ہو خفا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿60﴾ میں خطاؤں سے بھرا انسان ہُوں درگذر اب ہو خطا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿61﴾ نفسِ امّارہ کے میں تابع ہُوا تم بچانا اب ذرا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿62﴾ رات دن لب پر یہی ہے اب مرے یہ وظیفہ ہے مرا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿63﴾ راہ میں آنکھیں بِچھائے ہے کھڑا اب نہیں آؤ گے کیا ؟ یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿64﴾ آپ کی صورت مری نظروں میں ہے دل مرا ہے آپ کا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿65﴾ انگلیوں سے آپ کے پانی بہا سب نے دیکھا معجزہ یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿66﴾ مشکلیں آساں ہوئیں سب کی نبی آپ ہیں مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ چاند صدقے ہوکے دو ٹکرے ہوا ہوکے وہ کہنے لگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ بے اجازت حضرت روح الامیں گھرمیں کب آتے بھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ میرے گھرشیطاں کبھی آتا نہیں گھرپہ میرے ہے لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ دل کی دھڑکن تیزجب ہونے لگی دل پہ ہے میں نے لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ نام لیوا ہُوں نبی میں آپ کا جلوہ دکھلانا ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ خون روتی ہیں یہ آنکھیں یا نبی میں بھی دیکھوں خاکِ پایا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ رب نے کھائی شہر مکہ کی قسم رب ہے شیدا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ رات دن پڑھتا رہوں تم پر دُرود ہے زباں پر یہ مزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ دے کے سر کو، ہے خریدا خلد کو یہ نواسہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ گِر کے چوکھٹ پرتمہاری یا نبی روکے بولوں مصطفی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ نام تمہارا لے کے اٹھوں قبر میں چھائے گا دل پرنشہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ جب خدا ہوگا غضب میں یا نبی اس گھڑی آنا ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ گِر کے قدموں میں مَرُوں گا آپ کے ہوگا میرا تب بھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ میں نے چلّا کر پکارا یا نبی خلد کا تالا کُھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ کھینچا جاؤں جب میں دوزخ کی طرف تم کہو یہ ہے مرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ آنکھ سے رکتے نہیں آنسو مرے دل ہے یہ غم سے بھرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ ہیں پریشاں ہند میں سب امّتی حال ہے سب کا برا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ ظلم کی چکّی میں پِس کر ہم کہیں ہو نہ جائیں اب فنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ بخش دوں گا حشرمیں ہر امّتی رب نے ہے تم سے کہا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moid Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿86﴾ سامنا جب موت سے ہوگا مرا   لب سے ہو کلمہ ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿87﴾ حشر میں مجھ کو بچالینا حضور   آپ کا ہوں آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿88﴾ کفر کی یلغار ہے چاروں طرف   بس ہو سایہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿89﴾ آپ مولیٰ آپ آقا ہیں مرے   ہے زباں پر یہ صدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿90﴾ آپ کے منکر جہاں میں بڑھ گئے   کیا ہوا یہ کیا ہوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿91﴾ ظلم کا ہے بول بالا ہند میں   اب بچالینا ذرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿92﴾ پاس بُلواکر نمازوں کا حَسین   رب نے ہے تحفہ دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿93﴾ دھو کے دل جبریل علیہ السلام نے ہے یہ کہا   ہُوں دِوانہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿94﴾ بخشوانا حشر میں مجھ کو نبی   ہُوں گناہوں سے بھرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿95﴾ جس گھڑی پیدا ہوئے مکہ میں آپ   سارا جگ روشن ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿96﴾ قبر میں صورت دکھادینا حضور   ہے مرا یہ مدّعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿97﴾ موت کا چکھوں گا جب میں ذائقہ   تب پکاروں مصطفی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿98﴾ صدقہ چوکھٹ کا ملے اب یا نبی   ہُوں گداگر آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿99﴾ روضۂ اطہر کا رتبہ دیکھئے   عرش سے بھی ہے بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿100﴾ اب نہیں جاؤں گا در یہ چھوڑ کر   میں یہاں جب آگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿101﴾ نعت لکھنے کا ہنر آجائے گا   گر کرم ہو آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿102﴾ جس جگہ آکر قدم میں چوم لوں   دے دو اپنا وہ پتہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿103﴾ اُس پہ دوزخ بھی حرام اب ہو گئی   در پہ جو بھی آگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿104﴾ خلد میں اُس کو جگہ ملتی نہیں   جو ہے منکر آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿105﴾ خلد کے پھولوں میں خوشبو آپ کی   ہے پسینہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohsin Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿106﴾ نور تھوڑا آپ کا یوسف ؑ میں ہے	نور رب کا، آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ ہے گلی جنت مری یہ آپ کی	اب کہاں جائوں بھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ نعت کہنے سے ہوئی بخشش مری	مل گیا مجھ کو صلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ آگیا طیبہ سے جب میں لَوٹ کر	ہو گیا محشر بپا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ دل پہ میرے تب قیامت آگئی	جب ہُوا تم سے جدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ پاس نیکی کا مرے تنکہ نہیں	ہوگا میرا حال کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ نعت لکھنا نعت پڑھنا ذکر ہے	اس میں اب مَیں کھو گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ حشر میں مجھ کو بچا لینا ذرا	واسطہ حسنین ؓ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ دل میں داغِ ہجر کا ہے یہ نشاں	دیکھ لو آکر ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ اب وطن میں رہ کے بھی ہُوں بے وطن	سن لو میرا ماجرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ دشمنوں کی بھی ہدایت کے لئے	آپ نے دی ہے دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ جاکے طیبہ کو میں آؤں جاؤں پھر	میں پھروں یوں ہی سدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ بھوکے رہ کر ہے کِھلایا آپ نے	جب کوئی بھوکا ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ پاؤں کے دھووَن کو جس نے پی لیا	اُس نے جنت پالیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ آنکھ سے جس نے بھی دیکھا آپ کو	وہ صحابی بن گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ نور چمکا آپ کا جب طور پر	ہوش موسیٰ ؑ کا اڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ خلد کا پروانہ مل جائے مجھے	دے دو قدموں میں جگہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ ہے محبت آپ کی دل میں میرے	دل مدینہ بن گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ آپ کی ہی یاد سے مہکا ہُوا	گلشنِ دل ہو سدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ زخم دل کے سب دکھانے کو عقیل	در پہ تمرے آگیا یا مُصطفٰی ﷺ

علیؔ

نام :- ابراہیم علی
تخلص :- علیؔ
ولدیت :- عالم باشاہ صاحب
پیدائش :- 16-10-1998، ادونی ضلع کرنول
شرف تلمذ :- ڈاکٹر سید شاہ ہاشم عارف پاشاہ قادری مدظلہ
تعلیم :- میٹرک
شاعری کا آغاز:- 2016 ء
آدھی ملاقات کے لئے:-

1/556/A, KHOONI MOHALLAH, ADONI-518301.
Mobile No.7801018741

* * *

(1) پَرتَوِ نورِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
خلق کے حاجت روا یا مُصطفٰی ﷺ

(2) جو مِلا جِس کو مِلا جتنا مِلا
آپ کے صدقے مِلا یا مُصطفٰی ﷺ

(3) آپ کی امت پریشانی میں ہے
سُن لو سب کی التجا یا مُصطفٰی ﷺ

(4) جب خدا نے آپ کی تخلیق کی
آپ کو تکتا رہا یا مُصطفٰی ﷺ

(5) چاشنی بڑھتی گئی جتنا کہا
مصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ

«6» بھیک دیتے ہیں شہنشاہوں کو بھی   آپ کے در کے گدا یا مُصطفٰی ﷺ

«7» اپنے تو اپنے ہیں غیروں نے کہا
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

«8» بو بکرؓ کو بھی صداقت کا لقب   آپ نے ہی ہے دیا یا مُصطفٰی ﷺ

«9» قتل کو آئے عمرؓ پھر آپ کو   دیکھ کر کلمہ پڑھا یا مُصطفٰی ﷺ

«10» حضرتِ عثمانؓ کو دُنیا میں ہی   جنّتی تُم نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ

«11» جب کُھلی آنکھیں خُدا کے شیر کی   آپ کا چہرہ دِکھا یا مُصطفٰی ﷺ

«12» ہر نبی کو پیار ہے اللہ سے   آپ ہیں سب سے جُدا یا مُصطفٰی ﷺ

«13» جب اشارہ آپ نے اُس کو کیا   چاند دو ٹکڑے ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ

«14» آپ کا ادنیٰ سا ہے یہ معجزہ   پیڑ چل کر آگیا یا مُصطفٰی ﷺ

«15» ڈُوبے سورج کو بُلایا آپ نے   وہ پَلٹ کر آگیا یا مُصطفٰی ﷺ

«16» سب سے افضل ہے قرآنِ پاک جو   آپ پر نازل ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ

«17» سب فرشتے پڑھتے ہیں تم پر دُرود   خود خدا نے بھی پڑھا یا مُصطفٰی ﷺ

«18» دید کروانے خدائے پاک نے   عرش پر بُلوا لیا یا مُصطفٰی ﷺ

«19» آپ کے صدقے خدائے پاک نے   چاند کو چمکا دیا یا مُصطفٰی ﷺ

«20» فرش کیا ہے عرش پر اور ہر جگہ   آپ کا ڈنکا بجا یا مُصطفٰی ﷺ

«21» آپ سے چلتا ہے دنیا کا نظام   ہے زمانہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

«22» چاند سورج یہ زمین و آسماں   آپ کے صدقے بنا یا مُصطفٰی ﷺ

«23» زلف ہیں واللّیل مَازَاغ آنکھ ہیں   اور چہرہ والضّحیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

«24» رحمتُ اللعالمیں ، ہیں آپ کے   گھر کی رحمت فاطمہ یا مُصطفٰی ﷺ

«25» جِس نے بھی دیکھا حَسنؓ کو یہ کہا   آپ کا ہے آئینہ یامصطفی ﷺ

«26» جس کے صدقہ پر خدا کو ناز ہے   ہے نواسہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«27» چاند نے بھی سر جُھکا کر یوں کہا   ہے حَسیں تلوا شہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«28» انبیاء ہیں مقتدی سب آپ کے   آپ اُن کے مقتدیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«29» بیٹھنا اُٹھنا نظر سے دیکھنا   معجزہ ہے ہر ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«30» رات دن امت کی خاطر آپ نے   بارہا کی ہے دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«31» اِس جہاں میں جس کا کوئی بھی نہیں   آپ اُس کا آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«32» جانبِ کعبہ ہیں سب کے سَر جُھکے   سوئے طیبہ دِل جُھکا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«33» ساری مخلوقِ خدا کے واسطے   آپ ہی رب کی عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«34» اِس جہاں میں خوبصورت اور حَسین   آپ کا گنبدِ ہرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«35» تاجدارِ انبیاء ختمُ الرسول   آپ ہی رب کا پتہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«36» فخر کرتا ہُوں میں اپنے آپ پر   اُمّتی ہُوں آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«37» ڈر نہیں ہے اب کسی کا بھی مجھے   آپ میرے ناخدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«38» نعت لکھنے کا شرف مجھ کو مِلا   آپ کا احسان ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«39» گُن تمھارے گا رہا ہُوں رات دن   کھا رہا ہُوں آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«40» قبر میں تاریکی چھٹ جائے مری   ہو اُجالا آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«41» ساتھ اپنے نام کے اللہ نے   آپ کا ہے نام لکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«42» سب صحابہ روشنی ہیں آپ کی   آپ ہی روشن دِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«43» ہم کو کیا معلوم تھا رب ایک ہے   راز تم سے کُھل گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«44» آپ راضی جن سے بھی ہیں یا نبی   اُن سے ہے راضی خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«45» آپ جن سے ہیں خفا ناراض ہیں   ہے خدا اُن سے خفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Momin Sahib Qadri Hyderabad, Collection of Pervez Ahmed Digitization eGangotri

﴿46﴾ آپ پر اور آپ کے گھر بار پر   میرا گھر کا گھر فِدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ دو جہاں کی نعمتیں اللہ نے   آپ کو سب کچھ دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ دشمنوں نے آپ کو تکلیف دی   آپ نے دی ہے دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ اُس کو خود کا ہی پتہ مِل نہ سکا   جو ہُوا تم میں فنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ آپ کی آنکھوں کی ٹھنڈک ہے نماز   رب نے یہ تحفہ دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ رشک والے پتھروں پر آج بھی   آپ کا ہے نقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ جو ہے دشمن آپ کے گھر بار کا   خاک میں مِل جائے گا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ لا الہ صرف انساں ہی نہیں   کنکروں نے بھی پڑھا یا مصطفی ﷺ
﴿54﴾ مرتبہ ہے خلد سے اُس کا بڑا   جس جگہ روضہ بَنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ کِس نے دیکھا آنکھ سے اللہ کو   آپ تنہا مصطفی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ سُن کے نبیوں نے کہا ' اللہ ہے   دیکھ کر تم نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ کعبہ پر ڈالی نظر جب آپ نے   سب کا قبلہ بن گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ آپ کے نعلین کو جو لگ گئی   خاک میں بھی ہے شفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ حُسنِ یوسف علیہ السلام کو خدائے پاک نے   وار کر تم پر دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ جو بھی ہے گستاخ اہل بیت کا   ہے حرامی نسل کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ آپ کی اُلفت میں جس نے جان دی   مر کے بھی وہ جی اُٹھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ قبر میں وہ جل رہا ہے آج بھی   بے ادب جو ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ وہ ' حدیث پاک کا ہر لفظ ہے   آپ نے جو کچھ کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ پیدا ہوتے ہی زمیں پر آپ نے   پہلے سجدہ ہی کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ جس پیمبر کو ملی جو بھی کتاب   آپ کا ہے تذکرہ یا مصظفی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Quadri Digitization eGangotri

﴿66﴾ حُسن کی ہے آپ سے ہی ابتداء   آپ ہی ہیں انتہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ آپ ہی کی آنکھ سے موسیٰ علیہ السلام کو بھی   رب نظر آہی گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ پیڑ کو تم نے لگائی پشت جب   آج تک وہ ہے ہرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ پشت پر بیٹھے حَسن رضی اللہ عنہ تو آپ نے   طول سجدہ کو کِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ اِس جہاں میں ہر کسی کے واسطے   آپ ہی ہیں رہنما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ روزِ محشر آپ مجھ کو دیکھنا   ہے یہی اک مدعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ اک اشارہ اب کرم کا کیجئے   دُور کرونا ہو وبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ آپ ہیں شمس الضحیٰ میرے نبی   آپ ہی بدرالدجیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ آپ ہی کے نقش پہ ہے گامزن   غوث اعظم رضی اللہ عنہ اولیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ بخش دوں گا آپ کی امت کو میں   آپ سے رب نے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ آپ ہی نانا بھی ہو دادا بھی ہو   شاہِ جیلان نے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ ہند کے ہیں بادشہ خواجہ معیں رحمۃ اللہ علیہ   آپ ہی کی ہیں عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ ہر گھرانے سے ہے افضل اور بڑا   ہاشمی گھر آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ آپ کو دیکھا ہے جس نے اک نظر   دیکھتا ہی رہ گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ جلد بُلوالو مدینے کو مجھے   سَر کے بَل میں آؤں گا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ میری خوش بختی ہے مجھ کو مِل گیا   لاابالی سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ سیّدِ کُل ہیں حضور غوث پاک رضی اللہ عنہ   آپ کا ہے لاڈلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ خلد کی سب نعمتوں کو آپ نے   ماں کے قدموں میں رکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ معجزہ ہے انگلیوں سے آپ کی   پانی کا چشمہ بہا یا مصطفری صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿85﴾ جو بھی ہیں بیمار اُن سے یہ کہو   ہر مرض کی ہے دوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

﴿86﴾ کچھ نہ تھا تب ، آپ کا میرے نبی   نور تھا اور تھا خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ حضرتِ حسان ؓ نے تو آپ کی   روبرو کی ہے ثنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ عشق کی ہے اک مثال حضرت بلال ؓ   جو ہے عاشق آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ روزِ محشر امتی کیا ، ہر نبی   کہتا ہوگا مصطفی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ پیاس کی شدت میں ، اپنے ہاتھ سے   جامِ کوثر ہو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ آپ کا دامن پکڑ کر خلد میں   نعت پڑھتا جاوں گا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ حضرتِ آدم ؑ کی پیشانی میں بھی   آپ کا ہی نور تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ نعت سن کے شہ بُصَیری کو حضور   آپ نے بردہ دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ آپ کو دیکھا ہے جس نے اک بار   وہ صحابی بن گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ تا قیامت سلسلہ جاری رہے   آپ کے فیضان کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ ناز جتنا بھی کروں مَیں کم ہی ہے   پیرِ کامل مِل گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ اپنے دامن میں چُھپالو حشر میں   پنجتن کا واسطہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ بخش دے گا ہر خطا میری خدا   آپ کردیجے دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ سیّدِ کُل اولیاء یا غوثِ پاک ؓ   سیدِ کُل انبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ جس جگہ قدسی بھی ٹھرے با ادب   آستانہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ مشک و عنبر جس کے آگے ہیچ ہیں   ہے پسینہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ آپ پیدا جب ہوئے سب نے کہا   مرحبا صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ کلمہ اور ایمان اور اللہ بھی   آپ سے ہم کو مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ آپ کا ثانی نہیں ہے یا نبی   اور نہ سایہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ بخشوانا آپ مجھ کو حشر میں   ہُوں بُرا ، پر آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿106﴾ سب نے دیکھا ہے مدینہ آپ کا
مَیں یہیں پر رہ گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿107﴾ آپ ہی کو ہے دیا اللہ نے
مرتبہ سب سے بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿108﴾ مجھ کو بھی بُلوائیے سرکار اب
دیکھ لوں گنبد ہرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿109﴾ نام لے کر آپ کا جو بھی کِیا
کام وہ پورا ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿110﴾ آپ کو جس نے بھی دیکھا بالیقین
اُس نے دیکھا ہے خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿111﴾ ادنیٰ و اعلیٰ یہ کہتے ہیں سبھی
جو مِلا تم سے ملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿112﴾ جھوم اُٹّھوں گا لحد میں دیکھ کر
اور کہوں گا مرحبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿113﴾ ہر عبادت ہے تو بس اللہ کی
ذکر اُس میں آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿114﴾ جس جگہ سے جس نے بھی بھیجا سلام
آپ نے وہ سُن لیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿115﴾ دید کی خواہش لئے بیٹھا ہوں میں
رُخ سے ہو پردہ جدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿116﴾ اُونٹنی نے بھی سُنایا آپ کو
اپنے دل کا ماجرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿117﴾ مَیں نے کی ہے بس خطا ، پر آپ نے
کی خطاوں پر عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿118﴾ نعت کی محفل سجائی جب کبھی
آئی جنت سے ہَوَا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿119﴾ صرف تنہا آپ کو معلوم ہے
عرش تک کا راستہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿120﴾ معتبر ہے انبیاء سارے مگر
آپ محبوبِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿121﴾ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ والد آپ کے
والدہ ہیں آمنہ رضی اللہ عنہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿122﴾ مومنِ اول ابو طالب رضی اللہ عنہ ہی ہیں
جس نے لکھا حق لکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿123﴾ انبیاء کا مدّعا بھی آپ ہیں
اولیا کی التجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿124﴾ تا ابد جاری رہے گا آپ کا
نور والا سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿125﴾ ہے علی بھی آپ کے در کا غلام
پیرِ پیراں کا گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مخضب ز شعراء

عین

تعداد کلام (1)

تعداد اشعار (125)

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri / Collection of Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

غفارؔ

نام :- محمد عبدالغفار خان رزاقی

تخلص :- غفارؔ

ولدیت :- محمد حسین خاں مرحوم

پیدائش :- 1947 - حیدرآباد

شاعری کا آغاز :- 2012ء

شرف تلمذ :- ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لاابالی سجادؔ

تعلیم :- انٹرمیڈیٹ اور جامعہ نظامیہ سے قرأت امام عاصم کوفیؒ کے امتحان میں کامیابی۔

پتہ :- 9-10-430/2A, Qila Golconda, Mohallah Gunj, Hyderabad.-

فون :- 8686223494

وصال :- 27/صفر 1440ھ م 6/نومبر 2018ء

نوٹ :- مشاعرہ کے مصرعوں کے اعلان کے بعد کلام لکھے۔ درگاہ شریف کو کلام پہنچانے کے چند ہی روز بعد انتقال کر گئے (مرتب)

* * *

﴾1﴿ مرحبا یا مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ
روشنی کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴾2﴿ رب کی مرضی اور رضا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ نے جو بھی کہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴾3﴿ لب پہ ہے صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
دل میں میرے مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ

﴾4﴿ میں گدا ہوں آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
درپہ رہنے دو پڑا یا مُصطفٰی ﷺ

﴾5﴿ ہے دُکھوں کی اک دوا یا مُصطفٰی ﷺ
مرحبا یا مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Collection eGangotri

﴿6﴾ دیکھ لوں پھر روضۂ اقدس کو مَیں   اتنی سی ہے التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ ہے وسیلہ نامِ احمد کا تو پھر   رنگ لائے گی دعا یا مصطفٰے ﷺ
﴿8﴾ نور سے معمور کیوں نہ ہو بھلا   آپ کا روشن دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ ہر جگہ قرآن میں بس آپ کا   تذکرہ ہی تذکرہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ ناز تھا کفار کو جس پر وہ بُت   منہ کے بل ہی گِر پڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ نامِ احمد سے جو روشن ہوگئی   جگمگاتی ہے ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ رنگ لا کر ہی رہے گی بالیقین   آپ نے کی جو دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ اپنی امت میں رکھا ہے آپ نے   شکریہ صد شکریہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ تھے صحابہ با وفا ہر حال میں   آپ سے زندہ وفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ ظالموں نے گھیر رکھا ہے مجھے   آخری ہے انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ مسجدِ نبوی کو دیکھا جس گھڑی
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ آپ کے کردار اور اخلاق سے   گُل اُخُوَّت کا کِھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ جُز تمہارے حشر کے میدان میں   کون ہے خیرالوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ آگئے ارض و سما وِجدان میں   رب کو بھائی ہے ردا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ آپ کی آمد پہ دنیا میں سبھی   ہر طرف اک جشن تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ آپ ہی کو رب دِیا ہے بالیقین   سب سے اعلیٰ مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ آپ کو رب نے دِیا ہے وصف یہ   معجزہ پر معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ ہاں دُرودِ پاک کا لب پر مرے   ورد کا ہے سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ آپ کی ہر بات میٹھی یا نبی   میٹھے میٹھے مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ کر رہا ہوں یہ دعا میں رات دن   دیجے قدموں میں جگہ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Feroz Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿26﴾ آپ کی سیرت کو پڑھنے سے مرا　　دل سمندر ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿27﴾ جب گناہوں کا خیال آنے لگا　　برسی آنکھوں سے گھٹا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿28﴾ ظلمتوں کو چِیر کر لائے ہیں جو　　دین کا جھنڈا نیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿29﴾ راز ہائے نور سب سے کھدیا　　دے دِیا رب کا پتہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿30﴾ آپ ہی کے نام سے منسوب ہیں　　دھڑکنوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿31﴾ پاؤں جب دنیا میں رکّھا آپ نے　　کفر سارا مِٹ گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿32﴾ خانۂ کعبہ میں رب نے رکھ دیا　　ذرّہ ذرّہ نور کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿33﴾ جس نے مانی آپ کی باتیں سبھی　　خلد میں وہ جائے گا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿34﴾ میں غریب الوقت ہُوں پیارے نبی　　میری جانب دیکھنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿35﴾ آپ سے ہے روشنی کے دم میں دم　　مجتبیٰ صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿36﴾ بخشوانا بخشوانا حشر میں　　مالکِ ہر دوسَرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿37﴾ سمتِ کعبہ رب کو بھی آیا پسند　　آپ کا وہ گھومنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿38﴾ سنّتوں سے بغض دل میں جو رکھے　　اس کی دنیا ہے فَنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿39﴾ دین سے دُوری کا ہم کو ہے مَرَض　　ہم کو مل جائے دوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿40﴾ میرے گھر کے سارے بچے اور جواں　　طیبہ جائے قافلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿41﴾ آپ ہیں خیرالوریٰ پیارے نبی　　مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿42﴾ بس ذرا سر پر مرے رکھ دیجئے　　آپ کا دستِ شفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿43﴾ صبح دم طیبہ میں دیکھا تو لگا　　پیاری پیاری ہے فضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿44﴾ ہوگئے حیران سارے مشرکین　　چاند جب ٹکڑے ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿45﴾ دل میں جو تھا آپ نے وہ سُن لیا　　سوچتا ہی مَیں رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Hazrat Hasadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

«46» گنبدِ حضریٰ کا جو تھا رنگ وہ   آج تک بھی ہے ہرا یا مُصطفٰی ﷺ
«47» خواب میں صورت جو دیکھا یا نبی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«48» ہے یقین ہر گز یہ رد ہوگی نہیں   ہم نے مانگی ہے دعا یا مُصطفٰی ﷺ
«49» یہ نمازیں آپ کی امت پڑھے   ہے یہ رب کا فیصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«50» جس کا کھا کر شکرِ رب لائے بجا   تھی میسّر وہ غذا یا مُصطفٰی ﷺ
«51» نام سُنتے ہی پڑھا جس نے دُرود   پا لیا اُس نے صلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«52» آپ آئے اور یہ بتلا دیا   سب کا مالک ہے خدا یا مُصطفٰی ﷺ
«53» گنبدِ خضریٰ تصوُّر رات دن   دل کی دنیا میں رہا یا مُصطفٰی ﷺ
«54» جی رہے ہیں نام لے کر آپ کا   ہم پہ ہے فضل خدا یا مُصطفٰی ﷺ
«55» چاند تاروں سے بھی روشن ہوگا جو   آپ کا وہ نقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
«56» آپ کا فرمان مَیں نے جب سُنا   دل سے میرے آ لگا یا مُصطفٰی ﷺ
«57» دین کا منکر مرے دل سے سدا   ہاں جدا ہے ہاں جدا یا مُصطفٰی ﷺ
«58» اور خواہش کیا ہے میری یا نبی   بس مدینے کے سِوا یا مُصطفٰی ﷺ
«59» کامیابی مل رہی ہے ہر قدم   کس نے مانگی ہے جزا یا مُصطفٰی ﷺ
«60» آپ کی امداد ہی درکار ہے   سَر ہو اب یہ معرکہ یا مُصطفٰی ﷺ
«61» میری جانب بھی ذرا اب دیکھئے   دیکھئے مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ
«62» رب پہ چھوڑا آپ نے ہر فیصلہ   خونِ ناحق جب بہا یا مُصطفٰی ﷺ
«63» بھیج دی اللہ نے نصرت تو پھر   کیسا مشکل مرحلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«64» آپ کے چُھوتے ہی سُوکھا پیڑ اک   ہوگیا بالکل ہرا یا مُصطفٰی ﷺ
«65» مشکلوں میں لب پہ میرے یا نبی   نام آیا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization · Collection Peer Sahib Qudari · eGangotri

﴿66﴾ کس جگہ پر آپ کے شیدا نہیں   کون سی ہے وہ جگہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿67﴾ اپنی قسمت پر مجھے بھی رشک ہے   آپ کا روضہ مِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿68﴾ ورد ہے میری زباں پر ہر گھڑی   مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿69﴾ سب میں ہے پوشیدہ حکمت آپ کی   وہ فنا ہو یا بقا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿70﴾ آپ کی آمد سے پسپا ہوگیا   دشمنوں کا حوصلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿71﴾ سبز گنبد کو جو چُھو آئی ہَوا   پاگئی بختِ رسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿72﴾ دل میں لے کے آیا ہُوں تحفہ جو مَیں   ہے دُرودِ پاک یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿73﴾ حجرِ اسود چومنا اے حاجیو   دل میں میرے بس گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿74﴾ سب سہارے آپ سے منسوب ہیں   آسروں کا آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿75﴾ آپ کے دربارِ اقدس کی ہَوا   کیا سہانی ہے ہَوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿76﴾ آسماں سے تک رہا ہے چاند بھی   آپ کا وہ نقشِ پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿77﴾ آپ کی نظروں سے جو بھی گِر گیا   سب کی نظروں سے گِرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿78﴾ نیکیوں کا اس جہاں میں چار سُو   آپ سے ہے سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿79﴾ جب دھڑکنے لگ گیا یہ دل مرا   دل کی دھڑکن نے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿80﴾ جشنِ میلاد النبی کی دھوم ہے   ہر طرف ہے تذکرہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿81﴾ ساری دنیا ہے پریشاں آج کل   دُور ہوں فتنے سدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿82﴾ آپ کے آتے ہی دنیا میں ہمیں   مل گیا رب کا پتہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿83﴾ درس دنیا کو دِیا یہ آپ نے   ایک واحد ہے خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿84﴾ پیارا پیارا میٹھا میٹھا نام ہے   آپ کا یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿85﴾ سب بلاؤں سے بھی ہے یہ پُرخطَر   یہ جہالت کی فَضا‘ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervaiz Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿86﴾ نامِ احمد کا دِیا جلتا ہے جو کیا بگاڑے گی ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ آگیا میں سر چُھپانے آگیا ہو عطا اب آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ نام سُن کر مُصطفٰی کا دوستو! بِلبِلاتی ہے بَلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ اس لئے ہٹتا نہیں مَیں دین سے میرے حق میں حق نمایا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ نورِ اقدس آپ کے رخسار کا روشنی میں ضم ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ ہو رہا ہے چار سُو ظلم و ستم ہر طرف ہے انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ آپ نے در پر بُلایا جس گھڑی خوش ہُوا ہے یہ گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ شافعِ محشر فقط اک آپ ہیں کون ہے تُمرے سِوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ کیا سہانا خواب تھا وہ یا نبی دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ کیا مقابل میں ٹکے گی روشنی دل لُبھاتی ہے ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ جب گیا طیبہ نگر تو یانبی دیکھ آیا معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ دُور کب طیبہ نگر مجھ سے ہُوا ہے بہت کم فاصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ دھوم ہے صلِّ علٰی کی ہر طرف ہے ھَواؤں میں صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ مخملی قالین سے اعلٰی لگے آپ کا وہ بوریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ آپ کو جبّہ ملا سرکار کا کیا اویسیؓ بخت تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ دین کی تبلیغ کا تھا سلسلہ خون حق پر ہی بہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ جارہے ہیں حج کو کتنے اُمتی پھر مَیں پائوں وہ جزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ نفسی نفسی کا ہے عالم دہر میں کس سے اب ہے کیا گِلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ کامیابی بن گئی قسمت مری نام جب بھی لے لِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ سب ہٹا کر آپ سے دل مِل گیا کام ایسا کر گیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿106﴾ چاند تاروں پہ ہے بھاری بالیقین
آپ کا اک نقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿107﴾ رب نے مانا آپ کی ہر بات کو
آپ رب سے کب جدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿108﴾ ہیں مرے ماں باپ قرباں آپ پر
آپ محبوبِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿109﴾ دیکھنے والوں نے دیکھا نور وہ
ہر جگہ ہے بر ملا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿110﴾ ہر طرف طیبہ میں ہے چھائی ہوئی
کیسی نورانی فَضا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿111﴾ آگیا ہوں نیا داری چھوڑ کر
در پہ رہنے دو پڑا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿112﴾ حوضِ کوثر پر بلا لو یا نبی
شافعِ روزِ جزا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿113﴾ جن و انساں ہی نہی حور و ملک
کر رہے ہیں سب ثنا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿114﴾ سب مرادیں لے کے جانے لگ گئے
میں بھی ہُوں در پر کھڑا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿115﴾ حشر میں ہے ہم گنہگاروں کو بس
آپ ہی کا آسرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿116﴾ ہوگیا جنت سے بالکل وہ قریب
جس نے کی شرم و حیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿117﴾ دیکھنے جاتے ہیں کتنے امتی
آج بھی غارِ حرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿118﴾ ہو عنایت کی نظر پیارے نبی
بخت میرا دیکھنا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿119﴾ آپ کو آئے پسند اللہ کرے
تحفہ یہ اشعار کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿120﴾ آپ کا در چھوڑ کر جاؤں کہاں
اک یہی ہے آسرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿121﴾ کس قدر بے چین تھی، اِس روح نے
آپ سے پائی دوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿122﴾ مَیں مرے ماں باپ قرباں ہیں سبھی
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿123﴾ جب نظر روضہ پہ میری پڑ گئی
روح نے پائی غذا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿124﴾ نسبت بدر الدجیٰ پہ ناز ہے
ہے دعائے شکریہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿125﴾ عبد ہے غفار کا غفار یہ
مجھ کو کملی میں چھپا یا مُصطفٰی ﷺ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مخضب ز شعراء

ف

تعداد کلام (7)

تعداد اشعار (875)

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Hyderabad Digitization eGangotri

فرازؔ

نام :- محمد ناصر خان

قلمی نام :- ناصر فراز

تخلص :- فرازؔ

ولدیت :- محمد شیر خان صاحب

آغاز شاعری :- 1998 تعلیم :- گیارویں کلاس

سنہ ومقام پیدائش :- 1961ء، ضلع سمبھل پور

1998ء سے شاعری کا آغاز ہوا، اور پھر اس کے بعد آپ نے کئی مشاعروں میں اپنا کلام پیش کیا۔

آدھی ملاقات کے لئے :-

Near Ghousia Masjid, Gousia Mohalla, Sunapali Post,
Dhankauda Dist Sambalpur. Pin768006. Odisha
Mobile 9778631786-9861417864

❁ ❁ ❁

﴿1﴾ آپ کی حمد و ثنا یا مُصطفٰی ﷺ
عرش سے تحت الثریٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ آپ کی مدحت سدا یا مُصطفٰی ﷺ
لب پہ ہو صلِّ علٰی یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ مرتبہ اعلی ہے کتنا آپ کا
ہیں امام الانبیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ عرش پر مہماں نوازی آپ کی
مرحبا یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ اک نظر مجھ پر بھی ہو شاہ امم
ختم ہو میری بلا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿6﴾ آپ ہی سچے نبی ہیں بالیقیں — کنکروں نے بھی کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ ناز ہے مجھ ، کو ہدایت آپ کی — آپ ہی ہو حق نما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ کون سمجھے گا کبھی راز و نیاز — اک تمہارے ہی سوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ یوں تو آئے انبیاء کتنے مگر — تم ہو محبوبِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ قبرمیں بھی حشرمیں بھی آپ کا — آسرا ہے آسرا ، یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ سیدالکونین ہیں امّی لقب — آپ ہیں خیرالوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ چشم آدم علیہ السلام دیکھ کرحیراں ہوئی — بابِ جنت پر لِکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ آپ نے جو بھی زبانِ نور سے — کہدیا تو ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ قتل کر ڈالو توکوئی غم نہیں — کہدیا تو کہدیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ کوئی ثانی ہے نہ سایہ آپ کا — آپ ہیں بعد از خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ قبرکی مٹی مجھے کیا کھائے گی — میرے سینے پر لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ اللھم جس زباں سے ہو ادا — دل کہے صلِّ علٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ رحمۃ للعالمیں رب نے کہا — تم سراپا معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ میں یہی کہتا رہوں آئے قضا — مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ میرے خستہ حال پر فرمائیے — اک نظر بہرِ خدا ، یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ آپ سے نسبت رہے گی جاوداں — ساقئ روزِ جزا ، یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ اک اشارہ آپ کی انگشت کا — چاند دو ٹکڑے ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ تھا شبِ اسریٰ تمہارا منتظر — خالق ارض و سما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ دولت کونین قدموں میں دھری — پیٹ پر پتھر بندھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ شہرِ انور نے جو پائی ہے ضیاء — ماہ طلعت سے سوا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Qadri Digitization eGangotri

﴿26﴾ باعثِ تخلیق آمد آپ کی   مرحبا صد مرحبا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ ایسی افتادیں پڑیں آلام کی   دل مرا گھبرا گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ انگلیوں سے آپ کی جاری ہوا   معجزہ بحرِ شفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ خون کے آنسو رلاتی ہیں مجھے   داستانِ کربلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ پیاس میری بھی بجھادو حشر میں   ساقئ روزِ جزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ روضۂ اقدس کی جالی چوم لوں   پھر میسّر ہو قضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ چاند تارے بھی چمکتے ہیں سدا   نور پاکر آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ روزمحشر بھی فقط اک آپ ہیں   غم کے ماروں کی دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ روئے زیبا دیکھ کر کونین کا
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ روضۂ انور فقط اب چاہئے   اِن نگاہوں کو سدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ لب پہ کلمہ لا الہ پڑھتے ہوئے   روح ہوجائے جُدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ آپ نے چاہا علیؓ کے واسطے   ڈوبا سورج آگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ وقت مُردن جب زباں جنبش کرے   آپ کا ہو تذکرہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ خاک طیبہ آپ کی‘ رب کی قسم   ہرمرض کی ہے دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ کاش میں بھی دیکھ لوں شہرِنبی   سن بھی لیجے التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ آپ کی آمد کے دن ہر ایک بُت   تھرتھرا کر گر پڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ خوبصورت پائے قدمِ ناز سے   دل بنے غار حرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ عشق کی پہچان ہے یہ دل مرا   پڑھ رہا ہے مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ ہم گدائوں کا بھرم رکھ لیجئے   واسطہ عثمانؓ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ رب نے جب یکتا بنایا آپ کو   کون ہے پھر آپ سا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿46﴾ آپ کا جو ہوگیا رب کی قسم   وہ خدا کا ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ گود میں جس کو کھلایا آپ نے   وہ ہُوئے شیرِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ حضرت عثمان ذوالنورینؓ ہیں   آپ کے خیرالوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ کعبہ کی چھت پر اذاں ہونے لگی   جب عمرؓ نے کہدیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ آپ کے ہی عشق میں صدیقؓ نے   اپنا سب کچھ دے دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ دشمنوں کو بھی اماں جو بخش دے   آپ ہیں وہ رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ آپ کے گلشن کے چاروں پھول بھی   ہر چمن سے ہیں جدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ بربریت خوف کھا کر رہ گئی   آپ ہی کے نقشِ پا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ آپ کے کردار کی خوشبو سے ہی   پُر معطر ہے فضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ آپ ہی سچے نبی ہیں بالیقیں   کنکروں نے بھی کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ ابر رحمت کی طرح برسا کرے   آپ کی جود و سخا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ آپ ہی محبوب ہیں اللّٰہ کے   خوب ہے یہ مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ دہر میں آقا پریشاں ہیں سبھی   ہو غلاموں کا بھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ اپنے جلوے کے لئے اللّٰہ نے   آپ کو مہماں کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ روشنی ہی روشنی جو ہوگئی   جس طرف پہنچا عصا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ عرشِ اعظم سے مدینے کی طرف   نور کا ہے سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ حشر کی گرمی سے بچنے کے لئے   عاصیوں پر ہو رِدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ خوب جنت ہے مگر در آپ کا   خلد کا ہے راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ جام کوثر دیجئے گا حشر میں   ہے پیاسوں کی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ جو کبھی یثرب تھا وہ شہرِ شفا   آپ کے قدم سے بنا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿66﴾ آپ کا پایا اشارہ جس گھڑی　　پیڑ چل کر آگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ رہ گیا ہے لوح پر اس کا نصیب　　آپ کا جو بھی ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ جگمگاتے ہیں وہ ذرّے آج بھی　　آپ کی پاکر ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ کُھل گیا معراج میں یہ راز بھی　　کون کس کا آئینہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ کنکروں نے دی گواہی مرحبا　　کیا ہے زندہ معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ کیا عرب ہے کیا عجم سارا جہاں　　آپ کا شیدا ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ کیوں نہ ہو شیدا جہاں بھی آپ پر　　حور و غلماں ہیں فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ عالم نفسی میں ہوں مَیں اس گھڑی　　کون ہے تمرے سوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ مالک ارض و سما سے آپ نے　　کر دیا ہے آشنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ سُرخرو ہوجائے گا وہ حشر میں　　آپ پر ہے جو بھی فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ تذکرہ قرآن میں ہے برملا　　حق نمائی کی صدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ جب حرا میں آگئے جبریل علیہ السلام بھی　　تب نزول حق ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ دل کی حسرت میں یہی ہے مدعا　　بس ملے وہ خاکِ پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ کہہ رہا قرآن بھی صلِّ علٰی　　تم پہ پڑھتا ہے خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ آپ میری رہنمائی کیجئے　　پُرخطر ہے راستہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ میں نے نعت پاک کی تکمیل کی　　ہر منافق جل گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ نامِ احمد جب سے حِرزِ جاں بنا　　دُور ہے رنج و بلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ رحمۃ للعالمین کہتے ہیں کیوں　　حشر میں عقدہ کُھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ جو ہیں گستاخِ پیمبر اُن کا بس　　ہے جہنم فیصلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿85﴾ قبر کو میری منور کیجئے　　ہے کٹھن یہ مرحلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿86﴾ دیجئے شہر مدینہ کے مجھے ایک کونے میں جگہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ دین و دنیا کا اثاثہ ہے مرا آپ نے جو بھی دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ زندگی کا بادیاں کمزور ہے اور مخالف ہے ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ کیوں نہ ہوں مقبول پھر میری دعا ہے وسیلہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ دید کے قابل زمیں میں کچھ نہیں آپ کا بس مقبرہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ آپ راضی ہیں تو کوئی غم نہیں گر زمانہ ہے خفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ آپ کی آمد سے فارس کا بڑا بجھ گیا آتش کدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ کلمہ پڑھتی ہے تمہارے نام کا ساری مخلوقِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ ہوگیا منبر جدا جب آپ سے دیر تک روتا رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ اک اشارہ آپ کی انگشت کا چاند دو ٹکڑے ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ تھا شب اسریٰ تمہارا منتظر خالق ارض و سما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ دولت کونین قدموں میں دھری پیٹ پر پتھر بندھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ شہر طیبہ نے جو پائی ہے ضیا ماہِ طلعت سے سوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ باعثِ تخلیق آمد آپ ہیں مرحبا صد مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ ایسی افتادیں پڑیں آلام کی دل مرا گھبرا گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ انگلیوں سے آب جاری ہوگیا معجزہ بحر سخا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ حشر تک چلتا رہے گا با خدا فاطمہ سے سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ میرے خستہ حال پر فرمائیے اک نظر بھر خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ پیاس میری بھی بجھادو حشر میں ساقی روزِ جزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ ظاہر و باطن ہے یکساں آپ کا آپ ہیں سرِّ خدا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿106﴾ ہو میسر سر کو میرے خواب میں   آپ کی نعلین پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ چاند وسورج اور ستاروں نے سبھی   آپ سے پائی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ آپ کی تعلیم نے سمجھا دیا   کیا فنا اورکیا بقا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ آپ کا توریت اور انجیل میں   ذکر آیا جابجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ معتبر ساری حدیثیں ہیں گواہ   آپ نے جو بھی کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ درد دل کے واسطے اکسیر ہے   خاک طیبہ ہے شفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ محورِ ارض وسما ہے آپ کی   راز ہے یہ رابطہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ نسل آدم علیہ السلام پا گئی امن و اماں   جب کُھلا باب حرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ تک رہا ہے راستہ وہ آج تک   آپ کا غارِ حرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ آپ نے محسوس کی ‘خوشبو بھری   ہند سے ٹھنڈی ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ مَر ہی جائیں گے غلامِ با وفا   آپ سے ہو کر جدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ چاندتارے کہکشاں نے بھی جہاں   آپ سے پائی جِلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ ہوگا آساں آپ کے دیدار سے   قبر کا ہے مسئلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ آپ کے دونوں نواسوں کا ہے غم   ظاہر و باطن ھنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ آپ ہی کے واسطے سے نعمتیں   جو دِیا رب نے دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ ایک احساں دینِ حق پر کر گیا   کربلا کا معرکہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ گِر پڑی نام ونسب کی تختیاں   درس جو تم نے دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ میرا یہ ایمان ہے ، قرآن جو   آپ پر نازل ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ آپ کو طائف میں زخمی دیکھ کر   عرش بھی تھرّا اُٹھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ نعت احمد کیا لکھے ناصر فراؔز   آپ نے لکھوالیا یا مُصطفٰی ﷺ

Hazrat Haadi-E-Deccan Digitized by eGangotri Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qadri Digitization eGangotri

فریدیؔ

نام :- محمد صادق علی

قلمی نام :- صادق علی فریدیؔ

تخلص :- فریدیؔ

ولدیت :- شیخ بالے صاحب

پیدائش :- 14-11-1936 (محبوب نگر)

تعلیم :- میٹرک (HSC) سال 1953ء (اردو میڈیم)

اُس وقت محبوب نگر میں انٹر میڈیٹ کالج نہیں تھا۔

ملازمت :- محکمہ آبکاری، امداد باہمی، آبپاشی، بورڈ آف ریونیو، کمشنر آف پولیس حیدرآباد 1960ء، 1996ء میں موظف ہوئے۔

شاعری کا آغاز :- 1953ء سے ہی شاعری کا آغاز ہوا۔

شرف تلمذ :- ڈاکٹر علی احمد جلیلی فرزند حضرت فصاحت جنگ جلیل مانکپوری۔ استاذ آصف جاہ سابع نظام دکن۔

تصانیف :- (1) جذبات صادق (غزلیات) 2007ء (2) شمع رحمت۔ (نعتیں و منقبتیں) 2008ء

(۳) میں ذرا جلدی میں ہوں۔ طنز و مزاح 2015ء

آدھی ملاقات کے لئے :- 4-1-96 محلہ راماباولی، محبوب نگر۔ پن کوڈ 509001 آندھرا پردیش۔

Mobile No-9849274465

انتقال اس نعت پاک کی تکمیل کے 3 دن بعد آپ کا انتقال ہوگیا۔ گویا کہ یہ آپ کا آخری کلام ہے۔

◆◆◆

﴿1﴾ پیکرِ لطف و عطا یا مُصطفٰی ﷺ
تاجدار انبیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ آپ کا رتبہ بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ محبوبِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ آپ کا جو ہو گیا یا مُصطفٰی ﷺ
بن گیا وہ کیا سے کیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ دردمند درد آشنا یا مُصطفٰی ﷺ
کردیں میرا بھی بھلا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ اک نظر مجھ پر ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
میں ہوں عاشق آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Wahab Hyderabadi Digitization eGangotri / Collection of Mohammed Qadari Digital

﴿6﴾ آپ نے جو بھی کیا یا مُصطفٰی   میرے دل میں بس گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ آپ نے جو بھی کہا یا مُصطفٰی   وہ تو ہو کر ہی رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ عبد و رب میں رابطہ یا مُصطفٰی   آپ سے ممکن ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ جو بھی دنیا میں ہوا یا مُصطفٰی   آپ کو معلوم تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ میں بھلا اس سے زیادہ کیا کہوں   میں دیوانہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ میں مدینہ جاکے جب واپس ہُوا   یوں لگا سب خواب تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ میں مدینہ میں رہوں جو عمر بھر   پھرتو آئے گا مزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ وہ مدینہ تھا مگر مجھ کو تو بس   خلد کے جیسا لگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ روضۂ اقدس جو دیکھا رو پڑا   دل کہاں قابو میں تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ یہ مدینہ ہے یہاں سے واقعی   خلد کا ہے راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ نام پہلے اس کا یثرب تھا مگر   پھر مدینہ ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ روضۂ اقدس کی جانب جب گیا   جانے مجھ کو کیا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ آپ کے دربار سے سب مل گیا   دامن اپنا بھر گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ مل گئے توسرپہ رکھ لوں میں اُنہیں   آپ کے نعلینِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ درحقیقت یہ عبادت ہی تو ہے   نام لینا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ آپ کی یادوں کے صدقے میں مجھے   نعت لکھنا آگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ آپ ہونگے جب ہمارے سامنے   وقت وہ کب آئے گا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ آپ سے پہلے تھا دنیا میں فقط   ظلمتوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ بس یہی ہے رات دن دل میں مرے   مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ اس جہاں میں آپ کے جیسا نہیں   آپ ہیں سب سے جُدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿26﴾ کر رہا ہے آپ کا ہی تذکرہ   ہر وَرق قرآن کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ ہم کو خوشیوں کی طلب تو ہے مگر   ہر خوشی ہو دیرپا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ میرے دل کو تو بہت اچھی لگی   نعت کی آب و ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ بھاگئی یہ میرے دل کو بھاگئی   آپ کی ہر اک ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ دورِ ماضی کا کروں کیا تذکرہ   جو بھی ہونا تھا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ سَر جھکا کر آپ کے دربار میں   آگئے شاہ و گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ آپ کا دورِ رسالت دیکھ کر   دل سے نکلی واہ وا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ لے رہا ہوں زندگی کے مَیں مزے   فیض ہے یہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ درحقیقت وہ بڑا خوش بخت ہے   آپ غم کا جس کو ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ آپ سے واقف نہیں جو یہاں   وہ بھلا کس کام کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ میرے حق میں اب دعا کیجئے   ذرا دور ہو ہر اک بلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ آپ کی یادوں کا صدقہ ہی تو ہے   مجھ کو جینا آگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ دین کو پھیلایا جس نے ' کون تھا؟   آپ کا کردار تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ آپ نے سب کچھ ہمیں سکھلادیا   کیا بھلا ہے کیا بُرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ چند آنسو لے کے آیا ہوں فقط   کچھ نہیں اس کے سِوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ آپ کا سایہ جو ہے سر پر مرے   ڈر مجھے کس بات کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ یہ حقیقت کے سوا کچھ بھی نہیں   آپ کا سایہ نہ تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ سب فرائض بھول کر بیٹھا ہوں مَیں   مَیں مسلمان نام کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ یہ حقیقت جانتا ہے ہر کوئی   آپ کے بس میں ہے کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ یہ تو قدرت کا کرشمہ ہے فقط   واقعہ معراج کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿46﴾ ہو مبارک آپ کو معراج میں　سامنا رب کا ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿47﴾ آپ جب رب سے ملے تھے عرش پر　ہائے وہ کیا وقت تھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿48﴾ آئیے نعلین رہنے دیجئے　رب نے بھی یہ کہدیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿49﴾ ہم اگر تاریخ اٹھا کر دیکھ لیں　کیا کبھی ایسا ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿50﴾ یہ نہ کہنا مَیں بُرا ہوں یا بھلا　میں تو بس ہُوں آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿51﴾ یہ زمانہ جھوٹ پر کیوں ہے فدا　میں نے سوچا بارہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿52﴾ نعت کی سجتی ہیں ہر دم محفلیں　ہو رہا ہے رت جگا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿53﴾ اب کسی بھی چیز کی حاجت نہیں　آپ کے در کے سوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿54﴾ وہ حقیقت میں ہے قسمت کا دھنی　آپ کا جو ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿55﴾ تین سو تیرہ ہی تھے میدان میں　آپ نے کیا کر دیا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿56﴾ آپ ہوں جبکہ نظر کے سامنے　منزل مقصود کیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿57﴾ ہم نے تو قانوں بنا ڈالا اسے　آپ نے جو بھی کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿58﴾ درحقیقت آپ کا ہر اک غلام　اک جہاں پر چھا گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿59﴾ میں غلام مُصطفٰی ہوں اس لئے　نام ہے میرا بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿60﴾ آپ نے مشکل کو آسان کردیا　میں بڑی مشکل میں تھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿61﴾ موت بھی آئے تو وہ ایمان پر　بس یہی ہے مدعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿62﴾ چاہتے تھے سب عَدُو بھی آپ کو　ہو سیاست کا بھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿63﴾ ہے تعجب آدمی کو آج کل　کیوں نہیں خوف خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿64﴾ آپ آئے پھر کوئی نہ آئے گا　اب ضرورت بھی ہے کیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿65﴾ ساری دنیا کر رہی ہے رات دن　آپ ہی کا تذکرہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Hyderabad Digitization eGangotri

﴿66﴾ اس طرف بھی اب تو ہوجائے ذرا   آپ کی چشمِ عطا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿67﴾ رحمتِ عالم ہیں آقا آپ تو   کردیں میرا بھی بھلا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿68﴾ جانتے ہیں ہم ہمارا بھی مقام   آپ کی ہم خاک پا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿69﴾ تھی توخوشیوں کی طلب ہم کومگر   زندگی سے غم ملا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿70﴾ آپ نے جو دے دیا سب کچھ جِسے   وہ بھلا مانگے گا کیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿71﴾ آپ کے آنے سے پہلے اس جگہ   کیا کوئی قانون تھا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿72﴾ خوبصورت آپ سا کوئی نہیں   میں کہوں بے ساختہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿73﴾ آپ سے جس کو محبت ہی نہیں   اس کا جینا بھی ہے کیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿74﴾ جان ودل سے سب مجھے منظور ہے   آپ کا ہر فیصلہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿75﴾ دین کی تبلیغ کرتے جائیں گے   موت بھی آئے تو کیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿76﴾ دشمنوں نے ظلم ڈھایا آپ پر   آپ نے سب سہہ لیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿77﴾ آپ نے کوشش جو کی تھی عمربھر   دین مکمل ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿78﴾ لائے تھے جبریل علیہ السلام بھی رب کا کلام   ہل گیا غارِ حِرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿79﴾ یہ سمجھ کرغم اٹھانا ہی پڑا   رب کو یہ منظور تھا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿80﴾ ایسے بدلے گی زمانے کی ہَوا   کس کو یہ معلوم تھا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿81﴾ آپ کا دامن جو تھاما تو لگا   کام میرا ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿82﴾ آپ میرے دل کے ہیں بے حد قریب   دُور ہُوں تو کیا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿83﴾ دل سے دل ملتا رہے تو ٹھیک ہے   دُور کیا نزدیک کیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿84﴾ نعت کی محفل سجاتا ہوں فقط   ہے یہی اک مشغلہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿85﴾ بوجھ ہے سر پر گناہوں کا مرے   آپ کا ہے آسرا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moin Sahib Hyderabad India
Collection of Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿86﴾ لَوٹ آئے ہم مدینے سے مگر   یوں لگا سب خوابِ تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ اس کو دنیا میں تو کوئی ڈر نہیں   نام لیوا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ اس طرف بھی اک نظر ڈالیں ذرا   میں بھی در پر آگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ آپ کے اخلاق کا کردار کا   تذکرہ ہے جا بجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ دیکھنے والوں نے دیکھا ہے تمہیں   ہر جگہ جلوہ نما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ اب تلک خوشیوں سے گزری زندگی   آپ ہی کا فیض تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ رب نے بھیجا رہنمائی کے لئے   آپ سچے رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ چاہتا ہے دیکھنا وہ آپ کو   دل مرا حسرت بھرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ مجھ کو ناداں جان کر میرے حضور   بخش دو میری خطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ مشکلوں میں آپ کی یاد آگئی   آپ ہیں مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ محفل نعت نبی جس دن سجی   تھا وہی دن کام کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ اصل ایمان ہے فقط حبِّ نبی   ورنہ پھر کیا فائدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ دیر تھی بس اک اشارے کی وہاں   چاند بھی ٹکڑے ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ آپ کے بارے میں مَیں تفصیل سے   لکھ دیا دل میں جو تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ ساری دنیا کو تو یہ معلوم ہے   آپ کی شانِ عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ یہ اجالا ساری دنیا میں فقط   آپ آئے تو ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ آپ کی عظمت کا جو قائل نہیں   آدمی ہے سر پھرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ ہم کو اب کوئی پریشانی نہیں   ہاتھ تھاما آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ بے سہاروں کے دلوں میں ہی فقط   ہے ٹھکانا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ نام لکھا تھا خدا کا جس جگہ   آپ کا بھی نام تھا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Hyderabad India
Collection of Prof. Sami Quadri Digitization eGangotri

﴿106﴾ آپ کے آگے کسی کا کیا مقام آپ ہیں بعد از خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ آپ نے تو کام میرا کردیا میں دعا کرتا رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ معنی مطلب اس کا جانے ہی بغیر میں نے قرآن پڑھ لیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ اپنے ہاتھوں سے اُجاڑی زندگی کیوں گله تقدیر کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ جو ملا وہ آپ کے در سے مِلا کون کس کو کیا دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ کم سے کم ہوتا گیا ہے ' آج کل دل سے دل کا فاصله یا مُصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ دو جہاں کے آپ ہی سردار ہیں گھر میں صرف اک بوریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ بھول بیٹھا یاد کرکے آپ کو میں تو اپنا ہی پته یا مُصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ درد بڑھتا ہے کسی کے دل میں جب وہ پکارے یا خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ خالق عالم ہی سمجھا آپ کو کوئی پھر سمجھے گا کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ آپ کے رستے په گر چلتے رہیں ہو کیوں بھلا جرم وسزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ جس جگہ بھی نعت کی محفل سجے آپ آتے ہیں سدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ دنیا والوں سے چھپا لینا مجھے کالی کملی میں ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ نعت کی محفل سجی تھی رات بھر پھر سویرا ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ آپ کے بارے میں مَیں نے لکھ دیا یہ تو مرا فرض تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ اپنے قدموں میں جگہ دیجے مجھے میں تو ہوں در کا گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ ساری دنیا میں نیا اک انقلاب آپ نے پھیلا دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ امن قائم ساری دنیا میں رہے روز کرتا ہوں دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ آپ کے قدموں میں ہوجائے مری زندگی کا خاتمه یا مُصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ اب فریدی نے بھی آخر کہہ دیا
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moin Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

فریدؔی

نام :- ڈاکٹر منصور عالم فریدی

تخلص :- فریدؔی

قلمی نام :- ڈاکٹر منصور فریدی

ولدیت :- عبدالجبار صاحب

پیدائش :- 20/ نومبر 1978ء

شاعری کا آغاز :- 1992

شرف تلمذ :- محترم جناب نواب ظفر مرحوم صاحب

آدھی ملاقات :-

Ban Masjid , Swarajpuri Road ,
Maroofganj , Gaya , 823001 Bihar , INDIA
فون +91 - 8987614786 - 8 271378779-

﴿1﴾ آپ محبوبِ خدا یا مُصطفٰیﷺ
آپ عالی مرتبہ یا مُصطفٰیﷺ

﴿2﴾ آپ ہیں شمس الضحٰی یا مُصطفٰیﷺ
آپ ہیں بدر الدجیٰ یا مُصطفٰیﷺ

﴿3﴾ آپ کی ہو گر عطا یا مُصطفٰیﷺ
کیا ہیں یہ جرم و خطا یا مُصطفٰیﷺ

﴿4﴾ کیجئے میرا بھلا یا مُصطفٰیﷺ
آپ کا ہُوں میں گدا یا مُصطفٰیﷺ

﴿5﴾ وہ ہُوا' ہو کر رہا یا مُصطفٰیﷺ
آپ نے جو کہہ دیا یا مُصطفٰیﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ جو عطا ہم کو ہُوا یا مُصطفیٰ   آپ کے صدقے ملا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿7﴾ اک اشارے سے ہُوا ٹکڑے قمر   اور سورج بھی پِھرا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿8﴾ آپ کا جلوہ خدا کے فضل سے   ہر جگہ ہے رونما یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿9﴾ شکر ہے ہر دم، خدا کا شکر ہے   وردِ لب صلِّ علیٰ یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿10﴾ سَر پہ رکھنے کے لئے بس چاہئے   نقشِ پا یا خاکِ پا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿11﴾ آپ کی آمد سے پہلے آپ کا   چار سو چرچا ہُوا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿12﴾ اتنا کافی ہے کہ تم راضی رہو   چاہے ہو کوئی خفا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿13﴾ جانتے ہیں آپ کی تعظیم وہ   جو بھی ہیں اہل وفا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿14﴾ خوش جمالی ہر نبی میں ہے مگر
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿15﴾ داغ سینے کے سوائے آپ کے   کون دیکھے گا بھلا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿16﴾ جو بھی آنے والی نسلیں ہوں مری   آپ ہی پر ہوں فدا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿17﴾ آپ ہی تو ہیں خدا کے فضل سے   مالکِ ہر دوسَرا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿18﴾ کاش لگ جائے تمہارے شہر میں   میرا بستر بوریا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿19﴾ آپ کو اپنی طرح کہتا ہے جو   وہ ہے بالکل سَر پھرا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿20﴾ چشمِ رحمت کی طالب گاری میں ہیں   بندگانِ غم زدہ یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿21﴾ اُس سے راضی ہو نہیں سکتا خدا   دُور جو تم سے ہُوا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿22﴾ مَر کے بھی زندہ ہے وہ، جو ہوگیا   آپ کی خاطر فنا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿23﴾ ہے گنہ گاروں کو روزِ حشر بھی   آپ ہی کا آسرا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿24﴾ آپ نے ہم جیسے ناکاروں کو بھی   اپنے دامن میں لیا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿25﴾ آپ کے تلوؤں کی تابانی سے ہیں   ماہ و انجم پُر ضیا یا مُصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

(26) سایۂ رحمت سے غم کی دوھوب میں
آپ کی نوری ردا یا مُصطفٰی ﷺ

(27) یہ کلام اللّٰہ سے ثابت ہُوا
آپ ہیں نورِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ

(28) آپ کی آمد سے ارضِ کفر پر
آگیا اک زلزلہ یا مُصطفٰی ﷺ

(29) نعت کہنے میں اگر خامی رہے
بخش دیں میری خطا یا مُصطفٰی ﷺ

(30) گرمیٔ محشر سے بھڑکے ہے بدن
دیجئے ٹھنڈی ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ

(31) عطر افشاں، آپ کی خوشبو سے ہے
آج بھی غارِ حرا یا مُصطفٰی ﷺ

(32) آپ اُس دم سامنے ہوں جس گھڑی
موت سے ہو سامنا یا مُصطفٰی ﷺ

(33) بس وہی گھر شاد ہے آباد ہے
ذکر جس میں آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

(34) بس یہی خواہش ہے مَیں بھی دیکھ لوں
آپ کا گنبد ہرا یا مُصطفٰی ﷺ

(35) ہر مصیبت ٹل گئی اک آن میں
جب عقیدت سے کہا یا مُصطفٰی ﷺ

(36) اِس لیے پکڑا ہے دامن آپ کا
آپ ہیں حق کی رضا یا مُصطفٰی ﷺ

(37) کام لکڑی نے کیا تلوار کا
آپ نے جب چُھولیا یا مُصطفٰی ﷺ

(38) میرے ہونٹوں پر سدا جاری رہے
نام پیارا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

(39) چَل بُلاتے ہیں مدینے میں حضور
مجھ سے یہ کہہ دے صبا یا مُصطفٰی ﷺ

(40) انبیاء و مرسلین میں ہو گیا
آپ کا رتبہ بڑا یا مُصطفٰی ﷺ

(41) فخر ہے ہم کو بہت اس با ت پر
آپ آقا ہم گدا یا مُصطفٰی ﷺ

(42) کام آتے ہیں حُسین ؓ و یا حَسن ؓ
فاطمہ مشکل کشا ؓ یا مُصطفٰی ﷺ

(43) جا نہیں سکتا جہنم میں کبھی
آپ کو جو چاہتا یا مُصطفٰی ﷺ

(44) آپ کی چاہت، جو مرضی آپ کی
ہے وہی رب کی رضا یا مُصطفٰی ﷺ

(45) فضلِ رب ہے حکم سُن کر آپ کا
کلمہ کنکر نے پڑھا یا مُصطفٰی ﷺ

Hazrat Faedi-E-Deccan Library Digitized by eGangotri Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheeth Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿46﴾ آپ کے قدموں میں آکر با ادب پیڑ نے سجدہ کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ اپنے قدموں سے ہمیں کرنا نہ دُور آپ سے ہے التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ اک اشارے پر تمہارے چرخ کا چاند دو ٹکڑے ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ دُور رہ کر آپ کے دربار سے زندگی ہے بے مزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ عرش کے ماتھے پہ بھی موجود ہے پائے انور کی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ دیکھتا ہوں دیدۂ نمناک سے طیبہ جاتا قافلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ اپنے ہر سائل کا رب کے فضل سے تم نے دامن بھر دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ مالک و مولیٰ کو بھی مطلوب ہے بس تمہاری ہی رضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ صبح و شام اپنے لبوں کا ورد ہے مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ جو مرے حق میں بھلا ہو بس وہی دیجئے بہرِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ دو جہاں میں ہم غلاموں کے فقط آپ ہیں حاجت روا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ دُور کردو مشکلیں میری سبھی ہو تم ہی مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ ہر دعا رب نے مری کرلی قبول واسطہ جس دم دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ رب نے فرمایا ہے بارش کا نزول آپ نے جب کی دُعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ آپ کا بیمار ہُوں میں آپ ہی کیجئے میری دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ در بدر بھٹکے گا وہ محشر میں بھی آپ کے در کا پِھرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ آپ کے در پر برستی ہے سدا نور و رحمت کی گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ آگئے فوراً مدد کے واسطے جب لگائی ہے صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ سب رسولانِ خدا ہیں محترم آپ محبوب خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ جو بھی خواہش آپ کے منگتے کی تھی پا گیا اُس سے سِوا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India. Collection: Mohammad Quadri Digitization eGangotri

﴿66﴾ دیجئے مجھ کو اجازت دیجئے   میں پڑھوں صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ نعت کے اشعار فوراً ہوگئے   جب ہُوا اذن و عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ میں بھی جاؤں جب مدینے کو چلے   حاجیوں کا قافلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ آپ کے تلوؤں کے آگے کچھ نہیں   چاند، سورج کی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ آپ سے روشن ہدایت کے چراغ   آپ ہیں نور ہدیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ کردیا سب کچھ عیاں اللّٰہ نے   کچھ نہیں تم سے چُھپا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ میں کروں جب آپ کا ذکرِ جمیل   دل ہُو میرا آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ آپ، کے پیچھے کھڑا ہے، کوئی ہو   مقتدی یا مقتدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ آپ کے دشمن کی خاطر اتری ہے   سورۂ تَبَّتْ یَدَا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ اے مریضو! وردِ لب رکّھا کرو   سَو دواؤں کی دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ وہ گئے ہیں ، آپ بلوائے گئے   آپ کا رتبہ جدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ آپ آئے آپ کی تعظیم میں   خانۂ کعبہ جُھکا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ ربِّ اکبر کی عطا سے ہو گیا   آپ نے جو کہہ دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ اور کوئی دوسرا ملتا نہیں   آپ جیسا رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ اپنے عصیاں پر نگہ پڑتی ہے جب   ہم کو آتی ہے حیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ آرزو یہ ہے مری نسلیں بھی ہوں   آپ ہی کی با وفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ کیجئے ہم بے نواؤں پر کرم   یا شفیع و مرتضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ بخشوا لیجے گا رب سے حشر میں   ہُوں سَراپا پُرخطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ آپ کی آمد پہ ہر شئے نے کہا   مرحبا یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ وہ بھٹک جائے، یہ ممکن ہی نہیں   آپ جس کے رہنما یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheen Hyderabad India / Collection of Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿86﴾ ہے یہ احسانِ خدا ، ہم کو مِلے   آپ جیسے پیشوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ آپ کے لب سے جو جاری ہوگیا   بس وہی ہو کر رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ ہے تمنّا آپ کے دربار کی   دیکھوں شامِ جاں فزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ حرف آخر وہ ہُوا سب کے لئے   آپ نے جو بھی کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ صدقے میں حسنین رضی اللہ عنہما کے ہم کو مِلے   صدقۂ آل عبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ آپ کی عظمت کا جو قائل نہیں   خلد سے ہے لاپتہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ نور سے کرنے چلا ہے ہم سَری   ایک پُتلا خاک کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ نعت لکھنا نعت پڑھنا ہو مرا   عمر بھر کا مشغلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ یہ غریبی یا امیری کچھ نہیں   اذن ہو بس آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ میرا لہجہ چاہتا ہے فیضِ خاص   آپ کے حسّان رضی اللہ عنہ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ آپ جب دیں گے اجازت آنے کی   کون مجھ کو روکے گا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ مجھ کو طیبہ جانے سے غربت مری   روکتی ہے کیوں بھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ ڈوبنا ہے مجھ کو بحرِ نعت میں   فیض ہو بس آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ آپ کی شان آپ کا جاہ و جلال   ذکر سے ہے ماوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ آپ حامی ہیں تو پھر میرے لئے   کیوں ہو کوئی مسئلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ جب مصیبت میں لگائی ہے صدا   کی مدد تم نے سدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ جس گھڑی سورج سَوا نیزے پہ ہو   ہم رہیں زیرِ لِوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ میں غموں میں دوں کسی کو کیوں صدا   آپ ہیں جب غم زدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ آپ کے ، ہوتے ہوئے کونین میں   کیوں رہوں میں غم زدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ پار ہوتا ہے تمہارے فیض سے   زیست کا ہر مرحلہ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheed Quadri Digitization eGangotri

﴿106﴾ رب تعالیٰ نے عطا تم کو کِیا   بے حد اعلیٰ مرتبہ یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿107﴾ آپ کے الطاف سے روشن ہُوا   میری قسمت کا دِیا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿108﴾ میں زہے تقدیر ہوں ادنیٰ سا سگ   آپ کی دہلیز کا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿109﴾ جا رہا ہے شہرِ طیبہ کی طرف   شاعری کا قافلہ یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿110﴾ چشمِ رحمت کی عطائے خاص سے   پار دریا کرلیا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿111﴾ آپ نے منزل عطا کردی مجھے   اب بھلا کیا سوچنا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿112﴾ کھوگیا میں نعت کے اشعار میں   رنگ جب مجھ پر چڑھا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿113﴾ آپ کی رحمت نے دی مجھ کو پناہ   سب نے جب ٹُھکرا دیا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿114﴾ آپ کی اتنی عطا مجھ پر ہوئی   کچھ نہ کچھ بھی گِن سکا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿115﴾ آپ جب بھی مسکرائے رات میں   جیسے دن ہو، یوں لگا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿116﴾ آپ کے مجرم ہیں، ہم کو دیجئے   آپ طیبہ میں سزا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿117﴾ آپ کی عزت پہ ہم قربان ہُوں   دیجئے یہ حوصلہ یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿118﴾ ہم مدینہ جا کے اپنے شہر کا   بھول جائیں راستہ یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿119﴾ ہاں سگِ در ہی بنا لیجے ہمیں   ہے ہماری التجا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿120﴾ کیا سمجھ پائے گا کوئی مرتبہ   ایک خالق کے سِوا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿121﴾ کیجئے امداد، بندہ آپ کا   مشکلوں میں ہے گِھرا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿122﴾ اِس جہان سے لے کے قبر و حشر تک   آپ کا ہے آسرا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿123﴾ ہم کریں تو کیا عجب، کرتا ہے رب   آپ کی مدح و ثنا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿124﴾ ہے کہاں ممکن کہ کر پائیں بھلا   نعت کا ہم حق ادا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿125﴾ آپ کی اولاد نے اپنا لیا   ہے فریدؔی آپ کا یا مُصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

فضلؔ

نام :- حافظ فضل حسین قادری

تخلص :- فضلؔ

ولدیت :- متین عثمانی صاحب

پیدائش :- 15-7-1994- جبلپور

شاعری کا آغاز :- 2018

شرف تلمذ :- محترم اصغرؔ شبنمؔ جبلپوری، اسلم ماجد جبلپوری

تعلیم :- حافظ قرآن - میٹرک

آدھی ملاقات کیلئے :- 1576/1 قاضی محلہ گڑھا ، جبلپور ، 482003 ، مدھیہ پردیش، الھند۔

فون :- +91 7869775520

* * *

﴿1﴾ مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
ہے میرے غم کی دوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ آپ کی گفتار کا یا مُصطفٰی ﷺ
ہر کوئی شیدہ ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ آپ سے کیا ہے چُھپا یا مُصطفٰی ﷺ
ہے عیاں تم پر خدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ ابتداء کی ابتدا یا مُصطفٰی ﷺ
انتہاء کی انتہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ نامِ نامی آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
ہے یہ تعویذِ شفا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad India Digitization eGangotri

﴿6﴾ آپ نے جو کچھ کہا یا مُصطفٰی   اور بس وہ ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿7﴾ آپ ہی کا تذکرہ یا مُصطفٰی   ہے ہمارا مشغلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ میں سوالی آپ کا یا مُصطفٰی   کیجئے چشمِ عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ روز محشر یوں میری پہچان ہو   میں ہُوں منگتا آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ شہرت و شوکت بھلا کیا چیز ہیں   کردوں جان و دل فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ خالی دامن ہے مرا بھر دیجئے   سَرورِ ہر دوسَرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ ہولبوں پرآپ کی جب نعتِ پاک   مجھ کو تب آئے قضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ آپ کی کیا شان ہے کیا جانیں ہم   جانے بس رب العُلیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ آپ کے بِن اب کہیں لگتا نہیں
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ منتظر ہیں ہم کو بھی اب دیجئے   صدقۂ کرب و بلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ کیجئے اپنی غلامی میں قبول   ہُوں گدا حَسنین رضی اللہ عنہما کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ آپ کو یٰسٓ و طٰہٰ رب کہا   رب ہی جانے مرتبہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ دین وایماں ہی نہیں، رب بھی ملا   آپ سے سب کچھ مِلایا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ بس اسی میں وارے نیارے ہوگئے   آپ نے جتنا دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ ورد میرا نامِ نامی آپ کا   ہر گھڑی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ ہے تمنّا میں کروں دیدار اب   آپ کے دربار کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ فرش کیا ہے لامکاں تک دیکھئے   آپ کا ڈنکا بجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ ثانی مل سکتا نہیں کونین میں   آپ کے کِردار کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ نامِ نامی کی تمہارے شان ہے   دافعِ جملہ بلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿25﴾ آپ کے مولیٰ نے بس اِک آپ کو   رحمتِ عالم کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿26﴾ مانگنے آیا جو کوئی آپ سے   اس کا دامن بھر گیا یا **مُصطفٰی** ﷺ

﴿27﴾ لاج رکھ لینا سرِ محشر مری   شافعِ روزِ جزا یا **مُصطفٰی** ﷺ

﴿28﴾ ہاں یہی قرآن کی تفسیر ہے   آپ کی اِک اِک ادا یا **مُصطفٰی** ﷺ

﴿29﴾ ہے تصوّر میں تمہارا حُسنِ پاک   پڑھ رہا ہوں والضُحٰی یا **مُصطفٰی** ﷺ

﴿30﴾ زندگی میں قبر میں پھر حشر میں   آپ کا ہے آسرا یا **مُصطفٰی** ﷺ

﴿31﴾ درد کے مارے و طیبہ کو گئے   مل گئی سب کو شفا یا **مُصطفٰی** ﷺ

﴿32﴾ زندگی میں کم سے کم اِک بار ہی   دیکھ لوں در آپ کا یا **مُصطفٰی** ﷺ

﴿33﴾ ہے وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکرَکُ کی دھوم   ہے یہ قرآں میں لکھا یا **مُصطفٰی** ﷺ

﴿34﴾ اہل محشر دنگ تھے جب یہ سنا   سارے نبیوں کی صدا یا **مُصطفٰی** ﷺ

﴿35﴾ مائیں خوش ہیں بیٹیاں دلہن بنیں   ٹل گئی سَر سے بلا یا **مُصطفٰی** ﷺ

﴿35﴾ عرش پر ظاہر ہُوا ہے مرتبہ   آپ کی نعلین کا یا **مُصطفٰی** ﷺ

﴿37﴾ آدمی ہو کر نہ کلمہ پڑھ سکے   کنکروں نے پڑھ لیا یا **مُصطفٰی** ﷺ

﴿38﴾ مل گئی منزل اُسے جو ہو گیا   عشق میں تمرے فنا یا **مُصطفٰی** ﷺ

﴿39﴾ نور والے آپ ہیں اور آپ کا   سب گھرانہ نور کا یا **مُصطفٰی** ﷺ

﴿40﴾ رب نے بھی کعبے کو قبلہ کردیا   آپ نے جب کہہ دیا یا **مُصطفٰی** ﷺ

﴿41﴾ آپ نے اپنی زباں سے جو کہا   وہ خدا کا فیصلہ یا **مُصطفٰی** ﷺ

﴿42﴾ نور ہو تم نور ہو تم نور ہو   ہے یہی ایماں مرا یا **مُصطفٰی** ﷺ

﴿43﴾ جس کو کھا کر پل رہی ہے کائنات   ہے وہ صدقہ آپ کا یا **مُصطفٰی** ﷺ

﴿44﴾ چوم لے جو خاکِ پا حَسنین رضی اللہ عنہما کی   جنّتی وہ ہوگیا یا **مُصطفٰی** ﷺ

﴿45﴾ بیٹھنا وہ آپ کے روضے کے پاس   یاد آتا ہے سدا یا **مُصطفٰی** ﷺ

﴿46﴾ مرتبہ، پڑھ پڑھ کے نعتیں بڑھ گیا　　زرّۂ ناچیز کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ نعت لکھتے لکھتے آقا آپ کی　　ہوگیا میرا بھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ بازی کنکر لے گئے کلمہ پڑھا　　بے وقوف اکڑا رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ آپ کا دیدار ہو آقا نصیب　　آئے مجھ کو جب قضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ آپ کی نعلین کو سَر پر سبھی　　تاجداروں نے رکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ ہم مریضوں کے لئے ہے بس اک دوا　　خاکِ پائے مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ سارے عالم کے حَسیں نظّاروں میں　　شور ہے صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ گلشنِ طیبہ کی لگتی ہے ہَوا　　چھرہ ہر اک کِھل گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ آپ کی آمد سے ہی ظاہر ہُوا　　بیٹیوں کا مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ میرے سجدوں کا ٹھکانہ با لیقیں　　آپ کا ہے نقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ جس کو یٰسٓ اور طٰہٰ رب کہے　　اب یہاں کیا تبصرہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ اپنے قدموں میں بُلا لیجے حضور　　ہے مری یہ التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ طیبہ پہنچے نعت پڑھ لی مِل گیا　　ساری محنت کا صلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ نعت لکھنا اور پڑھنا رات دِن　　ہے یہ میرا مشغلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ ہوگیا شہرہ جو میرا ہر جگہ　　نعت کا صدقہ ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ رند سارے کہ اُٹھے' در آپ کا　　مئے کدوں کا مئے کدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ آپ ہیں نوری' تو نسلِ پاک میں　　نور کا ہے سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ سوچتا ہوں جاؤں گا طیبہ کبھی　　دیکھ کر ہر قافلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ یہ مری پہچان مجھ کو ہے بہت　　میں ثنا خواں آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ نوری قدموں تک نہ پہونچا آپ کے　　کیا کہوں سَر کو بھلا یا مُصطفٰی ﷺ

(66) میرا طیبہ سے بلاوا ہوگا کب تک رہا ہوں راستہ یا مُصطفٰی ﷺ

(67) اک کِرن طیبہ سے پھوٹی تھی فقط اُس کی ہر سُو ہے ضیا یا مُصطفٰی ﷺ

(68) جو مٹانے آیا دینِ پاک کو وہ جہاں سے مٹ گیا یا مُصطفٰی ﷺ

(69) آپ کی چوکھٹ ہمیں کیا مل گئی باب جنّت مل گیا یا مُصطفٰی ﷺ

(70) تھوڑا سا نعلین کا صدقہ ملا اور نسلوں تک چلا یا مُصطفٰی ﷺ

(71) گنبد خضریٰ کی جب آتی ہے یاد دل تڑپتا ہے مرا یا مُصطفٰی ﷺ

(72) برکتیں قدموں کی یثرب کو مِلیں وہ مدینہ ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ

(73) گنبد و مینار کا محراب کا کیسا نوری ہے سما یا مُصطفٰی ﷺ

(74) راحتِ ذہن و نظر بھی آپ ہو آپ دل کا مدّعا یا مُصطفٰی ﷺ

(75) قبر سے خود چل دئے منکر نکیر جب زباں نے کہ دِیا یا مُصطفٰی ﷺ

(76) ڈوبا سورج آپ نے پلٹا دیا چاند دو ٹکڑے کِیا یا مُصطفٰی ﷺ

(77) گنبدِ خضرا دکھائیں بار بار آپ سے ہے التجا یا مُصطفٰی ﷺ

(78) جو ہُوا منکِر تمہاری شان کا وہ جہنّم میں گیا یا مُصطفٰی ﷺ

(79) یُوں تو لاکھوں ہیں مؤذّن پر بلال ؓ پھر نہ کوئی ہو سکا یا مُصطفٰی ﷺ

(80) سادگی اخلاق میں ہے آپ کے ساری دنیا ہے فدا یا مُصطفٰی ﷺ

(81) ایک قطرہ ہی دیا تھا بس مجھے میں سمندر ہو گیا یا مُصطفٰی ﷺ

(82) ڈھونڈھنے والوں نے ڈھونڈھا ہر جگہ مل سکا نہ آپ سا یا مُصطفٰی ﷺ

(83) بعدِ پردہ سُن رہے فریاد کو آپ کا یہ معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ

(84) جس نے رکّھا آپ کے قدموں میں سَر وہ ہی اونچا ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ

(85) ظلمتیں ساری چھٹیں اور دہر میں آپ کی پھیلی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿86﴾ آپ نے اپنا بنایا ہے مجھے   کیا میں مانگوں اب بھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿87﴾ محوِ حیرت ہوش والے ہوگئے   جب میں دیوانہ ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿88﴾ آپ سے خیرات پایا ہر حَسیں   حُسن کی تم ابتدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿89﴾ بیٹیوں کی شان دوبالا ہوئی   جب ہوئے تم رونما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿90﴾ ہوگیا توحید کا متوالا وہ   آپ کو جس نے سُنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿91﴾ نعت لکّھوں میں‘ مرے بس میں نہیں   آپ کی ہے سب عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿92﴾ آپ کے روضہ کا ہر محرابِ پاک   خلد کا ہے راستہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿93﴾ جھک گئے قدموں پہ آکر خود شَجَر   آپ نے جب دی صدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿94﴾ کہہ دیا ہم نے علی الاعلان ہے   جو مِلا تم سے مِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿95﴾ آپ نے میرا بھی دامن بھر دِیا   میں یہ سب سے کہہ رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿96﴾ آپ ہی ہیں قاسمِ نعمت حضور   آپ نے ہی سب دِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿97﴾ شمّعِ الفت بُجھا سکتا نہیں   آندھیوں کا دبدبہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿98﴾ کیسے اندازہ لگائیں ماہریں   آپ کی رفتار کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿99﴾ غم نہیں ہے آج بھی مجھ کو کوئی   ورد ہے صبح و مسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿100﴾ مجھ کو بھی اب حاضری کا ہو شَرَف   اے حبیبِ کبریا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿101﴾ بول بالا اس کا ہر سو ہوگیا   جو ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿102﴾ آپ کی پیاری تبسم دیکھ کر   گل نے سیکھی ہے ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿103﴾ ہند میں خواجہ پِیا کے ہاتھ سے   فیض تمرا بَٹ رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿104﴾ شمس پلٹا چاند ٹکڑے ہوگیا   کیا اشارہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿105﴾ ظالِموں سے ہند کو دیجے نجات   ہے یہ ہماری التجا یا مُصطِفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿106﴾ مل گئی اُس کو حیاتِ جاوِداں   آپ پر جو بھی مٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ بیٹیاں تم نے بچائیں یا نبی   کون تھا انکا سگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ ہند پر ابر کرم برسائیے   جل رہا ہے دل میرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ ہم گنہگاروں کی رکھنا آبرو   شافعِ روزِ جزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ کیجئے آسان' طیبہ آؤں میں   پُر خطر ہے راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ چھوڑ کر طیبہ نہ ہر گز جاؤں گا   کرلیا ہُوں فیصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ آپ کی تعریف انساں کیا کرے   یہ تو قرآں کررہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ اس برس بھی قافلے طیبہ گئے   میں کھڑا روتا رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ ہوگئی طیبہ میں میری حاضری   مجھ کو سب کچھ مل گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ یہ بڑا احسان ہے انعام ہے   آپ نے ہم کو چُنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ لائے ہیں تشریف آقا سب کہو   مرحبا صلِّ علٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ بخشوا لینا ہمیں محشر کے دن   ہے سہارا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ آگئی جشن ولادت کی گھڑی   پھر یہ مہکی ہے فَضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ بارہویں تاریخ آئی آپ کی   میں نے پھر گھر کو سجایا مُصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ سوچتا تھا کب بُلائیں گے مجھے   آج وہ دن آگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ اپنے قدموں میں بلا لیجئے حضور   ہے یہ میری التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ میں مدینہ آگیا ہوں بھیج دو   اب یہاں سے کربلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ آپ سے ہے چاند تاروں میں ضیاء   فضلؔ بھی چمکے ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ صدقۂ شبّیر کی ہے بس تڑپ   فضلؔ کو کردو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ فضلؔ کو طیبہ میں مل جائے جگہ   سیّدی خیرالوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ

فیروزؔ

نام :- فیروز اختر

تخلص :- فیروزؔ

ولدیت :- محمد بشیر صاحب

پیدائش :- 25/دسمبر 1958 ۔ فیض آباد

شرف تلمذ :- محترم جناب حامیؔ گورکھپوری صاحب

تصنیفات :-(۱) غواصی قریشی فن اور شخصیت 1984
(۲) پرندے آسمان پہچانتے ہیں 2010
(۳) چلو اسکول چلتے ہیں۔ 2018

آدھی ملاقات کیلئے :- 11/1 مدار تلہ لین (فیل خانہ)، ہوڑہ ، 711101 ، مغربی بنگال، الھند

فون - + 91 9143879066 / 8981667055

* * *

﴿1﴾ ہر مرض کی ہے دوا یا مُصطفٰی ﷺ
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ دیکھ لوں نوری فضا یا مُصطفٰی ﷺ
وہ مدینے کی ہوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ دہر میں وہ ہو گیا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ نے جو بھی کہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ تاب، حُسنِ پاک کی جو لے سکے
ہے کہاں وہ آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ بے کسوں کے چہروں پہ مسکان ہے
آپ آئے مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ رحمتیں ہم پر ہوئیں اللہ کی   ہم نے جس دم بھی کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ میرے ہونٹوں نے پکارا آپ کو   درد جب حد سے بڑھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ آپ کی نظرِ عنایت کے طفیل   بند دروازہ کُھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ وہ خدا کا ہی ہوا اس دہر میں   جو تمہارا ہو گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ آپ آئے جب تصور میں مرے   جگ مگایا دل مرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ اونٹ سجدے میں گرے تعظیم میں   اور شجر کہنے لگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ زخم کھا کر بھی دعا دیتے رہے   آپ ہیں سب سے جدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ عرش پہ پہنے گئے نعلین آپ   کتنا اعلیٰ مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ اک اشارے سے قمر شق ہوگیا   اور سورج آگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ آپ کی مٹّی سے بر تر وہ نہیں   آگ، پانی، اور ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ آپ کی باتوں پہ صدقے جاؤں میں   جو کہا وہ ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ انگلیوں سے پانی جاری ہوگیا   آپ کا ہے معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ اس کی قسمت اوج پر ہونے لگی   طیبہ میں جو بس گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ نور سے روشن ہُوا چہرہ مرا   جب مرے دل نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ آپ ہی ہیں وجہ تخلیق جہاں   دو جہاں ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ کعبہ روشن ہوگیا جب آئے آپ   کفر رونے لگ گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ فرش پر سب انبیاء صف بستہ تھے   عرش پر گونجی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ عاصیوں کے سب گُنہ کو ڈھانک لے   آپ کی کالی ردا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ آپ نے ہم کو دکھایا دہر میں   سیدھا سچّا راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ میرے لب پر آپ کا نامِ حَسیں   جاری ہو صُبح مسا یا مُصطفٰی ﷺ

«26» آپ کے اقوال نے حل کردیا کائناتی مسئلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«27» میں ہوں مفلس جاؤں طیبہ شان سے حکم ہو گر آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«28» آپ کے منکر کو دیکھوں جب کبھی خون میرا کَھولتا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«29» عاشقِ صادق ہوئے ہیں بے شمار ہند کے سب اولیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«30» مشکلیں اس کی بنی آسانیاں جس نے بھی دل سے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«31» آپ کے باعث معطّر ہوگیا ایک پَل میں راستہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«32» اک اشارا آپ کا تھا اور پھر چاند ٹکڑے ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«33» اونٹنی میں آگئی طاقت بہت جب حلیمہ نے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«34» مفلس و نادار ہُوں میں شاہِ دیں طیبہ آؤں کس طرحؔ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«35» حاجیوں کا قافلہ جانے لگا دل ہمارا رو رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«36» آپ کی نظرِ کرم درکار ہے دیکھ لوں گنبدا ہرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«37» طیبہ جانے والے سارے جا چکے دل میں اک طوفاں اٹھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«38» حضرت جابر تھے کتنے پُر سکوں سب نے کھانا کھا لیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«39» آپ کے اسمِ گرامی کے طفیل قرض سب عنقا ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«40» روشنی کی بھیک مل جائے مجھے دیکھ لوں غارِ حِرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«41» لات و عزّیٰ گر گئے سب منہ کے بل آپ کا تھا معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«42» آپ چاہیں تو ہوں روشن میرے دن چھائی ہے کالی گھٹا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«43» وہ اَمَر ہوتا گیا اس دہر میں آپ پر جو مر مٹا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«44» آپ کے صدیق اکبر رضی اللہ عنہ بے مثال ہیں عمر رضی اللہ عنہ بھی باوفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«45» ذکرِ عثمان رضی اللہ عنہ وعلی رضی اللہ عنہ کرتے ہیں ہم ہیں وہ دنوں با صفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India / Collection of Peer Sahib Qudara Digitization eGangotri

﴿46﴾ آپ کی عظمت پہ صدقے جاؤں میں   انبیاء کی ہے دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ خاکساری آپ کی بے مثل ہے   بوریہ مسند بنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ حاجیوں کے قافلے کو دیکھ کر   دل مرا رونے لگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ صدقہ مل جائے شہا گر نور کا   دُور ہو کالی گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ رحم اس پر ہو خدا کا بالیقیں   جو بھی دل سے بولتا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ مشکلیں جب بھی پڑی ہیں شاہِ دیں   میں تو بس رٹنے لگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ آپ کی جس دم نظر مجھ پر ہوئی   مصرع میں نے لکھ دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ اپنی اُمّت کے ہیں ضامن آپ ہی   آپ ہیں خیرالوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ آپ کے ہی اسمِ آعظم سے ٹَلے   ہر بلا ہر سانحہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ آپ آئے تو زمیں روشن ہوئی   آسماں بھی سج گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ جب پڑھا کنکر نے کلمہ آپ کا   بُو جہل حیراں ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ آپ کے در سے ہوئے سب فیض یاب   منگتا کب واپس گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ منتظر آنکھیں مری طیبہ کی ہیں   دل دیوانہ ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ آپ نے جو بھی لکھایا شاہِ دیں   میں نے بس وہ لکھ دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ میں ہُوں فنِّ شاعری سے نا بلد   فکر ہو مجھ کو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ ذہنی یکسوئی عطا کردیجئے   ذہن ہے بکھرا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ لب پہ گر ہو آپ کا نامِ حَسیں   دُور ہوگی ہر بلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ آپ کے قدم مبارک کے طفیل   پھول صحرا میں کِھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ چہرۂ نوری جو دیکھا رات میں   چاند بھی شرما گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ ہو تصوّر میں شہا بس آپ ہی   آئے جب میری قضا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿66﴾ آپ کی توصیف لکھی اور پھر   ہو گیا میں کام کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ قبر میں بھی روشنی ہو گی سند   جس کے لب پے ہو صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ وہ ہمارا ہو نہیں سکتا کبھی   جو نہیں ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ مشعلِ راہِ شریعت بن گئی   آپ کی ہر اک ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ آپ کی یادِ مقدّس موجزن   دل میں ہے روشن دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ کیسی ہیں، یہ جان لیں آنکھیں مری   طیبہ کی روشن فضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ نوری پیکر آپ کا موجود تھا   رب نے جس دم کُن کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ اب تڑپتا چھوڑ دو اے غمزدو   دل کے غم کی ہیں دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ دل کی نرمی آپ کی ظاہر ہوئی   جب کوئی رونے لگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ کرتا رہتا ہے ہماری رہبری   آپ کا ہی نقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ کون ہے جگ میں حبیبِ کبریا   کہدیا یہ برملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ روشنی دونوں جہاں پہ چھا گئی   آپ کا ہے معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ قتل کرنے آئے تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ   وہ ہوئے شیدا فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ آپ کی رفعت کا اندازا ہوا   میں نے جب کلمہ پڑھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ سخت پتھر بن گیا پارس صفت   آپ سے جو مَس ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ وہ سدا کہلائے جگ میں بوتراب   آپ نے جن کو کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ سجدے رب کے اور تمہارے تذکرے   اور یہی ہو رتجگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ میرا کچھ بھی تم سے پوشیدہ نہیں   ہو عطا کالی ردا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ بن گئیں اُس کی محافظ موجیں خود   جس پہ تھا لکھا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ روشنی کی کرنیں تھیں مجھ پر نثار   جس گھڑی میں نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿86﴾ دیکھا تھا یہ حضرتِ داودؑ نے   پتّوں پے لکھا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ نعت لکھنے کی سکت کیجے عطا   شاہِ دیں نورِ ہُدیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ شاہِ دیں وردِ دُرود پاک سے   دل تر و تازہ ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ میں دُرورِ پاک بھیجوں آپ پر   ہو مرا یہ مشغلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ یا محمد ﷺ لب پہ ہو جاری مرے   بس کہوں میں بارہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ آپ کا دیدار ہوجائے مجھے   ہے یہی میری دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ آنکھ میری دیکھ لے طیبہ حَسین   دل مِرا ہو پارسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ دن منوّر رات روشن اُس کی ہو   جو کہے ہر دم سدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ ہے یقیں کہ آپ سنتے ہیں سدا   دل نے دی جب بھی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ آپ کا جس پر کرم ہوجائے گا   دُور ہو ہر اک بلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ آپ ہیں اللہ کے محبوبِ خاص   آپ پر ہے جاں فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ آپ کی توصیف مَیں بھی کر سکوں   ہو عطا طرز ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ آپ کی نوری نظر گر ہو شہا   غم سے ہوجاؤں رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ آپ کا عاشق ہُوا جو دہر میں   چہرہ روشن ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ آپ کا احسان سب پر ہے قسیم   آپ نے سب کو دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ آپ کی آمد ہوئی جب دہر میں   ہر بشر کہنے لگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ سب برابر آپ کی نظروں میں ہیں   کوئی چھوٹا نہ بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿1033﴾ حل ہُوا وردِ دُرودِ پاک سے   مسئلہ گر آن پڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ آپ کے کردار نے ائے شاہِ دیں   دین کو پھیلا دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ ہے جھجھک آجائیے میرے حبیب   عرش پر گونجی صدا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheen Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿106﴾ آپ جس رستے سے گذرے ہوگیا　　خوشبو خوشبو راستہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿107﴾ آپ کی توصیف کے نزدیک بھی　　پہونچے کیا فِکر رسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿108﴾ ہے یہ خواہش کہ سدا کہلاؤں میں　　آپ کے در کا گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿109﴾ آپ کی نظرِ عنایت کے طفیل　　دیکھ لوں در آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿110﴾ رات میری نور والی ہوگئی　　پڑھتے پڑھتے سو گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿111﴾ تین سو تیرہ کے تھے سردار آپ　　تھا غضب کا معرکہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿112﴾ ذکر ہم کرتے رہیں بس ایک نام　　ذکر ہو صُبح مسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿113﴾ آپ جب آئے تصوّر میں مرے　　جگ مگایا دل مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿114﴾ یہ کہا جبریل علیہ السلام نے اب جائیں آپ　　پَر مرا جل جائے گا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿115﴾ آپ ہی کے نام نے کم کردیا　　درد جب حد سے بڑھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿116﴾ آپ کا جلوہ تصوّر میں دکھا　　دل کا در جب وا ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿117﴾ ابنِ حیدر اور کربل کی زمیں　　اک قیامت تھی بپا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿118﴾ آپ کا ہو نام میرے ہونٹوں پر　　آئے جب میری قضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿119﴾ آپ کی آمد پہ صدقے جائیں سب　　مرحبا صد مرحبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿120﴾ کُفر کے قلعے ہلے بُت گر گئے　　کعبہ روشن ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿121﴾ اس کی قسمت اوج پر ہونے لگی　　آپ کا صدقہ ملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿122﴾ آپ کے دشمنی بھی صادق ہی کہے　　کتنا اعلیٰ مرتبہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿123﴾ اک نظر کا آپ کی محتاج ہے　　ایک شاعر بے نوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿124﴾ ادنیٰ شاعر بے نوا فیرؔوز ہے　　آپ کی اعلیٰ ثنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿125﴾ میری کیا ہے حیثیت فیرؔوز کہ　　میں لکھوں نعتِ شہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

فیضؔ

نام :- ابوالفیض
قلمی نام :- عبدالفائز ہاشمی
تخلص :- ادبی فیضؔ
مزاحیہ نٹ کھٹؔ عظیم آبادی
پیدائش :- 1952 ء پٹنہ میں ہوئی۔
ولدیت :- سیدابوالوفامرحوم
تعلیم :- میٹرک(1965ء)۔بی۔اے
شرف تلمذ :- سیدشاہ فریدالحق عمادیؒ، رضانقوی واہیؔ
شاعری کا آغاز:- 1971ء
تصانیف :- (1)کشتِ زعفران(2009ء) (2)لام قاف(2011ء)
(3)پوسٹ مارٹم کے بعد(2016ء)(4)شرارت(2017ء)انشائیوں کے مجموعہ

آدھی ملاقات کیلئے:-
SABIHA MANZIL, PABRA ROAD, ALGADEH, P.O. PELAWAL
HAZARIBAGH - 825319 (JHARKHAND)
فون۔ 9123252575_9431647962

* * *

﴿1﴾ جب پڑھا صلِّ علٰی یا مُصطفٰیﷺ
دل مرا روشن ہُوا یا مُصطفٰیﷺ

﴿2﴾ جب زمیں پر آپ کے آئے قدم
کوبہ کو سبزہ اگا یا مُصطفٰیﷺ

﴿3﴾ ہوگئی گلزار ساری یہ زمیں
باغ میں غنچہ کھلایا مُصطفٰیﷺ

﴿4﴾ چہچہا اٹھے پرندے شاخ پر
جھوم اُٹھی یہ فضایا مُصطفٰیﷺ

﴿5﴾ طائرانِ خوش نوانے جھوم کر
گیت گایا برملایا مُصطفٰیﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moin Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ آپ کے آتے ہی صحرائے عرب   ایک نخلستاں ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ لہلہا اٹھیں وہاں کی کھیتیاں   خوب ہی غلہ اُگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ چاند بھی ہے ماند صورت دیکھ کر   آپ ہیں بدرالدجیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ دیکھ کر خورشیدِ تاباں ہے خجل   آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ نور سے دنیا منور ہوگئی   مرحبا صد مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ آپ آئے تو اندھیرا مٹ گیا   دہر روشن ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ دین کا پھیلا اجالا آپ سے   مرحبا نورالھدیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ بجھ گئی آتش کدے کی آگ بھی   دین زَرتُشتِی مٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ لات وعُزّٰی اور ہُبَل اوندھے گرے   شور مکے سے اٹھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ آپ جب آئے جہاں میں دین کا   ہر طرف ڈنکا بجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ کہہ اٹھے جن و ملک بھی جھوم کر
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ آمنہ رضی اللہ عنہا کے لال کو لے اونٹنی   یوں چلی جیسے صبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ بانجھ بکری کے بھی تھن میں دیکھئے   دودھ یکسر بھر گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ دشمنی تھی جو قبائل میں قدیم   تصفیہ ان کا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ آپ کی آمد پہ دشت و بحر و بر   کِھل اٹھے مثلِ حنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ سارے عالم میں خوشی سی چھاگئی   کیا کہیں کیا کیا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ رب کا ہم پر یہ بڑا احسان ہے   آپ ، سا ہادی ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ مومنوں پر فرض ہے بھیجیں دُرود   آپ کے اوپر سدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ ہر پریشانی کا حل وردِ دُرود   ہر مرض کی ہے دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ ہو وظیفہ روز و شب شام و سحر   سَلِّمُوا ، صلِّ علی یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Hyderabad Digitization eGangotri

«26» راستہ سیدھا دکھایا آپ نے   آپ ہی قبلہ نما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«27» ہے یہی ایمان میرا دوستو   بعد از نورِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«28» آپ سے بڑھ کر نہیں کوئی بشر   آپ ہیں خیرالوریٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«29» آپ نبیوں میں بھی ہیں افضل تریں   آپ میرِ انبیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«30» حور بھی حیرت زدہ ہیں دیکھ کر   آپ کی زلفِ دوتا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«31» دیکھ زلفیں ' پانی پانی ہوگئی   شرم سے کالی گھٹا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«32» ہے پسینے کی مہک بھی عطر بیز   مشک و عنبر سے سوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«33» دیکھ کر دشمن بھی صورت آپ کی   آپ کے تابع ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«34» آپ کے اخلاقِ حسنہ کا اثر   دشمنوں پر بھی ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«35» ہے کریمی آپ کی کہہ کر' دیا   حق میں دشمن کے دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«36» غم گساری ہے کس و مسکین کی   آپ ہی کا قاعدہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«37» خوش خصالی دیکھ' گرویدہ ہُوا   سارا عالم آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«38» چاند تارے آپ کے اوپر نثار   اور سورج بھی فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«39» راستے پر آپ کے ہر اک شجر   سرنگوں ہونے لگا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«40» آپ کی انگلی شہادت کی اٹھی   چاند دو ٹکڑے ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«41» کہہ اٹھے سب دیکھ کر شق القمر   آپ ہیں معجز نما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«42» بند مُٹّھی میں بھی کنکریوں نے سب   آپ کا کلمہ پڑھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«43» ہوگئی آدم علیہ السلام کی توبہ بھی قبول   لب سے جوں ہی کہہ دِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«44» رب نے ہی قرآں اتارا آپ پر   روح کی ہے جو غذا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«45» تھوڑا تھوڑا کرکے قرآنِ مبیں   آپ پر نازل ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿46﴾ پہلی آیت "اقرباسم" کا امیں بن گیا غارِ حرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ ایک شب آکر یہ بولے جبرئیل علیہ السلام مژدہ ہے معراج کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ پھر بٹھایا آپ کو برّاق پر سوئے منزل جو چلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ رک کے سدرہ پرکہا پھر آپ سے ہے مری یہ منتہیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ پنجگانہ کا شبِ معراج میں آپ کو تحفہ ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ آپ کے ہی دم سے تو انسان پر رازِ سر بستہ کُھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ آپ ہی کی رہبری کے فیض سے دینِ حق غالب ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ کعبے میں جب آپ داخل ہوگئے پاک وہ قبلہ ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ ظلمتیں کفر و ضلالت کی مٹیں آپ ہیں نورالھدیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ قیصرو کسری جہاں سے مٹ گئے دینِ حق باقی رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ ہے نہیں ہرگز یہاں کونین میں کوئی ثانی آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ رحمۃ للعالمیں ہیں آپ ہی یہ لقب ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ آپ ہیں شاہِ امم‘ختم الرسل اور امام الانبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ سارے عالم کے لئے خیرالبشر آپ احمد مجتبیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ آپ سے بڑھ کر جہاں میں کون ہے پیکرِ صبر و رضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ سب سے پیارے ہیں خداکے آپ ہی آپ محبوبِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ خاص ہے حق کی نوازش آپ پر کر دیا کوثر عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ سارے عالم کے لئے رحمت ہیں آپ کون ہے اب آپ سا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ ہیں مدینے کی بھی گلیاں محترم نقشِ پا واں آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ آپ کو غصہ کبھی آیا نہیں کب ہوئے کس پر خفا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿66﴾ آپ کے لب پر تبسم کی لکیر　　سب ہوئے جس پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ حسنِ یوسف علیہ السلام کی توشہرت ہے بہت　　پروہ پَرتَو آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ چھوڑ کر در آپ کا جائیں کہاں　　ہیں اسی در کے گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ مل ہی جاتی ہے دلِ بیمار کو　　آپ کے در سے شفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ کتنی تعریفیں گِنوں میں آپ کی　　گنتے گنتے تھک گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ آپ کی توصیف انساں کیا کرے　　مدح خواں ہے خود خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ سب سے پیارا رب کا ہے بندہ وہی　　آپ پر جو مرمٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ اپنی قسمت پر مجھے تو ناز ہے　　امّتی ہُوں آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ آل میں شامل ہوں میں بھی آپ کی　　سلسلہ در سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ میری جانب جب اٹھی نظرِ کرم　　میں گناہوں سے بچا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ خواب میں بھی آپ کے دیدار کا　　منتظر میں تو رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ امّتی کی روزِ محشر آپ ہی　　بخشوائیں گے خطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ میری کشتی کیوں نہ ہو طوفاں سے پار　　آپ ہیں جب ناخدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ بندۂ عاصی ہُوں پھر بھی روزوشب　　ورد کرتا ہوں سدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ میں بھی کعبے کا کروں دیدار اب　　ہے یہی میری دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ عاصیوں کو حشر میں ہے بے گماں　　آپ ہی کا آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ آپ سے سب کو شفاعت کی امید　　ہو بھلا چاہے برا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ زیرِ سایہ آپ کے سب امتی　　بخشوائیں گے خطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ دیکھتے رہ جائیں گے کفار سب　　ہاتھ مَل کر بارہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ وہ کہیں گے کاش ہم بھی دہر میں　　پڑھتے کلمہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿86﴾ امّتی گر آپ کے ہوتے تو پھر　　ہم نہ پاتے یہ سزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ توبہ ہم اپنے گناہوں کی کریں　　ہو قبول اپنی دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ ہم کریں رب کی عبادت وقت پر　　اور ذِکر کبریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ ہم پہ دنیا ہو نہ حاوی اس قدر　　دین کو ہم دیں بُھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ کام جو بھی ہو ضروری وہ کریں　　ہو نمازیں بھی ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ ہوگا اپنا بھی ٹھکانا خلد میں　　خوش ہو گر ہم سے خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ آپ ہیں محبوبِ رب ذوالجلال　　کیوں نہ ہو پوری رضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ کافروں کے آج ہیں نرغے میں ہم　　المدد یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ بے وطن اپنے وطن میں ہیں مگر　　آپ کا ہے آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ مشکلوں میں ہیں سہارا آپ ہی　　کون ہے اب دُوسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ ختم ہوجائیں گی ساری مشکلیں　　آپ ہیں مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ مشکلیں سب دور ہوتی ہی گئیں　　ذکرِ احمد جب کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ کفر مٹ جائے گا اک دن ہے یقیں　　دیں کی پھیلے گی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ آج کل اک وائرس نے ہے دیا　　پوری دنیا کو ہلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ ہے وبا یہ تو کورونا نام کی　　دور کب ہوگی بَھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ سارا عالم ہے مقید خوف سے　　گھر میں ہی قیدی بنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ ہم پہ اپنا کچھ کرم فرمائیے　　تاکہ مٹ جائے بلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ عاصیوں کی بھی دعا ہووے قبول　　ہے وسیلہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ ہر گھڑی مَیں آپ پر بھیجوں دُرود　　اور پڑھوں صلِّ علٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ عید کتنوں کی مدینہ میں ہوئی　　میں ہی بد قسمت رہا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿106﴾ بندۂ عاصی کو بھی موقع ملے — جانے کو طیبہ ذرا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿107﴾ وقتِ رحلت کلمہ طیب کا ورد — میرے لب سے ہو ادا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿108﴾ قبرمیں جب آپ کا دیدار ہو — لب پہ ہو صلِّ علٰی یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿109﴾ اِس دُرود پاک کے شاید طفیل — بخش ہی دے گا خدا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿110﴾ آپ اب جنت نشیں ہونے کو ہیں — دی فرشتے نے صدا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿111﴾ حکمِ رب سے آپ کو سوئے فلک — پھر فرشتہ لے چلا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿112﴾ مچ گیا کہرام اس دنیا سے جب — آپ نے پردہ کیا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿113﴾ حضرتِ فاروقؓ نے ہو مضطرب — تیغ کو لہرا دِیا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿114﴾ حضرت بوبکرؓ نے آکر انہیں — دھیرے سے ٹھنڈا کِیا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿115﴾ حیدر کرارؓ کی آنکھوں سے بھی — اشک کا دریا بہا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿116﴾ ہیں صحابی جتنے سب مغموم ہیں — حشر جیسے ہو بپا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿117﴾ جب بچھی چادرنہ اس پرآپ کی — غم سے منبر رواُٹھا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿118﴾ عرسِ عبداللہؑ کے موقع پہ جو — بن پڑا وہ کہہ دِیا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿119﴾ آپ کی تعریف اور توصیف میں — ہو قبول اب جو لکھا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿120﴾ میں نہیں حسانؓ لیکن فی البدیہہ — نعت احمد لکھ دیا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿121﴾ نعت کہنا ہے بہت مشکل مگر — مرحلہ یہ سَر کِیا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿122﴾ اس بہانے میری بخشائش بھی ہو — اور جنت ہو عطا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿123﴾ نعت کے اشعار تو ہیں خوب ہی — پر ہے یہ لہجہ نیا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿124﴾ نعت کہنے کی اسی صورت مجھے — ہو سدا ہمت عطا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿125﴾ آپ کی الفت میں اب توفیقؔ کو — نعت کہنا آگیا یا مُصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheed Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

فیضیؔ

نام :- عبدالمجید

قلمی نام :- فیض سمبھل پوری

تخلص :- فیضیؔ

ولدیت :- جناب عبدالواحد صاحب

پیدائش :- 03-01-1940 دلائی پاڑا، سمبھل پور۔

تعلیم :- میٹرک، ادیبِ کامل

شرف تلمذ :- مولانا محمد عبدالحلیم نقشبندی صاحب

شاعری کا آغاز:- 1951ء

مطبوعات :-(1) نذرانہ عقیدت (گلدستہ نعت) (2) ارمغان حرمین شریفین۔

اعزازات :-(1) اوڈیشہ اردو اکاڈمی ایوارڈ۔ (2) فیضانِ ادب ایوارڈ
(3) نجمی اکاڈمی ایوارڈ (4) سواگتیکا ایوارڈ

آدھی ملاقات کے لئے:- 12/106 نیا پاڑا، سمبھلپور (اڈیشہ) 768001
Mobile No. 9778291038

* * *

﴿1﴾ یا حبیب کبریا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم

﴿2﴾ صدقہ اہلِ بیت کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
ہو عطا بہرِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم

﴿3﴾ آپ ہیں کہف الوری یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
آپ ہیں صدر العلی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم

﴿4﴾ آپ ہیں نور الھدی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
آپ ہیں خیر الوری یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم

﴿5﴾ سید السادات ختم المرسلین
یا امام الانبیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Sahib Hyderabad India Collection Digitization eGangotri

﴿6﴾ نورُ مِن نورِ اله العالمین وجہِ خلقِ دوسَرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ ذاتِ اقدس آپ کی خیرالانام برتر از خلقِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ آپ کی امت بھی ہے خیرالاُمم ہے یہ فضلِ کبریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ آپ ہیں خلقت میں سابق یا رسول آپ کا رتبہ بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ آپ ہیں بعثت میں عاقب شاہ دیں سرورِ کل اصفیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ آپ پر تکمیلِ دینِ حق ہوئی آپ ختم الانبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ آپ پر اتمامِ فضل کبریا قاسمِ فضلِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ گنبدِ خضرا مکیں تم پر سلام سائرِ عرش عُلیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ آئینہ دارِ جمالِ کبریا روئے زیبا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ آپ کا ہر قول قولِ ذات رب رہبر راہِ ہدی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ آپ کی معراج‘ معراج عظیم آپ تھے اوربس خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ جنت و دوزخ کا ہر منظر عیاں آپ کی نظروں میں تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ امتِ مرحوم کی محرومیاں دیکھئے بہرِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ ہر طرف یلغارِ اعداء ہے حضور! المدد یا مجتبیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ ملتِ بیضا کی حالت ہے زبوں ہے مدد کی التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ خون ارزاں آپ کی امت کا ہے ظلم کی ہے انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ آپ ہی کا آسرا ہے بس ہمیں ہو فرو جور و جفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ سروری ہے ذاتِ اقدس آپ کی پیکر صدق و صفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ مظہرِ حق آپ سرتا پا حضور نورِ ذات کبریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ ظلمِ بے جا کے ہدف ہیں اہل دیں یک نگاہِ جاں فزا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Feroz Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴾26﴿ خلقتِ کونین کے تم مبتدا   شاہدِ رب العلی یا مُصطفٰی ﷺ
﴾27﴿ منتہاء بابِ نبوت کے تم ہی   پیشوائے اتقیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾28﴿ کشتئ دینِ براہمی کے آپ ہے   گماں ہیں ناخدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾29﴿ آپ سے ہیں استعانت خواہ ہم   المدد بہرِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾30﴿ آپ ہیں ماوی وملجا دین کے   تاجدارا ، خسرَوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾31﴿ المدد عالم پناہا الغیاث   ہم ہیں بے برگ و نوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾32﴿ آشکارا ہے ہمارا حال زار   ہر نظر میں برملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾33﴿ قتل وخوں کادوردورہ ہے حضور   جابجا ہے کربلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾34﴿ ہے مسلماں ہونا بھی گویا خطا   سخت ہے اس کی سزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾35﴿ راس آتی ہی نہیں ہے اب ہمیں   دورِ حاضر کی فَضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾36﴿ بے گناہی کی سزا بس موت ہے   بُھگتیں کب تک ہم سزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾37﴿ سَر بَسر ہے اب ہمارے واسطے   زندگی بھی اک سزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾38﴿ ہے زمیں سخت آسماں بھی دُور ہے   ہو مداوئ درد کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾39﴿ اک اشارہ ہو کہ چھٹ جائے معاً   چھائی ہے غم کی گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾40﴿ اہلِ حق کے واسطے اس دَور میں   نامساعد ہے فَضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾41﴿ دافعِ قحط و وبا ہیں آپ ہی   دور ہو رنج و بلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾42﴿ ہو وفادارانِ امت پر شہا   اک نظر بہرِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾43﴿ ظلم کے ماحول میں اپنے لئے   ہے نہ جینے کا مزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾44﴿ ہم وطن میں ، بے وطن ہیں دیکھئے   اب کہاں جائیں بَھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾45﴿ رونقِ گلش ہمارے خوں سے ہے   کیا مِلا اس کا صلہ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheed Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿46﴾ روز اک حیلہ بہانہ چاہئے   اٹھنے کو فتنہ نیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ بارگاہِ حق تعالی میں قبول   ہو وسیلہ غوثؓ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ بارگاہِ رب میں کیجے باریاب   شافعِ روز جزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ پیشِ رب حق میں ہمارے روز و شب   ہو عَلَم دستِ دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ دیکھئے آقا ہمارا حالِ غم   درد آگئیں ماجرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ کار زارِ زندگانی میں ہمیں   کامرانی ہو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ جب سفر دارالفنا سے ہو شہا   ہو عطا دارالبقا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ کلمۂ توحید و ذکر اتقیاء   ہو زباں پر بارہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ ہو نظر میں منظرِ حق آشکار   آپ ہو جلوہ نما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ خواب میں ہوں جلوہ فرما خسرَوا   مرحبا صد مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ جلوۂ حق سے ہوں ہم بھی آشنا   آپ حق بیں حق نما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ کون ہوتا ہے کسی کا غمگسار   کون ہے درد آشنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ صاحبِ تاج و عَلَم ہیں آپ ہی   دفع کیجے ہر وبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ ساری دنیا پر کرونا کی ہے مار   کیجے اس کا خاتمہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ ہرطرف سے یورشِ اغیار ہے   کون ہے مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ دیکھئے حالِ پریشاں قوم کا   کیجے ساماں امن کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ اس فَضا میں زندگی دشوار ہے   پھیلی زہریلی ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ دہر میں مفقود ہے امن واماں   آشتی کی ہو فَضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ جنگِ عالم گیر کا خطرہ ہے پھر   ہے تقاضا امن کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ موسمِ عالَم بہت مسموم ہے بدلے   موسم کی ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Wahab Hyderabad Digitization eGangotri

﴿66﴾ ہو مواخات ومروّت کا شعار   قومِ مسلم میں سدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ بوبکر فاروق و عثمان و علیؓ   دینِ حق کے پیشوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ جن کا نقشِ پا ہی ہم کو ہے گماں   دے گا منزل کا پتہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ ایک رب ہے، اک نبی اور اک کتاب   کس لئے پھرتفرقہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ واجب التعمیل اہلِ دین پر   اسوۂ پاک آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ رشکِ قیصر، روکشِ خاقان چِیں   آپ کے در کے گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ تیرگی ہو دور اور آگے بڑھے   روشنی کا قافلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ ہوخزاں کافور، رت ہوخوشگوار   ہو بہارِ پُرفَضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ ہو مساوات و اخوّت کو فروغ   عام ہو مہر و وفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ ختم ہو جب دہشت جنگ وجَدَل   امن کی ہوگی فَضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ منتشر شیرازۂ ملت ہے اب   ہے مداویٰ اس کا کیا؟ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ مومنوں میں اتحاد و اتفاق   ہے تقاضا وقت کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ ہے زمین و آسماں کا فاصلہ   حق و باطل میں سَدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ کوئی تو غازی صلاح الدین سا   آئے پھر مردِ وَغا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ کرتے ہیں اک درجے کی تکفیر سب   ہے سبب یہ بغض کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ مٹ چکا اب تو اُخوّت کا چلن   ہے کِسے غم پستی کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ جو قوائے منتشر یک جا کرے   ہے نہ ایسا رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ مومنوں کو متحد جو کرسکے   ہو کوئی مردِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ اختلافاتِ عقائد دُور ہوں   نکلے کوئی راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ اب ظہورِ مہدئ موعودؓ ہو   دَجل کا ہو خاتمہ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Hyderabad India / Collection of Pavan Kumar Quadri Digitization eGangotri

«86» متحد اعداء ہیں ہم ہیں منتشر　　ہے عجب یہ ماجرا یا مُصطفٰی ﷺ
«87» خونِ مومن جابجا ہے دہر میں　　ہر قدم اک کربلا یا مُصطفٰی ﷺ
«88» امن کی صورت نظرآتی نہیں　　ہم پہ ہو فضلِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
«89» امتِ مرحومہ کی خاطر دعا　　مغفرت کی ہو سدا یا مُصطفٰی ﷺ
«90» ذاتِ اقدس صادق الوعد الامیں　　رونقِ عرشِ عُلی یا مُصطفٰی ﷺ
«91» رحمۃ للعالمین نورالحرم　　پیکر جود و سخا یا مُصطفٰی ﷺ
«92» زینتِ لوح و قلم اسم مبیں　　دافعِ رنج و بلا یا مُصطفٰی ﷺ
«93» آپ ہیں قرآن ناطق سَرورا　　مشعل راہ ھدی یا مُصطفٰی ﷺ
«94» مہبط روح الامیں محبوبِ رب　　زینتِ غار حرا یا مُصطفٰی ﷺ
«95» غوث اعظم ؓ کا وسِیلہ ہو عطا　　واسطہ حَسنین ؓ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«96» صاحبِ تاج وعَلَم کہف الوری　　دافعِ قحط و وبا یا مُصطفٰی ﷺ
«97» دشمنِ اسلام و ہندوستان ہے　　چِین کا ہو خاتمہ یا مُصطفٰی ﷺ
«98» چار دانگِ گیتی پہ حاوی ہُوئی　　اب وبائے کرونا یا مُصطفٰی ﷺ
«99» ہیں اطباء دنیا کے اس کھوج میں　　کرونا کی ہو دوا یا مُصطفٰی ﷺ
«100» ہیں نصاری اور یہود اعدائے حق　　کرتے ہیں جوروجفا یا مُصطفٰی ﷺ
«101» ہوتی ہے یلغار سارے دہر میں　　اہلِ حق پر جا بجا یا مُصطفٰی ﷺ
«102» امتیازِ حق و باطل کا شعار　　رفتہ رفتہ مٹ چلا یا مُصطفٰی ﷺ
«103» دردِ دل کا رشتۂ باہم ہو پھر　　قومِ مسلم میں روا یا مُصطفٰی ﷺ
«104» دولتِ دنیا و دیں سے بہرہ ور　　پھر ہمیں کردے خدا یا مُصطفٰی ﷺ
«105» باریابی کی سعادت بارہا　　ہو عطا بہر خدا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India / Collection of Mohammed Qadeer Digitization eGangotri

﴿106﴾ قبلہ اول گو اقصیٰ تھا مگر   بعد ازاں کعبہ ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ کعبے کی تقبیل بھی پیشِ خدا   آپ ہی کی تھی رضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ جو خدائے دو جہاں کی ہے رضا   آپ کی بھی ہے رضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ اولیائے قادریّہ کے طفیل   ہو نظارہ امن کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ رَبِّ هَبْلِیْ اُمَّتِیْ وردِ زباں   تھی سدا پیشِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ خاصۂ خاصانِ ربِّ ذوالمنن   تاجدارِ دوسَرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ سرورِکونین امام القبلتین   سَرگروہِ اصفیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ قادریہ سلسلے کا واسطہ   آپ سے ہے برمَلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ کے عقیدت مندوں کی   ہے ارادت بے ریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ نقش بندی، قادری اور چشتیہ   آپ کا ہر سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ ہے سہروردی بھی منسوب آپ سے   شاہدِ رَبُّ العُلی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ سلسلہ در سلسلہ اہل صفا   آپ کے ہیں باوفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ اصل میں سارے سلاسل ایک ہیں   سب میں رشتہ درد کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ اختلاف ان میں نہ پیدا ہو کبھی   ان میں ہو بس ایکتا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ دل میں مدت سے مرے ارمان ہے   آپ کے دیدار کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ پھر دررحمت پہ مجھ کو آپ کے   باریابی ہو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ ایک سوپچیسواں عرس شریف   شاہ عبداللہ علیہ الرحمۃ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ خیروبرکت کا ذریعہ کیوں نہ ہو   ہے کرم جب آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ ہر محاذِ زندگی میں کامراں   ہوتا ہے مردِ وَغا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ دفع ہو جنگ وجَدَل قحط و وبا   فیضیؔ کی ہے التجا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مخضب ز شعراء

ق

تعداد کلام (1) تعداد اشعار (125)

قیصرؔ

نام :- سید خواجہ اسمٰعیل عینی شاہ

قلمی نام :- اسمٰعیل قیصر

تخلص :- قیصرؔ

ولدیت :- الحاج سید خواجہ معین الدین صاحب

تعلیم :- B.A عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد

پیدائش :- 05-06-1959۔ محبوب نگر

شرف تلمذ :- محترم سلیم عابدی صاحب

آدھی ملاقات کیلئے:-3-11-56 عقب مکہ مسجد ، محبوب نگر ، 509001 ، تلنگانہ اسٹیٹ۔ الھند

فون نمبر۔ 0091-9885154568

* * *

﴿1﴾ پڑھ کے بسم اللہ لکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
شعر میں نے نعتیہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿2﴾ مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لفظ کن سے ابتدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿3﴾ نور اول کونسا؟ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آپ ہی کا بر ملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿4﴾ حق تعالی کب جدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ساتھ ہر شئے کے سدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿5﴾ حق تعالی کا پتہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومنوں کو مل گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Hazrat Haadi-E-Deccan Literary & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheman Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ ہے شریعت کا صلہ یا مُصطفٰی تا قیامت رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ ساری خلقت کو ہُوا یا مُصطفٰی آپ ہی سے فائدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ آپ نورِ کبریا یا مُصطفٰی آپ شاہِ دوسَرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ تم حبیب کبریا یا مُصطفٰی سرورِ کُل انبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ ہم سے حج اس سال کا یا مُصطفٰی کیوں نہیں ہوپائے گا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ اس برس حج ہو ادا یا مُصطفٰی عزمِ پیہم ہے مِرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ عشق احمد میں فنا ہی ہے بقا شیخ سے میں نے سنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ لاج رکھ لیجے مری روزِ جزا جب بھی ہو روزِ جزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ نفسِ امّارہ مرا ہے سرنگوں مطمئنہ ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ پڑھ کے بسم اللہ مجھے احرام بھی باندھنا ہے باندھنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ لذتِ احرام حاصل ہو مجھے التجاء ہے مدعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ میں طوافِ خانۂ کعبہ کروں ہے یہ میری التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ از صفا مروہ تلک کرنا سعی یہ بھی حکم حق سدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ ٹھہرنا عرفات کے میدان میں فرض ہے رب کی عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ کنکری لازم وہاں گن گن کے خود وقت پر ہے ڈھونڈنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ حجراسود چوم لونگا شوق سے ہو مجھے موقع عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ ٹھہرنا ہے حاجیوں کو لازمی شامیانے میں منیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ تین شیطانوں کو ماریں وقت پر قوت بازو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ قابل و مقبول ہوجائے سدا حاجیوں کی ہر دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ حاجیوں کو ہے وقوفِ مزدلف بالیقیں واجب ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿26﴾ نورِ کعبہ کا بیاں ہو مجھ سے کب　جاودانہ برملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ منظرِ کعبہ بہت ہی دلنشیں　پر مسرت ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ خودبہ خود پُھرتی بدن میں آگئی　جب رمل ہونے لگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ روح کی تسکین کا سامان حج　حاجیوں نے کہدیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ زیرلب کعبہ میں بس لبیک ہے　سرنگوں حاجی ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ خواب دیدم خوب دیدم نیک ہو　یا محمد ﷺ مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ ہے مدینے کی ہَوا مہکی ہوئی　کیا سہانی ہے فَضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ دیدنی منظر مدینے کا فقط　جس نے بھی دیکھا، کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ دھوپ کی شدت نہیں طیبہ میں ہے　فضل رب اتنا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ رحمتیں برکات نازل چار سُو　ہیں مدینے میں سدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ دیکھنے طیبہ دوبارہ بالیقیں　دل تڑپتا ہے مرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ گنبدِ خضرا کی رونق دیکھنے　آؤں گا میں بارہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ روضۂ اقدس کی جالی تھام کر　حالِ دل کہنے کھڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ اب کرم کرکے سنا دیجے مجھے　حاضری کا فیصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ مرتبہ سب سے ہے اعلیٰ باخدا　ابتداء سے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ میری قسمت اب جگانے کیجئے　حق میں میرے فیصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ عاصیوں میں نام میرا ہے ابھی　بخشوانا بخشنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ نیک بندوں میں خدا کے بالیقیں　نام آجائے مرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ حاضر و ناظر ہے نورِ مُصطفٰی　ہے عقیدہ یہ مرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ اب عذابِ کبریا دنیا میں ہے　ہے سماجی فاصلہ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿46﴾ جانتا کوئی نہیں دنیا میں ہے   کیوں کورونا آگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ ساری دنیا کو سنبھلنا ہے ابھی   ورنہ خطرہ ہے بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ ہے کورونا یا کہ رب کا ہے غضب   اب نہ دنیا میں دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ اس کورونا کے ضمن میں شاہِ دیں   المدد یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ مومنوں پر ہو کرم کی اک نظر   تب ہی ہوگا فائدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ چارمنزل پانچ راہیں اک مقام   راز ہم پر کھولنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ ہے شریعت لازمی انسان پر   ہے یہ میرا ماننا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ ہے طریقت صاحبِ اخلاق کو   جوسمجھ لے وہ بھلا، یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ اک حقیقت کا ہے رستہ واقعی   میں نے پایا راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ معرفت کا راستہ اخلاص پر   عارفوں کو ہے ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ راہِ وحدت بھی یقینا ایک ہے   وہ مقام اک قرب کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ ذات کی میری ہوئی ہے معرفت   تب پتہ حق کا چلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ ہاتھ آئی اب مجھے توحید ہے   رب ہے یکتا اک پنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ سارے شرکوں سے بچانا ہے مجھے   کام ہے یہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ چارشرکوں کا سبق مجھ کو ملا   غور کرنے آمدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ سب سے اول بالیقیں شرک جلی   اس سے میں نے بچ گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ ایک پھر شرکِ خفی ہے واقعی   چھپ کے رہتا ہے ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ شرک اخفی بھی یقینا ایک ہے   ہے مجھے اس کا پتہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ ایک ہے شرک شہودِ غیرحق   مجھ سے پردہ ہٹ گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ روکتا ایمان سے ہے جب کوئی   مجھ کو اس سے روکنا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohammed Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

«66» نفسِ امارہ ہمارے ساتھ ہے ہم کو بچنا ہے سدا یا مُصطفٰی ﷺ
«67» نفسِ لوامہ سدا غالب رہے ہے یہ میری التجا یا مُصطفٰی ﷺ
«68» ساتھ میرے بھی ہے نفسِ ملھمہ ہے یہ میری اقتضا یا مُصطفٰی ﷺ
«69» بے مثال و باکمال اک نفس ہے مطمئنہ کاملہ یا مُصطفٰی ﷺ
«70» ہے نہیں معبود کوئی بالیقیں صرف اللّٰہ ہے مرا یا مُصطفٰی ﷺ
«71» اب مجھے مقصود کوئی ہے نہیں صرف اللّٰہ کے سوا، یا مُصطفٰی ﷺ
«72» صرف اللّٰہ ہی سدا موجود ہے ہے نہ کوئی ماسوا یا مُصطفٰی ﷺ
«73» بس خدا مشہود ہے مشہود ہے سارے عالم میں سدا یا مُصطفٰی ﷺ
«74» چار ہے تشریک بالکل کفر دو ہے دقائق کاملہ یا مُصطفٰی ﷺ
«75» کفرحق اک، کفر باطل ایک ہے شیخ سے میرے سنا یا مُصطفٰی ﷺ
«76» ایک پردہ ہے انا کا خوب تر میں نے سمجھا حق نما یا مُصطفٰی ﷺ
«77» جب انا کو میں نے پلٹا دیکھ کر پھر نظر آئی انا، یا مُصطفٰی ﷺ
«78» ہے نہیں منطق مگر سمجھا ہوں میں اک انا کا مسئلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«79» شیخ سے معلوم مجھ کو ہوگیا راز اب معلوم کا یا مُصطفٰی ﷺ
«80» نقش وخاکہ علمِ رب میں ہے مرا خوب تر ہے خوشنما یا مُصطفٰی ﷺ
«81» جوعدم میں رب سے اپنی ذات سے جُوں ہی مانگا مل گیا یا مُصطفٰی ﷺ
«82» وقت آیا جب شبِ معراج کا ساتھ ہی خود کبریا یا مُصطفٰی ﷺ
«83» آگئے جبریل علیہ السلام گھر میں آپ کے چومنے تلوہ ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
«84» کُل فلک کی سیر کرنے کے لئے ہوگیا حکم خدا یا مُصطفٰی ﷺ
«85» ابتداء اقصٰی سے جبریل امیں علیہ السلام لے گئے افلاک تا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Mohammed Qadri Hyderabad Digitization eGangotri

﴿86﴾ مُرسلیں افلاک پر کہنے لگے　　مرحبا صد مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ کُل ملائک تھے سفر میں آپ کے　　تھا شہانہ قافلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ حکمِ رب جبریل علیہ السلام کو تھا بالیقیں　　منتہیٰ تک انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ اور آگے خود بہ خود جانے لگے　　آپ کو معلوم تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ کُل عبادت یا خدا تیرے لئے　　آپ نے جب کہہ دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ گفتگو بالکل یہ شانِ کبریا　　آپ نے کی باخدا ' یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ السلامُ یا نبی رب نے کہا　　رحمة اللّٰہِ عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ تب علینا کہہ کے رب سے آپ نے　　یاد ہم کو کرلیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ نیک بندوں کوبھی شامل اک گھڑی　　آپ نے تو کردیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ فرض کل پانچوں نمازیں ہو گئیں　　تحفۂ رب مل گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ وقتِ اسریٰ کبریا کا فاصلہ　　قاب قوسینِ نما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ دیدِ حق از دل نظر سے ظاہری　　بالمشافہ برملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ آسمانوں پر بلانا آپ کو　　خواہشِ رب العلیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ حاملانِ عرش نے کلمہ پڑھا　　یا رسولِ کبریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ عبدِہٖ سے ہوگئی معراج ہے　　عبد ہے بندہ بَنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ پڑھ کے دکھلائی نمازیں آپ نے　　عین حکم رب ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ کُل نمازیں پانچ بالکل وقت پر　　کیوں نہ ہوہم سے ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ آنکھ کی ٹھنڈک نمازیں بالیقیں　　آپ نے جب کہہ دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ کلمۂ طیب سے ایماں آگیا　　عمر بھرکا فائدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ کُل نمازیں پانچ پڑھنے سے فقط　　جسم کی پاکی سدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿106﴾ کلمۂ طیب پڑھانا آپ ہی　　جب مری وقتِ قضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿107﴾ عشقِ احمد میں فنا ہونا مجھے　　وہ فنا ہی ہے بقا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿108﴾ ہرگھڑی ہوتی فنا بھی ہے بقا　　یہ بہت عقدہ بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿109﴾ اک سہارا آپ کا ناچیز کی　　زندگانی کو ملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿110﴾ کچھ الگ انداز سے لکھی گئی　　ایک نعتِ مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿111﴾ بحرمیں باوزن ہے تقطیع بھی　　پھر ردیف و قافیہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿112﴾ ایک سو پچیس کُل اشعار ہیں　　نعت میں اک نعتیہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿113﴾ کُل حقائق کُل دقائق کا سبق　　مجھ کوحاصل ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿114﴾ غور جب کرنے لگا تو علم پر　　کیا تھا' کیا میں اب ہُوا' یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿115﴾ ہے تعیّن موت کا تو ایک دن　　ہر نفس چکھتا مزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿116﴾ تین ہی ہونگے سوالاتِ لحد　　ہوں جواب اس دم بجایا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿117﴾ کون ہے رب اس سے پوچھاجائے گا　　تو جواب اللہ کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿118﴾ کیا ہے تیرا دین پوچھا جائے گا　　دین ہے اسلامیہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿119﴾ کون یہ پوچھے' دکھا کر آپ کو　　ہیں رسولِ کبریا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿120﴾ مومنوں کے سب جواباتِ صحیح　　در توجنت کا کُھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿121﴾ قبر مومن کی منور نور سے　　پر مسرت وہ سدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿122﴾ کافروں کے سب جواباتِ غلط　　وہ جہنم میں گُھسا' یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿123﴾ کافروں کو جب عذابِ قبر بھی　　بے تحاشہ ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿124﴾ جسم میرا جان میری شوق سے
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿125﴾ کچھ غلط قیصرؔ نے لکھا ہے اگر　　طالبِ بخشش ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مخضب ز شعراء

ک

تعداد کلام (3)

تعداد اشعار (375)



کاملؔ

نام :- ۔میر زاہد علی
قلمی نام :- کاملؔ حیدرآبادی
تخلص :- کاملؔ
ولدیت :- میر محمود علی صاحب
شرف تلمذ :- محمودؔ خان صاحب۔ مسعود صدیقی صاحب
تعلیم :- HSC (اردو میڈیم) آئی۔ٹی۔آئی۔ٹی۔ٹی۔سی
ملازمت :- ہندوستان ائیروناٹکس لمیٹیڈ HAL
آدھی ملاقات کے لئے:-

11-6-528, Behind Nampally Railway Station, inside
Kamaan,Hyderbad-500001.Telangana,India.
فون نمبر -8885306299

* * *

﴿1﴾ تھا بچھونا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
عمر بھر اک بوریا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ نعت گوئی کا دیا یا مُصطفٰی ﷺ
دم بہ دم جلتا رہا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ آپ دریائے سخا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہیں بحر عطا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ کوچہ کوچہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
جنّتی ہے گُل کدہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ کیا کہوں کیا کیا ملا یا مُصطفٰی ﷺ
جب اٹھے دستِ دعا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri
Collection of Mohsin Hyderabad India

(6) آپ بارانِ عطا یا مُصطفٰی   آپ رحمت کی گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ
(7) آپ روحِ اولیاء یا مُصطفٰی   آپ جانِ انبیا یا مُصطفٰی ﷺ
(8) خوشبوؤں کا سلسلہ یا مُصطفٰی   ہے پسینہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
(9) عاقبت اپنی سنور ہی جائے گی
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
(10) آپ کی عظمت کے چرچے‘ تذکرے   فرش تا تختِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
(11) نعت اُجلا اُجلا قرآں کا وَرَق   نعت روشن آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ
(12) آپ نے گوہر بنا ڈالا مجھے   میں توسنگِ راہ تھا یا مُصطفٰی ﷺ
(13) آپ کے در پر نگاہیں کیا گئیں   حل ہُوا ہر مسئلہ یا مُصطفٰی ﷺ
(14) تم کو دنیا نے کہا اُمّی لقب   تم سراپا جامعہ یا مُصطفٰی ﷺ
(15) بھا گئیں آنکھوں کو اپنی کس قدر   سبز گنبد کی ادا یا مُصطفٰی ﷺ
(16) کیا جَلائے ہم نے نعتوں کے چراغ   ہرطرف پھیلی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
(17) آپ کے در کا بنوں جاروب کش   دل تڑپتا ہے مرا یا مُصطفٰی ﷺ
(18) اپنے کانوں میں تھی آواز اذاں   شور و غل مچتا رہا یا مُصطفٰی ﷺ
(19) سبز گنبد دیکھنے کا پھر بھی شوق   اس کو دیکھا بارہا یا مُصطفٰی ﷺ
(20) سجتی ہے ہر رات گھر میں بزمِ نعت   روز گھر میں رتجگا یا مُصطفٰی ﷺ
(21) تھا مقدر اپنا راتوں کی طرح   آپ نے چمکا دیا یا مُصطفٰی ﷺ
(22) آپ کے فیض وکرم سے طے ہوا   زندگی کا راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
(23) آپ کے پیچھے یہ دنیا آئیگی   روز محشر مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
(24) مرتبہ ہم آپ کا کیسے لکھیں   اپنی ہے اوقات کیا یا مُصطفٰی ﷺ
(25) یوں چمکتا ہے مدینہ آپ کا   جیسے چمکے آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿26﴾ سانسیں چلتی ہیں یہی کہتے ہوئے
مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ

﴿27﴾ سنگِ اسود کی چمک کے سامنے
سونا کیا چاندی ہے کیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿28﴾ نعت کی تخلیق کیا ہونے لگی
بڑھ گئی فکرِ رسا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿29﴾ گر جلائیں آپ کے ہم نام سے
وہ نہیں بجھتا دِیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿30﴾ در کے ٹکڑوں میں تمھارے لذتیں
ذائقہ ہی ذائقہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿31﴾ آپ کو قرآن نے یٰسٓ کہیں
اورکہیں طٰہٰ کہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿32﴾ دھول تھے ہم ' پھول تم نے کردیا
شکریہ صد شکریہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿33﴾ ہم مدینے سے وطن میں آگئے
دل وہیں پر رہ گیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿34﴾ جب دُرودوں کے لبوں پر گُل کِھلے
رحمتوں کا در کُھلا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿35﴾ دھوپ میں بھی پیاس ہم سے دُور تھی
فکر میں زمزم جو تھا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿36﴾ ٹانک لونگا اپنے کُرتے میں اُسے
دے دو پیوندِ قَبا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿37﴾ کُھل کے میرے ہونٹ پھر سے جُڑ گئے
یا محمد ﷺ کیا کہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿38﴾ دل جھکایا آپ کی دہلیز پر
بخت میرا جاگ اٹھا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿39﴾ بوند مانگی تھی' سمندر دے دیا
دل کشادہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿40﴾ سارے شہروں میں مدینہ آپ کا
خوبصورت ' خوشنما یا مُصطفٰی ﷺ

﴿41﴾ دل کی دیواروں پہ ہے لکھا ہُوا
جابجا یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ

﴿42﴾ آپ کا سایہ نہ اُس کو مل سکا
ہے خِرَد حیرت زدہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿43﴾ ہم تمھارے عشق میں بیمار ہیں
ہے مرض یہ لادوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿44﴾ پاس اپنے دَھن تمھارے عشق کا
ہونگے کیوں دیوالیہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿45﴾ اللہ اللہ ہے امامت آپ کی
ہیں صفوں میں انبیا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Qudari Digitization eGangotri

﴿46﴾ آپ کی عظمت کے قائل عرش وفرش   آپ ہیں بعدِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ خاکِ طیبہ ذہن میں ' اَفکار میں   دل میں خاکِ کربلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ یادجب جب آئی دل کو آپ کی   سوئے طیبہ چل پڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ گھپ اندھیرا' ہم گھنیری تیرگی   تم تجلی سر تا پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ ثَور کا منظر تصور میں مِرے   چشم میں غارِ حرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ چارسُو طیبہ میں خوشبو کا گزر   ہرطرف مہکے ہَوَا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ کیا رکھے ہم نے مدینے میں قدوم   خلد کا رستہ مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ ہیں تمہارے شہر میں تابانیاں   سلسلہ در سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ لے کے آیا ساتھ سوغاتِ نماز   واقعہ معراج کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ بات کرتے رہتے ہیں ہم آپ کی   محترم ہے مشغلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ دیکھنے میں کملی کالی آپ کی   لگتی ہے روشن ردا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ نعت کے سائے میں گزری زندگی   عمربھر دل خوش رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ دھڑکنوں میں دل کی نعتوں کی مہک   نعتیں دیتی ہیں مزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ بٹ رہا ہے آپ کا لطف وکرم   میں بھی ہوں صف میں کھڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ آپ کی نعتوں کا ہی فیضان ہے   شاعروں کا قد بڑھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ کرتے رہتے ہیں تمہارے نام سے   ہم نیاز و فاتحہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ ہمکلامی کا شرف اللہ سے   اک تمہیں حاصل ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ پڑھ رہے تھے خواب میں ہم نعتِ پاک   خلد تھی جلوہ نما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ بند کیں آنکھیں مدینہ آگئے   فاصلہ میلوں کا تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ ہو نہیں سکتے کبھی گمراہ ہم   آپ جب ہیں رہنما یا مُصطفٰی ﷺ

﴿66﴾ کون ہے سب سے قریں معبود کے — آئی کانوں میں صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ آپ زندہ ہیں دلوں میں آج بھی — ظاہری پردہ کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ خوشبوؤں میں نعت کی ڈوبا ہُوا — نعت کا ہر قافیہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ میری سانسوں کا وظیفہ رات دن — مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ جوتیاں سر پر ہمارے آپ کی — قد ہمارا بڑھ گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ چودھویں کے چاند سے بھی تابدار — آپ کا ہر نقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ سبز گنبد کے اُجالے دیکھ کر — شمس مدھم پڑگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ شہد میں میٹھے پھلوں میں ہے کہاں — نعتِ اقدس کا مزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ نعت کی تخلیق سے بھرتا ہے پیٹ — نعت ہے اپنی غذا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ نعت بخشش کا ذریعہ‘ راستہ — مغفرت کا ہے پتا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ چٹکی بھر میں نے کلونجی کھائی کیا — مرگئی مہلک وبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ کب مدینہ جائے گا دیدار کو — آرزو کا قافلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ کشتئ اسلام ڈوبے گی نہیں — آپ اس کے ناخدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ گفتگو میں ہے کھجوروں کی مٹھاس — میٹھا لہجہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ آپ کے نقشِ قدم کا سلسلہ — جگنوئوں کا قافلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ ساری اصنافِ سخن میں معتبر — ہے کلامِ نعتیہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ سبز روضہ تھا ہمارے خواب میں — خواب لگتا تھا ہرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ دل نہیں کرتا مدینہ چھوڑنے — ہے الگ آب و ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ سیر طیبہ رات میں جو ہم نے کی — رات میں بھی دن لگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ ہے شہنشاہوں سے بھی کتنا بڑا — آپ کے در کا گدا یا مُصطفٰی ﷺ

«86» چھوڑ کے جاتا نہیں طیبہ خیال   ہے وہیں بیٹھا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
«87» آپ پیکرِ اُلفت و کردار کے   آپ تنویرِ وفا یا مُصطفٰی ﷺ
«88» دُور سوچوں سے غزل ہونے لگی   نعت کا چسکا لگا یا مُصطفٰی ﷺ
«89» مل رہا ہے جام زمزم ہر گھڑی   ہے جدا یہ میکدہ یا مُصطفٰی ﷺ
«90» حد نہیں ہے آپ کے اِکرام کی   اور نہ کوئی انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
«91» چاند اور سورج نے کی تکمیلِ حکم   تھا اشارہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«92» سو گئے اس پرتو صحرائے عرب   مخملی بستر لگا یا مُصطفٰی ﷺ
«93» اپنی امت کی بھلائی کے لئے   آپ نے کیا کیا کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
«94» ڈھیر سی خوشیاں میسر آگئیں   بارِ غم ہلکا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
«95» ہیں بڑے ہی قیمتی اور بے بہا   سنگِ طیبہ ہیں جدا یا مُصطفٰی ﷺ
«96» ہم دُرودِ پاک کیا پڑھتے رہے   ٹل گئی سر سے بلا یا مُصطفٰی ﷺ
«97» رحمتوں کے شہر میں پھرتا ہُوں میں   راس طیبہ آگیا یا مُصطفٰی ﷺ
«98» ہل نہیں سکتی محبت آپ کی   ہے بڑی یہ دیرپا یا مُصطفٰی ﷺ
«99» دھوپ میں طیبہ کی ہم کو یوں لگا   موسمِ گُل آگیا یا مُصطفٰی ﷺ
«100» آپ سِدرہ سے بھی آگے بڑھ گئے   رک گئے جبریلیؑ پا یا مُصطفٰی ﷺ
«101» جب کبھی ہم نے پکارا آپ کو   اپنا کاسہ بھر گیا یا مُصطفٰی ﷺ
«102» اُس پہ ہوں گی مغفرت کی بارشیں   جو مدینہ آئے گا یا مُصطفٰی ﷺ
«103» یاد کیا آئی مدینے کی ہَوا   آئی گھر بادِ صبا یا مُصطفٰی ﷺ
«104» فکر کرتی ہے' پِیا نعتوں کے جام   ہے عجب اس کا نشہ یا مُصطفٰی ﷺ
«105» یوں نہیں بدلیں گے فرعونِ زماں   چاہئیے اک معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿106﴾ پھر سے استنبول کی مسجد سجی   پھر ہُوا سجدہ ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ بن گئیں سوچیں صراط مستقیم   میں اُسی پر چل پڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ سر سے پا تک روشنی ہی روشنی   آپ ہیں نورِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ کررہا ہوں میں نئے انداز سے   نعت کو آراستہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ تھا تخیل میں مدینہ رات بھر   تھا درخشاں گھر مرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ رفتہ رفتہ زخمِ غم بھرجائیں گے   زخم ہیں یہ وقتیہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ آپ ہی نے جیتے جی اس فرش سے   عرش کا دورہ کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ روئے انور کی تمہارے سُن کے بات   چاند بھی مَیلا لگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ میری بوڑھی آنکھیں روضہ دیکھ کر   چمکیں مثل آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ عمربھر تھے آپ ذہن و فکرمیں   اک سکوں ملتا رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ سال بھرطیبہ میں رونق ایک سی   لے کے دیکھا جائزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ لگ رہی ہے چشم تریوں آپ سی   جیسے گوہر بے بہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ حاضری دوں آپ کے دربار میں   اور ہوجاؤں فنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ دشمنان دین سے ہے سامنا   کیجئے چشمِ عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ کہہ رہے ہونگے ملائک عرش پر   سُن کے نعتیں مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ آپ کے خادم ہیں ہم نوکر ہیں ہم   اپنا اونچا مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ ہم تمہاری جوتیوں کے معتقد   آپ کی ہم گردِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ اپنی کملی میں چھپا لیجے ہمیں   وقت مشکل آپڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ دل کی حالت کیا بتائیں تم کو ہم   دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ جگمگایا دیر تک کامل قلم   جب کبھی ہم نے لکھا ”یا مُصطفٰی“ ﷺ

کامل

نام :- ریاض الدین

قلمی نام :- ریاض کامل

تخلص :- کامل

ولدیت :- تعین الدین صاحب

پیدائش :- 1968 ناگپور

تعلیم :- انٹرمیڈیٹ

شاعری کا آغاز :- 1984

پیشہ و مصرفیت :- طباعت، کمپیوٹر کمپوزنگ و ڈیزائننگ

آدھی ملاقات کے لئے:- پلاٹ نمبر ۳۶۳، نزد بڑی مسجد، سدھارتھ نگر ٹیکہ، ناگپور 440017، مہاراشٹرا

فون و ای میل ایڈریس:- +91 9326484282 riyazuddinkamil@gmail.com

* * *

﴿1﴾ ہوگیا میں کیا سے کیا یا مُصطفٰی ﷺ
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ آپ کے در پر مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
عاصیوں کو آسرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ آپ کی ذاتِ صفا یا مُصطفٰی ﷺ
ہے سراپا آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ لائے ایماں کا اُجالا آپ ہی
مِل گئی ہم کو ضیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ مِل گئے جب آپ تو پھر یہ ہُوا
مِل گیا ہم کو خدا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moid Sahib Hyderabad India — Collection Peer Saheb Qudarti Digitization eGangotri

﴿6﴾ آپ کے در پر پہنچتے ہی ہمیں
راستہ سیدھا ملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿7﴾ ہوتی ہے محسوس در پر آپ کے
سرد پاکیزہ ہَوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿8﴾ بے کسوں کو مفلسوں کو آپ سے
زر مِلا ایمان کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿9﴾ آپ کی راہوں میں رکھتے ہی قدم
در مقدر کا کُھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿10﴾ آپ ہی کا تھا وسیلہ، جس گھڑی
مانگی آدم علیہ السلام نے دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿11﴾ گوہرِ نایاب بخشا آپ نے
دین کا اسلام کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿12﴾ وجہِ تخلیقِ دو عالم آپ ہیں
آپ ہیں خیرالوریٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿13﴾ یٰسین و طٰہٰ امام الانبیاء
آپ کو رب نے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿14﴾ رحمتِ عالم شفیعُ المذنبیں
آپ محبوبِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿15﴾ صرف باقی رہنے والے ہیں یہاں
آپ کا نام اور خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿16﴾ آپ کا اک ایک قول پاک ہے
بیش قیمت بے بہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿17﴾ عرش پر دیکھا تھا جو جبریل علیہ السلام نے
آپ ہی کا نور تھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿18﴾ رب کی اک اک بات اتری آپ پر
آپ سے قرآں مِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿19﴾ آپ کے دم سے ہے خطّہ پُر بہار
گلشنِ اسلام کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿20﴾ آپ کے قدموں سے روشن ہوگیا
مرحبا غارِ حرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿21﴾ آپ کی آمد سے چمکے دو جہاں
مرحبا صد مرحبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿22﴾ رحمۃٌ للعالمیں خیر البشر
آپ کا رتبہ بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿23﴾ دشمنوں کی فکر بھی کی آپ نے
وصف ہے یہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿24﴾ ظلم سہہ کر مسکرائے اور دِیا
درس استقلال کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿25﴾ یوں ہی لہرائے گا روزِ حشر تک
پرچمِ دینِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

«26» آپ کے ہاتھوں سے مِل جائے ہمیں — جامِ کوثر برملا یا **مُصطفٰی** ﷺ
«27» ما سوا اللہ کے کونین میں — تم سے پہلے کون تھا یا **مُصطفٰی** ﷺ
«28» حصۂ جنّت ہے منظر بالیقین — آپ کے دربار کا یا **مُصطفٰی** ﷺ
«29» ہو سویرے شام یہ وردِ زباں — مُصطفٰی صلِّ علٰی یا **مُصطفٰی** ﷺ
«30» ذات کیوں نہ آپ کی بے نقص ہو — آپ ہیں نور الہدیٰ یا **مُصطفٰی** ﷺ
«31» خوبصورت ہے یہ سنّت آپ کی — سنگِ اسود چومنا یا **مُصطفٰی** ﷺ
«32» ظلمتِ کفر و جہالت گم ہوئی — پھیلی ایماں کی ضیا یا **مُصطفٰی** ﷺ
«33» ہر کسی مومن نے سیکھی آپ سے — حق پرستی کی ادا یا **مُصطفٰی** ﷺ
«34» آپ کا اک اک عمل، طرزِ حیات — ہے زمانے سے جدا یا **مُصطفٰی** ﷺ
«35» اللہ اللہ آپ کا حسنِ بیاں — کفر پسپا ہوگیا یا **مُصطفٰی** ﷺ
«36» کفر و باطل سرنگوں آئے نظر — اٹھ گیا حق کا عصا یا **مُصطفٰی** ﷺ
«37» آپ کا ہر لمحہ حق کے نام ہے — حق ازل سے آپ کا یا **مُصطفٰی** ﷺ
«38» شکل دنیا کی سنواری آپ نے — آپ ہیں اک آئینہ یا **مُصطفٰی** ﷺ
«39» دیکھ آؤں میں بھی طیبہ کی گلی — ہے خدا سے یہ دعا یا **مُصطفٰی** ﷺ
«40» کون ناپے سر بلندی آپ کی — آسماں قد آپ کا یا **مُصطفٰی** ﷺ
«41» آپ کے شیدائی دو عالم ہوئے — آپ اعلیٰ مرتبہ یا **مُصطفٰی** ﷺ
«42» آپ پر ہم جان و دل قرباں کریں — ہم ہیں شیدا با وفا یا **مُصطفٰی** ﷺ
«43» حور وغِلماں جن و انسان اورملک — آپ پر ہیں سب فدا یا **مُصطفٰی** ﷺ
«44» حضرتِ جبریلؑ دربانی کریں — یہ ہے دربار آپ کا یا **مُصطفٰی** ﷺ
«45» دست بستہ ہے فرشتوں کا ہجوم — آپ کا در مرحبا یا **مُصطفٰی** ﷺ

﴿46﴾ جب نہ آیا راہ میں کُوڑا تو پھر　　حال پوچھا بُڑھیا کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ لازمی ہے ہر کسی پر احترام　　آپ کے فرمان کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ جو تمہیں اپنا بنانے سے رہے　　پھر نہیں ان کا خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ وہ ہُوا داخل درِ اسلام میں　　جو یہاں کلمہ پڑھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ سب سے افضل سب سے اعلی آپ ہی　　آپ کا منصب بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ اک اشارے پر فقط انگشت کے　　چاند دو ٹکڑے ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ ڈوبتا سورج پلٹ کر آگیا　　آپ کا ہے معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ زندگی قرآن کی تفسیر ہے　　ہر عمل ہے حق نما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ سارے عالم میں رُخِ پُر نور سے　　پھیلی ایماں کی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ ہوگا راضی ہم گنہ گاروں سے رب　　گر کرو گے تم شفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ سچ ہے تم جیسا قیامت تک یہاں　　کوئی ہوگا نا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ ہند سے شہرِ مدینہ دُور ہے　　ہوگا کب کم فاصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ آپ کے دامن کی بادِ مشکبار　　باغِ جنّت کی ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ ماہ و انجمؔ کہکشاں اور آفتاب　　آپ سے ہیں پُر ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ ہے رسالت اور نبوّت آپ سے　　سلسلہ در سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ حشر میں کام آئے نسبت آپ کی　　آپ کا روزِ جزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ تم ملے تو دین و دنیا مل گئے　　کامراں مَیں ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ گفتگو نورانی چھیڑی آپ نے　　ابرِ ظلمت کا چھنٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ آپ کی سرکار میں آکر ہُوا　　کھوٹا سکّہ بھی کھرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ محترم مانی گئی نِسوانیت　　آپ ہی کی ہے عطا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿66﴾ وہ عمل اللہ کو بھی ہے پسند   آپ کی جس میں رضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ آپ روحِ مذہبِ اسلام ہیں   آپ ہیں دیں کی بِنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ ہم پہ ہوجائے گا آساں پُل صراط   گر ہوئے ہم با وفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ آپ نے محسوس کی الھند سے   شکر ہے، ٹھنڈی ہَوَا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ کالی کملی کا سہارا ہو نصیب   ہم کو بھی روزِ جزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ بیٹیاں بھی قتل ہونے سے بچِیں   موم پتھر دل ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ خندق و خیبر، حُنَین و بدر میں   کفر کی آئی قضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ آپ کے صدقے ملی کونَین کو   کہکشاں کی کُل ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ نور والی شب، شب معراج تھی   نور کا تھا راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ فکر کیسی منزلِ مقصود کی   آپ ہیں جب رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ بوئے گُل اور مشک و عنبر کی مہک   ہے پسینہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ بادشاہی دونوں عالم کی ملی   فرشِ خستہ، تخت تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ آپ کے لطف و عنایت بے مثال   دشمنوں کو دی دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ در بہ در ہم بھی خدا کو ڈھونڈتے   دے دِیا تم نے پتہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ ہے عبادت تحفۂ راہِ نجات   آپ سے ہم کو ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ پُر ضیا دن، رات روشن ہوگئی   نور پھیلا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ تم نے بخشا عزم، تو ہم کر رہے   ظلمتوں کا سامنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ آپ کی سیرت ہمارے حق میں ہے   زندگی کا قاعدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ آپ کی آمد سے روشن کائنات   مظہرِ نورِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ آپ کے فرمان کی تعمیل میں   شمس واپس آگیا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad India Collection Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

﴿86﴾ کنکری نے دی گواہی آپ کی   دیکھیے بن کلمہ پڑھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿87﴾ آپ کو کہتے عدو، صادق امین   ایسا ہی کردار تھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿88﴾ چاند، سورج اورستاروں کی چمک   عکس ہے انوار کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿89﴾ گر گیا مکہ کا ہر بُت منہ کے بل   آرہی حق کی صدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿90﴾ آپ کے آنے سے جاری ہوگیا   نور کا اک سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿91﴾ آپ کا ہر قول، حق کا قول ہے   آپ سے رب کب جدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿92﴾ آپ کی ہمّت سے لرزاں کفر ہے   فتح مکّہ ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿93﴾ ہیں علی بوبکر عثمان و عمر رضی اللہ عنہم   آپ کے دل کی دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿94﴾ قتل کرنے طیش میں آئے عمر رضی اللہ عنہ   ہوگئے تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿95﴾ ہے وہی مومن، سدا کرتا ہے جو   فرض اور سنّت ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿96﴾ خواہشِ دنیا نہیں ہے اب ہمیں   آپ ہی ہیں مدّعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿97﴾ آپ کے آنے سے یکساں سب ہوئے   اب نہیں چھوٹا بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿98﴾ علم کا بھی سیکھنا اب فرض ہے   جہل کی آئی قضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿99﴾ میری قسمت آپ کی قربت ملی   بند دروازہ کُھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿100﴾ دل میں ڈالا آپ نے خوفِ خدا   ڈر زمانے کا گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿101﴾ جس نے ڈالی آپ کے رخ پر نظر   ہوگیا وہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿102﴾ حق بیانی گفتگو ہے آپ کی   جھوٹ شرمندہ ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿103﴾ کُل جہاں میں آپ کا ثانی نہیں   ہوگا بھی کیسے بَھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿104﴾ ظلم سہہ کر مسکرانا روز و شب   آپ کی عادت میں رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿105﴾ مٹ رہی تھی جابجا نِسوانیت   آپ سے پائی جِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

«106» ہے نظارہ دلنشیں جنّت نشاں   آپ کے دربار کا یا مُصطفٰی ﷺ
«107» ماہ و انجم سے صحابہ آپ کے   پھیلی اُن کی بھی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
«108» دونوں عالم میں ہے چرچا آپ کا   آپ ہی کا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«109» فرش گیتی پر نہیں سایہ کہیں   عرش پر ہے نقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
«110» آفتابِ صبح کی تم روشنی   تم اجالا چاند کا یا مُصطفٰی ﷺ
«111» کُل جہاں کی ہو گئی ہر شئے عیاں   تم ہُوے جلوہ نما یا مُصطفٰی ﷺ
«112» کیا غرض مجھ کو طبیبِ وقت سے   ہر مرض کی ہے دوا یا مُصطفٰی ﷺ
«113» آپ رہ جاتے کہیں تو یہ جہاں   آپ ہی کو ڈھونڈتا یا مُصطفٰی ﷺ
«114» آپ سے کون مکاں کی رونقیں   آپ کے بِن کچھ نہ تھا یا مُصطفٰی ﷺ
«115» آپ کا ہر راستہ حق راستہ   ہر قدم حُسنِ رَوا یا مُصطفٰی ﷺ
«116» معجزوں پر آج تک سارا جہاں   کر رہا ہے تبصرہ یا مُصطفٰی ﷺ
«117» آپ کی حد کا کوئی چاہے بھی تو   لے نہ پائے جائزہ یا مُصطفٰی ﷺ
«118» ہم مسافر آپ کی راہوں کے ہیں   نور کا ہے قافلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«119» جسمِ اقدس پیکرِ انوار ہے   ہر قدم ہے پُر ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
«120» آپ ہی ہیں رحمتِ کون و مکاں   آپ شاہِ دوسَرا یا مُصطفٰی ﷺ
«121» ہو رہی سچ آپ کی پیشن گوئی   جو کہا حق ہی کہا یا مُصطفٰی ﷺ
«122» فکر کا ہر اک اندھیرا دہر سے   ختم تم نے کردیا یا مُصطفٰی ﷺ
«123» ہے یقیناً مشعلِ راہِ حیات   ہر حدیثِ با صفا یا مُصطفٰی ﷺ
«124» تم نہ دکھلاتے جو راہِ مستقیم   ہم نہ پاتے راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
«125» نعت گو شاعر بھی کاملؔ ہند میں   اُمّتی ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India Collection Mohsin Qadri Digitization eGangotri

کھوکؔر

نام :- عبدالسلام کھوکر
تخلص :- کھوکؔر
ولدیت :- عبدالجبار رازؔ کھوکر
پیدائش :- 01-05-1961
تعلیم :- ادیب ماہر، M.A.,L.L.B.
ملازمت :- وکاس ادھیکاری بھارتیہ جیون بیمہ نگم LIC INDIA
شاعری کا آغاز:- 1975ء
شرف تلمذ :- عبدالحکیم شاہد رتلامی
انعامات :- اُدے پور سے 2016ء میں غالب ایوارڈ سے نوازا گیا۔
آدھی ملاقات کیلئے:- 11-آنند کالونی-رتلام D-457001 (M.P)
Mobile No.9827063451/9425355777
D-11, Anand Colony , Hayaat Tower Ke Saamne,
Ratlam-457001 (M.P)

⁂

﴿1﴾ ہے خدا مدحت سرا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہیں صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ یا محمد مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہیں خیر الوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ راہبر نبیوں کے اور سردار ہو
آپ ہی نور الھدیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ عرش والوں کو بھی جن پر ناز ہے
فرش والوں کی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ رب اگر پوچھے بتا کیا چاہئے
ہم کہیں گے مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ

﴿6﴾ پرچمِ حق چار سو لہرا دیا   ساری دنیا نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ ہیں رسولِ کبریا آخر نبی   آپ محبوبِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ کس نے سمجھایا ہمیں، کیا ہے خدا   ایک ہی آئی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ ہم گنہگاروں کی بخشش کے لئے   آپ کا ہے آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ ایک قدم تو آپ کا ہے عرش پر   ہے زمیں پر دوسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ عرش کے سینے پہ بھی موجود ہے   نقش وہ نعلین کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ رب سے وعدہ اپنی امت کا لیا
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ مرض عصیاں میں ہوئے ہیں مبتلا   چاہئیے ہم کو شفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ اک اشارے سے قمر ٹکڑے ہوا   سارے عالم نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ اُس گھڑی بخشے گا رب سارے گناہ   جس گھڑی یہ کہہ دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ لوگ جب بھٹکے ہوئے تھے، آپ نے   دین حق کی دی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ ہر قدم پر ہو کرم جب آپ کا   چاہیئے پھر اور کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ آپ ہمیں در پر بلا لیجے حضور   دھڑکنوں کی ہے صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ زندگی اب ہو مدینے میں بسر لیجئے   خواب ہے بس یہ میرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ دفن کو مٹی مدینے کی ملے   ہے یہی دل کی دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ نفرتوں کو دور کرنے کیلئے   ایک الفت کی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ یا نبی رب نے معافی دی ہمیں   ہم نے جب جب بھی کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ ہم گنہگاروں کو ہے دل میں یقیں   بخش ہی دے گا خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ اب غلاموں میں ہمیں شامل کریں   ہم کو تمغہ ہو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ معجزہ انگشتِ نوری کا   ہوا چاند ٹکڑے ہو گیا یا مُصطفٰی ﷺ

کھوکر

نام :- عبدالسلام کھوکر
تخلص :- کھوکرؔ
ولدیت :- عبدالجبار رازؔ کھوکر
پیدائش :- 01-05-1961
تعلیم :- ادیب ماہر، M.A.,L.L.B.
ملازمت :- وکاس ادھیکاری بھارتیہ جیون بیمہ نگم LIC INDIA
شاعری کا آغاز :- 1975ء
شرف تلمذ :- عبدالحکیم شاہد رتلامی
انعامات :- اُدے پور سے 2016ء میں غالب ایوارڈ سے نوازا گیا۔

آدھی ملاقات کیلئے :- 11-آنند کالونی-رتلام D-457001 (M.P)
Mobile No.9827063451/9425355777
D-11, Anand Colony , Hayaat Tower Ke Saamne,
Ratlam-457001 (M.P)

* * *

﴿1﴾ ہے خدا مدحت سرا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہیں صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ یا محمد مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہیں خیر الوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ راہبر نبیوں کے اور سردار ہو
آپ ہی نور الھدیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ عرش والوں کو بھی جن پر ناز ہے
فرش والوں کی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ رب اگر پوچھے بتا کیا چاہئے
ہم کہیں گے مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ پرچمِ حق چار سو لہرا دیا   ساری دنیا نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ ہیں رسولِ کبریا آخر نبی   آپ محبوبِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ کس نے سمجھایا ہمیں، کیا ہے خدا   ایک ہی آئی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ ہم گنہگاروں کی بخشش کے لئے   آپ کا ہے آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ ایک قدم تو آپ کا ہے عرش پر   ہے زمیں پر دوسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ عرش کے سینے پہ بھی موجود ہے   نقش وہ نعلین کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ رب سے وعدہ اپنی امت کا لیا
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ مرض عصیاں میں ہوئے ہیں مبتلا   چاہئیے ہم کو شفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ اک اشارے سے قمر ٹکڑے ہوا   سارے عالم نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ اُس گھڑی بخشے گا رب سارے گناہ   جس گھڑی یہ کہہ دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ لوگ جب بھٹکے ہوئے تھے' آپ نے   دین حق کی دی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ ہر قدم پر ہو کرم جب آپ کا   چاہیئے پھر اور کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ آپ ہمیں در پر بلا لیجے حضور   دھڑکنوں کی ہے صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ زندگی اب ہو مدینے میں بسر لیجئے   خواب ہے بس یہ میرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ دفن کو مٹی مدینے کی ملے   ہے یہی دل کی دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ نفرتوں کو دور کرنے کیلئے   ایک الفت کی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ یا نبی رب نے معافی دی ہمیں   ہم نے جب جب بھی کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ ہم گنہگاروں کو ہے دل میں یقیں   بخش ہی دے گا خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ اب غلاموں میں ہمیں شامل کریں   ہم کو تمغہ ہو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ معجزہ انگشتِ نوری کا   ہوا چاند ٹکڑے ہو گیا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Muhaimin Qadri Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿26﴾ اب کرم ہوجائے مجھ پرآپ کا ہُوں مصیبت میں گھرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ اب نہ آئے گا کہیں کوئی نبی ہے یہی حکمِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ یوں تو آئے ہیں نبی ہر دَور میں آپ ہیں سب سے جدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ آپ ہیں نبیوں کے صدر محترم آپ عالی مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ نوعِ آدم کی بھلائی کیلئے آپ کا ہر معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ خوشبوؤں سے ہے معطر ہر گھڑی بس مدینے کی ہوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ بخشوائیں گے ہمیں بھی آپ ہی اُس گھڑی روزِ جزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ آپ نے پیغامِ حق دے کر کہا ایک ہے سب کا خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ وہ توقسمت کا دھنی کہلائے گا امتی جو ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ احد کے میداں میں حیدر کی صدا المدد یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ آپ کے ذریعے ہمیں قرآں ملا مرحبا صد مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ کوئی بھی ثانی نہیں اللہ کا آپ نے فرما دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ آپ نے ظلم وستم جھیلے مگر دی نہیں تھی بد دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ فیضِ انسانی کی خاطر آپ نے پہن لی دکھ کی قبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ اسم رب ' نام محمد ﷺ جڑ گیا کلمہ پورا ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ ہے شہادت ختم بس شبیر پر آپ ختم الانبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ فخر ہے ہم کو محمد نام پر آپ ہیں شان خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ آپ کی شفقت سدا اس پر رہی جو بشرحق پر رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ آپ کی رب تک رسائی ہے حضور آپ کا ہے آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ ہم غریبوں کا سہار آپ ہیں آسرا ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India / Collection Peer Sahib Qudari Digitization eGangotri

«46» آپ کی سنت پہ جو کوئی چلا   اس سے رب راضی ہوا یا مُصطفٰی ﷺ
«47» رونقیں آئیں جہاں میں آپ سے   آپ انوار خدا یا مُصطفٰی ﷺ
«48» رہروان راہِ سنت کو ملی   کامیابی جا بجا یا مُصطفٰی ﷺ
«49» جب دیا پیغامِ رحمت آپ نے   دین ثابت کردیا یا مُصطفٰی ﷺ
«50» ہرمصیبت سے بچا رہتا ہوں میں   ورد رہتا ہے سدا یا مُصطفٰی ﷺ
«51» وحشتوں کی الجھنوں کی بھیڑ میں   بس یہی نعرہ میرا یا مُصطفٰی ﷺ
«52» کیوں نہ گرویدہ رہیں ہم آپ پر   جبکہ شیدا ہے خدا یا مُصطفٰی ﷺ
«53» مل گئی اس کو شفاعت آپ کی   جس نے کلمہ پڑھ لیا یا مُصطفٰی ﷺ
«54» ساری دنیا ہی پریشانی میں ہے   سب کو مل جائے شفا یا مُصطفٰی ﷺ
«55» فخر ہے ' ہم ہیں تمہارے امتی   تم رسولِ کبریا یا مُصطفٰی ﷺ
«56» یا نبی نظر کرم ہوجائے تو   ہوسکے سب کا بھلا یا مُصطفٰی ﷺ
«57» آپ ہی تو بخشوائیں گے ہمیں   آپ کی ہوگی عطا یا مُصطفٰی ﷺ
«58» یہ کرم ہے دین واحد کا   چراغ ہے ابھی جلتا ہوا یا مُصطفٰی ﷺ
«59» امتی کا ہوگیا جیون سپھل   آپ نے کردی دعا یا مُصطفٰی ﷺ
«60» آپ کے پیغام سے ملتا ہے بس   درس یہ ایمان کا یا مُصطفٰی ﷺ
«61» الفت دیں کے قلم سے وقت نے   دل پہ میرے لکھ دیا یا مُصطفٰی ﷺ
«62» ایک دن دنیا کہے گی دیکھنا   مجھ کو بردہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«63» دین کی خاطر جہاں میں یا نبی   آپ نے کیا کیا سہا یا مُصطفٰی ﷺ
«64» کہ رہی ہے اب زباں ہردم یہ   مُصطفٰی صلِّ علٰی یا مُصطفٰی ﷺ
«65» آپ نے پھیلائی دیں کی روشنی   نورحق شمس الضحیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheeb Hyderabad Digitization eGangotri

﴿66﴾ رحم ، کردو کرم ، شاہِ امم　　ہے خدا کا واسطہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ دہرمیں وحدت کا ہے روشن چراغ ہے　　یہ صدقہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ رہبر اسلام تو بس آپ ہیں　　آپ کامل رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ راہِ مشکل میں ہوئیں آسانیاں　　دل نے جب سے یہ کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ رحمة للعالمیں بھی آپ ہیں　　آپ شاہِ دوسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ کون ہے سرکار دو عالم کہو　　گونج اٹھی یہ صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ ہوگیا دارالاماں طیبہ تمام　　آپ کا آنا ہوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ بکریوں کے تھن میں اُترا دودھ　　جب خوب ہے یہ معجزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ ہوگئیں ہیں نعمتیں اس کا نصیب　　جس کسی نے بھی کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ میں بھی لکھ پائوں گا مدحت آپ کی　　نعتیہ مصرع ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ آمدِ شاہِ امم کی دھوم ہے　　نورکا ہے تذکرہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ تاجدار انبیاء نورالہدی　　شافع روز جزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ ساری دنیا کو وفا سے ہو نجات　　ہے یہی بس التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ صدقہ' حسنین رضی اللہ عنہم پائیں آپ سے　　ہم پہ ہو چشمِ عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ بیکسوں کا ہیں سہارا آپ ہی　　آپ کردیجے دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ ہرمصیبت سے بچیں گے ہم سبھی　　ہاں یہی ہے مدعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ ایک بندہ گرم پتھر پر کبھی　　جھوم کر کہتا رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ آپ کی آمد خوشی کا جام ہے　　دین کا اس میں مزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ آپ کے اخلاق ہیں دلکش بہت　　آپ انوارِ وفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ ہیں بہت احسان ہم پر یا نبی　　اور کردیجے ذرا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pheer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿86﴾ کلمہ طیب زباں پر ہی رہے   آئے جب وقتِ قضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ جب عمرؓ ایمان لائے وہ بھی تھا   معجزہ اخلاق کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ اس لئے بھی آپ ہیں سب کے حبیب   آپ محبوبِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ رب سے ملنے کو گئے معراج پر   کل جہاں شیدا ہوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ دی دعا امت کو اس دم خیر کی   ظلم جب حد سے بڑھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ زندگی ہے اک مسلسل حادثہ   بس پکارو یا خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ روزِ محشر اے خدا دل یہ کہے   شکریہ صد شکر یہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ فاطمہؓ جو خلد کی سردار ہیں   آپ ہیں ان کے پِتا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ اب یہ کلمہ اور بس یہ نام ہو   مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ جب قضا کی آہٹیں ہوں تب کہو   یا نبی صلِّ علٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ دل میں اور عشق نبی کا جوش ہو   آپ کردیجے دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ مجھ پہ تھوڑا سا کرم فرمائے   ہے خدا کا واسطہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ آپ کا دیدار ہو تو یوں لگے   جامِ کوثر پی لیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ مغفرت کا راستہ کھل جائے گا   آپ کی جب ہو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ حیثیت حاکمِ کی اب کچھ بھی نہیں   کہنے والوں نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ آپ کی یہ شان ہے ‘گستاخ کا   سرقلم کرکے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ روز محشر ہر دعا محبوب کی   مان ہی لے گا خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ شان قائم ہی رہے گی یا نبی   چل پڑا ہے قافلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ بچ گئی دستار ایماں کی میرے   راہِ حق میں سر کٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ امتحاں میں مبتلا ہو جب بشر   دل پکارے برملا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿106﴾ بے حد جبریل علیہ السلام سدرہ تک   مگر لا مکاں ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ آپ ہی ہیں صاحب جود و سخا   میں یوں منگتا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ کام ہوتے ہیں تمہارے نام سے   حل ہوا ہر مسئلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ پست نہ کرپائے گا ابلیس بھی   امتی کا حوصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ چھونا پائی دھوپ کی تیزی بدن   چھاگئی کالی گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ آپ کا ذریعہ ملا تو یوں لگا   مل گئی رب کی رضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ میرا گھر نامِ رسولِ پاک سے   ہر گھڑی روشن رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ تیرگی میں آپ کی نسبت لئے   ایک دیا جلتا رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ عرس ہے یہ ایک سو پچیسواں   شاہِ عبداللّٰہ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ شاہ عبداللّٰہ کے ہر عرس میں   خیر و برکت ہو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ امتی ہیں آپ کے عاشق تمام   آپ سب کے پیشوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ ہیں زمیں پربھی مدد کے واسطے   انبیاء و اولیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ اس کو جنت مل گئی دنیا میں   جو سنتوں پر ہی جیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ پاسبان مذہبِ اسلام ہو   دین کے ہو رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ بچ گیا طوفاں میں کشتی کا   وجود بن گئے جب ناخدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ کفر کے صحرا میں تم نے پیار سے   دین کو قائم کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ حشر میں پائوں سفارش آپ کی   کام بن جائے میرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ روح بھی شیدا رہی ہے آپ کی   دل میرا کہتا رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ جب میں تنہائی سے گھبرانے لگا   دل پکارا بارہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ حق پرستی کا سبق کھو کر مِلا   یہ جہاں کہنے لگا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Collection of Mohammad Hyderabad India Digitization eGangotri

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مخضب ز شعراء

گ

تعداد کلام (1)

تعداد اشعار (125)

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri Digitization eGangotri Collection Peer Sahib Hyderabad India

گدآ

نام :- محمد عبدالحاجی
قلمی نام :- حاجی گدا
تخلص :- گدآ
ولدیت :- محمد عبدالرحمٰن
پیدائش :- 15-07-1996
تعلیم :- انٹرمیڈیٹ، مولوی جامعہ نظامیہ
شرف تلمذ:- ڈاکٹر سید عبدالمھیمن قادری لاابالی الجیلانی صاحب
شاعری کا آغاز:- 2020
آدھی ملاقات کے لئے:-

4-14-170, Hasan Nagar, Rajendra Nagar,
Hyderabad-500052

فون:- 0091-7097458957

* * *

﴿1﴾ تم ہی ہو خیر الوریٰ یا مُصطفٰیﷺ
رب نے تم کو چُن لیا یا مُصطفٰیﷺ

﴿2﴾ تم ہو حِصّہ نور کا یا مُصطفٰی
رب سے ہو تم کب جدا یا مُصطفٰی

﴿3﴾ تم سے قائم ہے نظام زندگی یا مُصطفٰیﷺ
تم ہو نوری سلسلہ یا مُصطفٰیﷺ

﴿4﴾ کر رہا ہے یہ دعا اک اُمّتی
دیدو قدموں میں جگہ یا مُصطفٰی

﴿5﴾ آپ کا ہر اک عمل پیارے نبیﷺ
رب کی مرضی اور رضا یا مُصطفٰیﷺ

Courtesy: Dr. Collection of Mr. Salim Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ اُمتِ احمد کو رکھ شاداب تُو رب سے میری ہے دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ ربیع الاول کی آمد ہوگئی نور والی فَضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ جس جگہ مشکل جو آئی، آپ کا نام مَیں نے لے لیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ نام سُن کر آپ کا یا سیّدی رَد ہوئی ہر اک بلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ جب تصوّر میں مدینہ آگیا مِٹ گیا ہر فاصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ مرحبا صد مرحبا صد مرحبا مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ آپ کی اُمت کو ہے شک بس یہی آپ کا ہے آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ آپ پر قرآن نازل ہوگیا آپ ہیں شمس الضحٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ ہے دُرودِ پاک لب پر سیّدی ہر گھڑی صبح مسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ دیکھ لیجے دیکھ لیجے مجھ کو بھی در پہ آکر ہُوں کھڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ میری بِگڑی کو بنانے کے لئے اک اشارہ ہو ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ شافعِ محشر بھی تم ہو یا نبی تم امام الانبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ ہو زیارت آپ کے دربار کی ہے یہی اک مدّعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ یاد آتا ہے سدا پیارے نبی آپ کا گنبد ہَرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ دل میں مسکن آپ کا ہے آپ کا دل سے آئی یہ نِدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ مُصطفٰی یا مُصطفٰی کہنے لگا دل نے پائی ہے ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ ہوگئے وہ بھی ہرے اک آن میں زرد پتّوں نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ دُور ہُوں مَیں دُور ہُوں مَیں ہند میں کم نہیں ہے فاصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ ہے دعا حاجی بنادے سب کو رب حج کو جائے قافلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ کل جو تھا تبلیغ دیں کا سلسلہ چل رہا ہے سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿26﴾ آپ ہیں مختارِ عالَم یا نبی — آپ محبوبِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿27﴾ رب کے منظورِ نظر اور دلربا — آپ ہی ہیں مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿28﴾ لاج رکھ لو لاج رکھ لو عاصی ہُوں — مُصطفٰی یا مجتبیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿29﴾ دیکھ آؤں مدینہ ایک دن — دل نے مانگی ہے دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿30﴾ اپنی امت کے لئے جو کی دعا — پا رہا ہُوں مَیں جزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿31﴾ جاکے آیا مَیں مدینہ دیکھئے — رنگ لائی ہے دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿32﴾ مَیں بھی آؤں آپ کے دربار پر — دل سے مَیں نے کی دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿33﴾ قافلہ میں حج کے شامل مَیں رہوں — ہو عنایت اک ذرا یا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿34﴾ مجھ کو بھی بخشش مِلے گی یا نبی — آپ کی ہو گر عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿35﴾ یوں تو آئے اور بھی رہبر مگر — تم ہی ہو شاہِ ہدیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿36﴾ جی رہا ہُوں شان سے دنیا میں مَیں — فیض ہے بس آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿37﴾ بزدلی سے دُور رہتا ہے سدا — نام لیوا آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿38﴾ بھیجتے ہیں آپ پر بے حد دُرود — ہم غلامِ مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿39﴾ میرا سب کچھ آپ کا ہے آپ کا — ہُوں سراپا آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿40﴾ دین کا ہو بول بالا دہر میں — کر رہا ہُوں دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿41﴾ یادِ احمد میں جو آنکھوں سے گِرا — ہے وہ آنسو بے بہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿42﴾ وہ سنہری جالیوں کو چوم کر
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿43﴾ مسجدِ نبوی کے صحن میں بیٹھ کر — مَیں نے مانگی ہے دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿44﴾ اس سے بڑھ کر بات کیا ہو اور کچھ — ہو اگر راضی خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿45﴾ لاج میری آپ ہی کے ہاتھ ہے — مَیں نہیں ہُوں بے خطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

﴿46﴾ دل دیارِ مُصطفٰی میں لگ گیا ہوگئی دنیا جدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ دھڑکنوں میں نام ہے بس آپ کا دل دھڑکنے کی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ اک تڑپ ہے دیکھ لوں گنبد ہَرا ہر گھڑی ہے شور سا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ ہر گھڑی لب پر دُرودِ پاک ہے یہ عمل ہے کام کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ مرتبوں میں مرتبہ ہے آپ کا آپ کا ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ آپ جب سے دل کے مہماں ہوگئے غم ہُوا دل سے جدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ اک خیالِ گنبدِ خضریٰ ہی بس بارہا ہے بارہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ جب قلم ہاتھوں میں میرے آگیا میں لِکھوں صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ جو بھی آیا حج سے واپس یہ کہے کیا مہکتی ہے فَضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ لے کے جنت میں جو جائے گا ہمیں آپ کا ہے راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ چار چھ کی بات ہی کیا یا نبی تم سراپا معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ ہو زیارت آپ کے دربار کی آپ سے ہے التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ جب عمر رضی اللہ عنہ داخل ہوئے اسلام میں آپ کا ڈنکا بجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ چاند تاروں کی چمک سے بھی سِوا روشنی ہے با خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ سارے عالَم کے لئے ہادی ہوئے آپ ہی ہیں رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ منتظر ہُوں خواب میں دیکھوں کبھی آپ کا وہ نقش پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ ایک پَل میں آگئے معراج سے نور والا معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ اپنی امّت کے لئے مانگی دعا رب نے دیدی ہے رضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ سارے جگ میں آپ ہی ہیں با حیا با حیا ہیں با حیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ آپ کی حکمت رہی ثابت قدم دین لا غلبہ ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿66﴾ دینِ اکمل کا جہاں میں دیکھئے   آج بھی ہے دبدبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ عدل کا انصاف کا احساس اک   دنیا والوں کو دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ جب زمیں پر آپ کی آمد ہوئی   بُجھ گیا آتش کدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ آپ کے اخلاق سے کردار سے   ربِ اعلیٰ خوش ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ سج گئی نورانی محفل نعت کی   نور والی ہے فَضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ حق رسی کا راستہ تم نے دیا   مِل گیا سب کو پتہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ یہ نمازیں پنج وقتہ یا نبی   آپ ہی کی ہے عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ دل، میں میرے آپ ہی کا نام ہے   جگمگانے لگ گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ دل ہُوا شفّاف میرا یا نبی   بغض دل سے جا چکا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ عاصیوں کو حشر کے میدان میں   آسرا ہے آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ سارے جلوؤں میں ہے بہتر اک ہی   جلوہ خیر الوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ تم خدائے پاک کا ارمان ہو   تم ہو جلوہ نور کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ سایہ کملی میں رکھ لیجے مجھے   ملتمس ہُوں خیر کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ سیدھے جنت جائے گا پیارے نبی   نور والا راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ پوشیدہ ہے آپ سے کب یا نبی   نور حق نورِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ خواب ہی میں دیکھ لوں مَیں ایک دن   آپ کی نوری رِدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ کیا ہے مالک کیا ہے نوکر سب کے سب   جُھک گئے شاہ و گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ حق پہ چلنے کا سبق دیتا گیا   کربلا کا واقعہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ آپ کی اُمّت کا ہُوں مَیں اُمّتی   شکریہ صد شکریہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ رب نے بخشا ہے تمہیں منصب بڑا   تم ہو دیں کے پیشوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿86﴾ عرش پر دیکھا تمہیں تو یا نبی   ہر فرشتے نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ آپ کی شفقت ہے میرے ساتھ جو   ہُوں کہاں بے آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ آپ سے بخشش کا ہُوں مَیں ملتجی   ہو عنایت آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ میرے گھر میں روشنی کے واسطے   دین کا روشن دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ طیّب و طاہر کا تم کو واسطہ   بخشوانا تم ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ ہو کے طیّبہ سے یہ آئی ہے یہاں   کیا سُہانی ہے صبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ آپ کے لائے ہوئے قرآن سے   ہے اُجالا ہر جگہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ رب کی مرضی میں تمہاری ہے رضا   تم ہو رب سے کب جدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ ساقئ کوثر ہو تم پیارے نبی   کہہ رہا ہے یہ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ بس تم ہی کو سوچتا ہُوں رات دن   تم ہو میرا مدّعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ دو جہاں میں سُرخروئی ہو نصیب   میرے حق میں ہو دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ جب دُرودِ پاک مَیں پڑھنے لگا   گُل عقیدت کا کِھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ خود خدائے پاک بھی شیدا ہُوا   ہر ادائے پاک کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ ایسا لگتا ہے مجھے پیارے نبی   ہُوں دیوانہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ شہرِ طیّبہ میں بہت مسرور ہُوں   ٹھنڈی ٹھنڈی ہے صبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ آپ کا مداح اللہ خود ہُوا   آپ کا کیا پوچھنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ میری جانب حشر کے میدان میں   اک نظر تم دیکھنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ دل میں مسکن آپ کا جب سے ہُوا   اب نہیں ہے فاصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ شاعری کی جان ہے پیارے نبی   آپ کا وہ بوریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ روشنی کی کوئی صورت بھیج دو   دل غموں سے ہے بھرا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

«106» پیروی سنتِ احمد ہے یہ سنگِ اسود چُومنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«107» مشکلوں سے مَیں نہ گھبراؤں کبھی آپ ہیں مشکل کشا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«108» آپ ہی کا نام لب پر ہے مرے میرے دل کی ہے غذا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«109» درد ہی ہے درد میرے ساتھ اب درد کی دیدو دوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«110» مَیں ہُوں عاصی درد دل میں ہے مرے دردِ دل کی ہو دوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«111» میرے آنگن میں بھی خوشیاں بھیجئے غم کی میرے ہو دوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«112» زندگی میں اور کوئی ہے نہیں ہے ہَرا ہی بس ہَرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«113» اک اشارہ اس کی جانب ہو ذرا کب سے در پر ہے پڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«114» اپنی امت میں مجھے شامل کیا آپ کا احساں بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«115» خالقِ اکبر کا احساں آپ پر آپ کو رتبہ بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«116» آپ کی جانب تکے ہے رات دن بے سہارا بے نوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«117» آپ جانیں رب ہی جانے کیا کہوں کیا ہے قسمت میں لکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«118» چار جانب دیکھتا ہُوں دہر میں آپ ہی کا تذکرہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«119» آپ کو اللہ نے بخشا ہے فقط معجزہ در معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«120» جالیوں کے سامنے خاموش ہوں ہُوں سراپا التجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«121» مَیں کیا جانوں راز کی باتیں کیا فَنا ہے کیا بَقا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«122» زندگی میں آگیا قرآں جب مِل گئی مجھ کو جِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«123» جز تمہارے ہادیٔ امت نبی کون ہے اب دُوسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«124» پہلی آیت آپ پر اُتری جو دیکھ آؤں وہ جگہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«125» آپ کے در کا گدا ہے یہ گدا دل نے دی ہے یہ نِدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Qadri Hyderabad Digitization eGangotri

بسم الله الرحمن الرحيم

مخضبز شعراء

ل

تعداد کلام (2)

تعداد اشعار (250)

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri Hyderabad India
Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

لطیفؔ

نام :- سید عبداللطیف

تخلص :- لطیفؔ

ولدیت :- سید احمد صاحب

پیدائش :- 1947

شاعری کا آغاز :- 2010

شرف تلمذ:- ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لاابالی الجیلانی صاحب

آدھی ملاقات کے لئے:-
6-93, Dhobipet, Mandal Shankar Pally, RR Dist. 501203
فون:- 0091-9010230194

* * *

﴿1﴾ شاہی مسند سے سوا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ کا وہ بوریا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ آپ ہیں خیرالوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ
عاصیوں کو آسرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ اپنی امت کے لئے ہر اک گھڑی
آپ کی پیاری دعا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ چُپ رہیں کیسے فرشتے پھر بھلا
جب کرے مدحت خدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ نورِ رب ہو آپ آخر یا نبی ﷺ
کب ہے رب تم سے جدا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pee Mohammad Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ آپ اول آپ آخر یا نبی   ابتداء و انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ حکمِ رب سے آپ نے لایا جسے   جل رہا ہے وہ دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ میرے لب پر جاری رہتا ہے سدا   ورد جو صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ لَوٹ آیا خواب سے اب کیا کروں   دل وہیں پہ رہ گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ رب کے دلبر آپ ہی تنہا ہوئے   ہے یہ رتبہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ عرش سے لائے نمازیں آپ ہی   ہے یہ احساں آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ لب کشائی سے ہے حاصل کیا بَھلا   آپ کو ہے سب پتہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ درد میرا اور بڑھتا جائے ہے   دیجئے مجھ کو دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ بخششِ امت کی خاطر یا نبی   کون ہے تمرے سوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ دیکھ لوں میں بھی مدینہ آنکھ سے   ہو مقدر کی جِلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ سوئے طیبہ مضطرب یہ دل مرا   تکتا رہتا ہے سدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ لاج رکھنا حشر میں میری ذرا   نورِ حق کا واسطہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ شہر طیبہ کی چمک پر بالیقین   ساری دنیا ہے فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ جس نے مانگا آپ کے دربار میں   سب کا ہی دامن بھرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ آپ ختمِ مرسلیں ختمِ رُسُل   ہیں امام الانبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ آپ محبوبِ خدا یا سیّدی   آپ شاہ دوسَرَا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ پھر بنایا ہی نہیں ہے شک خدا   آپ سا رتبہ بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ ہے ازل سے آج تک روشن وہی   نور والی وہ ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ نور کے آتے ہی، ہونے لگ گئیں   ظلمتیں ساری فنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ شہر طیبہ کی ہَوَا خوشبو مہک   صندلی سا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿26﴾ مشکلوں میں نامِ احمد لے لیا
بھاگتی ہے ہر بلا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿27﴾ میری قسمت کا ستارہ کِھل اُٹھے
دیدو قدموں میں جگہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿28﴾ حشر کے دن عاصیوں کے واسطے
آپ ہی کا آسرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿29﴾ آپ ہیں اللّٰہ کے پیارے نبی
آپ کا ہے کبریا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿30﴾ آپ کے رستے پہ جو بھی چل پڑا
پا گیا حق کی رضا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿31﴾ بس عنایت آپ کی درکار ہے
آئے طیبہ میں قضا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿32﴾ دل کی دھڑکن تیز کرتا ہے مری
سبز گنبد آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿33﴾ آپ کی ہر اک ادا ہے یا نبی
معجزہ ہی معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿34﴾ آپ کے لائے ہوئے اسلام کا
دبدبہ ہے دبدبہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿35﴾ خوش نصیبی ہے یہ میری بے گماں
آپ میرے رہنما یا مُصطفٰی ﷺ

﴿36﴾ جگمگاتا ہے سدا آٹھوں پہر
آپ کا گنبد ہرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿37﴾ رب کے منظورِ نظر پیارے نبی
آپ ہیں شمس الضحٰی یا مُصطفٰی ﷺ

﴿38﴾ رب کے دلبر اور محبوبِ خدا
آپ ہیں بدرالدجیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿39﴾ اب تصور میں سنہری جالیاں
اب نہیں ہے فاصلہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿40﴾ آپ کے آنے سے پہلے دہر میں
ظلم کی تھی انتہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿41﴾ آپ نے دکھلایا اُمت کو تمام
نورِ حق نورِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿42﴾ نور سے ہے نور کا اک رابطہ
یہ سبق ہم کو ملا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿43﴾ اب کرم ہو حال پر میرے نبی
ہے غموں کی انتہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿44﴾ ورد ہے ہر اک گھڑی ہر آن یہ
رات دن صلِّ علٰی یا مُصطفٰی ﷺ

﴿45﴾ اُس کی قسمت جگمگائی یا نبی
آپ نے جس کو چُھوا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India
Collection of Mohsin Qadri Digitization eGangotri

﴿46﴾ کام آیا اپنی امت کے لئے   آپ کا وہ سوچنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ ہر طرح سے دین پر احسان ہے   آپ کا بس آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ سب سہارے چھوٹ جائیں غم نہیں   آپ کا ہے آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ آرہی طیبہ سے مجھ کو نور کی   کیا سہانی ہے ہَوَا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ ہند میں بھی مشکلیں اب بڑھ گئیں   اِس طرف بھی دیکھنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ بادشاہوں کی نظر میں ہے بسا   آپ کاوہ بوریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ ہو میسّر مجھ کو بھی پیارے نبی   سنگِ اسود چومنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ علم و دانش آپ نے سکھلا دیا   آگہی کا ہیں پتہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ آپ ہیں تو مشکلیں سب دُور ہیں   آپ ہو مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ برکتوں والی تھی ساری روٹیاں   آپ کی سادہ غذا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ آپ ہی سے لَو لگی ہے یانبی   ہوں ازل سے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ آپ آئے جب جہاں میں یا نبی   شور تھا صلِّ علٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ کان سنتے ہیں مرے آٹھوں پہر   مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ آپ حق کے دلربا یا سیّدی   آپ ہیں حق کی رضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ نام لے کر آپ کا مانگی ہے اب   رنگ لائے گی دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ درپہ آئوں جالیاں تکتا رہوں   میرے حق میں ہو دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ رہنمائی کے لیئے کافی ہو آپ   حق نگر حق آشنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ ہوکرم مجھ پہ بھی پیارے سیّدی   صاحبِ جود و سخا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ سب کی سنتے ہو سخی داتا کبھی   سُن لو میری بھی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ بوجھ غم کا کب تلک ڈھوتا رہوں   کیجئے کچھ تو دوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿66﴾ شادمانی کا دریچہ کھول دیں   دل غموں سے ہے بھرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ لے کے آیا ہوں یہ دل دربار میں   حبِّ احمد سے بھرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ ہو گیا ہے کیمیا گر وہ گدا   آپ نے جس کو چُھوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ آپ کے چُھوتے ہی سُوکھا پیڑ بھی   ہوگیا ہے وہ ہرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ کربلا کا ذکر جب بھی سُن لیا   دل یہ میرا رو پڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ تم خدا کے بعد عالی مرتبت   کون ہے تم سے بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ سب پہ شفقت کرتے ہو کوئی بھی ہو   آپ کا ہے دل بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ آپ کے دربار مین ادنیٰ گدا   آگیا ہے بےنوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ سب سے اعلیٰ سب سے اونچا یا نبی   آپ کا ہی تذکرہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ آپ ہی کی حکمرانی ہے یہاں   سلسلہ در سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ تم ہو رب کے لاڈلے اور دلربا   سرتا پا تم معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ آپ ہیں اللہ کے محبوب جب   ہر ادا ہے معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ دم یہ نکلے آپ کے دربار میں   آخری ہے التجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ ہو دعا مقبول میری یا نبی   آپ سے ہے التجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ میں بھی جا کر دیکھ لوں طیبہ نگر   اور وہ گنبد ہرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ بھول پایا ہی نہیں میں آج تک   پیاری پیاری وہ ہَوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ آپ ہی کے دم قدم سے یا نبی   دیں نے پائی ہے بقا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ اس لئے ٹھکرا دیا ہوں اُس کو میں   کام آئی کب انا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ جب مدینہ پر پڑے پہلی نظر   زندگی پائے جِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿85﴾ ہم غریبوں کے لئے امداد کو   کون ہے اب دُوسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«86» جیسے میری حاضری کے واسطے   آرہی ہے اک ندا یا مُصطفٰی ﷺ
«87» آپ کا رتبہ خدا نے کردیا   حق نگر اور حق نما یا مُصطفٰی ﷺ
«88» میری کشتی پر لکھا ہے یانبی   آپ ہی ہیں ناخدا یا مُصطفٰی ﷺ
«89» جگ کو روشن کر گئی ہے دیکھئے   آپ کی نوری ردا یا مُصطفٰی ﷺ
«90» رب کی مرضی آپ کی مرضی ہوئی   آپ رب سے کب جدا یا مُصطفٰی ﷺ
«91» آپ کے جُز کون سنتا ہے یہاں   ملتجی کی التجا یا مُصطفٰی ﷺ
«92» اپنے قدموں میں جگہ دے دیجئے   چھوڑ کر آیا انا یا مُصطفٰی ﷺ
«93» رہنمائی کے لئے ہیں آپ بس   مرحبا خیرالوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ
«94» دیکھنے والوں نے دیکھا بالیقیں   عرش پر ہیں نقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
«95» اک نگاہِ لطف مجھ پر بھی پڑے   ہر گھڑی بس ہے دعا یا مُصطفٰی ﷺ
«96» نام آیا جب اذاں میں آپ کا   دل دھڑکنے لگ گیا یا مُصطفٰی ﷺ
«97» جس نے کلمہ آپ کا دل سے پڑھا   ہوگیا وہ کیا سے کیا یا مُصطفٰی ﷺ
«98» دل کی دنیا میں تصور آپ کا   روشنی کرنے لگا یا مُصطفٰی ﷺ
«99» چودہ صدیوں پہلے روشن جو ہُوا   جل رہا ہے وہ دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
«100» زندگی کی ہرجہت کے واسطے   آپ کا اُسوہ ملا یا مُصطفٰی ﷺ
«101» نامِ نامی آپ کا جب بھی سُنا   دل نے چپکے سے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
«102» کیسے ڈھونڈے گا زمانہ ' ہے نہیں   کوئی ہمسر آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«103» ہے خدا کے بعد عالی مرتبت   آپ ہی کا مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
«104» آپ کی اُمت میں میرا نام ہے   پا رہا ہوں میں صلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«105» چاند تکتا ہی رہے گا عمر بھر   آپ ہی کا نقش پا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection of Peer Sahib Qadari Digitization eGangotri

﴾106﴿ دل میں آیا نام نامی آپ کا   دل کی دھڑکن نے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾107﴿ فرق سارا ہٹ گیا ایمان سے   کون چھوٹا اور بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾108﴿ آسرا ہو آسرا ہو آسرا   غم زدوں کا آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾109﴿ دیر سے بیٹھا ہُوں چوکھٹ چوم نے   ہو کرم مجھ پر ذرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾110﴿ ظلم حد سے بڑھ گیا پیارے نبی   ہوگئی اب انتہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾111﴿ آپ جس سے ہوگئے گر چہ خفا   ہے خفا اس سے خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾112﴿ تم سراپا سر بسر ہو یا نبی   معجزہ ہی معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾113﴿ دیں کی خاطر جان قربان کرگیا   اک نواسہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾114﴿ آئیے آجائیے عرشِ بریں   مرحبا رب نے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾115﴿ رب کے فوری بعد ملتا ہے ہمیں   آپ ہی کا مرتبہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾116﴿ سب کے سب کہتے رہے ہیں بس یہی   آپ محبوبِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾117﴿ آپ نے معراج میں جو کچھ کہا   رب نے سب کچھ سُن لیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾118﴿ جب پڑھا قرآن کی تفسیر تو   راز مجھ پر کُھل گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾119﴿ ہم گنہ گاروں پہ رحمت کی نظر   یہ کرم ہے آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾120﴿ کس کے دل میں کیا تمنا ہے بسی   آپ کو ہے سب پتہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾121﴿ آپ کی چاہت کے مارے ہیں سبھی   انبیاء و اولیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾122﴿ پیار امت کے لئے ہے آپ کا   منبع جود و سخا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾123﴿ زندگی کو مل گیا جب سے شعور   ہر گھڑی دل نے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾124﴿ کُھل گئی جو میرے دِل کی ہر گرہ
دل ہوا تم پہ فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾125﴿ نامِ نامی آپ کا عبداللطیفؔ   میرے دل میں ہے بسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

لطیفیؔ

نام :- ڈاکٹر حافظ میر مرتضی علی شاہ قادری لطیفیؔ

تخلص :- لطیفیؔ

ولدیت :- حضرت میر محمد علی شاہ قادری الوحیدی

پیدائش :- 12-1977-حیدرآباد

تعلیم :- حافظ قرآن۔ مولوی کامل جامعہ نظامیہ، پی ایچ ڈی اردو HCU، پی ایچ ڈی فارسی۔ MANUU

تصانیف :- 2004ء سے تا حال 20 کتابیں تصنیف و ترتیب کے مراحل سے گزر کر شائع ہو چکی ہیں۔

آدھی ملاقات کے لئے:-

1504/1, Wadi-Omer near Shahen Nagar,
Hyderabad-50005. T.S. INDIA. Mobile No-9347670079

* * *

﴿1﴾ مرحبا صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہیں نورِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ آپ کا رو والضحیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
زلف اقدس ہے سجٰی یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ حسن کی ہو انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
عشق کی ہو ابتدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ مل گئی اس کو بقا یا مُصطفٰی ﷺ
ہو جو الفت میں فنا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ مرض کی کردو دوا یا مُصطفٰی ﷺ
کب تلک آہ و بُکا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿6﴾ عشق کا ہے معجزہ یا مُصطفٰی   چار سُو ہے اَیۡنَمَا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿7﴾ ذکر جب ہے آپ کا یا مُصطفٰی   دل ہُوا یہ شمع سا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ آنکھ میں نقشہ جما یا مُصطفٰی   دل تم ہی سے ہے لگا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ آپ کی الفت بقا یا مُصطفٰی   مٹ گئی ساری انا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ ہے نہ ہوگا نہ ہی تھا یا مُصطفٰی   اک بشر بھی آپ سا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ اپنے عرفاں کے لئے ربِّ کریم   نور تیرا ہے بنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ دیکھ کر میثاق کے ہی روز سے
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ آب و گِل کے درمیاں تھا جب بشر   تھے نبی خیرالوریٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ بالیقیں آدم علیہ السلام سے عبداللہ رضی اللہ عنہ تک   نور کا ہے سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ سارا عالم آفتاب و ماہتاب   نور سے تمرے بنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ آمنہ رضی اللہ عنہا کی جھونپڑی میں نورِ رب   کس طرح سے آگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ اے حلیمہ رضی اللہ عنہا تمرے قسمت کو سلام   تمرے آنگن کی ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ تیرگی بھی کفر کی شرمندہ ہے   آپ ہیں نورِ ہدیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ نجدیت تھرّا گئی یہ کہتے ہی °   یا علیؑ مرتضیٰ رضی اللہ عنہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ یہ ملادِ مُصطفٰی کے ہے نشاں   یہ قمر ارض و سما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ مرسلیں ہیں آپ سیّد اور پھر   تاجدارِ انبیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ کنت کنزا مخفیا سے صاف ہے   آپ حق کا آئینہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ اَیُّکُمۡ مِثۡلِیۡ سے ظاہر ہوگیا   کوئی ہمسر نہ ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ حکم سے لَا تَرۡفَعُوۡا کے ہے ادب   کیسے اونچی ہو نوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿25﴾ اِنۡشَرَاحِ صَدَرۡ سے یوں کردیا   رب نے الفت کا سِرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pelo Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿26﴾ کیوں نہ قرباں ہو بصارت پر تری ہے نگاہِ ما طغیٰ یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿27﴾ ایک گستاخی پہ نازل ہوگئی سورۂ تَبَّت یَدَا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿28﴾ لیلۃُ الُاسریٰ ' تمھارے واسطے گنبذِ بے در کُھلا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿29﴾ ہوگیا مَایَنۡطِقُ سے صاف یہ ہے کلامِ کبریا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿30﴾ اَنۡتَ فِیۡہِمۡ سے عیاں ہے زندگی کیوں پڑھیں گے مرثیہ یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿31﴾ رحمۃُ لِّلۡعالمیں کا دیکھئے سر پہ سہرا ہے سجا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿32﴾ یہ ادب بالکل نہیں ہے دیں صدا تمرے حجرے کے ورا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿33﴾ چشمے پھوٹے آپ کی انگشت سے آپ کا یہ معجزہ یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿34﴾ تمری رفعت کی بلندی کی جھلک سدرہ کا ہے معجزہ یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿35﴾ ٹکڑے ہوکر چاند بھی کہتا رہا شرف میرا بڑھ گیا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿36﴾ ہے قدومِ پاک کا یہ معجزہ وہ اُحد بھی جھومتا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿37﴾ بوجہل کے ہاتھ میں رہ کر بھی وہ کنکریوں نے کہا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿38﴾ تمرے آنے سے بنا بیت خدا ورنہ تھا وہ بت کدہ یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿39﴾ روزِ محشر دستِ اقدس میں ترے حمد کا ہوگا لوا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿40﴾ تمرے بیچین صحنِ مکہ اور قحط تمری پیاری وہ دعا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿41﴾ مرتضی کے واسطے وہ آفتاب پھر پلٹ کر آگیا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿42﴾ عشق نے تمرے کِیا اشجار کو بے زباں سے با نوا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿43﴾ ہوگیا تحویل قبلہ اس لئے آپ نے جو سر اٹھا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿44﴾ مالکِ روزِ جزا ربِّ کریم چاہتا تمری رضا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿45﴾ حجرِ بے جاں بے زباں تمرے اَمام پڑھتے ہیں صلِّ علیٰ یا **مُصطفٰی** ﷺ

﴿46﴾ تمرا اُٹھنا تمرا چلنا اور کلام ہر ادا ہے معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿47﴾ وہ عصا پتھر پہ ماریں ، آپ کو انگلیوں سے ماء دِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿48﴾ وہ احد اور بیعت رضواں اور احد دین حق کے معرکہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿49﴾ ہے کھلونا آپ کا تو طفل سے وہ سحاب اور مہر و ماہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿50﴾ دوڑتے مروہ صفا پر اس لئے تمرے دادی کی ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿51﴾ دین کی دولت ملی دارین کو جب پڑھا یا لَآاِلٰہُ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿52﴾ حُسنِ یوسف علیہ السلام کا تو چرچہ عام ہے ہے انوکھا رُوترا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿53﴾ کیا کہیں ہے پسینہ آپ کا مشک و عنبر سے سِوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿54﴾ آپ کی آنکھوں میں لاکھوں طور ہیں ہے نگاہِ ماطغیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿55﴾ آپ کی ازواج میں ممتاز ہیں وہ خدیجہ ، عائشہ رضی اللہ عنہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿56﴾ امہات المومنیں ہے بالیقیں عابدہ اور طاہرہ رضی اللہ عنہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿57﴾ سیدہ کو دیکھ کر کہتے تھے سب کون ہے یہ فاطمہ رضی اللہ عنہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿58﴾ آپ کی دختر کے یہ القاب ہیں طیبہ اور طاہرہ رضی اللہ عنہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿59﴾ کیوں زماں مشتاق ہے حَسنین رضی اللہ عنہما کا آپ کی ان میں ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿60﴾ ہے یہ ورثہ عاشقوں کے واسطے الفت آل عبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿61﴾ ہے ہدایت عالَموں کے واسطے آپ کا وہ حاشیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿62﴾ جو عدو ہے آل کا اصحاب کا وہ تو کافر ہے کُھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿63﴾ بیعتِ رضوان میں ہے شامل کون کون کُل صحابہ اور خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿64﴾ آپ کے اصحاب کا اور آل کا کیوں نہ ہو رتبہ بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿65﴾ آج بھی رشک زماں ہے وہ زماں وہ زمانہ راشدہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿66﴾ تمری سنت مان کر کرتے ہیں ہم غم وہ ہمزہ کا صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ آپ کی فرقت میں ہر دم دل مرا کیوں نہ ہو نغمہ سرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ نامِ اقدس عاشقوں کے واسطے ہر مرَض کی ہے دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ ہے لگا دل پر ہمارے اَزُلْ سے تیر تمرے ہجر کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ ورد سے صلِّ علیٰ کے مٹ گئی ہر کثافت اور انا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ ہر پَہر رہتا ہے آنکھوں میں مرے وہ آپ کا گنبد ہرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ ہیں ادا ساری نمازیں آپ کی فجر ہو یا ہو عشا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ آپ کی امت کی یہ بھی شان ہے وہ نہیں کھاتی رِبَا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ ہے مطابق آپ کے ارشاد کے نصف ایماں تو حیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ ہے تنفس اور دھڑکن سے جُڑا یاد کا اک سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ جاں دکن میں روح طیبہ کے نگر زندگی ہے ھٰکذا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ نامِ احمد کے ہزاروں ہیں الم طورِ دل پر جابجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ جل رہا ہے میرے دل میں ہے کرم نام کا تمرے دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ نعت پڑھنا نعت لکھنا ہے مرا روز گارِ نابغہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ ہو گا طیبہ کے نگرمیں ایک دن میرا بستر بوریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ آپ کے روضہ کی چوکھٹ میں حضور میرا دل بھی ہے گڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ ہے عقیدت کا یہ گلدستہ مرا یہ کلامِ نعتیہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ دیتے ہیں دل کو بھی چھاؤں اور سکوں تمرے گیسوئے سجیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ عاشقوں کے واسطے ہے بالیقیں خاکِ در خاکِ شفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ جارہا ہے تمری جانب مجھ سِوا قافلہ پر قافلہ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

«86» بے سرو ساماں ہُوں لیکن میں حضور چل پڑا سوئے شُما یا مُصطفٰی ﷺ
«87» آپ کی فرقت میں پیارے مُصطفٰی دل مرا ہے غم زدہ یا مُصطفٰی ﷺ
«88» دوستی رب کی عطا کرتا ہے وہ تمری الفت کا نشہ یا مُصطفٰی ﷺ
«89» روح و سِر پر ہے محمد ﷺ مجتبیٰ اور دل پر ہے لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
«90» میری روح کا ہے شہنشاہ مُصطفٰی میرے دل کا بادشاہ یا مُصطفٰی ﷺ
«91» چومتے ہیں اہل ایماں آج بھی تمری ہر اک شاہراہ یا مُصطفٰی ﷺ
«92» چاہتے ہیں اہل ایماں ہر زماں آپ کو وہ بے پناہ یا مُصطفٰی ﷺ
«93» میں دکن میں آپ طیبہ نگر دور ہو یہ فاصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«94» ایسے جینے کو بَھلا جینا کہیں آپ سے ہوکر جدا یا مُصطفٰی ﷺ
«95» کاسۂ دل عاشقوں کا دیکھئے عشق سے تمرے بھرا یا مُصطفٰی ﷺ
«96» آج بھی خوشبو ہے تمری اس جگہ ثَور ہو یا وہ حرا یا مُصطفٰی ﷺ
«97» یا محمد ﷺ کی صدائیں ہو بلند تار دل کا جب ہلا یا مُصطفٰی ﷺ
«98» آسماں سے نور کی بارش ہوئی نعت جب بھی میں سُنایا مُصطفٰی ﷺ
«99» ہم گواہ ہیں امّتوں کے حشر میں آپ امت کے گواہ یا مُصطفٰی ﷺ
«100» اِس نکمہ کو بنایا عشق نے کیا سے کیا اور کیا سے کیا یا مُصطفٰی ﷺ
«101» زیبِ تن کَرکَر معزز ہوگئے تمری الفت کی قبا یا مُصطفٰی ﷺ
«102» نعت پڑھنا نعت لکھنا ہر گھڑی ہے یہ عاشق کی غذا یا مُصطفٰی ﷺ
«103» رقص کرتا ہے زمانہ اس لئے نعت تمری میں لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
«104» یہ نکماں اور کہاں نعت رسول آپ نے لکھوا دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
«105» ہر گھڑی تارِ نفس پر ذکر رب کیجئے وہ دل عطا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

«106» اپنے حَسّاں کے توسل ہو کرم
نعت میری حبذا یا مُصطفٰی ﷺ

«107» اہلِ محشرکی زباں پر ہو صدا
مُصطفٰی اِرحم لنا یا مُصطفٰی ﷺ

«108» ہوگا محشرمیں وسیلہ بالیقیں
یہ کلامِ نعتیہ یا مُصطفٰی ﷺ

«109» میرے دفترمیں خطاء پر ہے خطا
کیا کہوں تمری عطا یا مُصطفٰی ﷺ

«110» الاماں یا مُصطفٰی مختارِ کُل
غم کا جنگل ہے گھنا یا مُصطفٰی ﷺ

«111» بھیک بخشش کی ملے ہم کو کہاں
آپ کے در کے سِوا یا مُصطفٰی ﷺ

«112» گرمئی محشرمیں ہوگی آسرا
آپ کی پیاری ردا یا مُصطفٰی ﷺ

«113» عاشقوں کی لاج رکھنا حشرمیں
آپ کو ہے یہ روا یا مُصطفٰی ﷺ

«114» بے زبان و بازباں کے یا نبی
آپ ہی حاجت روا یا مُصطفٰی ﷺ

«115» وقت آخر دید ہوگی گرحضور
ہو سلامت خاتمہ یا مُصطفٰی ﷺ

«116» ہو وسیلے سے ترے اجدا کے
عاشقوں پر مائدہ یا مُصطفٰی ﷺ

«117» دُور امّارہ ہو ہم سے اور عطا
نفس ہم کو راضیہ یا مُصطفٰی ﷺ

«118» کُل خلائق عالَموں کے واسطے
آپ کی ہے بارگاہ یا مُصطفٰی ﷺ

«119» روز محشر عاصیوں کے ہاتھ میں
جامِ کوثر ہو عطا یا مُصطفٰی ﷺ

«120» مسجد بابر کو معبد کر دیا
کفر نے پھر سَر اٹھا یا مُصطفٰی ﷺ

«121» الف دو اور بیس ہے یہ عیسوی
جس میں نعتوں کو لکھا یا مُصطفٰی ﷺ

«122» مرتضی شاہ قادری پر ہو کرم
ہے حسینی وہ گدا یا مُصطفٰی ﷺ

«123» وقت آخر ہو لطیفؔی پر کرم
سامنے ہو رُو ترا یا مُصطفٰی ﷺ

«124» ہے لطیفؔی آپ کا بس آپ کا
لاکھ گرچہ ہے بُرا یا مُصطفٰی ﷺ

«125» ہو شفاعت اس لطیفؔی کو عطا
حشر جب بھی ہو بپا یا مُصطفٰی ﷺ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مخضب ز شعراء

م

تعداد کلام (7) تعداد اشعار (875)

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moid Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

ماجدؔ

نام :- استاذ سخن محمد اسلم ماجد

قلمی نام :- اسلم ماجد جبلپوری

تخلص :- ماجدؔ

ولدیت :- گل شیر احمد خان

شرف تلمذ :- محمد اصغر شبنم جبلپوری

تعلیم :- B.A/24 گریجویٹ ، اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی

پیدائش :- 23-12-1963 ، بلہری ، جبلپور ، مدھیہ پردیش

آغاز شاعری:- 1979 ء

آدھی ملاقات کیلئے:- :-مکان نمبر 2769/2 نظیر آباد ، آنند نگر، آدھارتال ،
عبدالحمید وارڈ ، جبلپور 482004 مدھیہ پردیش۔

Mobile No.0091-9329212629.

* * *

﴿1﴾ عرش تا تحت الثرا یا مُصطفٰیﷺ
ہے سبھی کچھ آپ کا یا مُصطفٰیﷺ

﴿2﴾ دل خوشی سے روپڑا یا مُصطفٰیﷺ
آپ نے اپنا کہا یا مُصطفٰیﷺ

﴿3﴾ شافعِ روزِ جزا یا مُصطفٰیﷺ
تم سے جو الجھا گیا یا مُصطفٰیﷺ

﴿4﴾ آپ کچھ کیجئے ذرا یا مُصطفٰیﷺ
ہم سے روٹھا ہے خدا یا مُصطفٰیﷺ

﴿5﴾ کون ہے تم سے بڑا یا مُصطفٰیﷺ
تم امام الانبیا یا مُصطفٰیﷺ

﴿6﴾ آپ کیا؟ کیا ہے خدا؟ یا مُصطفٰی   عکس اک اک آئینہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿7﴾ مصطفی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی   مرحبا صد مرحبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ منزلِ حق پا گیا یا مُصطفٰی   آپ کی جو رہ پرچلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ آپ نے جوکچھ کہا یا مُصطفٰی   ہے وہی رب کی رضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ رب سے میری ہے دعا یا مُصطفٰی   ہرطرف گونجے سدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ کچھ غلط رب کو لگا یا مُصطفٰی   تب تو آیا زلزلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ سب سے خوشبو نے کہا یا مُصطفٰی   پھول جب کوئی کھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ جتنے ہونگے با وفا یا مُصطفٰی   دم بھرینگے آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ تم جمالِ کبریا یا مُصطفٰی   مرحبا صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ آقا ہم کو سُر خروئی دیجئے   بخش دیجے ہرخطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ طے کیا کس نے سوائے آپ کے   اک سفرہے راستہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ آپ کی اونچائی کا مینار ہے   آپ کا ہر معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ آسمان کی ہرچمکنے والی شئے   آپ کا ہے نقشِ پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ چاند کیوں نہ بات مانے آپ کی   آپ ہیں بدرالدجیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ شمس کیسے بات ٹالے آپ کی   آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ آپ سے پھوٹی ہیں کرنیں علم کی   آپ ہیں نورالھدیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ انبیاء و اولیاء و اصفیاء   حق تعالی بھی کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ خودبخود ہی یا خدا کہنے کے بعد   منہ سے نکلا برملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ آپ کی بس اک ادا کی دین ہے   حسنِ یوسف کی ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿25﴾ ختم کروادو خدا سے بول کر   یہ کرونا کی وبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moin Sahib Qadari Digitization eGangotri

«26» جھک نہیں سکتا ستم کے سامنے   آ پ ہیں میری آ نَا یا مُصطفٰی ﷺ

«27» جان بھی تم پر نہ کیوں ہم واردیں
دل ہوا تم پرفدا یا مُصطفٰی ﷺ

«28» ذہن میں آمد ہوئی ہے نور کی   جب زباں سے کہہ دیا یا مُصطفٰی ﷺ
«29» آپ کا احسان کیسے بھول جائیں   آپ سے ہے رب ملا یا مُصطفٰی ﷺ
«30» خونِ اہلبیت سے گلزار ہے   وادی کرب و بلا یا مُصطفٰی ﷺ
«31» ہم کہیں یا مُصطفٰی تو اعتراض   دیکھ کہتا ہے خدا یا مُصطفٰی ﷺ
«32» آئینہ اسلام کا بنتی گئی   آپ کی اک اک ادا یا مُصطفٰی ﷺ
«33» ہم نے کلمہ پڑھ لیا توکیا غضب   پتھروں نے کہدیا یا مُصطفٰی ﷺ
«34» ہر گھڑی پر آن ہے تمرا کرم   ابتداء کیا انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
«35» آپ سے قائم ہوا ہے دہر میں   نورکا اک سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«36» ظلم بڑھتا جارہا ہے ہر طرف   ہو کرم بہرِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
«37» تم جو یاد آئے بہاریں آگئیں   غنچہ دل کھل گیا یا مُصطفٰی ﷺ
«38» آپ کے لہجے کی یاد آنے لگی   جب چلی ٹھنڈی ہوا یا مُصطفٰی ﷺ
«39» غیب سے پھر رہنمائی کیجئے   دین فرقوں میں بنٹا یا مُصطفٰی ﷺ
«40» پرورش دینِ خدا کی کس نے کی   یہ ترے گھرمیں پلا یا مُصطفٰی ﷺ
«41» فضلِ رب اور دین کی تعلیم سے   طے ہوا ہر مرحلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«42» آج کل مرنا بہت آسان ہے   زندگی ہے مسئلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«43» نعت کی محفل سجی ہے آئیے   میرے گھرہے رت جگا یا مُصطفٰی ﷺ
«44» فرش پر بھیجا ہے رب کہہ کے یہ   یہ جہاں بھی جگمگا یا مُصطفٰی ﷺ
«45» فاطمہ زہرہ رضی اللہ عنہا کے صدقے میں رہے   آپ کی ہم پر رِدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿46﴾ اس سے بڑھ کر اور کیا ہوگا کرم   آپ کے گھر آگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ آپ کو دیکھا ہے جب سے غور سے   پھر نہیں کوئی جچا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ آپ نے جو کر دکھایا دہر میں   وہ نہ کوئی کرسکا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ جی میں آیا ہے قلم کو چوم لوں   جب بھی کاغذ پر لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ کلمہ پڑھ کر جھیل مومن ہوگئی   میں نے پانی پر لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ در پہ ہم کو آپ اب بلوائیے   زندگی ہے بے مزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ امن کا پیغام دیتا ہے ہمیں   گنبدِ خضرا ہَرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ راستہ تکتا ہے حج کے دور میں   خانۂ کعبہ ترا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ چاند تارے بھی مسلماں ہوگئے   کنکروں نے جب کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ پڑگیا بھاری مئے ابلیس پر   جامِ وحدت آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ حشر کی گرمی میں راحت بخش ہے   آپ کی زلفِ و دُتا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ آپ کے روضے سے اب تک دور ہوں   زندگی ہے یا سزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ رب سے کہہ کے جلد بلوالیجئے   زیست کب دے دے دغا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ اس جہاں میں ہر دعا کی آبرو   آپ کا اک واسطہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ مل گیا سب مجھ کو جب تم مل گئے   میرا تم ہو مدعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ خوبیاں نبیوں کی سب اپنی جگہ   آپ ہیں سب سے جدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ اس کا شاہد ہے کلام پاک خود   کی آپ کی رب نے ثنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ باغِ عبداللہ کے تم پھول ہو   تم دعائے آمنہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ اب مدد کے واسطے آجائیے   کر رہے ہیں التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ آپ کے داماد ولیوں کے ولی   ہیں علی شیرِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

﴿66﴾ نام سنکر بھاگتی ہے تیرگی   تم جمالِ کبریا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ ہم پہ لازم ہے سبھی کا احترام   جو بھی ہیں آلِ عبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ عشق میں تیرے اگرموت آئے تو   ہے فنا میں بھی بقا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ مظہرِ علم و ہنر ہے آج بھی   آپ کی غارِ حرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ آئی تو ایمان تازہ کرگئی   وہ مدینے کی ہوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ آپ کی کملی ہمیں یاد آگئی   چھائی جب کالی گھٹا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ کل تھا یثرب دکھ مصیبت کا جگہ   آج ہے دارالشفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ آپ چاہیں گے جسے ہوجائے گا   آپ کا باغِ جناں یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ روح کانپے ہر بَلا کی آپ سے   آپ ہیں دافع بَلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ آپ رحمت سارے عالم کیلئے   یہ سنا ہے بارہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ سارے غالیچوں کے سر کا تاج ہے   آپ کا اک بوریا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ ہم غریبوں سے خدا ناراض ہے   آپ مت ہونا خفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ سب کا پیارا بن گیا وہ رب کے ساتھ   آپ کا جو بھی ہوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ سب کے ہیں مشکل کشا حضرت علی   ان کے تم مشکل کشا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ اک سوائے آپ کے ممکن نہیں   دین ودنیا کا بھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ آپ جیسی شخصیت کسکی یہاں   ہیں تو لاکھوں دلربا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ آپ دیں توفیق تو ہم دیکھ لیں   عشق میں ہوکر فنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ نعت گوئی ، نعت خوانی دونوں ہیں   تمری الفت کا صلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ آپ جیسا اس جہاں میں کون ہے   حق نظر ، حق آشنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿85﴾ وقت ہے اب بھی کرم کردیجئے   جا رہا ہے قافلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad India Collection of Peer Salam Quadri Digitization eGangotri

﴿86﴾ بند کی آنکھیں گئے طیبہ نگر   گو بہت ہے فاصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ خلد رب نے ہی بنائی ہے مگر   آپ دیں گے داخلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ یہ عرب کیا دونوں عالم میں نہیں   آپ سا جود و سخا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ اس طرف بھی کیجئے چشمِ کرم   تم کو رب کا واسطہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ اپنی مدحت کا دیا موقع مجھے   آپ کا صد شکریہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ ہر وہ باتیں عیب کہتے ہیں جنہیں   آپ سب سے ماوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ ہم "ورا" ہیں یہ بہت اپنے لئے   آپ ہیں خیرالوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ ہے یہ خواہش آپ کا دیدار ہو   نے جب مجھ کو قضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ بند آنکھوں سے نظر آتے ہیں آپ   یہ محبت کا صلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ میں فدا تم پر تمہاری آل پر   یہ مرا عہدِ وفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ آپ رب سے مل کے واپس آگئے   گرم بستر بھی رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ مقتدی سارے نبی یہ شان ہے   تم امام الانبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ آپ کی سنتا ہے رب کہتے ہیں سب   میرے حق میں ہو دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ چاند، سورج، دیپ، جگنو کچھ نہیں   آپ ہیں وجہ ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ حضرتِ جبریل بھی حیران ہیں   یہ مقامِ مصطفی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ اس نے بانٹا دہر میں دل کھول کر   جس کو بھی تم نے دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ نوح کی کشتی میں آقا آپ تھے   غائبانہ نا خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ اک سوائے آپ کے سنتا ہے کون   میری آہِ نارسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ آپ سارے فلسفوں کی جان ہیں   آپ سے ہر فلسفہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ آپ کی پوشاک کو بھیجا سلام   چاک دامن جب سیا یا مُصطفٰی ﷺ

«106» کیرلا کی سر زمیں اسکی گواہ   چاند دو ٹکڑے ہوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«107» دل تمہارے واسطے ہم لائیں ہیں   سَر خدا کو دے دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«108» دین و دنیا مل گئے تم کیا ملے   فائدہ ہی فائدہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«109» سب سے بہتر سب سے اعلی دہر میں   آپ کا ہی قاعدہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«110» سبز پرچم نصب ہے ہرجا یہاں   کون ہے یہ جابجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«111» امن کا پیغام بَر ہے دہر میں   آپ کا گنبد ہرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«112» پھینکتی تھی تم پہ کچرا روز جو   اس کے حق میں دی دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«113» فکر دوزخ کی مجھے بالکل نہیں   آپ سے ہے رابطہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«114» آپ کے غم میں گرے جو آنکھ سے   ہیں یہ گوہر بے بہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«115» ذکر جن کا آیتِ تطہیر میں   آپ کی آلِ عبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«116» کیا نہیں تم نے کیا دیں کے لئے   پیٹ پر پتھر رکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«117» آپ کے قدموں میں آکر جو گرے   ان کو چلنا آگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«118» جس جگہ بھی امن کی خواہش جگی   اُس جگہ پرچم لگا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«119» آپ سے ہے کون اونچا دہر میں   تم سر عرش عُلیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«120» آپ کے ہی سبز گنبد کے طفیل   رنگ لاتی ہے دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«121» اور تھوڑی دیر میری روشنی   میں ہوں اک بجھتا دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«122» صبح تک یہ نعت پوری ہوگئی   رات بھر میں نے رٹا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«123» شعر میں لکھ دی ہے ہم نے دل کی بات   فیصلہ اب آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«124» میں نے لکھے ایک سو پچیس شعر   آپ کی ہے یہ عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«125» شاہ "عبداللہ" اور ماجد میاں   سارے ولیوں کی صدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

محورؔ

نام :- محمد شاہ نواز
تخلص :- محورؔ
ولدیت :- محمد غلام علی صاحب
پیدائش :- 12-05-1996، مدھیہ پردیش
شرف تلمذ :- محمد اصغر شبنم غضنفری۔ اسلم ماجد جبلپوری
تعلیم :- ہائر سکینڈری
شاعری کا آغاز: 2014
آدھی ملاقات کے لئے :- مکہ نگر۔ گلی نمبر ۸، موہریا۔ آدھارتال، جبلپور 482004۔ ایم۔ پی
موبائیل نمبر :- +91 8305313591

* * *

﴿1﴾ کچھ نہ تھا اِسکے سوا یا مُصطفٰیﷺ
آپ تھے اور تھا خدا یا مُصطفٰیﷺ

﴿2﴾ ہر ادائے مُصطفٰی یا مُصطفٰیﷺ
ہر کسی سے ہے جدا یا مُصطفٰیﷺ

﴿3﴾ نور کی بس اک ضیا یا مُصطفٰیﷺ
کردو مجھ کو بھی عطا یا مُصطفٰیﷺ

﴿4﴾ نام لے کر آپ کا یا مُصطفٰیﷺ
دل مرا روشن ہوا یا مُصطفٰیﷺ

﴿5﴾ وہ جہاں سے مٹ گیا یا مُصطفٰیﷺ
جس نے کی تم سے جفا یا مُصطفٰیﷺ

﴿6﴾ مرکے بھی زندہ رہا یا مُصطفٰی   آپ پر جو مر مٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ بس خدا ہے جانتا یا مُصطفٰی   آپ کا یہ مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ ہے اَحد احمد میں پردہ میم کا   کیا ہے اس میں ماجرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ آپ کی ہی ہے عطا یا مُصطفٰی   میں نے جو کچھ بھی لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ دیں پتہ اللہ کا یا مُصطفٰی   آپ ہی کو ہے پتہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ میرا ایماں جو بنا ہے دہر میں   آپ کے صدقے بنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ آپ کی تخلیق جس دم کی گئی   ہر طرف بس نور تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ آپ پر ہر شئے فدا ہے اِس لئے   آپ نور کبریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ آپ کی آمد پہ ہر شئے کہہ اُٹھی   ربِ سَلِّم مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ مرتبہ کتنا ہے اعلیٰ آپ کا   نائبِ ذاتِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ انبیاء جتنے ہیں سب اعلیٰ ہیں پر   تم امام الانبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ ابر بَن کر چھائے گی محشر کے دن   آپ کی زلفِ دُتا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ آپ کے چھرے کی رونق دیکھ کر   یاد آتا ہے خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ آپ اور رب کے سوا معراج میں   کون جانے کیا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ آپ کے اخلاق ہیں کتنے بلند   دشمنوں پر بھی دَیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ آپ کے گھر میں ہے رحمت بالیقیں   بی بی حضرت فاطمہؓ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ دین کی عظمت پہ جو قرباں ہوا   وہ نواسہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ مرحبا حوروں نے بھی پنکھا جُھلا   آپ کی وہ والدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ ہم گنہگاروں کو ہے محشر کے دن   بس تمہارا آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ جس کو دی توفیق رب نے اُس نے ہی   آپ کا کلمہ پڑھا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheed Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿26﴾ چاند دو ٹکڑے اشارے سے ہُوا   پیڑ بھی چلنے لگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ شمس نے پائی ہے تم سے روشنی   آپ ہو شمس الضحٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ نُورِ حق خیر الوریٰ بدرالدجیٰ   ہر لقب تم پر سجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ آپ ہی کے نور سے روشن جہاں   آپ ہو نور العُلیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ ہے تمہارے نام سے روشن چراغ   کیا بگاڑے گی ہوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ دیکھ کر بھی وہ نہ سمجھا آپ کو   بوجہل تھا سر پھرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ آپ کے دیدار سے بیمار کو   مل گئی فوراً شِفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ آئے آخر میں بنے اوّل میں آپ   ایسا کیوں؟ جانے خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ آپ پر اُترا کلامِ پاک جو   ہر ورق اُس کا شِفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ نعت کے مفہوم پہ قربان ہے   ہر مقدس قافیہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ آزمایا آپ کو جس شخص نے   آکے قدموں میں گرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ ہے لُعابِ دہن میں کتنا اثر   اکھڑا بازو جُڑ گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ قتل کرنے آئے تھے فاروقؓ پر   ہوگئے خود ہی فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ آپ ہیں ناراض جس انسان سے   ہے خفا اُس سے خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ اُمتی اپنا بنایا آپ نے   شکریہ صد شکریہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ مجھ کو دنیا چھوڑ دے کچھ غم نہیں   آپ نے اپنا لیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ سب پہ ہے فاروقؓ کا' فاروقؓ پر   آپ کا ہے دبدبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ آپ کے تلوے کو دیکھا چاند نے   آگئی اُس کو حیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ کیجئے قربت مجھے اپنی نصیب   دیجئے مجھ کو صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ پُرضیاء جتنی بھی شئے عالم میں ہے   آپ سے پائی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ

«46» آپ کی سنت پہ چلنے والوں کے پیچھے عالم چل رہا یا مُصطفٰی ﷺ

«47» جب غلاموں نے پکارا آپ کو آپ نے فوراً ! سُنا یا مُصطفٰی ﷺ

«48» بادشاہ ہو کر فقیرانہ مزاج ہے بچھونا بوریا یا مُصطفٰی ﷺ

«49» ہوگئے حوروں سے بھی بہتر بلال رنگِ ایماں چڑھ گیا یا مُصطفٰی ﷺ

«50» آپ جب معراج پر جانے لگے وقت عالم کا رُکا یا مُصطفٰی ﷺ

«51» ہے دعا رب سے کریں ہم کام وہ آپ کی جس میں رضا یا مُصطفٰی ﷺ

«52» آپ کے دیوانوں کا یہ وِرد ہے مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ

«53» دیکھ کر ایمان میں آئے ہیں لوگ آپ حق کا آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ

«54» جب چلو تم تو لگے یوں اِرد گِرد نور کا ہے قافلہ یا مُصطفٰی ﷺ

«55» جو اُٹھاتا ہے تمہاری جوتیاں مرتبہ اُسکا بڑا یا مُصطفٰی ﷺ

«56» ہے دعا پہچان جاؤں قبر میں جب ہو تم سے سامنا یا مُصطفٰی ﷺ

«57» بادشاہِ وقت سے اعلیٰ عظیم آپ کے در کا گدا یا مُصطفٰی ﷺ

«58» جالیاں اتنی حسیں دربار کی جس نے دیکھا کھو گیا یا مُصطفٰی ﷺ

«59» اک صفت یہ بھی دُرودِ پاک کی درد سے ملتی شفا یا مُصطفٰی ﷺ

«60» آپ کا ثانی کہیں ملتا نہیں رہ گیا جگ ڈھونڈھتا یا مُصطفٰی ﷺ

«61» آپ کے نقشِ قدم پہ چل کے لوگ بن گئے ہیں اولیا یا مُصطفٰی ﷺ

«62» آپ کے قدموں کی برکت سے ملا بیٹیوں کو مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ

«63» آپ کے قدموں میں عاصی ہی نہیں آنا چاہیں پارسا یا مُصطفٰی ﷺ

«64» آپ کی امت میں آنے کے لئے مانگی نبیوں نے دعا یا مُصطفٰی ﷺ

«65» جگمگایا چاند گلشن کِھل اُٹھا آپ نے جب مسکرا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿66﴾ ہو گیا ہے کیمیا عجوہ کھجور   آپ نے جب سے چُھوایا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ آپ پر جب تک نہ ہوجائے نثار   زندگی کا کیا مزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ کیجئے اپنی حضوری میں قبول   یہ کلامِ نعتیہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ رونقیں چھرے سے اُسکے اُڑگئیں   آپ سے جو بھی پِھرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ تم کو جو دیکھے ہیں، اُنکی بات اور   ہم تو بِن دیکھے فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ درپہ جو پہنچے ہیں اُن کے ہی طفیل   درپہ لو مجھ کو بُلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ کس قدر پُر نور ہے پُر کیف ہے   آپ کے در کی فضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ قلب میں، آنکھوں مین، ذہن و فکر میں   ہو تمہیں جلوہ نما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ آپ کو دیکھے نہیں پھر بھی اویس   ہر ادا سے آشنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ کوئی بھی دنیا میں ہوسکتا نہیں   آپ جیسا رہنما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ دل فدا ہے اِس ادا پر آپ کی   چوٹ کھا کر بھی دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ اپنا سارا خانوادہ دین پر   کردیا تم نے فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ ہو زباں پر نام اقدس آپ کا   جب مجھے آئے قضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ چاہتا ہوں آپ کے روضے کی میں   جالیوں کو چومنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ سادگی وہ سادگی ہے آپ کی   دونو عالم ہیں فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ بات اُسکی مانتا ہے ہر کوئی   آپ کی جو مانتا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ ہو گئیں بنجر زمینیں بھی ہری   جب قدم تم نے رکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ جس کو پی کر ہوش میں آجاؤں میں   جام وہ کردو عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ پیار سے دیکھا جہاں بھی آپ نے   دِین کا غنچہ کِھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿85﴾ توڑ کر دانتوں کو یہ بولے اویسؓ   تم پہ تو سب کچھ فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿86﴾ آپ سے مل کر ملا ہے دہر میں   خُلد کا یہ راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ خود بُلایا آپ کو اللہ نے   کون تم کو روکتا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ آکے جُڑتا ہے تمہارے در سے ہی   ہو کوئی بھی سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ آپ کی چشمِ عنایت سے عُمر   آج ہیں جانِ وفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ ہوگیا پُر نور جب سے آئے آپ   یہ مکانِ آمنہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ حُسن یوسفؑ کا بھی ہے جس پر نثار   حُسن ہے وہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ ہے کلیم اللہ، خلیل اللہ آپ   تم حبیبِ کبریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ چاند تارے کیوں نہیں شرمائیں گے   آپ کا ہے نقش پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ حضرتِ عثمان علیہ السلام کو تاجِ غنی   آپ کے صدقے ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ یاد آئے آپ کی تو پڑھتے ہیں   ہم کلامِ نعتیہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ مشکلوں کو ٹالتے ہیں آج بھی   وہ علی مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ کلمہ جس نے آپ کا پہلے پڑھا   کیا ہے اُس کا مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ آپ کی سنت سے دنیا کو ملا   ہر قرینہ، قاعدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ آپ کیا آئے خزاں رخصت ہوئی   غنچۂ دل کِھل اُٹھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ شربتِ دیدار کا تحفہ مجھے   خواب میں کردو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ ہے پسینے میں تمہارے وہ مہک   مُشک عَنبر ہیں فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ آپ کے نامِ مقدس کی مٹھاس   شہد سے بھی ہے سِوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ آپ کے صدقے میں مولا ٹالتا   ہر مصیبت ہر بلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ حضرت جبریل علیہ السلام کے بَس کا نہیں   حد تمہاری ناپنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ آپ تو مل آئے ہیں اللہ سے   آپ سے پھر کیا چُھپا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahab Qudarat Digitization eGangotri

﴿106﴾ ہر صحابی کے لئے اک دَرس ہے   آپ کا ہر فیصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ آپ کا چلنا یا اُٹھنا بیٹھنا   پیاری ہے ہر اک ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ مرتبہ پایا ہے یہ صدیقؓ نے   ہے وہ یارِ باوفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ جن کو ٹھکرایا جہاں نے اُنکو بھی   آپ نے اپنا کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ روضۂ انور جو دیکھے آپ کا   بخشے رب اُس کی خطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ جھک نہ پایا آپ کی تعظیم میں   ہے وہ سَر کس کام یا مُصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ آپ کا صدقہ لُٹائیں کیوں نہ ہم   آپ نے دامن بھرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ خوش نصیبی ہے یہ میری بالیقین   آپ کا خادم ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ دونو عالَم کی ہر اک شئے کہہ رہی
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ دوجہاں میں عاشقوں کے آپ کا   فائدہ ہی فائدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ آپ ہیں کشتی کے میری ناخدا   کس طرح میں ڈوبتا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ باندھ کر پتھر شکم پر آپ نے   پیٹ اوروں کا بھرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ دامنِ ایماں نہیں چھوڑے بلالؓ   ظلم کتنا بھی سہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ خوفِ محشر کیا بھلا جب آپ ہیں   شافعِ روزِ جزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ رشکِ جنت جھونپڑی کو کہتی ہیں   وہ حلیمہ سعدیہؓ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ آپ کا شامل کیا جو واسطہ   کس قدر اُس کو ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ زندگی جینے کا دیتی ہے سبق   آپ کی اک اک ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ آپ جب اللہ سے ملنے گئے   مٹ گیا ہر فاصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ ہے بُرا یا ہے بھلا یا مُصطفٰی   ہے یہ محورؔ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ ہے عنایت حضرت حسّانؓ کی   جو بھی محورؔ نے لکھا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadari Digitization eGangotri

محی

نام :- مفتی الحاج سید عبدالمستعان قادری لاابالی الجیلانی
تخلص :- محیؔ
ولدیت :- حجۃ العلماء والمشائخ ہادئ دکن
حضرت سید شاہ محی الدین قادری ہادیؔ لااُبالی الجیلانی قدس اللہ سرہ
تاریخ پیدائش :- 1988-08-03ـم ۱۶؍محرم سنہ ۱۴۰۹ھ
مقام پیدائش :- خانقاہِ رزّاقی، بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب قدسرہ، حیدرآباد دکن، الہند
شرف تلمذ :- ڈاکٹر الحاج حضرت سید شاہ عبدالمھیمن قادری لاابالی
و آفتاب سخن سردار سلیم صاحب
تعلیم :- کامل الفقہ جامعہ نظامیہ، B.TECH AERONATICS
پتہ :- 13-4-486، بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب، مستعد پورہ، کاروان، حیدرآباد 500006
تلنگانہ اسٹیٹ۔ الھند ، موبائیل نمبر :- +91 9394064524

* * *

﴿1﴾ آپ پر خالق فدا یا مُصطفٰی ﷺ
خلق بھی ہے شیفتہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ ہے بچھونا خاک کا یا مُصطفٰی ﷺ
ہاتھ ہے تکیہ بَنا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہیں بدر الدجیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ آپ ہیں نور الھدیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہیں بدر العلیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ آپ سے ہے ابتدا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ پر ہے انتہا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Hyderabad India
Collection of Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴾6﴿ آپ ہیں حاجت روا یا مُصطفٰی   آپ ہیں مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾7﴿ آپ نے کلمہ دیا یا مُصطفٰی   آپ نے سب کچھ کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾8﴿ آپ نے رب سے لِیا یا مُصطفٰی   آپ نے سب کو دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾9﴿ لامکاں تم پر فدا یا مُصطفٰی   دو جہاں کی تم بقا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾10﴿ اُس نے بھی لکھ دی ہے یہ نعتِ شریف   جس نے بھی یہ سُن لیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾11﴿ مرض روحانی کہ جسمانی کوئی   لا دوا کی ہے دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾12﴿ پائے ہیں صدیقؓ پہلو میں جگہ   ہے محبت کا صلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴾13﴿ حضرتِ فاروقؓ بھی کلمہ پڑھے   دیکھا چہرہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾14﴿ آپ کے داماد عثمانؓ و علیؓ   آپ سے رشتہ جُڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾15﴿ آپ کے داماد ہیں مولا علیؓ   بخت سے رشتہ ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾16﴿ لاج رکھ لیجے وہاں محشر میں بھی   ہے یہ خادم آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾17﴿ وہ خدا کے فضل سے زندہ ہُوا   جس کے کانوں میں پڑھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾18﴿ میں ہی ہوتا کاش وہ پتھر ہرا   پیٹ پر باندھا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾19﴿ جو سراپا نور ہے نور آپ کا   ہے وہی نورِخدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾20﴿ رب کا قرآن آپ پر اترا وہاں   چمکا قدموں سے حرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾21﴿ چلنا پھرنا بن گیا ہے جنتی   آپ کا وہ راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴾22﴿ آپ کے القاب ہیں کتنے حَسیں   آپ ہیں کہف الوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴾23﴿ اک اشارہ آپ نے اسکو کیا   چاند دو ٹکڑے ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾24﴿ کی، شہادت کی جو انگلی پر نظر   چشمہ جاری ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾25﴿ کنکروں نے ہاتھ میں بو جہل کے   آپ کا کلمہ پڑھا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Saheb Qadri Digitization eGangotri
Collection Mohsin Hyderabad Digitization

﴿26﴾ تیس پارے کہتے ہیں قرآن کے   آپ کا ہے معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ آپ ہیں یا مُصطفٰی خیرالبشر   آپ ہیں خیرالوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ دی بہت کافر نے تکلیف آپ کو   ساتھ اُس نے کب دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ جو نبی کی آل سے نفرت کرے   ہے جدا اس سے خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ ہے بھنور میں زندگی مجھ پر کرم   ناؤ کے تم ناخدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ آپ نے دیکھا ہے رب کو آنکھ سے   آپ سے کب کچھ چُھپا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ آپ کے قدموں سے روشن ہے جہاں   یہ کرم ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ آپ مُزَّمِّل ہیں مُدَّثِّر بھی ہیں   رب نے ہے کیا کیا کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ جنکے صدقے میں یہ دنیائیں بنی   فضل یہ بھی آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ ہم نشیں صدیقؓ تھے وہ غار میں   جالا مکڑی نے بُنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ ہے پچاس اُسکی نماز اُتنا ثواب   پانچ جس نے پڑھ لیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ یہ کہا رف رف نے' ہے مجھ پر قدم   یہ مری قسمت میں تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ وہ معطّر ہے معطّر با خدا   ہے سراپا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ جس نے دو رکعت پڑھی اشراق کی   اُس نے عمرہ کرلیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ میرا دردِ دل بھی یہ کہنے لگا   آپ ہیں دل کی دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ حوصلہ جس کو ملا جب جب ملا   آپ سے سب کچھ ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ ہو گی بخشش بھی اسی کی با خدا   جس نے بھی یہ کہدیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ جس کو بھی ٹکڑا ملا جتنا ملا   آپ کے درکا ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ جس کو بھی صدقہ ملا جتنا ملا   آپ کے در سے ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ پڑھتے پڑھتے سو گیا جو بھی دُرود   خواب میں چہرہ دکھا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India Collection of Mohsin Qureshi Digitization eGangotri

﴿46﴾ آپ نے اُس کو بھی دی دل سے دعا   جس نے کوڑا پھینکا تھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿47﴾ جس کسی نے آپ کا کلمہ پڑھا   ہاں خدا اُس کو ملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿48﴾ بادِشہ ہو یا ہو وہ کوئی غلام   آپ کے در پر جھکا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿49﴾ آپ صادق ہیں امیں ہیں ہاشمی   ہر کسی نے یہ کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿50﴾ ہے سراپا عشق میں ڈوبا مرا   زیست کا ہر ثانیہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿51﴾ مرحبا یٰسیں کبھی طٰہٰ کبھی   آپ کو رب نے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿52﴾ آپ ہیں سب انبیاء کے مقتدا   مقتدی سب انبیاء یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿53﴾ نام جس نے لے لیا ہے آپ کا   ٹل گئی اُس کی بلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿54﴾ یہ کہے روح الامیں اسریٰ کی شب   مرحبا صد مرحبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿55﴾ کھانا پینا آپ کا معلوم ہے   سیدھی سادی تھی غذا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿56﴾ جو نبی کی آل سے الفت رکھے   ہو چکا اس کا خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿57﴾ آپ کی ٹھوکر میں تھا ٹھوکر میں ہے   ہر خزانہ دہر کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿58﴾ ساری دنیا کو دکھایا آپ نے   کیا ہے عشقِ کبریا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿59﴾ ہے فرشتوں کا وظیفہ روز و شب   مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿60﴾ پُرسکوں ہے پُر سکوں ہے پُر سکوں   وہ مدینے کی فَضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿61﴾ ربِّ ھَبْلِی اُمَّتِی کہتے ہوئے   آپ کا آنا ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿62﴾ آپ جب پیدا ہوئے تو یوں ہُوا   کعبہ در پر جھک گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿63﴾ آپ پیدا ہوتے ہی آتش کدہ   وہ یہودی بجھ گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿64﴾ کعبے کے اندر کا بُت تھا جو بڑا   ٹوٹ کر وہ گر پڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿65﴾ جس صنم کے سامنے کلمہ پڑھا   منہ کے بل وہ گر گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Collection Peer Sahib Qadri Hyderabad Digitization

﴾66﴿ ایک ٹکڑا چاند کا تھا گر گیا   آسماں پر ایک تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾67﴿ دیکھ کر سارا جہاں خوش ہو گیا   آپ کا ہر معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴾68﴿ ہے مدینے کا مکاں بھی آپ کا   لامکاں بھی آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾69﴿ یہ کہا سب نے مدینے آئے جب   گھر مرا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾70﴿ یہ کہا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے مرے   میرے گھر میں ہے خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾71﴿ ہوں مدینے کو روانہ ہر برس   پوری ہو میری دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾72﴿ میں نے جب بھی رب سے مانگا مل گیا   یہ کرم ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾73﴿ آپ رہنا تب خدا کے واسطے   روبرو ہو جب خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾74﴿ ہے دعا یہ اُمتی کی آپ سے   ہو زمیں دو گز عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾75﴿ ہم گناہوں میں گھرے ہیں اس قدر   کیجئے ہم کو رِہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾76﴿ ہے شفاعت ہر مسلماں کو یقیں   ہو کرم روز جزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾77﴿ زندگی اپنی نچھاور ہر نَفَس   میں کروں تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾78﴿ آپ کے در کے غلاموں میں سبھی   ہے غنی شاہ و گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾78﴿ در سے لَوٹا ہی نہیں خالی کوئی   آپ نے سب کو دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾80﴿ ہر زمانے میں ہے سب کی یہ دعاء   رَبَّنَا اِرْحَمْ لَنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾81﴿ دل تو ہے کیا شئے تمہارے واسطے   گھر کا گھر تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾82﴿ یا محمد ﷺ مُصطفٰی صلِّ علیٰ   ہے زباں پر ہر دفعہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴾83﴿ گر نہ ہوتے آپ تو ہوتا نہ کچھ   آپ سے سب کچھ ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾84﴿ آپ کی امت پہ ہوتا ہے ستم   ہر گھڑی اور ہر جگہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴾85﴿ ہم کو اِس سے تم بچانا با خدا   ایسی پھیلی ہے وبا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India
Collection Mohammad Qudeer Digitization eGangotri

﴿86﴾ اِس زمانے میں ہے پھیلی اک وباء   ہو کرم ہم پر ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ آپ کے ہر ایک عاشق کو یہاں   آپ کا صدقہ ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ جنگِ خیبر میں صحابہ کہتے تھے   ہے کہاں پھر مرتضیٰ ؓ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ جنگ خیبر میں بھی مولیٰ کو ملا   آپ کا جھنڈا ہرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ میں نے جس دن لکّھی یہ نعتِ شریف   لکھتے لکھتے سو گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ جن کے صدقہ میں یہ دنیائیں بنی   فضل یہ بھی آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ غوث اعظم ؓ کے ہیں نانا آپ ہے ہی   آپ سے ہے سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ جنّتی سردار ہیں وہ بالیقیں   وہ بتولِ فاطمہ ؓ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ سلسبیل و کوثر وہ دریائے نیل   قطرہ قطرہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ میں نے جب بھی آپ کا کلمہ پڑھا   ہو گئی مجھ پر عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ چاہے انساں ہو کہ جن ہر ایک نے   آپ کا کلمہ پڑھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ ہے محبت جس کے دل میں آپ کی   جلوہ دیکھا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ آپ نے سب کچھ دیا ہے دین کو   دین پر احساں کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ آپ ہی اسلام کو پھیلائے ہیں   آپ پر سب کچھ فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ تھے فتح مکہ میں لاکھوں جاں نثار   آپ کا لشکر بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ سب سے پہلے نام ہے نامِ خدا   ساتھ ہی پھر آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ تیس پارے ہیں، یہ قرآں کے سبھی   آپ کے مدحت سرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ ہر کوئی کہتا ہے یہ روز جزاء   ہو کرم یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ یہ نمازیں آپ کو اسریٰ کی شب   رب نے ہے تحفہ دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ بارگہ میں حاضری اُس کی ہوئی   جو پڑھا صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿106﴾ نعت خوانی کی یہ محفل ہے سجی   آپ کا ہے تذکرہ یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿107﴾ نعت کی محفل سجی ہے عرس ہے   اک ولی اللہ کا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿108﴾ ایک سو پچیس واں یہ عرس ہے   شاہ عبداللہ کا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿109﴾ سارے عالم آپ سے کہتے ہیں یہ   دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿110﴾ یہ کہے روح الامیں اسریٰ کی شب   دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿111﴾ عرس میں یہ نعت کا مصرع ملا
دل ہوا تم فدا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿112﴾ سب نبی اقصیٰ میں یہ کہنے لگے   دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿113﴾ آپ کو دیکھا تو یوسف علیہ السلام نے کہا   دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿114﴾ کہدیا صدیق رضی اللہ عنہ نے بھی غار میں   دل ہو تم پر فدا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿115﴾ آپ کملی میں چھپا لیجے وہاں   ہے محیؔ کی التجا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿116﴾ ہو کرم اِس پر خدا کے واسطے   ہے محیِؔ بے نوا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿117﴾ آپ کی امت میں پیدا ہوگیا   ہے محیؔ درکا گدا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿118﴾ رات بھر تکتا ہی رہتا ہے محیؔ   آپ کا گنبد ہرا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿119﴾ صدق دل سے کہہ رہا ہوں میں محیؔ   ہوں دیوانہ آپ کا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿120﴾ آپ کے نعلین ہیں سَر پر محیؔ   ہے کرم مجھ پر سدا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿121﴾ تا ابد قائم رہے سَر پر محیؔ   سایہ کملی کا گھنا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿122﴾ ہر گھڑی ہر دم وظیفہ ہے محیؔ   مُصطفیٰ یا مُصطفیٰ یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿123﴾ جن ہو یا انسان ہو ہر اک محیؔ   کھائے صدقہ آپ کا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿124﴾ رات دن کہتا ہے تم سے یہ محیؔ   دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿125﴾ تین بار آیا ہے چوکھٹ پر محیؔ   شکر ہو کیسے ادا یا مُصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri, Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

مضطرؔ

نام :- محمد تاج الدین
قلمی نام :- تاج مضطرؔ
ولدیت :- محمد عظیم الدین
پیدائش :- 18-01-1938، ہنمکنڈہ، ورنگل
تعلیم :- ایچ۔ ایس۔ سی
پیشہ :- ٹیلی گرافی گریڈون پولیس وائرلیس آپریٹر۔ پی، آر، او۔ آرگنائزیشن (موظف) 1996ء
شرفِ بیعت:- ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لاابالی الجیلانی سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب
تصانیف:- (1) لفظوں کی مہک 2001 (2) رشکِ ارم 2006ء (3) خودی کی روشنی 2007ء (4) گلدستۂ شخصیات 2016ء (5) حرفِ معطر 2017ء (6) گلدستہ نعت 2017ء (7) تاج مضطر مشاہیر کی نظر میں 2018ء (8) گلدستہ محمدی 2019ء
انعامات و اعزازات:- 1995ء سے 2019ء تک کئی تنظیموں کی جانب سے اعزازات سے سرفراز کئے گئے ہیں۔
آدھی ملاقات کیلئے:- 13-8-155، کاشانہ نور، نزد مسجد حاجی صاحب، شیر پورہ۔ ورنگل۔ 506002
تلنگانہ اسٹیٹ۔ فون: 9849448284

* * *

﴿1﴾ مرحبا یا مرحبا یا مُصطفٰیﷺ
دل ہوا تم پہ فدا یا مُصطفٰیﷺ

﴿2﴾ راہ حق پہ چل پڑا یا مُصطفٰیﷺ
آپ کا ہر قافلہ یا مُصطفٰیﷺ

﴿3﴾ کیجئے خوشیاں عطا یا مُصطفٰیﷺ
دل غموں سے ہے بھرا یا مُصطفٰیﷺ

﴿4﴾ ہو مجھے بھی کچھ عطا یا مُصطفٰیﷺ
آپ کے در پہ کھڑا یا مُصطفٰیﷺ

﴿5﴾ آپ ہی ہو ابتدا یا مُصطفٰی
آپ ہی پر انتہا یا مُصطفٰی

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

﴿6﴾ آپ نے جس کو چھوا یا مُصطفٰی   پیڑ پھل سے وہ لدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿7﴾ ہوگئی ساری بلائیں مجھ سے دور   درپہ سجدہ جب کیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ پھر تو عالم آپ کے قبضہ میں ہے   رب ہوا جب آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ عبد و رب کے درمیاں معراج میں   کچھ نہیں تھا فاصلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ حشر تک قائم رہے دائم رہے   سلسلہ در سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ ہوگیا ہوں اس قدر میں غم زدہ   یاد میں شب بھر رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ کیسے بخشے ہیں لقب اللّٰہ نے   مرتضیٰ یا مجتبیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ فضل رب سے رد کبھی ہوتی نہیں   آپ نے کی جو دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ حوض کوثر سے پلائیں آپ جب   ہم کو بھی ہو وہ عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ پالنے میں کھیلنے کی چاند سے   بھا گئی رب کو وہ ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ نام پیارا آپ کا جب بھی سنا   پڑھ لیا صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ فضل رب سے آپ ہی کی دین ہے   دِین کا جو گل کِھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ ہم گنہگاروں کا روز حشر میں   کون ہے تمرے سوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ نام جب بھی آپ کا ہم نے لیا   فیض کا دریا بہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ بالیقیں دنیا میں رب کو آپ کا   ہر عمل اچھا لگا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ آپ کا کہنا نہ مانا بولہب   بولہب تھا سر پھرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ میں نے دامن کو پسارا ، آپ نے   میرے دامن کو بھرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ جب کبھی اللّٰہ سے فریاد کی   جو بھی مانگا وہ ملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ لے کے آئے آپ جب قرآن تو   دِین نے پائی جِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿25﴾ توبہ کرکے آیا ہوں دربار میں   ٹوٹ جائے یہ انا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿26﴾ اپنی بخشش کے لئے ہر امتی　　کررہا ہے التجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿27﴾ کر رہے ہیں چاند تارے رات دن　　آپ ہی کا تذکرہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿28﴾ اک اشارہ سے ہُوا جب چاند شق　　تھا وہ کیسا معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿29﴾ جب کبھی لکھنے کو چاہا جی مرا　　میں نے کاغذ پر لکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿30﴾ آپ کے ہاتھوں سے پاکر میں نے یہ　　جام وحدت کا پیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿31﴾ آپ کے ہر اک عمل میں ہر گھڑی　　خوش ہُوا رب العلی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿32﴾ جب بھی مشکل میں پکارا آپ کو　　دور بھاگی ہر بَلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿33﴾ ہرگھڑی لب پر تمہارا نام ہے　　ہے مرا یہ مشغلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿34﴾ صدقے جاؤں چوم کرمل جائے گر　　آپ کا وہ نقش پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿35﴾ آپ ہی کا فیض ہے طیبہ میں بھی　　امن ہے جو جابجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿36﴾ کون سمجھا تھا بھلا دنیا کو آج　　دین کا یہ فلسفہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿37﴾ ہاں کرم ہے بس کرم اور یہ کرم　　آپ ہو جود و سخا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿38﴾ چھوکے آئی گنبد خضر کو پھر　　تازہ تازہ ہے ہوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿39﴾ فضل رب سے آپ کا منگتا تھا جو　　بس وہ ہوکر ہی رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿40﴾ ہاں ابوبکر و عمر، عثمان و علی رضی اللہ عنہم　　آپ کے ہیں ہمنوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿41﴾ مانتے ہیں انبیاء نبیوں میں ہے　　آپ کا رتبہ بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿42﴾ آپ کی آمد ہوئی تو وہ ہبل　　منہ کے بل نیچے گرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿43﴾ ذہن پر ہے نقش ایسا کیا کہوں　　آپ کا گنبد ہرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿44﴾ آپ کی امت میں پیدا ہوگئے　　آپ کا صدقہ مِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿45﴾ درد غائب ہوگئے میرے سبھی　　آپ نے کی وہ دوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Collection Peer Sahib Qadari

﴾46﴿ حضرت مولا علی رضی اللہ عنہ شیر خدا
مل گئے مشکل کشا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴾47﴿ استراحت جس پہ فرمائے تھے آپ
تھا وہ نوری بوریا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴾48﴿ منتظر ہیں حشر میں سب امتی
سب کی جانب دیکھنا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴾49﴿ آپ کی تقلید فرمائے عمر
حجر اسود چومنا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴾50﴿ کوئی کیا جانے گا رتبہ آپ کا
آپ ہیں بعد از خدا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴾51﴿ فکر سے پوری ہوئی نعت آپ کی
کام آیا سوچنا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴾52﴿ ”جا تجھے بخشا“ کہا اللّٰہ نے
آئی کانوں میں ندا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴾53﴿ ہیں امام الانبیاء بس آپ ہی
آپ سا نہ دوسرا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴾54﴿ راہ حق میں جو جلایا آپ نے
وہ رہا روشن دیا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴾55﴿ سارا عالم فیض پاتا جس سے ہے
ہے وہ قرآں کی ضیا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴾56﴿ سارے عالم کے دلوں پر نقش ہے
کربلا کا واقعہ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴾57﴿ ظلم سہہ کر بھی دعا دی آپ نے
ہے یہ سچّا واقعہ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴾58﴿ آپ نے ریشِ مبارک رنگ لی
تھی وہ خوش قسمت حنا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴾59﴿ جب چھوا سوکھے شجر کو آپ نے
ہوگیا وہ تو گھنا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴾60﴿ یاد فرمایا ہے رب نے آپ کو
آپ کا کیا پوچھنا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴾61﴿ بولہب غلطی سے اپنے آپ ہی
ہوگیا تھا وہ فدا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴾62﴿ آپ کی زلف مبارک کے طفیل
چھاگئی نوری گھٹا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴾63﴿ دین کی کشتی کے بے شک برملا
آپ ہی ہو باخدا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴾64﴿ خانۂ کعبہ کو کیا نقصاں کرے
مرچکا ہے ابرہہ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴾65﴿ قبل محشر کربلا میں دیکھئے
ہوگیا محشر بپا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Collection Peer Sahib Qadari

﴿66﴾ آپ کو ان کی ادا آئی پسند   تھے جو عثمان با حیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ کام مشکل ہوگیا آساں مرا   نام میں نے جب لیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ آپ کے اخلاق ہی سے ہر طرف   دین کا ڈنکا بجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ آپ نے بیجا نہ فرمایا کبھی   بات ہر اک تھی بجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ جو پڑھے گا وہ شفاہی پائے گا   ہے دُرودوں کی دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ آپ کے جسم مبارک پر سجی   کتنی دلکش تھی ردا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ سب کو جانا ہے یہاں سے ایک دن   کون محشر تک جیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ آپ کے در پر ہزاروں ہیں پڑے   میں بھی ہوں ادنی گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ چار یاروں کو کہا جس نے بُرا   ہے وہی سب سے بُرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ دشمنوں نے مات کھائی اس جگہ   ہے گواہ غارِ حرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ آپ کے دامن کو تھاما یا نبی   مل گیا مجھ کو سِرَا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ علم رکھ کر جو عمل کرتا نہیں   خود کی نظروں میں گرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ آپ کی سنت سے ہٹ کر جو چلا   جیتے جی ہی وہ مرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ درگزر ہی آپ کا شیوہ رہا   آپ نے کب دی سزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ ہے احد احمد ہیں پردہ میم کا   تم نہیں رب سے جدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ خوش صحابہ سب تھے جنگِ بدر میں   معرکہ جب سر ہوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ آپ نے ہم کو مکمل دیں دیا   اب بچا کیا رہ گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ دست شفقت جس پہ پھیرا آپ نے   ہوگیا وہ کیا سے کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ حشر تک چلتا رہے گا بالیقیں   دین کا روشن دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ آپ ہی ہو بس حبیب اللہ کے   سب فرشتوں نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿86﴾ آپ کو پاکر سبھی کچھ پالیا — کچھ نہیں ہے اب گلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ وہ بھلا جنت میں کیسے جائے گا — دور دیں سے جو رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ کہتے ہیں آواز پر لبیک سب — آپ نے دی جب سدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ دیکھ کر شرما گیا خود چاند بھی — آپ کے رخ کی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ سب سلامت ہی رہیں دنیا میں سب — ہے مری بس یہ دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ کون سہتا دشمنوں کے ظلم کو — آپ نے جو کچھ سہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ کی امامت آپ ہی نے اس گھڑی — صف میں تھے سب انبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ آپ کے صدقے میں بخشا جاؤں میں — ہے مرا یہ مدعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ حشر کے میدان میں پیارے نبی — دیکھ لو مُڑ کے ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ میرے لب پہ بس دُرود پاک ہو — ورد ہے صبح ومسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ روشنی قرآن کی ہے ہر طرف — گھر میرا روشن ہوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ زندگی ہے میری روشن آپ سے — آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ ہوگیا بس ہوگیا بس ہوگیا — آپ سے راضی خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ میرے دل میں بات یہ محفوظ ہے — آپ ہی ہیں حق نما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ میں پہنچ ہی جاؤنگا طیبہ نگر — دل تڑپتا ہے مرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ ہوتی ہے جس کی زیارت آج بھی — آپ کا ہے وہ عصا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ درحقیقت یہ رضا ہے آپ کی — ہے خدا کی وہ رضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ ذرہ ذرہ آپ کے دربار کا — ہے وہ خوشبو میں بسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ کہہ رہی ہے مجھ سے یہ بادِ صبا — کیا سہانی ہے فضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ یہ کرم اللہ نے بخشا اُسے — آب زم زم ہے شفا یا مُصطفٰی ﷺ

«106» چار یاروں نے سنبھالا دین کو   کب ہوا پیدا خلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«107» بوجہل کا جھوٹ آخر جھوٹ تھا   سچ کے آگے کب ٹِکا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«108» نا مکمل وہ ہی ایماں بالیقیں   آپ کی چاہت بِنَا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«109» حکم لاکر آپ کا جن و بشر   کررہے ہیں سب ثنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«110» قدر بڑھ جاتی ہے وہ نعلین کی   آگئے جو زیرپا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«111» بولہب کے واسطے نازل ہوئی   سورت تَبَّتْ یَدَا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«112» آپ نے جو کہہ دیا ہے حق وہی   سب کریں گے اقتدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«113» عقل کی مانند ہوکر رہ گیا   بوجہل سے سو رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«114» روزِ محشر آپ ہوں میرے شفیع   التجا ہے التجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«115» فلسفہ سمجھا دیا یہ آپ نے   موت سے ہی ہے لِقا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«116» آپ سے امید رکھتے ہیں قوی   ہم تو ہیں آفت زدہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«117» آپ کے لائے ہوئے قرآن سے   پاگئے رب کا پتہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«118» حال پچھلی اُمتوں کا پڑھ لیا   یاد ہے آموختہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«119» آپ کی اُمت میں ہوا اتحاد   لا پتہ اور گمشدہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«120» بے گماں وہ بالیقیں کہتے ہیں سب   آپ ہی ہیں باخدا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«121» آپ کی چاہت کا روشن اک دیا   میرے دل میں ہے سدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«122» نام لیوا آپ کے رہتے شہا   کون سی ہے وہ جگہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«123» جب بھی مشکل میں لیا نام آپ کا   ڈر کے بھاگی ہر بَلا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«124» کررہا ہے التجا مضطر بھی اب   دے دو قدموں میں جگہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«125» اپنے مضطر یہ نگاہ فیض ہو   تم ہو دریا فیض کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Qadari Hyderabad Collection of ... Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

مقصودؔ

نام :- مقصود احمد

قلمی نام :- مقصود اشرف

ولدیت :- جناب حامد محمود صاحب

تخلص :- مقصودؔ

پیدائش :- 20-06-1965، وطن جالنہ

تعلیم :- ایس۔ایس۔سی

شاعری کا آغاز :- 2001ء

شرف تلمذ :- جناب اقبال نذیر صاحب مالیگاؤں

آدھی ملاقات کیلئے:- حال مالیگاؤں

213, Plot No. 63, Near Aminiya Masjid, Azad Nagar,
Malegoun, Nasik-423203.
Mobile No: 9373226855,7020159334

* * *

﴿1﴾ کیسی ہے پائی ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہے جہاں تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿2﴾ پیکرِ مہرِ و فا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آپ ہیں نور الھدیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿3﴾ کیوں کسی کو دیں صدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آپ ہو مشکل کشا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿4﴾ دھوپ میں ٹھنڈی رِدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر مرض کی ہے دوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿5﴾ آپ محبوبِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آپ قدرت کی عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«6» کہہ رہا ہے دل مرا یا مُصطفٰی
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

«7» کیوں نہ ہو اس کا بھلا یا مُصطفٰی   آپ کا جو ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
«8» شافع روز و جزا یا مُصطفٰی   آپ ہیں خیرالوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ
«9» آپ ہو رب کی عطا یا مُصطفٰی   آپ پر ہیں سب فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«10» کیجئے ہم پر عطا یا مُصطفٰی   ہم غلامِ مصطفی یا مُصطفٰی ﷺ
«11» کنکری مٹھی میں گویا ہوگئی   شرک شرمندہ ہوا یا مُصطفٰی ﷺ
«12» آگئے وجدان میں ارض وسما   جیسے ہی میں نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
«13» دیں اجازت آپ تو بن جاؤں میں   آپ کے در کا گدا یا مُصطفٰی ﷺ
«14» تازگئ روئے انور دیکھ کر   کتری پھولوں نے قبا یا مُصطفٰی ﷺ
«15» آپ کے آنے کا ارماں سب کو تھا   آپ ہر دل کی دعا یا مُصطفٰی ﷺ
«16» گنبدِ خضرا کا ہو دیدار اور   میری آجائے قضا یا مُصطفٰی ﷺ
«17» جھوم جاتے ہیں تمہارے نام سے   گل پرندے اور صبا یا مُصطفٰی ﷺ
«18» بن کے آپ آئے ہیں دنیا کیلئے   پیکرِ صبر و رضا یا مُصطفٰی ﷺ
«19» جن و انساں آپ کے عاشق ہوئے   میں بھی ہوں مدحت سرا یا مُصطفٰی ﷺ
«20» بجھ گئے باطل کے سارے ہی چراغ   آپ لائے وہ ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
«21» سارے عالم نے تمہارے ہی طفیل   سیکھی، جینے کی ادا یا مُصطفٰی ﷺ
«22» باتیں برحق آپ کی اور آپ کا   مستند ہر فیصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«23» اک نگاہِ لطف دیوانوں پہ بس   آج ہوجائے ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
«24» دامن رحمت میں لے لیجے مجھے   سوئے طیبہ ہوں چلا یا مُصطفٰی ﷺ
«25» ذکر اور وہ بھی دُرود پاک کا   ہو میرے لب پر سدا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Sahib Hyderabad India Collection Digitization eGangotri

﴿26﴾ جس کی آمد سے اجالا ہوگیا   آپ وہ روشن دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿27﴾ بس دُرودِ پاک کی برکت ہے یہ   دُور ہے ہر اک بلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿28﴾ آپ سے ملنے کا ارماں ہی رہا   جب تلک بھی میں جیا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿29﴾ آپ کے آنے سے ہر نقشِ دُوئی   ذہن و دل سے مٹ گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿30﴾ نامِ احمد جوں ہی میں نے لے لیا   ابرِ رنج وغم چھٹا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿31﴾ محفلِ نعتِ نبی چلتی رہے   رک نہ پائے سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿32﴾ آپ کے شیدائیوں کا قافلہ   سوئے منزل چل پڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿33﴾ لب پہ رکھتا ہوں دُرودِ پاک میں   ہے یہی رب کی رضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿34﴾ عشقِ احمد مل گیا ہے جب مجھے   اور میں مانگوں بھی کیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿35﴾ نعتِ سرور ہر گھڑی لب پر رہے   بس یہی ہو مشغلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿36﴾ آپ کی فرقت میں میری زندگی   لگتی ہے جیسے خطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿37﴾ دن کبھی ایسا نہ آئے زیست میں   میں رہوں تم سے جدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿38﴾ جو بھی آیا آپ کے دربار میں   ہوگیا اس کا بھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿39﴾ میرا ایماں ہے خدا کے بعد بس   آپ کا ہے مرتبہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿40﴾ آپ کے صدقے عطا رب نے کیا   نعت لکھنے کی فضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿41﴾ جو بھی ہے سب آپ کے صدقے ہی میں   ہم کو ہے رب سے ملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿42﴾ سارا عالم آپ کا ممنون ہے   آپ نے جو کچھ کِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿43﴾ آپ کی یادیں ہمارے قلب سے   ہو نہیں سکتیں جدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿44﴾ دوجہاں کے آپ ہیں سلطاں مگر   جَو کی روٹی تھی غذا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿45﴾ بعد رب کے سب سے اعلیٰ آپ کا   ہے مقام و مرتبہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«46» آپ کے در تک پہنچنے کے لئے — رب سے کی ہے التجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«47» آپ کو رتبہ خدائے پاک نے — کس قدر اونچا دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«48» وہ تو ہو کر ہی رہے گا بالیقیں — آپ نے جو کچھ کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«49» اپنی امت کی بھلائی کیلئے — کس قدر کی ہے دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«50» حشر تک جاری رہے گا دیکھنا — نعت کا یہ سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«51» داستان بحر کی تمہید ہے — درد آشکوں میں ڈھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«52» نعت لکھنے کے جو میں قابل ہوا — ہے یہ الفت کا صلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«53» دردِ الفت دل میں اب ہے موجزن — جو تھا مدت سے دبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«54» آپ کی چشمِ کرم کا فیض ہے — ڈرتی ہے مجھ سے بلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«55» عمر بھر طیبہ کی گلیوں میں رَہوں — ہے یہی لب پہ دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«56» ٹوٹے پھوٹے لفظ یہ کیجے قبول — شان میں جو کچھ لکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«57» آپ کا عاشق بھی ہو کر دُور ہوں — بخش دو میری خطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«58» ہو امام ابنیاء بھی آپ اور — شافعِ روزِ جزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«59» رحمة للعالمیں قرآن میں — آپ کو رب نے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«60» روح میں دل میں خیالوں میں مرے — تم ہی رہتے ہو سدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«61» ہم بھٹکتے ہیں جہاں میں در بدر — ہو کرم ہم پر ذرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«62» آپ کی تعظیم کرتے ہیں شجر — کلمہ کنکر نے پڑھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«63» آپ ہی ہو وجہِ تخلیق جہاں — کہہ رہا ہے یہ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«64» روتے روتے اپنی امت کیلئے — آپ نے کی ہے دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«65» لوگ کیا سمجھیں گے میرے عشق کو — جو مجھے تم سے ہوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad India / Collection Mohammad Qadri Digitization eGangotri

﴿66﴾ اس کے حق میں ہے خدا کا فیصلہ   جو تمہارا فیصلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ آپ کے دربار سے لے کر مہک   رشک کرتی ہے ہوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ کل اثاثہ بھی لٹادوں آپ پر   حق کہاں ہوگا ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ بعد رب کے ہے میرے لب پر سدا   مصطفی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ جو بھی آیا آپ کے دربار میں   اس نے سب کچھ پالیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ آنکھ میں کعبہ کا منظر ھے مری   دل میں ہے طیبہ بسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ ہوگیا ہے آپ کا ہی معتقد   ہر کوئی چھوٹا بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ جامِ کوثر حشر کے میدان میں   کیجئے ہم کو عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ آپ کو یٰسین بھی رب نے کہا   اور مزمل بھی کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ آپ کے احسان کا بدلہ کبھی   ہو نہیں سکتا ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ چاند تاروں ہی نہیں سورج میں بھی   آپ ہی کی ہے ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ سر جھکا کر آپ کے دربار میں   آتی ہے باد صبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ مسجدِ نبوی میں نعتیں پڑھ سکوں   ہو شرف مجھ کو عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ آنکھ میں ٹھنڈک ہے میری آپ سے   آپ ہی دل کی جِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ فیض ہے اس پر خدائے پاک کا   جس نے کی تم سے وفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ عاشقوں کے واسطے شام و سحر   آپ کا ہے در کھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ پاکے انگلی کا اشارہ آپ کی   چاند دو ٹکڑے ہوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ آپ کا در ، وہ درِ اقدس جہاں   کوئی چھوٹا نہ بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ درس دنیا کو وفا اور پیار کا   آپ ہی سے ہے ملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿85﴾ میرے ہونٹوں پر سدا جاری رہے   مرحبا صد مرحبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Collection Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

«86» دین احمد پر ہو میرا خاتمہ کررہا ہوں میں دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«87» آپ کی قربت کی خاطر میں نے بھی رنج دنیا کا سہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«88» آپ ہونگے شافع محشر وہاں حشرجب ہوگا بپا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«89» ڈھل گیا ہے آپ کی سنت میں جو مل گئی اس کو بقا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«90» آپ کو جب دل نے دی آواز تو رنج وغم سارا چھٹا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«91» میری حالت پر کرم کی اک نظر اشک آنکھوں میں بھرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«92» آپ کا عاشق بھی ہو کر دُور ہوں ہے غریبی کی سزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«93» سارا عالم آپ کا ممنون ہے آپ نے جوکچھ کِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«94» جو بھی ہے سب آپ کا صدقہ ہے یہ ہم کو جو کچھ بھی ملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«95» آپ کی چشمِ کرم کا یا نبی منتظرہوں میں کھڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«96» نعت لکھنے کے جو مَیں قابل ہوا ہے عقیدت کا صلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«97» ہرگھڑی لب پر مرے شاہِ امم نعت کا ہو مشغلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«98» آپ کو رتبہ خدائے پاک نے کس قدر اونچا دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«99» ہم غلاموں کو بچانے کیلئے آپ کی ہی ہے دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«100» ورد ہو لب پر مرے صلِّ علی اور ، آجائے قضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«101» آپ جس بندے سے راضی ہوگئے اس سے راضی ہے خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«102» سُرخروئی ،اس کو دنیا میں ملی دین پرجو بھی چلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«103» میں سوالی ہوں مدینے کا حضور ہو کرم بہرِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«104» آپ میری جان ہو ایمان ہو کیا کہوں اس کے سوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«105» دن نہ آئے زندگی میں وہ مری آپ ہوجائیں خفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(106) ایک دریا ہجر کا آٹھوں پہر میری آنکھوں سے بہا یا مُصطفٰی ﷺ

(107) غم تمہارے عشق کا دل میں مرے کررہا ہے انتہا یا مُصطفٰی ﷺ

(108) آپ کی الفت ہے میرے دل میں یوں دل میں جوں ہیرا جڑا یا مُصطفٰی ﷺ

(109) لے کے اک امید در پر آپ کے دست بستہ ہوں کھڑا یا مُصطفٰی ﷺ

(110) بابِ رحمت و شفاعت آپ کا سب کی خاطر ہے کھلا یا مُصطفٰی ﷺ

(111) آپ کی فرقت کے غم میں زار زار ہر گھڑی روتا رہا یا مُصطفٰی ﷺ

(112) حشر تک پائیں گے جس کی روشنی دیپ کیا روشن کِیا یا مُصطفٰی ﷺ

(113) ضوفشاں ہے آپ سے سارا جہاں عرش سے آئی صدا یا مُصطفٰی ﷺ

(114) آسماں پہ رب سے ملنے کا شرف آپ ہی کو ہے ملا یا مُصطفٰی ﷺ

(115) آپ کے صدقے مرے سر سے سدا حادثہ ہر ایک ٹلا یا مُصطفٰی ﷺ

(116) اپنی امت کے لئے ہر اک ستم صبرسے تم نے سہا یا مُصطفٰی ﷺ

(117) وقت کے سلطان تھے لیکن بسر اک چٹائی پر کیا یا مُصطفٰی ﷺ

(118) لاکھوں آئے انبیاء یوں تو مگر آپ ہو سب سے جدا یا مُصطفٰی ﷺ

(119) عرش پہ بُلوا کے رب نے آپ کو کردیا سب کچھ عطا یا مُصطفٰی ﷺ

(120) کاش میں روضے پہ آکر یہ کہوں مرحبا صلِّ علی یا مُصطفٰی ﷺ

(121) ہے تمنا موت سے پہلے مری دیکھ لوں در آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

(122) آپ ہی ہو موجبِ دنیا و دیں غیب سے آئی ندا یا مُصطفٰی ﷺ

(123) پاؤں زخمی تھے لہو تھا بہ رہا لب پہ جاری تھی دعا یا مُصطفٰی ﷺ

(124) پیار کا سچائی کا اخلاص کا درس دنیا کو دیا یا مُصطفٰی ﷺ

(125) منزلِ مقصود میں نے پالیا دل سے میں نے کہہ دیا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad

مقصودؔ

نام :- محمد مقصود شریف
تخلص :- مقصودؔ
ولدیت :- محمد شریف مرحوم
پیدائش :- 14-2-1980، حیدرآباد دکن
تعلیم :- S.S.C
شاعری کا آغاز: 2013
شرف تلمذ :- ڈاکٹر سید عبدالمهمین قادری لاأبالی سجادؔ
پتہ : 7-3-101/5/1, Rein Bazar,Yaqutpura,
Hyderabad - 500023,Telangana State - INDIA
موبائیل نمبر :- +91 8106267516

* * *

﴿1﴾ میرے لب پر ہے صدا یا مُصطفٰی ﷺ
جھوم اُٹھا دل میرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ آپ ہی ہیں رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
دین کے ہو ناخدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ آپ کی دنیا میں آمد ہوگئی
مرحبا صد مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ ایک دو کا ذکر ہی کیا ہے یہاں
آپ پر ہے جگ فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ پڑھ رہا ہوں رات دن قرآن کو
ہو رہا ہے فائدہ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection PM Sahib Qudari Digitization eGangotri

﴿6﴾ ہو مقدر میں مرے یہ کام بھی   آپ کا در چومنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ آپ کا گنبد نظر جو آگیا   دل دھڑکنے لگ گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ تم امانت میں خیانت مت کرو   ہے یہ قرآں میں لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ بس وہ بندہ داخلِ دیں ہوگیا   کلمہ جس نے پڑھ لیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ جو مدینہ جائے بولے بس یہی   دل کو بھاتی ہے فضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ آپ کے رستے پہ چل کر یا نبی   مل گیا ہم کو خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ تھے قَرَن میں ایک عاشق آپ کے   جو تھے سچے با وفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ خوف کا عالَم ہے سارے دہر میں   کتنی موذی ہے وبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ عِلم سے عاری ہوں لیکن ہے یہی   بس غلامی کی ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ کُھل گئے معراج میں عقدے سبھی   گُل حقیقت کا کِھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ جب نظر آئیں سنہری جالیاں   دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ ہم گنہگاروں کی خاطر حشر میں   کون ہے تمرے سوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ آپ کا انداز رب کو بھاگیا   بولنا بھی معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ مرتبہ بعدِ خدا بس یا نبی   آپ کا ہے برملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ ظلم بڑھ کر اب ہمارے سامنے   کر رہا ہے انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ مُصطفٰی کا نام ہے لب پر مرے   رد ہوئی ہر اک بلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ آپ کا ہر اک عمل اللّٰہ کو   خوب بھایا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ آپ کی ہو گر سفارش ہے یقین   لاج رکھ لے گا خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ آیتِ قرآن سے جو روشن ہوئی   تا ابد روشن ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ جان لے کر کیا کروں میں تم کہو   دل تمہارا ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Qadri Digitization eGangotri

﴿26﴾ ہر طرف ہے اک تجلی نور کی　　جگمگاتا ہے دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ تھا غرورِ عِلم جو شیطان کو　　اس لئے وہ رد ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ بو لہب ہر روز آگے آپ کے　　اُٹھتے اُٹھتے گِر پڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ نام لے کر آپ کا کھاتا ہوں جب　　کام کرتی ہے دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ چاہے کوئی بھی پَہر ہو ہر گھڑی　　دل میں ہے صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ ہے مصیبت نے مجھے گِھیرا ہوا　　دیکھنا تم دیکھنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ تذکرہ جب چھڑگیا دربار کا　　دل تڑپ کر رہ گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ جس میں سیرت بس گئی ہے آپ کی　　دل ہوا ہے آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ آخری خطبہ میں آقا نے جو دی　　ہوگئ ہر اک دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ جگمگاتا ہے تصور میں وہی　　آپ کا وہ بوریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ ہو کرم کی اک نظر پیارے نبی　　صاحبِ جود و سخا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ تھا نظر کے سامنے منشا فقط　　بس خدائے پاک کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ یوں تو ہے ہر چیز پاکیزہ بہت　　دل لبھاتی ہے رِدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ ہو میسر ہم غریبوں کو سدا　　آپ ہی کا آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ آکے طیبہ کرتی ہیں اٹھکیلیاں　　ٹھنڈی ٹھنڈی سی ہوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ ہو کوئی بھی سلسلہ بس آپ سے　　جا ملے گا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ آپ کی آمد ہے آمد یا نبی　　مرضئ ربُّ العُلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ اب بلاوا آپ کا آیا ہے پھر　　میں مدینے کو چلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ آپ کے ہوتے ہوئے کچھ غم نہیں　　زندگی کا آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ عرش پر معراج میں پیارے نبی　　ہر طرف اک نور تھا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Hyderabad India / Collection Peer Mohammad Digitization eGangotri

(46) رنگ لائی آپ کی سب محنتیں — دین کا ہے دبدبہ یا مُصطفٰی ﷺ
(47) آپ نے جو کردیا تھا فیصلہ — بس وہ ہوکر ہی رہا یا مُصطفٰی ﷺ
(48) آپ کی شفقت کے ملتے ہی ہُوا — کھوٹا سکّہ بھی کھرا یا مُصطفٰی ﷺ
(49) روزِ محشر آپ کی پیاری سی وہ — میرے سر پر ہو ردا یا مُصطفٰی ﷺ
(50) اک نگاہِ لطف میرے حال پر — ہو کرم کی اب عطا یا مُصطفٰی ﷺ
(51) ہے ازل سے بے گماں اور بالیقیں — دل مدینے پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
(52) دشمنوں کی سازشوں کے درمیاں — خونِ ناحق بہہ گیا یا مُصطفٰی ﷺ
(53) روضہ اقدس کودیکھا اک نظر — دل کی دنیا میں بسا یا مُصطفٰی ﷺ
(54) آپ کی نظرِ کرم درکار ہے — آپ ہیں خیرالوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ
(55) ہو میسّر دیدِ طیبہ یا نبی — کر رہے ہیں ہم دعا یا مُصطفٰی ﷺ
(56) نام جب بھی لے لیا میں آپ کا — دور غم سب ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
(57) رب کے آگے گِڑ گِڑانا آپ کا — کام آکر ہی رہا یا مُصطفٰی ﷺ
(58) رب کی مرضی آپ کی مرضی ہوئی — کب ہے رب تم سے جدا یامُصطفٰی ﷺ
(59) دل کو مسکن آپ کا میں نے کِیا — آپ کا جلوہ بسا یا مُصطفٰی ﷺ
(60) خواب کی تعبیر مجھ کو مل گئی — دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
(61) دربدر کی ٹھوکریں کھانے کے بعد — آکے وہ در پر پڑا یا مُصطفٰی ﷺ
(62) حج پہ جاکر دیکھ لوں میں یا نبی — ثَور وہ غارِ حرا یا مُصطفٰی ﷺ
(63) جان و دل سے آپ رب کے ہوگئے — ہو گیا رب آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
(64) نعتیہ محفل میں دیکھو ہر طرف — چھا چکی نوری گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ
(65) آپ سے بڑھ کر ہے میرا کون اب — یاعلی ؓ مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

﴿66﴾ جو بھی اپنایا ہے اسوہ آپ کا   حق کے رستے پر چلا یا مُصطفٰی ﷺ
ے﴿67﴾ اپنے وعدے پر رہے ثابت قدم   آپ ہر دم با خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ آپ کے کردار کا اخلاق کا   تذکرہ ہے ہر جگہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ جس سے قائم ہے زمانے کا نظام   نورِ حق کا وہ دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ حشر کی گرمی میں امت کے لئے   آپ ہیں سایہ گھنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ امتی ہوں آپ کا پیارے نبی   ہر گھڑی ہے شکریہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ ہر عمل اچھا کیا ہوں میں یہاں   میں نے پائی ہے جزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ جتنے منکر آپ کے ہیں سب کے سب   ہو ہی جائیں گے فنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ روضۂ اَقدس پہ ادنی سا گدا   لے کے آیا التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ آپ پر نازل ہوا ہے یا نبی   آیتوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ تھی امامت آپ کی پیارے نبی   مقتدی تھے انبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ میں بھی طیبہ آؤں گا اک دن ضرور   آپ کی جو ہو رضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ حکمرانی چھوڑ کر آتے ہیں سب   حکمراں سارے گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ رحم کرنا آپ سے سیکھے کوئی   دشمنوں کو دی دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ میں غریبِ وقت ہوں پیارے نبی   ہو عنایت اک ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ آپ کی آمد پہ خوش ہیں سب مَلَک   شاہِ طیبہ دوسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ عرشِ اعظم پر بُلاکر آپ کو   رب نے رتبہ دے دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ خواب میں آنے لگا ہے اب مرے   آپ کا گنبد ہرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ آپ نے بُھولا نہیں ہجرت کے بعد   وقت وہ بیتا ہوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ شاملِ کلمہ ازل سے تا ابد   نام پیارا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri Digitization eGangotri
Collection of Peer Sahib Hyderabad India

﴿86﴾ اک اشارہ آپ کا پاتے ہی بس   چاند ٹکڑے ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ اپنے جیسا آپ کو جس نے کہا   اُس نے پائی ہے سزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ مسئلہ کوئی بھی مشکل ہے کہاں   تم دَوا ہو اور دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ آپ کے آتے ہی روشن جگ ہوا   آپ نورانی دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ روضۂ اقدس پہ پہنچا جب کبھی   دل سے اُس دم مرمٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ دُور دل سے خوف ہوجائے گا سب   آپ سے ہے التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ لاج رکھنا حشر میں میری بھی تم   ٹوٹے دل کی ہے دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ نقشِ پائے مُصطفٰی سے دیکھئے   ہر طرف ہے اک ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ جس کا باطن اور ظاہر صاف ہے   بس وہی روشن رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ راستہ دریا میں جس نے کر دیا   ہے وہ موسٰی علیہ السلام کا عصا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ دل کھجوروں میں بسا ہے اب مِرا   میٹھی میٹھی ہے غذا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ آج بھی محسوس ہوتی ہے مجھے   عطر میں ڈوبی فضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ چھو کے آئی آپ ہی کا نقشِ پا   صندلی سی ہے صبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ چاہنے والوں کو آتی ہے نظر   ایک رنگیں سی فضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ شان والا آن والا ہے خدا   سب سے اعلیٰ ہے خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ جب تلاوت میں نے کی قرآن کی   روح نے پائی غذا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ خواب کی میں نے حقیقت دیکھ لی   دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ نازکیوں نہ بخت میرا بھی کرے   رات دن ہے شکریہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ ہو امام الانبیاء معراج میں   ابتداء سے انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ زندگی میں جو عمل کرتا رہا   آپ سے پاؤں صلہ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohammad Sahib Qadri Hyderabad Digitization eGangotri

«106» کربلا میں حق کی خاطر روز و شب　　خون کا دریا بہا یا مُصطفیٰ ﷺ

«107» مال دولت سب ہے قرباں یا نبی
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفیٰ ﷺ

«108» آپ کو ہر اک قدم پر یا نبی　　رب نے بخشا معجزہ یا مُصطفیٰ ﷺ

«109» آپ نے جو فیصلہ فرما دیا　　سب کے حق میں ہے بھلا یا مُصطفیٰ ﷺ

«110» بٹ رہی ہے دین کی دولت جہاں　　حق کا وہ ہے میکدہ یا مُصطفیٰ ﷺ

«111» سارے سلطانوں کے ہو سلطان تم　　رب نے یہ رتبہ دیا یا مُصطفیٰ ﷺ

«112» تھا زباں پر تو مری اللہ‘ مگر　　دل مرا کہتا رہا یا مُصطفیٰ ﷺ

«113» میں مرے ماں باپ کیا سب اولیا　　آپ کے ہیں زیر پا یا مُصطفیٰ ﷺ

«114» آپ کی مُٹّھی میں کنکر بول اُٹھے　　ہے یہ سچا واقعہ یا مُصطفیٰ ﷺ

«114» یا محمّد ﷺ یا محمّد ﷺ مرحبا　　نام ہے رحمت بھرا یا مُصطفیٰ ﷺ

«116» بخشوانا حشر میں امت کو آپ　　آپ سے ہے التجا یا مُصطفیٰ ﷺ

«117» دوسرا کیا آسرا ڈھونڈھوں بھلا　　صرف ہے یہ آسرا یا مُصطفیٰ ﷺ

«118» بول بالا دین کا ہے ہر طرف　　ہو گیا ہے کیا سے کیا یا مُصطفیٰ ﷺ

«119» آپ محبوبِ خدا پیارے نبی　　حق تعالیٰ کی رضا یا مُصطفیٰ ﷺ

«120» عرش سے ہے فرش تک پھیلا ہُوا　　آپ کا وہ دائرہ یا مُصطفیٰ ﷺﷺ

«121» آپ سے روشن ہے میری رات دن　　دل کی دنیا بر ملا یا مُصطفیٰ ﷺ

«122» دید ہی کافی ہے مجھ کو آپ کی　　کیا کروں گا میں دوا یا مُصطفیٰ ﷺ

«123» رب کی مرضی، مِلے جو بھی مِلے　　دل کی حسرت ہے جزا یا مُصطفیٰ ﷺ

«124» جان مشکل میں پڑی ہے اب مری　　یا مرے مشکل کشا یا مُصطفیٰ ﷺ

«125» آپ ہو مقصودِ عالم یا نبی　　میں گدا ہوں آپ کا یا مُصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad India / Collection of Peer Mohammad Quadri Digitization eGangotri

مقیمؔ

نام :- خواجہ مقیم الدین چشتی
تخلص :- مقیمؔ
ولدیت :- قاضی خواجہ شاہ ریاض الدین صدیقی صاحب
سنہ ومقام پیدائش :- (11 / ربیع الاول 1414ھ، 29 اگسٹ 1993) حیدرآباد میں ہوئی
شاعری کا آغاز :- 2011
شرف تلمذ :- سید شاہ عبدالرحمٰن حسن قادری صاحب
تعلیم :- ایم اے (فارسی) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی۔

آدھی ملاقات کے لئے :-

18-1-376/68, Tadla Kunta, Chandrayan gutta,
P/o Keshogiri - 500005, Hyderabad, Telangana State.
موبائیل نمبر :- 0091-9396702144

* * *

﴿1﴾ یوں کرم مجھ پر ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
ہُوں ازل سے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ آپ ہیں شاہ ہدیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہیں خیر الوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہیں بدر الدجیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ یا محمد ﷺ مصطفی یا مُصطفٰی ﷺ
اسم ہے دافع بلا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ آپ ہیں نور ہدا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہیں صدر العلیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moin Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ ہے اذانوں کی صدا یا مُصطفٰی   آپ ہیں خیرالوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ آپ شان مرتضٰی یا مُصطفٰی   لخت دل ہیں فاطمہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ یہ انا من نور سے روشن ہُوا   آپ نور کبریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ فاطمہ مولا علی حسنین رضی اللہ عنہم بھی
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ آپ اول آپ آخر شاہ دیں   آپ محبوب خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ جب ولادت تھی نبیٔ پاک کی   سارا عالم کہہ اٹھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ ظاہر و باطن بھی اول آخریں   آپ کی ذات صفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ تین دن تک مرحبا کہتے ہوئے   جھوم تا کعبہ رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ گیت گاتا ہوں تمہاری شان میں   کالی کملی ہو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ حسن میں تم سا یہاں کوئی نہیں   ہر ملک ہے بولتا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ مشکلوں میں بھی ملی راحت مجھے   جب کہا مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ مشکلیں حل ہوگئی اک آن میں   ورد ہے صل علی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ ہے امیروں پر غریبوں پر کرم   آپ کا بس آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ چاہتے ہیں سب رضائے کبریا   آپ ہیں حق کی رضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ نہ خدا ہو ، نہ خدا سے ہو جدا   سر بسر راز خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ ایک ہی کلمہ میں حمدونعت بھی   پھر ہوے کیسے جدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ صدق دل سے آپ پر قرباں ہُوا   نعت کا ہرقافیہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ دھوم ہے افلاک پر صد آفریں   عرش پرمہماں سرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ دل تڑپتا ہے تمہاری یاد میں   نعت لکھ کر رو دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ ہے درود پاک کا اب مشغلہ   ہو کرم یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheed Sahib Hyderabad India
Collection of Pir Saheb Qudratabad Digitization eGangotri

﴿26﴾ رقم کرتے ہیں تمہاری یا دمیں — یا محمد ﷺ مصطفی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ والضحیٰ واللیل ہے قرآن میں — وصف لکھے کبریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ رات دن ہو بس سلامی آپ پر — ہے خداکی یہ رضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ حشر کے دن عاصیوں پر مرحبا — خوب ہے لطف وعطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ میں مدینے پاک میں حاضر رہوں — ہوا شارہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ رب کعبہ کی قسم وہ تم ہی ہو — جس کودیکھے کبریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ مقتدی ہیں انبیاء پھر مقتدا — آپ ہیں صلے علی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ آپ کا روضہ ہے نورانی ضیا — آپ کا گنبد ہرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ بادشاہوں کے بھی سرخم ہوگئے — دیکھ کر خادم شما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ آپ کا رتبہ خرد سمجھے گی کیا — کن فکاں کی ابتدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ غم کے بادل چھٹ گئے اک آن میں — جب کبھی نکلی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ دل ہوا بے چین آنکھیں نم میری — دیدکی ہے التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ آیت اقرا کو پایا آپ سے — معتبر غار حرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ آپ کی تعظیم ہے ایماں کی جاں — یہ سبق ہم کو ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ فرقت غم میں تڑپتا ہوں سدا — ہند میں بے ساختہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ آپ کے دربار کی وہ خاک بھی — میرے حق میں کیمیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ آرزو ہے آپ کو دیکھا کروں — رات د ن صلے علی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ آسمانی ہر صحیفے کو ملی — آپ کی حمد وثنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ حکم ہے لا ترفعوا اصواتکم — یہ ادب کی انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ کیا زمیں کیا آسماں کونین بھر — دین کا ہے دبدبہ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moshim Quadri Digitization eGangotri

﴿46﴾ چاند ٹکرے ہوگیا افلاک پر   جب اشارہ پالیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ آپ مغرب سے نکالے مہر کو   معجزہ ہے معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ کنکری بھی کلمہ پڑھنے لگ گئی   چشم اطہر کیمیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ یہ نمازوں میں بھی لازم ہے سدا   نام لینا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ کوثر و تسنیم رکھے ہاتھ میں   دست اطہر آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ لگ گئی جس جس کو بھی وہ کنکری   آنکھ سے اندھا ہوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ آپ کے در کا جو منگتا ہوگیا   پا گیا حق کی رضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ ہے انا من نور کی تفصیل یہ   آپ نورِ کبریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ عظمت خیرالوریٰ نہ پوچھئے   حق کا ہے جلوہ نما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ روز محشر مل گیا ہے آپ کا   عاصیوں کو آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ ایک دستر حکمراں ہے آگ پر   آپ نے جب چُھولیا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ آپ کی الفت ملی جب سے اسے   دل ہوا غار حرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ سرفرازی پاگئے دشمن وہاں   ہاتھ طائف میں اٹھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ آپ کے دربار کا دلان بھی   میری آنکھوں میں بسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ آپ کے قدموں میں تھوڑی ہی سہی   کاش مل جائے جگہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ مل گئی ہے عشق کی دولت انہیں   سُرخرو ہے ہر گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ کالی کملی حشر کے میدان میں   امتی کا آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ رات دن صبح و مسا ہر ایک پل   عاشقوں کی ہے ندا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ ہے تمنا دیکھ لوں رخسار کو   جب مری آئے قضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ نعت کی محفل میں آکر پالیا   برکتوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India
Collection of Mohammad ... Digitization eGangotri

﴿66﴾ چلچلاتی دھوپ میں یکثر مجھے   مل گیا ہے آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ ہے دُرودِ پاک ہی وردِ زباں   ساتھ میرے ہر جگہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ آپ کا نامِ مبارک حشر میں   ہر کسی کا آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ اس کو ملتا ہے خدا جو ہوگیا   آپ کا بس آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ مبتدا بھی مقتدا بھی پیشوا   پھر امام الانبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ لکھ رہا ہوں میں ثنا جو آفریں   ازطفیل کبریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ انبیاء ٹھہرے ہوئے ہیں صف بہ صف   آپ کا رتبہ بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ لیل اسریٰ اُذُن منی مرحبا   ربِّ کعبہ نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ اب نگاہوں میں عجب سا نور ہے   فیض ہے سب آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ اے رسول ہاشمی ہو اک نظر   روز دیتا ہوں صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ جان بھی ہے آپ پر قرباں سدا   دل ہوا ہے یہ فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ نعت لکھنے آپ کی یا شاہ دیں   یہ قلم عاجز ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ ہے ہمارے لب پہ یہ صبح ومسا   مصطفی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ یا د جب بھی آگئی ہے آپ کی   نعت روکر لکھ دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ یوں گزر جائے مری یہ زندگی   لب پہ ہو تمری ثنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ بوبکرؓ اب بن گئے صدیق جو   آپ کی ہے یہ عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ ہیں صحابہ میں جو اول بوبکرؓ   آپ سے پائی بقا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ یار ہیں وہ غار کے، پہلو میں بھی   ہم سفر وہ ہر جگہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ بوبکرؓ فاروق اعظمؓ رات دن   آپ پر قرباں سدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ کاملِ ایماں عمر فاروقؓ ہیں   آپ کی لے کردعا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahab Qadari Digitization eGangotri

﴿86﴾ عدل میں انصاف میں بے مثل ہیں   ہو عمرؓ کے رہنما یا مُصطفٰی ﷺ

﴿87﴾ حضرتِ فاروقؓ کہتے شان سے   آپ پر قرباں ہوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿88﴾ حضرتِ عثماںؓ کی دولت مرحبا   نقش پا پر ہے فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿89﴾ رات دن میرا وظیفہ ہوگیا   یا علیؓ مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿90﴾ آج تک جو بھی ہے مانگا مل گیا   از طفیل مرتضٰی یا مُصطفٰی ﷺ

﴿91﴾ ہاتھ میں ہو آپ کا دامن علیؓ   سر پہ سایہ ہو سدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿92﴾ بوبکر فاروق عثمان و علی رضی اللہ عنہم   حُسن ہیں سب آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿93﴾ اہل بیت پاک کا اصحاب کا   ایک خادم میں بنا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿94﴾ فاطمہ حَسنین ہیں مولا علی رضی اللہ عنہم   آپ کی اوڑھے ردا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿95﴾ پنجتن میں فاطمہ حَسنین رضی اللہ عنہم بھی   ہیں علیؓ تم پیشوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿96﴾ طیبہ بھی طاہرہ بھی سیدہ   خلق میں ہیں فاطمہ رضی اللہ عنہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿97﴾ ہاں حسن ابن علی رضی اللہ عنہما صد مرحبا   عکس ہیں اک آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿98﴾ حضرتِ شبیرؓ کی ہر اک ادا   آپ سے ہے کب جدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿99﴾ ہے حسن ابن علی رضی اللہ عنہما میں آفریں   آپ کی ہر اک ادا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿100﴾ حضرت شبیرؓ کی عظمت لکھوں   دوش پرجلوہ نما یا مُصطفٰی ﷺ

﴿101﴾ آپ کے نقش قدم پرچلتے ہیں   غوث اعظمؓ رہنما یا مُصطفٰی ﷺ

﴿102﴾ ایک دن بغداد جاکر دیکھ لوں   غوثؓ میں جلوہ نما یا مُصطفٰی ﷺ

﴿103﴾ آپ کا بن کر کرم صد آفریں   ہیں یہاں خواجہؓ پیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿104﴾ خواجہ کل خواجگاں ہندالولی   راز ہیں اک آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿105﴾ اب شہاب الدینؓ کے ہی واسطے   چشمِ رحمت ہو ذرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿106﴾ بوبکر سے ہیں بہاء الدین رضی اللہ عنہما بھی — نقشبندی رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ ہاں رفاعی رضی اللہ عنہ پیر میں صد مرحبا — آپ ہیں جلوہ نما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ ہیں عرب میں شاذلی رضی اللہ عنہ جلوہ نما — فیض دینے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ حضرتِ صابر نظام الدین رضی اللہ عنہما بھی — آپ سے پائے بقا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ ہیں دکن میں حضرتِ بندہ نواز رضی اللہ عنہ — پیشوائے اولیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ چار ہیں بس پیر چودہ مرحبا — خانودے رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ ہیں مرے دادا جنابِ غیب شاہ علیہ الرحمۃ — ہر گھڑی تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ صورت وسیرت ملی ہے آپ کی — پیر ایسا مل گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ آپ کا دست مقدس مل گیا — سلسلہ در سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ امتی ہوں التجا ہے آپ سے — در گزر ہو ہر خطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ آپ کی چشمِ کرم درکار ہے — پار بیڑا ہو مرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ یک نظربس یک نظر ہو سیدی — التجا ہے التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ آپ کے قدموں میں ہو دو گز زمیں — سب غلاموں کو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ آپ کی نعلین کا صدقہ ملے — التجاء ہے التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ یا نبی امت پہ ہوچشم کرم — آپ ہیں کہف الوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ سب پریشاں ہیں عرب ہویا عجم — ہو ختم اب یہ وبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ چلچلاتی دھوپ میں محشر کے دن — کالی کملی ہو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ آپ کا دیدار ہے دیدار ہے — نعت کا ہے فائدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ اب قلم عاصی یہ رکھے ہو کرم — آپ کا ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ ہو مقیمؔ قادری پر بھی نظر — یہ گدا ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

بسم الله الرحمن الرحيم

مخضب ز شعراء

ن

تعداد کلام (6)

تعداد اشعار (750)

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India
Collection Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

ناظر

نام :- ڈاکٹر ناظر خان
تخلص :- ناظرؔ
ولدیت :- یوسف خان کامل مرحوم
پیدائش :- 30-06-1976، دموہ
تعلیم :- ایم۔ اے (اردو) بی ایڈ، پی ایچ ڈی۔
آغاز شاعری :- 2001ء
شرف تلمذ :- حافظ قطب الدین نشترؔ دموہی۔ مجید احسان عادلؔ۔ غلام محمد حق چھتر پوری
اعزازات :- تلاش جوہر ایوارڈ۔ اردو اکیڈمی بھوپال، مدھیہ پردیش۔
آدھی ملاقات :- نوری نگر، دموہ۔ 47066، MP الھند۔
فون :- +91 9893287082

❁ ❁ ❁

﴿1﴾ دینِ حق کا راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
آپ کے صدقے ملا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ آپ کا رتبہ بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ محبوب خدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ ہے پیام کبریا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ نے جو کچھ کہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ آپ کی رفعت بیاں ہو کس طرح
آپ تو ہیں منتہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ آپ کی چشمِ کرم جس پر پڑی
آپ ہی کا ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India
Collection Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

﴿6﴾ منسلک ہے آپ ہی کی ذات سے   کامیابی کا پتہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ کوئی دیکھے تو یہ سیرت آپ کی   ہر عمل تھا معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ انبیاء نے بھی کِیا ہے با ادب   ذکر اقدس آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ دے رہا ہے ہم کو منزل کا پتہ   آپ کا ہرنقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ وجہِ تخلیق دو عالم آپ ہیں   آپ سے ہے ابتدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ کیوں ستائے پھر بھٹکنے کا سوال   آپ جب ہیں رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ شکلِ قرآن میں ملا ہے آپ کو   سب سے اعلی معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ درحقیقت جس سے راضی آپ ہیں   اس سے راضی ہے خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ آپ سے افضل نہ آیا کوئی بھی   آپ امام الانبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ انبیاء ویسے تو آئے بے شمار   آپ ہیں سب سے جدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ آپ کی آمد کی جو پھیلی خبر   ذرّہ ذرّہ جھوم اٹھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ آپ کی آمد سے یہ روشن ہُوا   یہ جہاں بے نور تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ باخبر ہے اس سے تو اللہ ہی   کون کس حد تک گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ ہم گنہگاروں کو ہے روز حساب   آپ ہی کا آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ دید ہوجائے ہمیں بھی آپ کی   اتنی ہو جائے عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ آپ ہی سے گلشنِ اسلام ہے   آپ ہیں اس کی بقا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ آپ کا طرز تکلّم دیکھ کر   غنچہ غنچہ کِھل اٹھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ داد رس ہے کون اپنا حشر میں   لاج رکھیئے گا ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ آدمی تھا صرف پہلے آدمی   آپ نے انساں کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ بے زباں نے دی گواہی آپ کی   کنکروں نے بھی پڑھا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad India eGangotri

﴿26﴾ جگمگائیں چرخ پر شمس و قمر   آپ سے پا کر ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ وقتِ مشکل کام آتا ہے بہت   اسم آعظم آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ ہو نہیں سکتا کبھی اِس دہر میں   آپ جیسا دُوسُرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ رہتی دنیا تک رہے گا دہر میں   دین حق کا دبدبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ ہم کو بھی اپنوں میں کرلیجے شمار   بس یہی ہے التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ ہے یہی ارمان وقتِ نزع بھی   لب پہ ہو نام آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ جس کے دل میں آپکی الفت نہ ہو   دل ہے وہ ویران سا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ حق تعالیٰ نے بلایا عرش پر   معرفت کہنا ہی کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ آپ یوں پہنچے مقامِ عرش پر   سب ہوئے حیرت زدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ حق تعالیٰ نے کہا معراج میں   مرحبا صد مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ دشمنوں کو بھی رِہائی بخش دی   کیا حَسِین کردار تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ جس کی دنیا میں نہیں کوئی مثال   آپ ہیں وہ آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ صورتِ قرآں میں پیغامِ اِلٰہ   آپ پر نازل ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ جب چراغِ حق جلایا آپ نے   کفر کا دم گُھٹ گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ اس جہاں میں آپ کے آنے کے بعد   سب کو اپنا حق ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ اپنے دامن میں چھپا لینا ہمیں   شافعِ روزِ جَزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ رحمت عالم بنا کر دہر میں   آپ کو بھیجا گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ ہم نے جب بھی دی دُہائی آپ کی   ہو گیا فضلِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ حق تعالیٰ کا پتہ بھی بلیقیں   آپ سے ہم کو ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ اس سفینے کا کریں طوفاں طواف   آپ جس کے ناخدا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

﴿46﴾ کیا کرشمے انگلیوں کے آپ کی   چاند بھی شق ہو گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ کفر و شر کو مات دے کر آپ نے   نورِ حق پھیلا دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ اہل ایماں مشکلوں کی زد میں ہیں   کیجئے حق میں دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ کر رہا ہے آپ کی عظمت بیاں   آج بھی غارِ حرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ مل گیا ہے آپ کے صدقے ہمیں   نیکیوں کا راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ دشمنِ جاں بھی مسلماں ہوگئے   کلمہ پڑھ کر آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ چھٹ گئیں سب جہل کی تاریکیاں   آپ نے بخشی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ آپ کے در مومنوں کے واسطے   بن گئی دارالشفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ آپ پر نازل ہُوا قران پاک   آپ ہیں مہر ھدیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ رٹتا ہوں رٹتا رہوں گا عمر بھر   مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ پھر ضروت ہے کرم کی آپ کے   ظلم کی چھائی گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ عظمتِ شہرِ مدینہ مرحبا   خاک میں بھی ہے شفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ دیکھتے ہی گنبد خضرا یہ دل   بول اٹّھا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ آپ کی امّت میں ہم پیدا ہوئے   کیا نصیبا مل گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ معجزے صادر نہ ہوں کیوں جب کہ آپ   ہیں سراپا معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ آپ کی الفت کا یہ فیضان ہے   دل مدینہ بن گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ ورد کرنے سے سکونِ دل ملے   مرحبا صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ رہبری سے آپ کی اس قوم کا   سَر بہت اونچا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ دل کو ملتا ہے سکوں کس نام سے   دل یہ فوراً بول اٹھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ آپ کے جیسا بروز حشر تک   اب نہ کوئی آئے گا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad India
Collection of Mohammed Digitization eGangotri

﴿66﴾ ہو گئی جن پر عنایت آپ کی   ہو گئے وہ کیا سے کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ دیکھ کر فوراً مچل اٹھے یہ دل   حاجیوں کا قافلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ ہوتی ہے شہر مدینہ میں قبول   جس نے مانگی جو دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ آپ کی سیرت کو جس نے بھی پڑھا   حوصلہ اس کو ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ مر مٹے سب آپ کے کردار پر   دشمنوں کو دی دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ کاش ہوجائے میسّر ہم کو بھی   جالیوں کو چومنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ اک فقط میں ہی نہیں ہوں آپ پر   ساری اُمّت ہے فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ مل گیا اس کو صراط مستقیم   بن گیا وہ پارسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ آپ نے جو جو بتایا تھا کبھی   آج وہ وہ ہو رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ اگلے پچھلے دور کا ہر ماجرا   آپ کو معلوم تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ امت عاصی کا بیڑا پار ہے   آپ ہیں جو ناخدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ آپ کو قدرت نے وہ بخشا کمال   جو کہا وہ ہو گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ ہم غلاموں کے لئے عشقِ رسول   ہے ہر اک غم کی دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ تاجداروں سے بھی ہے اعلیٰ تریں   آپ کے در کا گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ آپ سے ہے زندگی اسلام کی   آپ اِس کے پیشوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ جو کِیا امّت کی خاطر آپ نے   کب کسی سے ہوسکا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ اور دامن میں ہمارے کچھ نہیں   عشق ہے بس آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ آپ ہی کے واسطے اللّٰہ نے   یہ جہاں پیدا کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ حق تعالیٰ آپ پر بھیجے سلام   یہ مقام و مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ آپ کی جو عظمت و توقیر ہے   کوئی کیا سمجھے بھلا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

«86» آپ کی الفت سے جو خالی ہے دل   ہے وہ دل ویران سا یا مُصطفٰی ﷺ
«87» آپ ہی ہیں بے نواؤں کی نَوا   آپ بے کس کی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
«88» آپ کی آمد سے پہلے دہر میں   تھا عجب ہی ماجرا یا مُصطفٰی ﷺ
«89» نورِ رحمت کیوں نہ پھیلے آپ سے   آپ قندیلِ وفا یا مُصطفٰی ﷺ
«90» طئے کرے گا بس وہی تو پُل صراط   جو بھی کہتا جائے گا یا مُصطفٰی ﷺ
«91» اُس کے آگے تاجداری ہیچ ہے   جو گدا ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«92» فیض کا دریا ہے جاری آپ سے   آپ ہی بحرِ سخا یا مُصطفٰی ﷺ
«93» آج ہم جو جی رہے ہیں شان سے   یہ کرم ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«94» کوئی آیا ہے نہ کوئی آئے گا   آپ جیسا دُوسرا یا مُصطفٰی ﷺ
«95» ناز کرتے ہیں یہ دونوں عالمیں
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«96» ہم گنہگاروں کی خاطر آپ نے   مانگی رو رو کر دعا یا مُصطفٰی ﷺ
«97» اس کے حق میں ہوگئے دونوں جہاں   ہوگیا جو آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«98» آرزو ہیں آپ ابراهیم علیہ السلام کی   آپ آدم علیہ السلام کی دعا یا مُصطفٰی ﷺ
«99» جس کے گُل حَسنین، زہراء وعلی رضی اللہ عنہم   کیا چمن ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«100» یہ دعا ہے لہلہائے حشر تک   گلسِتاں اسلام کا یا مُصطفٰی ﷺ
«101» چاہتا ہوں آپ کی نسبت سے ہی   خلد میں ہو گھر مرا یا مُصطفٰی ﷺ
«102» آپ کا غم، عشق، الفت آپ کی   ہے یہ سرمایہ مرا یا مُصطفٰی ﷺ
«103» جس کے آگے ہیچ ہے عطر و گلاب   وہ پسینہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«104» جھوم کے پڑھتے ہیں سب جن وملک   نغمۂ صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
«105» شک نہیں جس میں رضا ہے آپ کی   ہے رضائے کبریا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad India
Collection of Mohammed ... Digitization eGangotri

﴿106﴾ آپ تو ہیں انبیاء کے بھی امام آپ اعلیٰ مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ نور سے لبریز ہے ذات آپ کی آپ کا کہنا ہی کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ جنبشِ لب دی ذرا سی آپ نے مسئلہ حل ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ تذکرہ ہم سے عطاؤں کا ہوکیا بے مثالی ہر عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ مل گئی دائی حلیمہ کو سوئی آپ کا ہی نور تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ التجا ہے حشر میں کوثر کا جام کیجئے ہم کو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ دولتِ کونین اس کو مل گئی درپہ جو بھی آگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ آپ ہی کا ذکر ہم کرتے رہیں روز و شب و مسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ محسنِ انسانیت ہیں آپ ہی شک نہیں اس میں ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ آپ کی الفت ہی بس اس دل میں ہو کچھ نہ ہو اس کے سوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ مومنو پڑھتے رہو شام و سحر مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ جب فرشتہ موت کا آئے قریب لب پہ ہو نام آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ آپ ہیں، ہاں آپ ہیں، بس آپ ہیں زینتِ ارض و سما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ اب بھی دنیا کا بدل جائے نظام آپ جو کردیں دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ دونوں عالم میں ہمارا آسرا آپ ہی ہیں باخدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ بن گئے نعلینِ اقدس آپ کے زینتِ عرشِ عُلٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ ہے نہاں ہر اک حدیثِ پاک میں اک مکمل فلسفہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ ہو نہیں سکتی مرے دل سے کبھی آپ کی الفت جدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ در حقیقت آپ کا ہر اک عمل حکمتوں سے ہے بھرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ رکھتے ہیں ناظر ہمیشہ وہ بھرم کہہ کے دیکھو تو ذرا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Collection of Peer Sahib Quadri Hyderabad Digitization eGangotri

ندیمؔ

یہ نعت شریف تمام مطلعوں پر مشتمل ہے

نام :- محمد یوسف
قلمی نام :- یوسف ندیمؔ
تخلص :- ندیمؔ
ولدیت :- عبدالشکور
تعلیم :- ایم۔اے، بی۔ایڈ
مصروفیت :- درس وتدریس (تعلیمی ادارے کے سبکدوش پرنسپل)
تصانیف :- غزلیات کے مجموعے (۱) پرِ پرواز (۲) اجالے تخیل کے
(۳) سخن طرازیاں، پانچ جاسوسی ناول، متعدد مقالے، مضامین، خاکے، تبصرے۔

آدھی ملاقات کے لئے :-

City Pride Residency, B1/19 7th floor,Behind SVC Bank,
Salunke Vihae Road, PUNE-411040, MAHARASHTRA,
E-mail.kalamenadeem@gmail.com
Mobile No.9970198743

* * *

﴿1﴾ مجھ کو دے دو خاکِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ رب ہے خودمدحت سرایا مُصطفٰی ﷺ
تم کو حاصل ہے بقایا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ تم جہاں کی ابتدا یا مُصطفٰی ﷺ
اور تم ہی انتہاء یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ آپ ہیں نور الھدیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
اور ہیں کہف الوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
اور ہیں بدر الدجیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pir Mohammed Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ آپ ہیں خیر الوریٰ یا مُصطفٰی   آپ ہی ہیں مجتبیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ ہیں حبیبِ کبریا یا مُصطفٰی   اور شاہِ دوسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ حق ابھر کر آگیا یا مُصطفٰی   اور پھر باطل مٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ دے دیا درسِ وفا یا مُصطفٰی   ہوگئے ہم با صفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ دین کی تم سے بقا یا مُصطفٰی   زہد بھی تم سے ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ آپ ہیں سب سے جدا یا مُصطفٰی   مرتبہ بھی ہے عُلی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ نورِ ایماں دے دیا یا مُصطفٰی   ہے یہ احساں آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ دے دیا رب کا پتہ یا مُصطفٰی   تم ہوسب کے رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ شارحِ سرِّ خدا یا مُصطفٰی   صاحب عِلمِ ہدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ ماہِ ایمان وہدی یا مُصطفٰی   آپ ہیں مہر وفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ درس ایسا دے دیا یا مُصطفٰی   یہ بشر انساں بنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ انقلاب اک آگیا یا مُصطفٰی   حق کی جب دے دی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ دیجئے اپنی رضا یا مُصطفٰی   ہے یہی اک التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ غیرنے بھی یہ کہا یا مُصطفٰی   آفریں اور مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ خلق کا ہیں آئینہ یا مُصطفٰی   قاسمِ صدق و صفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ صدقہ پائیں آپ کا یا مُصطفٰی   آپ کا ہے آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ ہے تمنائے شفا یا مُصطفٰی   روح کی دے دو دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ میں تمہارا ہوں گدا یا مُصطفٰی   بھر دو دامن میں عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ تم سے دوری ہے سزا یا مُصطفٰی   زخمی دل میرا ہوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ تم میں ہُوں مَیں مبتلا یا مُصطفٰی   مجھ کو ہو راحت عطا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Quadri Digitization eGangotri

﴿26﴾ مجھ سے مت ہونا خفا یا مُصطفٰی　　ہو عطا اپنی رضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ دے دو طیبہ میں جگہ یا مُصطفٰی　　پورا ہو یہ مدعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ رحمتیں کردیں عطا یا مُصطفٰی　　امن کی بھی دی فضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ رب سے جو بھی کی دعا یا مُصطفٰی　　اس نے سب کچھ دے دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ دشموں کو دی دعا یا مُصطفٰی　　ان کے عیبوں کو ڈھکا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ میں نہ طیبہ آسکا یا مُصطفٰی　　غم یہی دل میں رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ آپ کا جب نام آیا یا مُصطفٰی　　پڑھ لیا صلِّ علٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ چاند کوشق کردیا یا مُصطفٰی　　تھا نرالا معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ جب قدم رہ میں اٹھا یا مُصطفٰی　　ابر نے سایہ کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ جب بھی کی تم نے دعا یا مُصطفٰی　　یاد امت کو کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ تھے صحابہ با وفا یا مُصطفٰی　　تم پہ تھے سب ہی فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ کنکروں نے بھی کہا یا مُصطفٰی　　تم ہو محبوبِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ جو بھی طیبہ میں رہا یا مُصطفٰی　　پائی جنت کی فضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ رتبہ چاروں کو دِیا یا مُصطفٰی　　امن کا ضامن ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ دکھ بھی غیروں کا سہا یا مُصطفٰی　　درگزر اُن کو کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ فتح جب مکہ ہوا یا مُصطفٰی　　عفو کی دے دی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ لب پہ ہے صل علی یا مُصطفٰی　　کل جہاں ہے ہمنوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ ہو محمد مصطفی یا مُصطفٰی　　رب نے بھی احمد کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ ہرستم تم نے سہا یا مُصطفٰی　　تھا تحمل بے بہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ میرا سن لیں ماجرا یا مُصطفٰی　　دیجئے مجھ کو دعا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Memon Sahib Hyderabad India Collection Prof. Manjula Chakravarti Digitization eGangotri

«46» جب بھی سائل آگیا یا مُصطفٰی — تم نے دامن بھردیا یا مُصطفٰی ﷺ

«47» رب سے کر کے آشنا یا مُصطفٰی — اس سے جوڑا رابطہ یا مُصطفٰی ﷺ

«48» رب نے ہی یہ کہہ دیا یا مُصطفٰی — بعد اس کے ہو علیؑ یا مُصطفٰی ﷺ

«49» سب نے صادق کہہ دیا یا مُصطفٰی — اور امیں سب نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ

«50» جامِ وحدت دے دیا یا مُصطفٰی — عشق رب کا بھی نشہ یا مُصطفٰی ﷺ

«51» جب بھی ہو روزِ جزا یا مُصطفٰی — جامِ کوثر ہو عطا یا مُصطفٰی ﷺ

«52» دلنشیں تھی ہر ادا یا مُصطفٰی
دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

«53» آپ کو جس نے سنا یا مُصطفٰی — ہوگیا وہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

«54» تھا پسینہ عطرسا یا مُصطفٰی — یہ بھی تھا اک معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ

«55» درد فاقہ جب اٹھا یا مُصطفٰی — پیٹ پر پتھر بندھا یا مُصطفٰی ﷺ

«56» فقر کو اچھا کہا یا مُصطفٰی — ناز بھی اس پر کیا یا مُصطفٰی ﷺ

«57» خوفِ رب بھی خوب تھا یا مُصطفٰی — طاری لرزہ دل پہ تھا یا مُصطفٰی ﷺ

«58» دشمنوں نے کی جفا یا مُصطفٰی — پھر بھی تم نے دی دعا یا مُصطفٰی ﷺ

«59» ہر عمل بھی آپ کا یا مُصطفٰی — شارحِ قرآن تھا یا مُصطفٰی ﷺ

«60» معجزہ یہ بھی ہوا یا مُصطفٰی — داعی ہر مومن ہوا یا مُصطفٰی ﷺ

«61» بوجہل دشمن رہا یا مُصطفٰی — تم سے وہ ڈرتا رہا یا مُصطفٰی ﷺ

«62» جو تمہارا ہوگیا یا مُصطفٰی — وارثِ جنت ہوا یا مُصطفٰی ﷺ

«63» آپ سے جو بھی ملا یا مُصطفٰی — اس کو ایماں مل گیا یا مُصطفٰی ﷺ

«64» جو بھی روتا آگیا یا مُصطفٰی — وہ گیا ہنستا ہوا یا مُصطفٰی ﷺ

«65» سنگ دل جو آگیا یا مُصطفٰی — موم پل میں وہ بنا یا مُصطفٰی ﷺ

Collection Peer Sahib Qadari

﴿66﴾ آسرا سب کو دیا یا مُصطفٰی — سب کو بخشا مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ برملا تم نے کہا یا مُصطفٰی — ایک ہے سب کا خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ غیر بھی قائل ہُوا یا مُصطفٰی — معترف انصاف کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ جہد کا ثمرہ ملا یا مُصطفٰی — دین کا غلبہ ہوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ پرشکوہ تھا فیصلہ یا مُصطفٰی — درگزر سب کو کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ بولہب ٹٹا ہُوا یا مُصطفٰی — مل گئی اس کو سزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ بے سہارا آپ کا یا مُصطفٰی — غم بھی میرا مٹ گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ خیرجتنا مل گیا یا مُصطفٰی — آپ کا صدقہ ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ روح پرغلبہ ہوا یا مُصطفٰی — رب نے تحفہ دے دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ اسم میں ہے عافیہ یا مُصطفٰی — ہرمرض کی ہے شفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ بدر میں غلبہ ہُوا یا مُصطفٰی — دین نے پائی بقا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ چھائی رحمت کی گھٹا یا مُصطفٰی — جب کہا صلِّ علٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ آپ کا احساں ہوا یا مُصطفٰی — ہم نے پا یا ارتقا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ آپ نے جب کی دعا یا مُصطفٰی — کفر پر غلبہ ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ جومرض دل میں ہوا یا مُصطفٰی — اس کو مل جائے دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ ہے یہی اک مدعا یا مُصطفٰی — رکھوں تم سے رابطہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ تم پہ جب ایماں ہوا یا مُصطفٰی — نارِ دوزخ سے بچا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ ہم سے مت ہونا خفا یا مُصطفٰی — ہوں گے ہم بے آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ دریا الفت کا بہا یا مُصطفٰی — شعلہ نفرت کا بجھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ تھی چٹائی بسترا یا مُصطفٰی — اینٹ کا تکیہ بنا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿86﴾ اوج کا تحفہ ملا یا مُصطفٰی   یا محمد ﷺ مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ تم جہاں کے رہنما یا مُصطفٰی   تم ہی سب کے پیشوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ تم ہو شاہِ انبیاء یا مُصطفٰی   وہ بھی کرتے ہیں ثنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ آپ نے اقراء کہا یا مُصطفٰی   ا س کا شاہد ہے حرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ ہے یہ پیغام خدا یا مُصطفٰی   تم سے کبریٰ نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ تم نبی ہو باخدا یا مُصطفٰی   شک نہیں اس میں ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ مرتبہ اعلی ملا یا مُصطفٰی   رب نے تم کو چن لیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ آپ نے جو کچھ کہا یا مُصطفٰی   پائی تائیدِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ واقعہ معراج کا یا مُصطفٰی   امتحاں سب کا بنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ تھے فلک پر انبیاء یا مُصطفٰی   کہہ اٹھے سب مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ در فلک کا وا ہُوا یا مُصطفٰی   اک نیا عالم ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ حق کِیا سب کا ادا یا مُصطفٰی   دے دیا بلکہ سوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ چل گئی حق کی ہوا یا مُصطفٰی   سب میں تقوی آگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ طیبہ روشن آپ کا یا مُصطفٰی   نور سے پُر ہے فضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ نظمِ ہستی آپ کا یا مُصطفٰی   پاک ہے بے انتہاء یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ زہد کی بخشی ضیاء یا مُصطفٰی   نور ایماں کا ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ خُلق پاکیزہ دیا یا مُصطفٰی   دی شرافت بے بہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ درس خدمت کا دیا یا مُصطفٰی   نرمئ دل کی عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ جذبہ صدق و وفا یا مُصطفٰی   آپ سے ہم کو ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ بادشا ہو یا گدا یا مُصطفٰی   سب کو اک صف میں کِیا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohasin Hyderabad Digitization eGangotri

﴿106﴾ ختم کی تم نے انا یا مُصطفٰی   عجزسب کو دے دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿107﴾ متحد سب کو کیا یا مُصطفٰی   اک ہوئی سب کی صدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿108﴾ تم حبیب کبریا یا مُصطفٰی   تم کو کوثر ہے عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿109﴾ نظم دولت کا کیا یا مُصطفٰی   حق بھی مفلس کا رکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿110﴾ سجدہ رب کو یوں کیا یا مُصطفٰی   اس کی بے حد کی ثنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿111﴾ دین میں جو ہے روا یا مُصطفٰی   علم اس کا دے دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿112﴾ دیں مکمل ہوگیا یا مُصطفٰی   کامراں مومن ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿113﴾ ہے عنایت بے بہا یا مُصطفٰی   خوب تھی جود و سخا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿114﴾ دی توکل کی ضیا یا مُصطفٰی   صبر روشن ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿115﴾ علمِ ایماں دے دیا یا مُصطفٰی   بت جہالت کا گرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿116﴾ ہر ستم تم نے سہا یا مُصطفٰی   پَر کوئی شکوہ نہ تھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿117﴾ عورتوں کو حق دیا یا مُصطفٰی   رتبہ بھی اعلی کیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿118﴾ علم صدیوں کا ملا یا مُصطفٰی   یہ بھی اک اعجاز تھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿119﴾ حقِّ مزدوری دیا یا مُصطفٰی   شاد اس کو بھی رکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿120﴾ درس بھی اخلاص کا یا مُصطفٰی   مومنوں کو دے دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿121﴾ حق شفاعت کا ملا یا مُصطفٰی   ہم نے پایا آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿122﴾ صبر کا جذبہ دیا یا مُصطفٰی   دور سارا غم ہوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿123﴾ یاد جب تم کو کیا یا مُصطفٰی   آگئی دل میں ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿124﴾ فتح کی کیجے دعا یا مُصطفٰی   ہے بپا اب کربلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿125﴾ یہ ندیمؔ پر خطا یا مُصطفٰی   ہے فدائی آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Qadri Hyderabad India
Collection of Mr. Sahib Kumar Digitization eGangotri

نشترؔ

نام :- ڈاکٹر مبشر احمد

قلمی نام :- ڈاکٹر مبشر احمد نشترؔ تخلص :- نشترؔ

ولدیت :- محمد عبدالحمید عرسی صاحب

پیدائش :- 09-02-1953 عرس جاگیر ورنگل، تلنگانہ۔

تعلیم :- ابتدائی وثانوی، اسلامیہ ہائیر سکنڈری اسکول ورنگل۔

بی۔ وی۔ یس۔ سی، کالج آف وٹرنری سائنس حیدرآباد۔

ملازمت:- ڈپارٹمنٹ آف اینمل حسبنڈری، آندھرا پردیش۔ جائنٹ ڈائرکٹر اے پی، Smilda شانتی نگر، حیدرآباد۔

سبکدوشی:- 28-02-2011 کو وظیفہ حسن خدمت پر سبکدوشی ہوئی۔

ادبی مصروفیات:- اردو نثر، اردو نظم سے دلچسپی، مطالعہ کتب، حمدیہ اور نعتیہ شاعری سے خاص لگاؤ۔

آدھی ملاقات کیلئے۔
H.NO.12-2-275, Flat No. 301, 4th floor,
MURADNAGAR, HYDERABAD-500028, Mobile No.8374582501.

* * *

﴿1﴾ ابتداء تا انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ محبوبِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ ہر نَفَس اک التجا یا مُصطفٰی ﷺ
نعت میرا مدعا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ خواجۂ ہر دوسرا یا مُصطفٰی ﷺ
اک نظر بہرِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ آپ کی مدحت ہے ممکن اُس گھڑی
رب جو دے فکرِ رسا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ مرحبا رب نے بنایا آپ کو
والئ ارض وسما یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qadri Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ چاندنی چٹکی ہوئی ہے آپ کی　ماہِ قوسین ودنیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ دے رہی ہے روشنی ہر نور کو　روئے تاباں کی ضیاء یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ بس یہی میثاق کا پیغام ہے　آپ ہیں صدرالعلی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ واقفِ اسرارِ حق ہیں آپ ہی　آشنائے ہَل اَتیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ ہیں خرام ناز ہی کی تابشیں　ہر ستارہ نقش پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ آپ کی خاطرسجی ہے بزمِ کن　نازشِ ہر دوسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ محفلِ کونین میں ہے چار سو　نغمہ صلِّ علٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ دھڑکنوں کا بس یہی اک کام ہے　ہر نفس نغمۂ سرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ اِس ندا میں ہرمَرَض کی ہے دوا　دافعِ رنج وبلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ چاہتا ہے لَے یہی تارِ نَفَس　ساز دل کی ہے صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ ساری خلقت کو خدا محبوب ہے　آپ محبوبِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ تا ابد اک آپ ہی سلطان ہیں　ہر زمانہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ آپ کی رفعت سے واقف ہے خدا　ورنہ کس کو ہے پتہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ آپ کے ترسٹھ برس حیران کن　ہرگھڑی اک معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ گنجِ مخفی آپ سے ظاہر ہوا　آپ ذاتِ حق نما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ آپ کی توصیف ہوتی ہے حَسیں　لفظ ہوں جب آشنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ آپ کی مدحت مرے قرطاس پر　نور کا ہے سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ آج بھی مہکائے ہے سارا جہاں　گلشنِ آلِ عبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ صبح دم سارے جہاں میں چارسُو　گنگناتی ہے صبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ آپ کی چشم عنایت چاہئے　شافعِ روزِ جزا یا مُصطفٰی ﷺ

Collection Peer Sahib Quadri India

﴿26﴾ میری ساری مشکلیں آساں ہوئیں
دل سے میں نے جب کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ تا ابد محبوب ہے اللہ کو
آپ کی ہر اک ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ مرحمت کی ہے خدا نے آپ کو
رحمتوں کی انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ اس میں تصویر مدینہ جاگ اٹھی
آنسوئوں سے جب لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ بربط ہستی کا نغمہ نعت ہے
سازِ فطرت کی نوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ آپ کا صدقہ ہے رم جھم بارشیں
آپ رحمت کی گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ عظمتیں ایسی بھلا کس کو ملیں
زیرپا عرشِ عُلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ نعت کی خاطر مری سانسیں رَہیں
نعت ہو صبح و مسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ آپ کا رتبہ پرے ادراک سے
ہو خِرد سے ماوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ دے رہا ہے مجھ کو توفیق ثنا
مالکِ حرف و نوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ تابشِ فرش و ملک ہے آپ سے
مرکزِ مہرو و فا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ امتی کی جھولیاں بھرتے ہیں آپ
مخزنِ لطف و عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ آپ سا کوئی نہیں ہے خلق میں
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ چہرۂ پرنور کی تفصیل سب
کہہ رہا ہے خود ضحی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ آپ کی شان علو اور رفعتیں
ہر تصور سے وریٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ واقفِ اسرار کن ہیں آپ ہی
مرحبا صدمرحبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ شہر یار مرسلاں ہیں آپ ہی
تاجدارِ انبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ یوسفِ کنعاں بھی دیکھیں تو کہیں
جان حُسنِ جاں فزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ آپ کی خیرات پر پلتے ہیں سب
مرکزِ جود و سخا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ ہو انیسِ بے کساں میزان پر
غمزدوں کے آسرا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

﴿46﴾ روزِ اول سے رسولِ محتشم   تا ابدخیرالوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ مقتدی ہیں انبیاء اور مرسلیں   آپ تنہا مقتدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ آپ کو زیبا لوائے حمد ہے   آپ ممدوح خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ چوم کرآئی ہے چوکھٹ آپ کی   مہکی مہکی ہے صبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ وادئ دل ہو سدا مہکی ہوئی   نعت ہو صبح و مسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ روشنی دَر آئی اس کے قلب میں   جس نے کاغذ پر لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ آپ کی رفعت کا مظہر ہے یہی   عرش بھی ہے زیرپا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ نامِ نامی آپ کا جب لے لیا   رد نہیں ہوتی دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ آپ ہی کی ہے نوازش اور کرم   ہوں اگرمیں لب کشا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ ابن مریم کی بشارت آپ ہیں   ہیں براہیمی دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ آپ کی تسکیں سے روتی ہنس پڑیں   ہے ادائے فاطمہؓ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ کیسے ممکن ہے کوئی سایہ رہے   آپ روشن دائرہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ ابتداء ہی سے ملی ہے آپ کو   رفعتوں کی انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ کس قدر میٹھا ہے لہجہ آپ کا   ہو شہہ شریں نوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ آپ ہی کا راستہ ہے راستی   ہادئ راہ ہدیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ دھڑکنوں میں آپ ہی کا نام ہے   دل مرا محوِ ثنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ حمدِ رب پاک اور نعت رسول   ہے یہی مسلک مرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ حکمرانِ وقت سے بھی ہے بڑا   آپ کے درکا گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ آپ کی خیرات کے ہیں ملتجی   ہم غلامانِ شہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ آپ کا دیتے ہیں جب جب واسطہ   دور ہوتی ہے بلا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Hyderabad Digitization eGangotri

﴿66﴾ بزم کن میں آپ ہی کو رب نے دی　　چادر قل انما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿67﴾ آپ کے اوصاف کیا جانے کوئی　　کس میں اتنا حوصلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿68﴾ مانگتا ہوں بس کرم کی اک نظر　　میں بھی ہوں درپر کھڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿69﴾ گونجتی ہے آج بھی کونین میں　　وہ حَسیں صوتِ حرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿70﴾ آپ کی خوشبو سے ہے مہکی ہوئی　　نکہتِ بادِ صبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿71﴾ دل کی ہر دھڑکن ہے اقرار یقیں　　ہر نَفَس پاسِ وفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿72﴾ جذب جامیؒ کا عطا ہو کچھ مجھے　　کعب رضی اللہ عنہ سی پاؤں ردا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿73﴾ نعت میں جبریل علیہ السلام کی تائید ہو　　لہجہ ہو حسان رضی اللہ عنہ سا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿74﴾ میری بھی بوصیریؒ سی تقدیر ہو　　ہو عطا مجھ کو شفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿75﴾ صدقۂ سعدیؒ عطا ہو نعت میں　　ہو عطا اذن بقا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿76﴾ قدس قدسیؒ کا ملے ہر نعت ہو　　ندرتوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿77﴾ مانگتا ہوں سبز گنبد دیکھ کر　　خسرویؒ رنگِ ثنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿78﴾ جب زباں کہنے سے کچھ معذور ہو　　کہتے ہوں نطق ونوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿79﴾ بس اسی خاطر بنے ہیں نجم و گل　　نعت سے سبزہ ہرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿80﴾ آپ کی شانِ رَفَعۡنَا ہی تو ہے　　ذکر ہر سو جابجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿81﴾ دل نواز و دلپذیر و دل نشیں　　روئے انور دلکشا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿82﴾ شاہراہِ زندگی میں ہر قدم　　آپ سے ہے پُر ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿83﴾ ساحلِ بحر تمنا آپ ہیں　　خلق کے درد آشنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿84﴾ سربسر لطف و عنایت پر نظر　　سربسر صدق و صفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿85﴾ آپ کی املاک ہے کل کائنات　　سِرِّ لولاک لما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India
Collection Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

﴿86﴾ آپ کا ہر نام محبوبِ خدا　　بے کسوں کا واسطہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿87﴾ کیسے لکھوں کوئی مدحت آپ کی　　فکرِ انساں نارسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿88﴾ غایتِ کُن سرورِ کون و مکاں　　مظہرشانِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿89﴾ اعتبارِ آب و گِل ختم الرسل　　اے امام الانبیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿90﴾ ہم غریبوں کا بھرم ہیں آپ ہی　　غمزدوں کے آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿91﴾ محرمِ لفظ و بیاں امی لقب　　علم و عرفاں کی بِنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿92﴾ کاشف اسرارِ کُن محبوبِ رب　　عرشِ حق تک ہورسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿93﴾ آپ کی نسبت پہ نازاں کیوں نہ ہوں　　امتوں کے رہنما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿94﴾ سرسے پاتک آپ کا ہوں میں غلام　　قلب کے فرماں روا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿95﴾ اک نگاہِ مہر آگئیں، ہو عطا　　خواجۂ ارض وسما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿96﴾ مقصدِ میثاق ہیں بس آپ ہی　　باعثِ قالوا بلی، یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿97﴾ آپ آگاہِ رموزِ یعبدون　　واقفِ سرِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿98﴾ ہرمرض کے چارہ گرہیں آپ ہی　　ائے دوائے لا دوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿99﴾ شانِ حق محبوبِ رب العالمیں　　پیکر شکر و رضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿100﴾ آپ کے ہاتھوں کی عظمت اورعلو　　کہہ رہا ہے اِذرمیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿101﴾ چوم لیں اس کو فرشتے جھوم کر　　جب چلے کلکِ ثنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿102﴾ آپ ہیں درد آشنا کل خلق کے　　دور ہو کرب و بلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿103﴾ آپ کے قدموں سے بطحا محترم　　زینتِ شہر وفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿104﴾ دل کی گِرہیں اب مری کُھلتی نہیں　　اے مرے عقدہ کشا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿105﴾ عاصیوں کے لب پہ ہو گا حشر میں　　شافعِ روزِ جزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India
Collection Peer Sahab Quadri Digitization eGangotri

﴿106﴾ آپ کی رحمت جہاں میں چارسُو   رحمتِ ربُّ العُلیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ آپ کے فضل و کرم کی حد نہیں   آپ ہیں بحر سخا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ باعثِ ایجادِ افلاک و زمیں   بزم کن کی ہو بنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ آسمانِ عزم وہمت آپ ہیں   کون ہوگا آپ سا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ ہیں کلید باب جنت آپ ہی   پیشوائے انبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ تاج والے آپ کے محتاج ہیں   آپ شاہوں کے شہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ بے کسوں کے درد کا درماں ہیں آپ   غم کے ماروں کی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ خضر علیہ السلام کے بھی رہنما ہیں آپ ہی   رہنما کے رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ آپ ہی سے ہے شفاعت کی امید   آپ میرے مدعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ جو بھی ہیں کون و مکاں میں نعمتیں   ہیں طفیل مصطفی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ خلق حق کی آپ ہی امید ہیں   بابِ رحمت کردو وا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ پیکرِ حُسنِ ازل جانِ جہاں   زیب تن نوری قبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ سرورِ نوعِ بشر اے چارہ گر   بحر غم میں ناخدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ آپ کی رحمت کی چھاؤں ہے گھنی   سایۂ لطفِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ آپ کو پاکر زمانے خوش ہوئے   اے شہہ ارض وسما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ رب نے بھیجا ہے بناکر آپ کو   چشمۂ جود و سخا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ جستجوئے اہل دل ہیں آپ ہی   مقصدِ اہلِ وفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ ساری خلقت میں ہو نقشِ اولیں   آپ ہی سے ابتدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ آپ حرفِ آخریں ہو تا ابد   شانِ لطفِ انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ اس کرم کا منتظر نشتر بھی ہے   چاہتا ہے اک ردا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Quadri Digitization eGangotri
Collection of Sahib Hyderabad India

نصیرؔ

نام :- محمد نصیر اللہ حضرمی قادری شرفی

تخلص :- نصیرؔ

ولدیت :- محمد ظفر اللہ حضرمی

پیدائش :- 1981ا، کاورم پیٹ، جڑچرلہ

شرف تلمذ :- آفتاب سخن جناب سردار سلیم صاحب

تعلیم :- ابتدائی تعلیم مدرسہ عربیہ دارالعلوم کاورم پیٹ، ضلع محبوب نگر، پھر ڈگری تک تلگو میڈیم سے ہوئی۔

شاعری کا آغاز :- 2009

آدھی ملاقات کے لئے۔ 13-113 کاورم پیٹ، مٹن مارکٹ، جڑچرلہ، ضلع محبوب نگر-509301، تلنگانہ۔
Mobile No. +91-8317504927 / 8019453664

* * *

﴿1﴾ آپ ہیں شاہِ ہدیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہیں خیر الوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ آپ ہیں بدرالدجیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ آپ سے ظاہر ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
سارے عالم کا خدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ عشق کی پا کر ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
بن گیا دل آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ مرتضیٰؓ مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہیں حاجت روا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India
Collection of Mohammad ... Digitization eGangotri

﴿6﴾ لب پہ ہے صل علی یا مُصطفٰی   اس لئے خوش ہوں سدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ ہے کرم رب کا بڑا یا مُصطفٰی
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ رحمة للعالمیں ختمِ رسل   رب کے ہو تم دلربا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ حضرتِ آدمؑ تا عیسیٰؑ مقتدی   تم ہو سب کے مقتدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ کن کے ہنگاموں نے دیکھا ہے یہی   ہے فدا ربُّ العلیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ آپ کے ہی نور سے جگ مگ جہاں   آپ کُن کی ابتدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ روبرو سورج لگے جیسے کے ہے   دھوپ میں دھیما دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ ظاہری ترسٹھ برس رہنا یہاں   ہے بڑا اک معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ آپ کا ثانی نہیں جگ میں کوئی   قول ہے جبریلؑ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ ہر طرف چھایا اجالا آپ سے   گنج مخفی ہے کھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ اک اشارے پر ہوا سورج طلوع   چاند ٹکڑے ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ سیر کی عرشِ بریں کی آپ نے   ایک پل میں مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ بھیجتا ہے خالقِ اکبر دُرود   آپ پر صبح و مسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ سُن کے آمد کی خبر بُت گر گئے   جھومنے کعبہ لگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ گنبدِ خضری تمہارا ہے گماں   عرشِ اعظم کا سِرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ نام پیارا جب کے دیکھا میں نے بھی   ہر مرض کی ہے دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ سیدہؓ کا مرتضیٰؓ کا واسطہ   بخش دو میری خطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ دو جہاں میں لاج رکھنا میری بھی   ہے یہی اک التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ ماں خدیجہؓ کی دلیری کا ثبوت   دیتا ہے غارِ حرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ ہے بڑی نعمت ہمارے واسطے   سیدہ ماں عائشہؓ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿26﴾ پاکے نسبت سُرخرو پھر حشر تک
ہوگئیں ماں سعدیہ رضی اللہ عنہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿27﴾ رشکِ زمزم پاؤں کا دھوون توپھر
خاکِ پا ہے کیمیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿28﴾ ہے عبادت انبیا کا ذکر جب
تذکرہ پھر آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿29﴾ حُسنِ یوسف علیہ السلام اک اُتارا ہے گماں
آپ کے ہی حُسن کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿30﴾ آسرا آدم علیہ السلام نے پایا نام کا
رنگ لائی پھردعا یا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿31﴾ ہو تصور آپ کا مہماں سدا
ہے یہ ارماں روح کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿32﴾ سیدہ زہرہ رضی اللہ عنہا ازل سے سر بسر
پیکرِ صبر و رضا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿33﴾ پاسبانِ دین و دنیا تا ابد
ہیں نواسے مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿34﴾ کیوں کروں میں فکرِ عقبیٰ تم ہو جب
شافعِ روزِ جزا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿35﴾ روپ ہو ہے روپ کا سچ ہے یہی
مجھ پہ یوں عقدہ کھلا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿36﴾ واسطہ اللہ کا ' ہرگز کبھی
مجھ سے منہ مت پھیرنا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿37﴾ مطمئن ہُوں سونچ کر بس اک یہی
تم ہو میرا آسرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿38﴾ حضرتِ بوبکر رضی اللہ عنہ پر قربان دل
ہے جگربھی یہ مرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿39﴾ عاشقوں میں سانپ بھی ہے، ہے گواہ
ثور کا وہ واقعہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿40﴾ آپ ہیں غمخوارِ امت خیرخواہ
ہر کسی کے برملا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿41﴾ عاشقوں سے کب ہے خالی یہ زمیں
انگنت ہیں ہرجگہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿42﴾ آپ ہلکا سا اشارا کیجئے
لَوٹ جائے گی وبا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿43﴾ کل صحابہ کی ہے عظمت قلب میں
ہے یہ فیضاں آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿44﴾ بن ہی جاؤں گا ولی صدقہ ملے
گر حسین رضی اللہ عنہ پاک کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿45﴾ کاٹ دو گستاخ کا سر بے جھجک
ہے عمر رضی اللہ عنہ کا فیصلہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿46﴾ بوڑھی عورت پڑ گئی سکتے میں پھر
دیکھ کر حُسنِ ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ بے زباں کلمہ پڑھے تو اونٹ بھی
آپ کو سجدہ کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ دل کو میرے ازل طفیل مرتضیٰؓ
دریا کردو علم کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ حضرتِ عثماں غنی ذوالنورؓ سی
ہو عطا ہم کو حیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ حضرت طالبؓ کے جیسا خیرخواہ
پھر نہ کوئی بھی ہوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ حضرتِ حمزہؓ رضاعی بھائی ہیں
اور چچا اک باوفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ بدر کے غازی احد کے ہیں شہید
حضرتِ حمزہؓ شہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ ہیں شہید و غازئ بدر و اُحد
تا ابد اک حوصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ یوں کیئے روشن حبش کے واسی کو
ہر کوئی ہے آشنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ قوّتِ ایماں کے آگے بُلبلہ
کفر کا ہے ولولہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ حضرتِ خالدؓ کی پگڑی کو سلام
اس میں ہے گیسو سِلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ نعت گوئی عمر بھر کرتا رہوں
رنگ دو حسانؓ سا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ جستجو حسرت تمنا آرزو
تم ہی میرا مدعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ دو اجازت مجھ کو بھی آؤں سدا
پانے طیبہ کی فضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ اک عجب ہی طرز دیکھا ہے جہاں
حضرتِ عکاشہؓ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ داستاں حضرت اویس قرنیؓ کی
عشق کا جغرافیہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ قلب مومن اک مکاں ہے دائمی
آپ کے انوار کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ سر پہ رکھ کر کفشِ پا کو جب چلا
مل گیا سایہ گھنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ سنتوں کی پیروی کرتا رہوں
ہو نظر بھر خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ ہو رہی ہے خوب برکت گھر میں اب
پڑھ رہا ہوں فاتحہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿66﴾ کالی کملی آپ کی ہر حال میں   رحمتوں کی ہے ردا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ خوف کا ماحول ہے چاروں طرف   دیجئے گا حوصلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ ہے کرونا جان لیوا اک مَرَض   کردو اس کو اب فنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ یا حبیب اللہ اغثنی رات دن   نغمہ ہے اب روح کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ شاعرانہ بن گیا میرا مزاج   عشق کا چکھ کر مزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ مانگتا ہوں آپ سے میں آپ کو   یہ مجھے کیا ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ گر ملے خاکِ قدم وہ آپ کی   واردوں سب کچھ مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ آپ کی ہی یاد میں ڈوبا رہوں   نام جپتا آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ دیکھ کر پیاری ادائیں چھاگیا   سرفروشی کا نشہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ حق کی خاطر گھر کا گھر قرباں کئے   حضرتِ شہ کربلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ لَو بڑھانے آپ کے پھر عشق کی   بھیج دو ایسی ہوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ بھول جاؤں پیتے ہی دونوں جہاں   مئے مجھے ایسی عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ آپ کا منشاء خدا کا منشاء ہے   ہے یہی ایماں مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ کڑوے پانی کو کِیا میٹھا لُعاب   ہیں گواہ ارض وسما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ شوق سے پھر چومنا نعلین کو   بندگی ہے خوشنما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ بس گئے جب سے نظر میں کفشِ پا   ہیں نگاہیں پارسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ کاش ہوتا میں مدینے میں اگر   روضے کو ہی تاڑتا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ ہے لطافت روح میں، جب سے سجے   دل کے اندر کفشِ پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ حضرتِ جعفر علی موسی رضا رضی اللہ عنہم   ہیں ہمارے پیشوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿85﴾ آپ سے نزدیک ہونے کیلئے   نعت ہے اک راستہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Meer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿86﴾ مست ہے ہر حال میں جو چکھ لیا   مست ہے ہر حال میں جو چکھ لیا ﷺ
﴿87﴾ مست ہے ہر حال میں جو چکھ لیا   نعت کا یہ ذائقہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ ہے مدینہ رشکِ جنت ہر گھڑی   اہلِ دل کی ہے صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ بوحنیفہؒ اور غزالیؒ کی طرح   ہو ہنر ہم کو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ میری پگڑی میرا شملہ تاج بھی   ہے تمہارا نقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ لے کے دل ٹوٹا ہوا، جاؤں کہاں   کون ہے تیرے سوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ دیکھی جن میں آپ کی پیاری ادا   ہوگیا اُن پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ دل مرا جاگا کرے گا رات دن   گر ہو تم جلوہ نما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ چومنے نعلین کی مَیں چھاپ کو   سایہ بن کر گر پڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ بے خودی کا ذائقہ پھر چکھ لیا   یاد میں جب کھو گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ بولہب بوجہل پر ہیں لعنتیں   تا قیامت برملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ دوش پر لیکر قدومِ پاک کو   بن گئے شہ اولیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ غوثِ اعظمؓ پیر پر قربان ہُوں   عکس ہیں جو آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ عبدِ قادِر غوث اعظمؓ تا ابد   ہے تمہارا فیصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ قادری نسبت عطا کی آپ نے   مجھ پہ ہے احساں بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ سہل ہو منزل فنا فی الشیخ کی   ہو فنا میری انا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ قادری ہوں عبدِ قادر کا غلام   ہو کرم بہرِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ سر بسر نقشہ بنے ہندالولی   سیرت و گفتار کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ آپ کی پھر داستاں دہرا دئیے   ہند میں خواجہؒ پیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ قطب دیں کعکیؒ شہدِ عشق ہیں   اک خلاصہ دین کا یا مُصطفٰی ﷺ

Hazrat Haadi-E-Deccan Digital Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad India Collection Digitization eGangotri

﴿106﴾ ہند میں گنجِ شکرؒ حضرت نظامؒ   دین کا ہیں زاویہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ گرنہ ہو روضے پہ میری حاضری   جینے کا کیا فائدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ اللّٰہ اللّٰہ حضرتِ بندہ نوازؒ   ہیں ہمارے بادشہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ شاہ لطیفؒ لا ابالی پیر ہیں   پَرتَوے غوث الوریٰؓ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ جگ میں ہے روشن بمثلِ کہکشاں   لا ابالی سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ باکرامت اک ولی عبداللہؒ شہ   اور ہیں آلِ عبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ اک تمہارا ظل نگرمحبوب میں   ہیں برہنہ باشہؒ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ شاہ شرفی کا رہے فیضاں سدا   میرے دل کی ہے دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ شاہ شرفی کی یہ ساری شفقتیں   آپ کو پھر پالیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ زاہدانِ خشک کیا جانے مزہ   خودمیں تم کو پانے کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ آپ کا دامن ملا جب سے مجھے   ہے چمن دل کا ہرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ آپ کے عاشق شہ ہندالولی   حضرتِ خواجہ پیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ جب ملے حضرت جمیلِ قادریؒ   نعت کا چسکا لگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ تک رہا ہوں روئے زیبا پیرکا   لطف پانے دید کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ شہرِطیبہ آپ کا ہر ہر گھڑی   ہے فرشتوں سے بھرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ لے کے تحفہ نعتیہ اشعار کا   صف میں ہوں میں بھی کھڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ پیر و مرشد غوث پاشاہ قادری   آپ کا ہیں اک پتہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ شاہ مہیمن قادری پر ہو نظر   نعت میں ہی ہیں فنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ عاشقِ صادق نصیرؔ حضرمی   اور ہے مدحت سرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ ہے نصیرؔ حضرمی پروانہ اک   بامروت با وفا یا مُصطفٰی ﷺ

نظیرؔ

نام :- استاذ سخن ڈاکٹر عبدالواحد

قلمی نام :- واحد نظیرؔ

تخلص :- نظیرؔ

ولدیت :- محمد بندھو بخش صاحب

تاریخ پیدائش :- 12-04-1968

تعلیم :- ایم۔ اے (اردو، فارسی)، ایم۔ ایڈ، پی۔ ایچ۔ ڈی۔

تصانیف :- اسلحہ، سکے اور ڈاک ٹکٹ میں اسلامیات (2003) رونق اور کلامِ رونق (2007) رضاشناسی (2008)، عرفان امن (2009)، معارفِ قاضی فضل کریم (2010)، مدحت (نعتیہ مجموعہ) (2019)۔ ان کے علاوہ اور بھی مطبوعہ تصانیف ہیں۔

انعامات واعزازات :- قومی وبین الاقوامی سطح پر بے شمار اکرامات واعزازات سے نوازے گئے ہیں۔

آدھی ملاقات :-

فون - 9955982872 - 9990386833

* * *

﴿1﴾ تارِ جاں کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
ہر نَفَس یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ آپ کا یہ مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
مقتدی ہیں انبیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ آپ کا ہر نقش پا یا مُصطفٰی ﷺ
راستی کا راستہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ اوجِ نقشِ پا کے آگے سرنگوں
اپنی فکرِ نارسا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ فکر کو اظہار کی صورت ملے
ہے یہ مشتاقِ قبا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ نطق و گویائی ہوں خلعت یافتہ   صدقۂ نوری ردا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ آپ کی توصیف کے احرام ہوں   اپنے بھی لفظ و نوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ حرف ہوجائیں ثنا سے معتبر   ہو عطا طورِ ثنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ نعت کی نسبت سے حرف و لفظ ہوں   مایۂ صوت و صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ آپ کی خیرات گو پائی مری   گنگ کب ہے بولتا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ ناعتِ اول ہو خود اللّٰہ جب   کیا ہو بندے سے ثنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ نعت میں معذور حرف و صوت ہیں   بھیک ہو در سے عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ نعت نے دی شاعری کو زندگی   آپ سے اس کی بقا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ مدح میں جب بھی کُھلے اپنی زباں   ہو قصیدہ نعتیہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ نعت کی آب و ہوا میں ہو مری   فکر کی نشو نما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ لب پہ ہو محشر میں مدحت آپ کی   سر پہ ہو ظلِّ لوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ ذکرِ پاکِ معتبر سے آپ کے   اعتبارِ ناطقہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ دَم میں جب تک دم ہے بس لکھتا رہوں   نعت اور حمدِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ آپ کی سیرت سے تابندہ رہے   زندگی کا آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ ذکرِ دل وردِ زباں ہو دم بدم   نامِ نامی آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ آپ کے صدقے میں ہے یہ کائنات   آپ ہیں کُن کی بِنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ سر پہ ہے تاجِ رفعنا آپ کے   یا امام الانبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ آپ کی خواہش پہ کعبے کو معاً   رب نے قبلہ کردیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ آپ کے قدموں کی نسبت سے ہوئی   خاک بھی خاکِ شفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ آپ کے صدقہ میں موضوعِ ثنا   بن گی بادِ صبا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

﴿26﴾ آپ کی آمد کے صدقے ہوگئی یہ زمیں جنت نما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ آپ کے ٹکڑوں سے اپنی شان ہے ہم غلاموں کا ہے کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ رات بھی نازاں ہے لے کے آپ سے رنگتِ زلفِ ارض و سمایا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ آپ کے قدموں میں رب نے ڈال دی نعمتِ ارض و سما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ ساری خلقت مثلِ زیبِ داستاں آپ اصلِ واقعہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ درمیانِ انس و جاں حور و ملک آپ ہی کا تذکرہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ آئینہ خانہ ہے عالم اور آپ آئینہ در آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ آپ کی رفعت کے آگے پست ہے قامتِ عز و علا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ آپ ہی کی شان مازاغ البصر اور ادائے ما طغیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ شرحِ قرآں ہے یقیناً آپ کا چلنا، پھرنا، بولنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ آپ سا کوئی نہیں' کوئی نہیں دوسرا میں دوسرا میں یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ خلق وجہِ شِبہ سے محروم ہے آپ ہی ہیں آپ سا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ واہ! بسم اللہ سے والناس تک آپ ہی جلوہ نما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ اپنی آنکھوں کی کبھی معراج ہو نازشِ یوسف علیہ السلام لقا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ زیبِ جاں کرلوں میں شہرِ ناز کے وہ مناظر دل کشا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ ہو یہ اپنا دشتِ ہستی اور ہو صبح طیبہ کی فضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ آیتِ اقرا کی نوری اوٹ سے دیکھ لوں غارِ حرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ چوم لوں ہونٹوں سے جبلِ نور کو ہو زباں پر حبّذا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ صبحِ طیبہ اور ہو شامِ زندگی ہے دعا صبح و مسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ آپ کی نظرِ کرم کے ملتجی مبتلائے ابتلا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rehman Hyderabad Digitization eGangotri

(46) ہر زمانے میں فرید الدہر ہے   آپ کا جود و سخا یا مُصطفٰی ﷺ
(47) جزب ہو کے بارگاہِ ناز میں   اشک ہوں یہ بے بہا یا مُصطفٰی ﷺ
(48) ہیں زوا آماد اب اپنی قویٰ   لیجے در پر بلا یا مُصطفٰی ﷺ
(49) غم زدوں کا عہدِ پر آشوب میں   آپ ہی ہیں آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
(50) خون کی پیاسی ہے مودہ صدی   اب تو سُن لیجے صدا یا مُصطفٰی ﷺ
(51) اہلِ باطل زینتِ مرکز ہیں اور   اہلِ حق پر حاشیہ یا مُصطفٰی ﷺ
(52) رو میِا شر ہے، پا شکستہ خیر ہے   ناروا ہیں اب روا یا مُصطفٰی ﷺ
(53) دین و ایمان کی حفاظت ہے کٹھن   ہیں لٹیرے جا بجا یا مُصطفٰی ﷺ
(54) آپ مظلوموں کے ہیں فریاد رس   ظلم سے ہے سامنا یا مُصطفٰی ﷺ
(55) کشتیِ امت شکستہ حال ہے   اور ہے گردابِ بلا یا مُصطفٰی ﷺ
(56) دندناتے پھر رہے ہیں چار سُو   پیروانِ ابرہہ یا مُصطفٰی ﷺ
(57) پھر خدا خانہ ہے اور اصنام ہیں   یا علیؓ شیرِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
(58) آندھیاں ہیں ظلم و استبداد کی   ہے کرم کی التجا یا مُصطفٰی ﷺ
(59) تیرگی ہی تیرگی ہے، ہو عطا   روئے انور کی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
(60) آپ نے اس کی اعانت کی شہا   دل سے جس نے بھی کہا یا مُصطفٰی ﷺ
(61) ہو یزیدِ وقت کا قصہ تمام   واسطہ حسنینؓ کا یا مُصطفٰی ﷺ
(62) عشق سپنے سے اُچکنے کے لیے   تاک میں ہیں اشک پا یا مُصطفٰی ﷺ
(63) ہر سُو ظلم و جور کے عفریت ہیں   آسرا ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
(64) ہے ہزیمت پاؤں سے لپٹی ہوئی   بابِ نصرت پھر ہو وا یا مُصطفٰی ﷺ
(65) حال یہ ہے کہ ہیں سب اوڑھے ہوئے   بے یقینی کی ردا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheed Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿66﴾ ظلم کے سوادگروں کا زور ہے　المدد بہرِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ دیدہ و دل منتظر ہیں آپ کے　ہے سرِ مژگاں دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ کیجئے امداد ہم ہیں ملتجی　وقت ہے پہ جاں گزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ آسرا ہیں آپ خاص و عام کے　یک نظر بر حالِ ما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ اک نظر تیرہ شعاروں کی طرف　پیکرِ صدق و صفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ اپنی کشتی ہوگی ساحل آشنا　آپ ہیں جب ناخدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ رحمتیں اس پر ہوئیں سایہ فگن　جس نے مشکل میں کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ منتظر ہیں ہم ' کرم کی اک نظر　چھائی ہے غم کی گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ ہاتھ پھیلائے کہیں ممکن کہاں　آپ کے در کا گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ ہم غلامی کے ہیں دائم مدعی　اور نہیں کچھ مدعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ مال و زر ماں باپ آل اولاد اور　جان و دل تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ اَنتَ فیھم شانِ رحمت آپ کی　فکر اپنوں کو ہو کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ آپ کی چوکھٹ سے نسبت کے طفیل　رشکِ سلطاں ہیں گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ سُرخرو ہوتی ہیں جنہیں چوم کر　مصطفائی زاویہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ آپ کی سیرت سے پاتا ہے نمو　ہے جو پیہم ارتقا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ والضحٰی والّیل کا فیضان ہے　روز و شب کا ضابطہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ آپ کے اقوال خلقت کے لیے　نسخہ ہائے کیمیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ ذاتِ پُر انوار بے شک آپ کی　مظہرِ نورِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ آپ کی اک اک ادا اک ایک بات　زندگی کا فلسفہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ انگلیاں پنج آبِ رحمت آپ کی　کیا بیاں ہو مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿86﴾ حاشیے ہیں سب مراکز جس جگہ   آپ ہیں وہ مرکزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿87﴾ آپ ہی امّی لقب اور شہرِ عِلم   دنگ ہیں فہم و ذکا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿88﴾ مجتمع ہیں آپ کی اک ذات میں   ابتدا اور انتہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿89﴾ ہے نمازوں میں تحیّات اور دُرود   آپ ہی کا تذکرہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿90﴾ آپ کی سرکارِ عالی جاہ میں   ہیں ہمہ جیسے شما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿91﴾ نوری پیکر اور لباسِ مِثْلُکُمْ   آپ کی شان و ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿92﴾ رحمتٌ لّلعٰلمیں خیرالورٰی
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿93﴾ آپ کا اسوہ نصابِ دائمی   آپ ہیں شاہِ ہدیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿94﴾ رب ہے قاسم اور معطی آپ ہیں   آپ کا ہے سب دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿95﴾ الغرض بعد از خداوندِ جہاں   آپ کا رتبہ بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿96﴾ فاتَّبِعونِی اثاثہ ہے مرا   کچھ نہیں اس کے سوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿97﴾ آیتِ لا ترفعوا اصواتکم   زندگی کا لائحہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿98﴾ آپ کے پیاروں کی عظمت کو سلام   دے گئے درسِ وفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿99﴾ جس کو کرنا ہو، کرے وہ اعتراض   کہتے ہیں اعلانیہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿100﴾ روئے زیبا ہو نظر کے سامنے   جاں ہو جب تن سے جدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿101﴾ آپ کا دامن ہو میرے ہاتھ میں   آئے جب روزِ جزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿102﴾ سبز گنبد کی بہاریں ہوں نصیب   سُرخرو ہو باصرہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿103﴾ آپ کی باتوں سے ہونا منسبط   ہے عروجِ سامعہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿104﴾ مصطفائی ذکر کا فیضان ہے   لوحِ دل پر ہے لکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿105﴾ دل میں عشقِ مُصطفٰی ہو جاگزیں   اور وظیفہ ہو مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

﴿106﴾ ربِ ہَبلی کی صدا ہے عرش پر   ہے کرم کی انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ آپ کے منگتوں کی قسمت ہے کھلی   آپ کا در ہے کُھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ نامۂ اعمال جب اپنا کُھلے   سرورق پر ہو لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ آپ جب تشریف لائیں قبر میں   کہہ سکوں صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ حرزِ جاں 'یا مُصطفٰی' کرلیں کہ ہے   دافعِ رنج و بلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ آپ کا صدقہ ہے جاری دہر میں   ابتدا تا انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ کیا گدا اور شاہ کیا ہیں سب کے سب   آپ کے ذلّہ ربا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ حامیِ بے کس کی آمد مرحبا   خیر مقدم ' مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ بے بسوں کی بے بسی جاتی رہی   بے نواؤں کی نوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ جو فضا پہلے کبھی مسموم تھی   آپ سے ہے جاں فزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ حکم ہے اللّٰہ کا صلّو علیہ   دائماً صلِ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ دائمی تیری رضا کے واسطے   ورد اپنا اے خدا ! یا مُصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ ہے یہی بس نامئہ اعمال میں   عمربھر لکھا پڑھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ فکر شرحِ کُن میں ہے اور ذہن میں   اک سماں ہے نعت کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ ذات ہے متنِ اساسی آپ کی   باقی سب کچھ تحتیہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ انس و جاں' حور ملک' شجر و حجر   آپ کے مدحت سرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ آپ کی آمد سے ہے فصلِ بہار   مرحبا صد مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ آپ ہی کو سوچنا آٹھوں پہر   ہو ہمارا مشغلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ آپ کی ہے بات، بس یہ بات ہے   ورنہ اپنی بات کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ تابعِ حسّان ہے واحد نظیؔر   ہے کرم یہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheen Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

نورؔ

نام :- محمد نورالدین غوری

قلمی نام :- نورالدین نورؔ

تخلص :- نورؔ

ولدیت :- محمد شہاب الدین غوری صاحب

پیدائش :- 12-5-1954 گلبرگہ۔

آغاز شاعری :- 1975۔

تعلیم :- ڈپلومہ ان ویلڈنگ ٹیکنالوجی۔

تلمیذ :- راہی قریش۔ گلبرگہ

تصانیف :- (۱) نور وشعور (شعری مجموعہ) (۲) غزل کی فضاؤں میں (شعری مجموعہ)

ترجمہ :- زخم کسک آواز (کنٹرا نظموں کا اردو میں منظوم ترجمہ)۔ شریمد بھگوت گیتا کے اہم سوال (ہندی سے اردو میں ترجمہ)

میوزک البم :- (۱) نکہت اولیاء، قوالیاں، آڈیو کیسٹ (۲) خواجہ کے گیت۔ آڈیو سی ڈی (۳) نغمہ رمضان، آڈیو سی ڈی

آدھی ملاقات کیلئے :- 198 / رودیا نگر کالونی، ایم ایس کے مل روڈ، گلبرگہ۔ 585103 کرناٹک
Mobile No-9663435838

* * *

﴿1﴾ روز و شب صبح مسا یا مُصطفٰی ﷺ
لب پہ ہے صلِّ علٰی یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ مرحبا ارض وسما پر ہر طرف
آپ ہی کی ہے ضیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ بیش قیمت ہے بہا انمول ہے
آپ کا ہر نقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ معتبر ہے لائق تعظیم ہے
آپ کے در کا گدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ معجزہ اک آپ کی انگشت کا
چاند دو ٹکڑے ہوا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India Collection of Mohammad Qudarat Digitization eGangotri

﴿6﴾ اسوۂ حسنہ کا یہ فیضان ہے
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿7﴾ ڈھ گیا شر، گر گئے بت منہ کے بل خیر کا طوفاں اٹھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ آپ کی بعثت سے ہر دارالحرب بن گیا دارالشفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ جوبھی کرتے ہیں اطاعت آپ کی ان سے راضی ہے خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ تا قیامت قابلِ تقلید ہیں سارے اصحابِ صفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ رحمۃ للعالمیں خیرالبشر آپ کو رب نے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ نورِ حق سے ہے منور آج بھی دامنِ غارحرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ آپ کی ہے مثل و اطہر آل پر آپ کی امت فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ مشعل ایماں ہے روشن قلب میں تیز ہے شرکی ہوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ آپ کے صدقے میں جاری ہے ہنوز رحمتوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ آپ ہیں شمس الھدی بدرالدجیٰ میں ہوں اک ننھا دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ عاصی ہوں اورجاہل مطلق ہوں میں ہو کرم مجھ پرذرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ منبرومحراب بھی محصور ہیں اور نرغے میں عصا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ مضطرب خائف ضعیف وناتواں مستعد دستِ قضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ سعی لا حاصل ہے دوڑ انسان کی ہے تعاقب میں وبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ ہیں عبادت پر بھی اب پابندیاں گم ہے ہاتف کی ندا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ درس گاہوں پرہیں تالے جبر کے میکدوں کے در ہیں وا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ عزم ہے ناپید عنقا حوصلے سخت ہے ہر مرحلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ بربریت کا چلن ہے اوج پر ظلم کی ہے انتہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿25﴾ ہیں گلِ حکمت سے خالی سب چمن جرم ہے فہم و ذکا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India · Collection Peer Sahib Digitization eGangotri

﴿26﴾ چھوڑ کر اللہ کی رسی کو سب   بن گئے ہیں رہنما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿27﴾ ہر نفس فرعونیت کا سامنا   ہر قدم اک کربلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿28﴾ قوم ہے راہِ فنا پر گامزن   ہو عطا آبِ بقا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿29﴾ ہے عزیز از جاں، ہمیں حسنین رضی اللہ عنہما کا   خرقۂ صبر و رضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿30﴾ خاکِ پائے پنجتن کے روبرو   ہیچ ہیں ارض وسما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿31﴾ نام لیوا ہم بظاہر آپ کے   اور عملاً بے وفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿32﴾ مشرق ومغرب میں پھیلا دینِ حق   ہوگیا سب کا بھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿33﴾ آپ کی صحبت میں سرکش بھی بنے   حق نگر اور حق نما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿34﴾ قتل کرنے کے لئے نکلے تھے جو   ہو گئے وہ بھی فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿35﴾ اہلِ ایماں کوبہت محبوب ہے   طرۂ جود و سخا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿36﴾ گونجتی ہے قلبِ مومن میں سدا   کلمہ حق کی صدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿37﴾ آپ کے عشاق کے سینوں پہ ہے   تمغۂ فقر و غنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿38﴾ ضیغم اسلام بننا تھے جسے   وہ سگِ کوچہ بنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿39﴾ نعت گوہُوں جو بھی ہُوں جیسا بھی ہُوں   معاف کردیجے خطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿40﴾ بوجھ ہے کوتاہیوں کا دوش پر   اور آنکھوں میں حیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿41﴾ گنبدخضری کے سائے میں رہوں   بس یہی ہے التجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿42﴾ ان دنوں پھر ملتِ اسلامیہ   ہوگئی ہے دست وپا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿43﴾ دینداروں کو ملے حفظ واماں   ہے یہی اک مدعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿44﴾ ہر طرف آزاد ہیں زاغ و زغن   قید میں ہے بس ہُما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿45﴾ مسلکوں کے رنگ بھی ہیں مختلف   ڈھنگ ہیں سب کے جدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

﴿46﴾ اُڑ رہی ہیں دھجّیاں انصاف کی   عام ہے مکر و دغا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ مرحبا ہیں خاتم النّبیّن آپ   آپھی ہیں ابتدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ ہرکس و ناکس پہ غالب آگئی   مال و زر کی اشتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ تیز رو طوفان ہیں چاروں طرف   مضمحل ہے ناخدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ کھارہا ہے چُھپ کے نیکی کا ثمر   خواہشوں کا اژدھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ بیر ہے بادِ بہاری سے اُسے   باغباں ہے سر پھرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ روندتا ہے اپنے ہی لشکرکوخود   طیش میں فیلِ انا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ فضل سے نسبت نہ کوئی واسطہ   ایسی ہے اپنی غذا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ حوضِ کوثر پر ہمیں منظور ہے   آپ کا ہر فیصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ جلوۂ انوار رحمت دیکھ کر   دنگ ہے چشمِ رسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ سنگِ خارابھی تمہارے عشق میں   بن گیا ہے آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ مال جو کچھ بھی ملا تقدیر سے   کرتے ہیں ہم اکتفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ جادۂ حق کی حمایت کے سبب   اپنے ہیں ہم سے خفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ ماسوا اللہ کو کچھ لوگ کیوں   کہتے ہیں مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ جو بھی ممکن ہے کیا کرتے ہیں ہم   بے غرض اور بے ریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ ہم نے بھی درسِ طہارت بھول کر   کردی آلودہ فضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ بدعتوں کی سرفرازی دیکھ کر   چپ ہیں سب حق آشنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ صوفیائے عصر نے تو ان دنوں   تج دیا ہے بوریہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ مجھ ضعیف وناتواں مجبورسے   حق نہیں ہوتا ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ ہوگیا بونا بھی باون گزکا اب   اور بالشتہ بڑا یا مُصطفٰی ﷺ

«66» دار و مقتل حق شعاروں کے لئے بن رہے ہیں جا بجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«67» کربلا کا چودہ صدیوں بعد بھی زخم ہے اب تک ہرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«68» نسل نو کے ذہن سے اسلام کے مٹ گئے سب سورما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«69» وادی توحید میں چاروں طرف چھائی بدعت کی گھٹا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«70» کچھ دنوں سے واعظانِ دینِ حق ہوگئے ہیں بے نوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«71» یہ سمجھنے سے بھی اب قاصر ہیں ہم کیا ہے کھوٹا کیا کھرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«72» راہِ حق میں ہیں مقابل دوست سب اور مخالف اقربا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«73» دنیاداری زر پرستی کے سبھی ہیں مرض میں مبتلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«74» پیاس سے ہیں جاں بلب صحرانورد خود بھی پیاسا ہے سقا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«75» کاروانِ امن عالم سے الگ خود کو ہم نے کرلیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«76» دنیوی آسائشوں کی چاہ میں حال سب کا ہے برا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«77» روز ہی لیتے ہیں نیکی کا حلف عہد کرتے ہیں نیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«78» بند ہم نے منزل مقصود کا کرلیا ہر راستہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«79» اب ہمارا آخرت کی فکر سے ربط ہے نہ واسطہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«80» بن رہے ہیں صدر بیت المال کے سارقوں کے سرغنہ، یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«81» رفتہ رفتہ ڈھل گیا میدان میں زہد کا جنگل گھنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«82» اہلِ دل اہلِ نظر اہلِ خرد ہر کوئی ہے مشتبہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«83» شکر کے بدلے زباں پر ان دنوں رہ گیا ہے بس گلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«84» آبِ حیراں سے ہوا لبریز ہے ضعفِ ایماں کا گھڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«85» خیرِ امت کو بناتی ہے ہدف ہر مصیبت ہر بلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

«86» کلمہ گو کا کلمہ گو سے ان دنوں   بڑھ رہا ہے فاصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«87» کفر کے خونی گدھوں کے زد میں ہے   مومنوں کا قافلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«88» بحری سازش میں عدو کے ساتھ اب   ہے ملوث ناخدا یا مُصطفٰی ﷺ
«89» دنیا داری نے بدل کر رکھ دیا   نعمتوں کا ذائقہ یا مُصطفٰی ﷺ
«90» کشورِ ابہام میں محصور ہے   رہبروں کا طائفہ یا مُصطفٰی ﷺ
«91» خلد میں جانے سے روکے گا ہمیں   بخل کا ہر دائرہ یا مُصطفٰی ﷺ
«92» اب جھپٹ کر ہاتھ میں لیتے ہیں ہم   ہر ثمر پھینکا ہوا یا مُصطفٰی ﷺ
«93» آپ کی آمد سے ظلم و جبر کا   بجھ گیا آتشکدہ یا مُصطفٰی ﷺ
«94» عقل کے اندھے شکستِ فاش کا   لے رہے ہیں جائزہ یا مُصطفٰی ﷺ
«95» کج کلاہی کا بھرم اونچائی سے   پستیوں میں آ گِرا یا مُصطفٰی ﷺ
«96» امن کی وادی میں آکر لُٹ گیا   پاک طینت قافلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«97» اب کہیں کا بھی نہیں رکھّا ہمیں   بے ضمیری کا نشہ یا مُصطفٰی ﷺ
«98» مل گئی کفرانِ نعمت کی ہمیں   حشر سے پہلے سزا یا مُصطفٰی ﷺ
«99» عاشق صادق کو ازبر یاد ہے   حوض کوثر کا پتہ یا مُصطفٰی ﷺ
«100» پھل کجا اب چھاؤں سے محروم ہے   بوڑھے برگد کا تنا یا مُصطفٰی ﷺ
«101» ہے مزین سیم و زر الماس سے   کس قدر راہ فنا یا مُصطفٰی ﷺ
«102» ہے منقش اطلس و کمخواب سے   حکمرانوں کی قبا یا مُصطفٰی ﷺ
«103» آج بھی پیہم سنائی دیتے ہیں   قہقہے وقتِ عزا یا مُصطفٰی ﷺ
«104» ان دنوں ہم سے بہت ناراض ہے   قادر مطلق خدا یا مُصطفٰی ﷺ
«105» ہم بُھلا بیٹھے ہیں مطلب آج کل   فی سبیل اللہ کا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Digitization eGangotri

«106» قوم کا شیرازہ ہے بکھرا ہوا　مضمحل ہے حوصلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«107» لگ گیا ہے دامنِ اسلام پر　داغ دہشت گرد کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«108» رہنمائی کر رہے ہیں قوم کی　رہنما خود ساختہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«109» فاسقوں کے پیچھے پیچھے ان دنوں　چل رہے ہیں پارسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«110» ہے تعاقب میں ہمارے رات دن　مسلکوں کا اژدھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«111» ہوگئی ہے قوم کی ہر آنکھ نم　رُندھ گیا ہے ہر گلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«112» اجتماعی ہر دعا ہے بے اثر　کیا ہے آخر ماجرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«113» ان دنوں ہے شرم سے ہم کو گریز　دور ہم سے ہے حیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«114» رزمیہ نظموں کے خالق آجکل　لکھ رہے ہیں مرثیہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«115» ہر نفس اک سانحہ ہے منتظر　ہر قدم اک حادثہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«116» اجتماعی فکر اور کردار کی　ہوگئی میلی ردا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«117» بک رہی ہے کوڑیوں کے مول اب　وضعداری کی حنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«118» الاماں اس دورِ پر آشوب میں　بے حجابی ہے روا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«119» عاصیوں کی سُرخ روئی دیکھ کر　گُنگ ہیں اہلِ ورا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«120» ہوگئی ہے بے ضمیری کے سبب　آگہی بے دست و پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«121» کل تلک جس ہاتھ میں تلوار تھی　آجکل ہے جھنجھنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«122» کل جو کہلاتے تھے بحرِ بیکراں　اب ہیں وہ اک بُلبلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«123» دنیوی دلروز پیہم شور میں　دب گئی بانگ درا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«124» کھوگئی ایقان کی دستار بھی　چِھن گئی حق کی عبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«125» ہوگیا ہے نورؔ سا ناچیز بھی　خوگرِ حمد و ثنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moham Quadri Digitization eGangotri

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مخضب ز شعراء

و

تعداد کلام (3)

تعداد اشعار (375)

Courtesy: Dr. Syed Abdul Muhaimin Qadri Digitization eGangotri

واخؔ

نام :- سید حُسین

قلمی نام :- واخ حیدرآبادی

تخلص :- واخؔ

ولدیت :- سید عزیز

پیدائش :- 30-03-2003

شاعری کا آغاز :- 2020

شرف تلمذ :- ڈاکٹر سید عبدالمھیمن قادری لا ابالی الجیلانی صاحب

تعلیم :- B.B.A.

مصرفیت :- طالب علم

آدھی ملاقات :- 13-4-488, Mustaid Pura, Karwan,
Hyderabad-500006.T.S.

فون :- 0091-6309867572

* * *

﴿1﴾ دل سے آتی ہے نِدا یا مُصطفٰیﷺ
آپ ہی بدر الدجیٰ یا مُصطفٰیﷺ

﴿2﴾ ابتداء کی ابتداء یا مُصطفٰیﷺ
انتہاء کی انتہاء یا مُصطفٰیﷺ

﴿3﴾ روشنی کی ابتدا یا مُصطفٰیﷺ
نور کا ہے سلسلہ یا مُصطفٰیﷺ

﴿4﴾ بغض دل میں جو رکھا یا مُصطفٰیﷺ
گِر پڑا وہ گِر پڑا یا مُصطفٰیﷺ

﴿5﴾ فاطمہ یا مرتضٰی رضی اللہ عنہما یا مجتبٰی
مرحبا صلِّ علٰی یا مُصطفٰیﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadari Digitization eGangotri

﴿6﴾ سب کا اپنا ہے الگ اک مرتبہ   منفرد ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ تم خدا کے بعد اعلیٰ مرتبت   تم ہو مرکز نور کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ ہو مَرَض کوئی بھی جاکر دیکھ لو   ہے مدینہ میں دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ آپ سے ہے کیا چُھپا پیارے نبی   آپ کو ہے سب پتہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ ہُوں گدائے مُصطفٰی اس واسطے   ہو مری حاجت روا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ پیارا پیارا آپ کا دربار ہے   ہے خطاؤں پر عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ نسبتِ خیر الوریٰ پہ ناز ہے   آپ کا ہے شکریہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ حاضری دربارِ اقدس کی مِلے   ہے یہی اک التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ لفظ کوئی دُوسرا آتا نہیں   بس یہی کہنے لگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ جانے کیسی اور کہاں سے آئی ہے   ہے عجب سی یہ وبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ دانت اپنے توڑ ڈالے تھے اویسؓ   ہے حقیقی واقعہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ نعت یہ سرکار میری ہو قبول   آپ سے ہے التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ نذر کرتا ہُوں یہ تحفہ آپ کی   نعتیہ اشعار کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ آپ ہی کے نور کی بخشش ہے یہ   ذرے ذرے میں ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ اُس پہ صدقہ' اُس پہ قرباں جاؤں مَیں   مِل گیا جو نقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ ہے سہارا آپ کا ہر اک گھڑی   آپ ہیں مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ رب کی مرضی میں تمہاری مرضی ہے   کب ہو رب سے تم جدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ پڑھ رہا ہے دل دُرودِ پاک اب   مِل گئی دل کی دوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿24﴾ میری سانسیں میری دھڑکن سب فدا		میرا سب کچھ ہے فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿25﴾ بو جہل کے ہاتھ میں پڑھنے لگی		کنکری صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿26﴾ بغض دل میں آپ سے رکھا ہے جو		وہ منافق ہے بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿27﴾ جا بجا قرآن کی آیات میں		ہے ثنا ہی بس ثنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿28﴾ جس نے مانا ہی نہیں حکم آپ کا		پا رہا ہے وہ سزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿29﴾ حشر کے دن لاج رکھ لینا مری		آپ کا ہے آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿30﴾ دل کی دنیا آپ سے روشن ہوئی		آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿31﴾ آپ ہی ہیں رب کے دلبر یا نبی		آپ کا رتبہ بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿32﴾ ہوگئی مقبول رب کے پاس وہ		ہر دعا ہے معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿33﴾ لاج رکھ لو اب مری یا سیّدی		دل تڑپ کر یہ کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿34﴾ آپ کے قدموں میں جو بھی آگیا		ہوگیا اُس کا بَھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿35﴾ ہاں رسولوں میں تمہاری یا نبی		سب سے پیاری ہے ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿36﴾ ہے تمہی سے شاد بھی آباد بھی		دل کی دنیا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿37﴾ سب سے اعلیٰ سب سے افضل ہے یہی		نامِ نامی آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿38﴾ سُر خروئی ناز کرتی ہے سدا		بخت جاگا ہے مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿39﴾ دین و دنیا کا اُجالا لائے ہیں		مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿40﴾ ہے شفاعت کا بھروسہ آپ سے		حشر کے دن برمَلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿41﴾ وجد میں آکر لگا وہ جُھومنے		جب بھی کاغذ پر لکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿42﴾ آپ دے دیں اپنے قدموں میں جگہ　　مَیں رہوں گا بس پڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ میری فطرت میں خطا پوشیدہ ہے　　در گذر کا معاملہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ اپنی امت کے نگہباں آپ ہیں　　پیکرِ مہر و وفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ عاصیوں پر اب برسنے آگئی　　نور کی اُجلی گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿46﴾ آپ آئے جب جہاں میں یُوں ہُوا　　گِر پڑا وہ بُت کھڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ دین و دنیا مِل گئی اُس شخص کو　　جس نے کی تم سے وفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ ذکرِ انور آپ کا جب بھی سُنا　　دل یہ روشن ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ عرش ہو یا فرش ہو ' ہے آپ سے　　روشنی کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ چاند تاروں سے بھی پہلے یا نبی　　آپ ہی کا نور تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ مانتے ہیں انبیاء بھی آپ کو　　ہو سراپا رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ چُھو کے آئی گنبدِ خضریٰ کو جو　　ہے مقدس یہ ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ مَیں بھی آؤں آپ کے دربار میں　　آپ کی پاکر دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ جاں لُٹانے کے لئے تیار ہے　　ہر غلامِ مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ ناز جس پہ شاہی مسند بھی کرے　　آپ کا وہ بوریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ عِلم رکھ کر جو عمل کرتا نہیں　　ایسا عالِم ہے بُرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ بے عمل عالِم سے رکھنا ہے ہمیں　　ہر قدم پہ فاصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ جا مِلے گا آپ ہی سے بالیقیں　　کوئی بھی ہو سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ خوشی نصیبی پائی ہے پتھر نے وہ　　لمس پاکر پیٹ کا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheed Sahib Hyderabad India Collection eGangotri

﴿60﴾ پائے اقدس جب ہُوئے مَس آپ کے   کنکروں نے بھی کہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿61﴾ پھیلتی ہی جا رہی ہے دہر میں   دُور کردو یہ وبا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿62﴾ آپ کے قدموں میں جو بھی آگیا   مِل گئی اُس کو شفا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿63﴾ عشق کے ماروں کے حق میں یا نبی   خاکِ طیبہ ہے دوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿64﴾ دشمنوں کے حق میں بھی اکثر اُٹھا   آپ کا دستِ دعا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿65﴾ دشمنوں پر بھی تھی شفقت کی نظر   کام تھا اعلیٰ عُلیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿66﴾ ہر پہر ہر آن دل میں ہے مرے   آپ ہی کا تذکرہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿67﴾ چاہے مکّی یا مدنی جو بھی ہو   ہر بیاں ہے معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿68﴾ مَیں نے پائی خاکِ طیبہ جس گھڑی   دل ہُوا سونا مرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿69﴾ ہے یہی میرا عقیدہ یا نبی   آپ ہو دُکھ کی دوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿70﴾ کیوں نہ مَیں محبوب بولوں آپ کو   کہہ رہا ہے جب خدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿71﴾ رب نے بخشا آپ کو یہ مرتبہ   سب سے اعلیٰ اور بڑا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿72﴾ ہے سہارا آپ ہی کا یا نبی   ہے کرم کی التجا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿73﴾ آبِ زمزم میں ہے کیسی خوبیاں   بس شفا ہی ہے شفا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿74﴾ وِرد کرتے ہیں فرشتے عرش پر   مرحبا صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿75﴾ آپ کا ہے نامِ نامی عرش پر   انتہاء تا ابتدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿76﴾ سارے عالَم آپ کے شیدا ہُوئے   آپ ہیں نورالھدیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿77﴾ اپنی امت میں جگہ دے دی مجھے   شکریہ صد شکریہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿78﴾ آپ ہی ہیں آپ ہی ہیں آپ ہی — آپ ہیں بس حق نما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ جب دُرودِ پاک پڑھنے لگ گیا — بخت میرا کِھل اُٹھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ دل کی دکھڑکن میں صدا ہے ہر گھڑی — ہر پہر صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ آپ کی نسبت کا روشن چاند اک — دل میں روشن ہی رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ رب نے بے شک کرلیا اُس کو قبول — آپ نے جو کچھ کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ سب ہیں یکساں آپ کے دربار میں — کیا وہ چھوٹا کیا بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ آپ کے نزدیک سارے ایک ہیں — آپ سب کے رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ آپ کی شفقت اگر مجھ کو مِلے — مَیں بھی پاؤں گا صلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿86﴾ جس دعا میں ہو وسیلہ آپ کا — ہوگئی پوری دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ جس طرف دیکھوں جہاں میں ہے فقط — ہر طرف محشر بپا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ دیکھتے ہو سب کی جانب اک ذرا — مجھ کو بھی تم دیکھنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ دل تمہارا ہوگیا پیارے نبی — دل کی دھڑکن ہے فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ روح کو روشن کرے ہے رات دن — آپ کا روشن دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ سب سے سیدھا آپ ہی کا راستہ — ہے سراپا شکریہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ مَیں گدائے مُصطفٰی ہُوں دیکھئے — کیا بِگاڑے گی بَلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ جب تصوّر آپ کا مَیں نے کیا — آگئی ٹھنڈی ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ ہے جہاں میں آپ ہی سے روشنی — مجتبٰی یا مجتبٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ حشر تک اب اِس کو چھوڑوں گا نہیں — آپ کا دَر مِل گیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿96﴾ ہاں بدولت آپ کے کردار کی　　گل محبت کا کِھلا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿97﴾ آپ کے کردار نے بتلادیا　　حق کی مرضی کا پتہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿98﴾ آپ کو رب نے بنایا حشر تک　　رحمتوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿99﴾ اک نگاہِ مشفقانہ کیجئے　　کچھ ادھر بھی ذرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿100﴾ ساری دنیا وار ڈالوں تم پہ مَیں
دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿101﴾ کل کئے تھے کام مَیں نے جو بَھلے　　مِل رہی ہے اب جزا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿102﴾ میری آنکھیں دیکھتی ہیں راستہ　　مشغلہ ہے یہ مرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿103﴾ چھا رہی ہے دھیرے دھیرے دیکھئے　　نور والی اک گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿104﴾ لے کے تحفہ آگئے معراج سے　　ہے عطا ہے بر ملا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿105﴾ ہم کو راحت ہو میسّر ہر گھڑی　　ائے مرے مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿106﴾ اپنی امت پہ کرم کی ہو نظر　　ہوچکی ہے انتہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿107﴾ اب تصور میں مدینہ ہے مرے　　میری نس نس ہے فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿108﴾ سبز گنبد کے قریں کیا مست ہیں　　وہ کبوتر اور صبا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿109﴾ دیکھنے والوں نے دیکھا اور کہا　　ہر ادا ہے معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿110﴾ پڑھ لیا سیرت تو مجھ کو یہ لگا　　دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿111﴾ ہے وفا کے دم میں دم اک آپ سے　　آپ سے ہے بس وفا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri / Collection Mohammad Hyderabad India

﴿112﴾ خوشبوؤں کا قافلہ دربار سے
ساتھ لائی ہے ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿113﴾ نیکیوں کو جس نے شیوہ کرلیا
اُس نے پائی ہے جزا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿114﴾ آپ کا یہ امتی طالب ہے تو
بس دعائے خیر کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿115﴾ سب کا اپنا ہے الگ اک مرتبہ
منفرد ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿116﴾ تم خدا کے بعد اعلیٰ مرتبت
نوری مرکز نور کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿117﴾ شافعِ محشر کا آیا جب خیال
روتے روتے ہنس پڑا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿118﴾ کیسے آؤں آپ کے دربار تک
مَیں ہُوں ادنٰی سا گدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿119﴾ امتی کی زندگی پر فیض سب
آپ کا ہے برمَلا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿120﴾ عشقِ احمد دل سے جاتا ہی نہیں
دل میں آکر بس گیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿121﴾ سُن کے پیارا نامِ نامی آپ کا
جھوم اٹھی یہ صبا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿122﴾ نامِ نامی آپ کا لے کر جو کی
رنگ لائی ہر دعا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿123﴾ دل کی آنکھوں نے جو دیکھا خواب میں
دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿124﴾ خواب میں روضہ کو دیکھا اور پھر
آئی یہ غیبی صدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿125﴾ واخؔ دل سے آپ ہی کا ہوگیا
دل کہے صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

وارث

نام :- علیم الدین وارث
قلمی نام :- وارث اسلامپوری
تخلص :- وارثؔ
ولدیت :- ایس ایم کلیم الدین صاحب
پیدائش :- 20-04-1974۔
مقام پیدائش :- اسلامپور
شرف تلمذ :- شمیم شعلہ صاحب
تصنیف :- افکارِ وارث 2019
آدھی ملاقات کے لئے:-

شکور کالونی، نزد شکور مسجد، پٹنہ، 800014 بہار۔
Mobile No.9097743578

* * *

(1) آپ محبوبِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
مرحبا صد مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ

(2) درد کا ہے سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
چاہتا ہوں میں شفا یا مُصطفٰی ﷺ

(3) آپ سے ممکن ہیں سب ناممکنات
آپ ہیں مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ

(4) آپ کے جو بھی وفاداروں میں ہیں
مہرباں ان پر خدا یا مُصطفٰی ﷺ

(5) بے سروسامان ہیں اس دشت میں
آپ ہو حاجت روا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheiz Sahib Quadri Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ آپ پر ہوتا ہے ہر رستہ تمام   آپ منزل کا پتہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ آپ کے افکار میں وہ تازگی   جیسے جنت کی ہوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ آگ کے دریا سے اپنا ہے گزر   دیجئے کچھ حوصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ کیسے خالی ہاتھ اٹھ جائے بھلا   آپ کے درکا گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ اک طرف وہ جان کے دشمن سبھی   اک طرف غارِ حرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ غمزدوں کی آپ سنتے ہیں صدا   آپ ہیں حاجت روا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ ہیں غم و آلام کے مارے ہوئے   زندگی ہے اک سزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ کیجئے چشمِ عنایت اس طرف   آپ ہی کا ہوں گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ یہ لقب ہے آپ ہی کے واسطے   آپ محبوبِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ ظلم کے حالات میں ہے زندگی   درد کی ہے انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ آپ کی یادوں نے چھیڑا ذہن کو   جیسے جنت کی ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ اِس سے آگے اور کوئی کیا کہے
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ ایک ہی بس گونج ہے کونین میں   مرحبا صلِّ علٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ سازشوں کی زد میں ہیں آئے ہوئے   دیجئے اب حوصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ منسلک ہیں آپ سے سب رحمتیں   آپ ہیں رب کی عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ مدتوں سے حسرتِ طیبہ لئے   رو رہا ہے دل مرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ سرنگوں ہیں چاند تارے کہکشاں   آپ ہیں بدرالدجیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ آپ چاہیں جس طرف بھی موڑدیں   آپ میرے ناخدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ حاضری ہو میری بھی اک دن وہاں   کرب کا ہے سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ حشر تک امت بھٹک سکتی نہیں   آپ ہیں جب رہنما یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

«26» ظلمتوں کے سائے میں ہے زندگی   دیجئے شفقت ذرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«27» آپ ہی پہ منحصر بخشش میری   آپ ہی کا آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«28» کی رسولوں کی امامت آپ نے   آپ شاہِ انبیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«29» آپ روئے امتی کے واسطے   اس طرح ہے رابطہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«30» جان گرجائے تو جائے غم نہیں   دل نہیں ہوگا جدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«31» آپ کی تمثیل کیا ڈھونڈے کوئی   ہے نہ کوئی آپ سا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«32» کیوں نہ کرتا اُس کا طوفاں احترام   تھا سفینے پر لکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«33» باعثِ تسکینِ دل کے واسطے   ذکر ہو جب آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«34» انبیاء آئے بہت لیکن کوئی   ہوسکا نہ آپ سا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«35» دیجئے دامانِ اقدس میں اماں   فیضِ رحمت ہو عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«36» آپ ہیں نورِ مجسم دو جہاں   آپ ہی نورِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«37» آپ کے صدقے یہ ساری کائنات   آپ رحمت کی گھٹا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«38» آپ کی قربت ہوئی جس کو نصیب   پھر ہوا اس کا خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«39» تیرگی جب حد سے آگے بڑھ گئی   آپ کی آئی ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«40» آپ ہی خیرالبشر شاہِ امم   آپ ہی خیرالوریٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«41» آپ ہی کے دم سے روشن ہے جہاں   آپ ہیں نورِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«42» آپ کے صدقے میں یہ دنیا بنی   سب کا سب ہے آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«43» آپ ہی سے درس ملتا ہے ہمیں   آپ ہیں حق کے نوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«44» آپ ہی سے دو جہاں میں نور ہے   آپ ہیں رب کی رضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«45» گُمرہی کا پھر سبب کوئی نہیں   آپ ہیں جب رہنما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohsin Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿46﴾ اہلِ قلم کیا آپ کی مدحت کریں　　مرتبہ ہے مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ آپ ہی شاہِ امم خیرالامم　　آپ ہیں رب کی عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ جی رہے ہیں آپ کی رحمث میں ہم　　آپ رحمت کی ردا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ در بدر کی ٹھوکریں کھائے ہوئے　　کر رہے ہیں التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ آپ کی مدحت کرے پروردگار　　آپ کا وہ مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ چاند کے دو ٹکڑے دیکھا دہرنے　　خوب ہے یہ معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ رہنمائی کے لئے کونین کی　　آپ کے ہیں نقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ آپ پر ختمِ رسالت یا نبی　　آپ شاہِ انبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ جو ہیں منکروہ سراپا دیکھ لیں　　آپ رب کا آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ آپ کی نظر عنایت ہو سدا　　دیجئے مجھ کو دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ آپ ساقی کوثر و فردوس کے　　غیب سے آئی ندا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ اِس جہاں میں اب دوا ملتی نہیں　　کیجئے کچھ اب دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ باعثِ تسکینِ دل یہ اسم پاک　　مصطفیٰ یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ اپنی امت پر کرم فرمائیے　　دُور ہو ساری بلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ طالبِ چشمِ کرم ہیں امتی　　اے حبیب کبریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ آپ کے دربار کے جیسا کوئی　　ہے کہاں بابِ عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ اہل دنیا پر کرم فرمائیے　　دور ہو کووِڈ وبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ آپ کی رحمت ہوئی اس پر نزول　　جس نے بھی دل سے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ چشمِ رحمت پر ہے سارا انحصار　　دُور کیجے ہر بلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ قومِ مسلم کو سمجھ بیٹھے ہیں لوگ　　بے سہارا بے نوا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India Collection Mohammad Qudratullah Digitization eGangotri

﴿66﴾ آپ کی عظمت کو کیا جانے بشر جانتا ہے بس خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ ہے یقیں ہوگی شفاعت کی نظر کہہ رہا ہے دل مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ رات دن یہ التجا کرتے ہیں ہم روزِ محشر ہو بھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ ہم گنہگاروں کو بخشش کی امید آپ سے روزِ جزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ ہم کو مل جائے غلامی کی سند بس یہی ہے التجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ سرورِ کونین کا در چُوم کر جھومتی آئی صبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ جسم اطہر نور سے معمور ہے آپ کے دم سے ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ آپ ہی کی آل سے لکھی گئی داستانِ کربلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ گفتگو میں آپ کی وہ روشنی جیسے ظلمت میں دِیَا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ آپ کی جس کو رضامندی نصیب اُس سے راضی ہے خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ میں بڑھا آگے، تو جل جائیں گے پر ہے یہ میری انتہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ آپ کے افکار میں وہ روشنی جُوں اندھیرے میں ضحیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ آپ کی تعظیم تا حدِّ نظر آپ ہی جلوہ نما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ ہرطرف اب نورکی برسات ہے ہوگئی رونق فضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ آپ کا کلمہ زباں پر ہو مری آئے جب میری قضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ آپ کی جلوہ گری سے دہر کا سارا منظرخوشنما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ ہوگئی گر آپ کی چشمِ کرم چاہیئے پھر اور کیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ آپ ہی کا نام ہو لب پر میرے جب بھی ہو وقتِ قضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ جب بھی چھیڑا دل نے میرے ذہن کو لب پہ آیا برملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿85﴾ ہرطرف اک دھوم ہے کونین میں مرحبا یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India Collection of Mohammad Qadri Digitization eGangotri

﴿86﴾ کیجئے کچھ حال پہ میرے کرم   درد کی ہے انتہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿87﴾ آپ کی آمد سے روشن کائنات   ہوگئی نوری فضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿88﴾ سرنگوں یہ ہوگئے سب بت کدے   شور یہ جب جب اٹھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿89﴾ دیکھ لے تعظیم طیبہ میں ذرا   سر کے بل آئی ہَوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿90﴾ یوں تو آئے انبیاء لاکھوں مگر   ہوسکے نہ آپ سا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿91﴾ چاہتے ہیں آپ کی چشمِ کرم   کم نہیں اس کے سوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿92﴾ آپ ہی کے پاس ہے قسمت مری   آپ ہی کا آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿93﴾ باغِ جنت میں بھی ڈھونڈے گی نظر   ارضِ طیبہ کی فضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿94﴾ جاکے سدرہ تک یہ بولے جبرئیل علیہ السلام   ہے یہ میری انتہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿95﴾ آگیا سورج پلٹ کے عرش پر   آپ نے جو کی دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿96﴾ ہر قدم پر آپ کی امت کو ہے   مشکلوں کا سامنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿97﴾ ہم غریبوں کو عطا کردیجئے   آپ کی، رب کی رضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿98﴾ آپ ہی کا عکس ہے بس چار سو   جیسے رحمت کی گھٹا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿99﴾ سب صحیفوں میں ہے جو سب سے عظیم   آپ پر نازل ہوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿100﴾ ہے مزاجِ وقت بھی میرے خلاف   اور مقدر بھی خفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿101﴾ آپ کے اسمِ گرامی کے طفیل   ٹل گئی سر سے بلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿102﴾ آپ ہی کے ہاتھ ہے بخشش مری   شافعِ روزِ جزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿103﴾ ہے قرآن پاک اللہ کا کلام   آپ اس کا ترجمہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿104﴾ اس سے راضی بھی نہیں ہوگا خدا   کی نہیں جس نے وفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿105﴾ آپ کی تنویر سے روشن جہاں   آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohamin Hyderabad Digitization eGangotri

(106) آپ کے ہی فیض کا ہوں منتظر
آپ کا ہوں میں گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(107) آپ ہی کے ہاتھ ہے بخشش مری
آپ ہیں راحت سرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(108) بس فقط اسِ کو ملی راہِ نجات
درس پرجو بھی چلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(109) بس یہی اک نام ہے بعدِ خدا
آپ کا ہے دبدبہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(110) آپ کے ہی سائے میں ممکن ہے بس
باغِ جنت کی ہَوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(111) جس طرف بھی دیکھئے بس
اس طرف آپ کا ہے تذکرہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(112) فکر سے بالا ہے ہستی آپ کی
کیا کریں گے ہم ثنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(113) گنبدِ خضرا ہو جب پیش نظر
روح تن سے ہو جدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(114) داستانِ کہف کی تفسیر آپ
آپ ہیں کہف الوریٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(115) آپ کو نبیوں کی سرداری ملی
آپ ہیں صدرالعلیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(116) آپ ہی کا جلوہ ہے ہر طرف
جس طرف جائیں بھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(117) ہومَیسر دل کو بھی میرے سکوں
آپ ہیں راحت سرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(118) آپ کی شفقت رہے اُس وقت بھی
آئے جب میری قضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(119) آپ میرے ذہن و دل اور روح سے
ہوں گے نہ ہرگزجدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(120) آپ سے روشن ہُوا سارا جہاں
آپ ہیں ایسی ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(121) آپ کی آمد سے بدلی کائنات
ہوگئی نوری فضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(122) منعکس جس میں خدا کی ذات ہے
آپ ہیں وہ آئینہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(123) آپ پر ختمِ رسالت ہوگئیں
غیب سے آئی ندا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(124) کیجئے وارثؔ پہ بھی چشم کرم
بس یہی ہے التجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(125) آپ ہی کے دم سے وارثؔ کا وجود
جان و دل تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib, Qadiri Digitization eGangotri

وحشی

نام :- سمیع اللہ انصاری
قلمی نام :- وحشیؔ ہوڑوی
تخلص :- وحشیؔ
ولدیت :- حبیب اللہ انصاری
پیدائش :- 16-10-1975، باوُڑیا، ہوڑہ۔ ویسٹ بنگال
تعلیم :- میٹرک
شرف تلمذ :- جناب جرم محمد آبادی (اعظم گڑھ)۔۔ حضرت سیفی اعظمی (اعظم گڑھ)

ادبی سرگرمیاں:-

موصوف کئی ادبی و تعلیمی اداروں سے منسلک ہیں، گزشتہ چالیس برسوں سے اردو ادب کی خدمت انجام دے رہے ہیں۔

انعامات و اعزازات:-(۱) مغربی بنگال اردو اکاڈمی سے ادبی خدمات کے اعتراف میں انعام و اعزاز سے نوازا گیا۔
(۲) ہوڑہ رائٹر ایسوسیشن کی جانب سے ادبی ایوارڈ دیا گیا۔

آدھی ملاقات کے لئے:- سی، بلوک، ۸ اردو گھر، فورٹ گلوسٹر، پاوُڑیا، ضلع ہوڑہ، 711310 (مغربی بنگال)
فون۔ 9331729287

* * *

﴿1﴾ آپ فخرِ انبیا یا مُصطفٰی ﷺ
ابتداء تا انتہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ تنہا تنہا تھا خدا یا مُصطفٰی ﷺ
تم نہ تھے تو کچھ نہ تھا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ آپ ہیں خیر الوری یا مُصطفٰی ﷺ
ہر عمل ہے خیر کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ اک اشارہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
چاند دو ٹکڑے ہوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ ہے سراپا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
معجزہ ہی معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India / Collection Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

﴿6﴾ عرشِ اعظم پرخدا یا مُصطفٰی   روبرو تم سے ہوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿7﴾ شافعِ روز جزا یا مُصطفٰی   ہے تمہارا آسرایا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ دُور کیجے غم مرا یا مُصطفٰی   پنجتن کا واسطہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ ذکر کرنا آپ کا یا مُصطفٰی   ہے ہمارا مشغلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ آپ کی چاہوں رضا یا مُصطفٰی   کچھ نہ لوں اس کے سوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ دیجئے کوئی دوا یا مُصطفٰی   ہرسو پھیلی ہے وبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ واسطہ حسنین رضی اللہ عنہما کا یا مُصطفٰی   دور ہو سر سے بلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ ہے تمہاری خاک پا یا مُصطفٰی   ہرمرض کی اک دوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ آپ سے ہے التجا یا مُصطفٰی   جامِ کوثر ہو عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ میں برا ہوں یا بھلا یا مُصطفٰی   ہوں مگرمیں آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ ہے تمہارا نقشِ پا یا مُصطفٰی   باغِ جنت کا پتہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ مجھ سے کیا ہوگی ثنا یا مُصطفٰی   ہے مری اوقات کیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ پڑھ کے کلمہ آپ کا یا مُصطفٰی   ہم ہوئے حق آشنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ کیوں نہ ہم قربان ہوں سَو جان سے
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ بول بالا ہوگیا چاروں طرف   مذہبِ اسلام کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ خاندانِ ہاشمی کے لعل ہو   یہ تمہارا مرتبہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ آپ کی اک مسکراہٹ کے طفیل   پھول پتھر پر کِھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ دینِ ابراہیم علیہ السلام کی تم جان ہو   تم سے حق زندہ ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ نرغۂ باطل میں ہے حق کا عروج   یہ بھی ہے اک معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿25﴾ آپ کو کہتے ہیں سب خیرالامم   فیض سب پرآپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Hyderabad Digitization eGangotri

﴿26﴾ کون بیواؤں کا تھا پرسانِ حال　　بس تمہارے ماسوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ چھینے جاتے تھے غریبوں کے حقوق　　تم نے حق دلوا دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ حضرتِ موسیٰ علیہ السلام نے دیکھی اک جھلک　　طور لیکن جل گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ وہ شبِ معرج سیر لامکاں　　جشن کا ماحول تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ عرشِ اعظم نے بھی بوسہ لے لیا　　آپ کی نعلین کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ درمیانِ طالب و مطلوب کے　　کیوں ہے پردہ میم کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ سوچتے ہیں حضرتِ جبریلؑ بھی　　کون ہے کس کا خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ یوں تو دنیا میں نبی آئے بہت　　کون آیا آپ سا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ حُسنِ یوسف علیہ السلام پر زلیخا تھی فدا　　تم پہ شیدا ہے خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ آپ کا ثانی دو عالم میں نہیں　　آپ کا سایہ نہ تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ جس سے آدم علیہ السلام کی جبیں روشن ہوئی　　آپ کا ہی نور تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ چاند، سورج اور تاروں کو بھم　　آپ نے بخشی جلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ گھر سے باہر جب بھی نکلے دھوپ میں　　ابر نے سایہ کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ آپ ہیں شمس الضحیٰ بدر الدجیٰ　　خوب پایا مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ پشت پر مہرنبوت آپ کی　　اور چہرہ نورکا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ مصحفِ رخ کی تلاوت ہو نصیب　　کاش ہوں جلوہ نما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ ساری دنیا کی ہدایت کے لئے　　آپ سے قرآں ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ جس میں آتی ہے نظر حقّانیت　　آپ ہیں وہ آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ آپ کی تبلیغ کے شاہد ہوئے　　طائف و کوہِ صفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ معترف ہے آج بھی سارا جہاں　　آپ کے کردار کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿46﴾ آپ کی چشمِ عنایت جب اٹھی   پھول صحرا میں کِھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿47﴾ ایک سُوکھا پیڑ پھل دینے لگا   یہ کرم تھا آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿48﴾ میٹھی میٹھی بات سن کر آپ کی   نیم میٹھا ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿49﴾ جتنی باتیں آپ سے ہم نے سُنیں   ہیں وہ پیغام خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿50﴾ جس کو کہتے ہیں صراطِ مستقیم   آپ کا ہے راستہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿51﴾ آپ کا طرزِ تکلُّم مرحبا   درس ہے قرآن کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿52﴾ گوش بر آواز دنیا ہوگئی   جب ہوئے تم لب کشا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿53﴾ ٹاٹ کی مسند پہ ہے جلوہ فگن   بادشاہِ دوسَرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿54﴾ آدمی تو آدمی پتھر نے بھی   آپ کا کلمہ پڑھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿55﴾ جس سے راضی آپ ہیں تو بالیقیں   اُس سے راضی ہے خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿56﴾ اپنے جیسا جو سمجھتے ہیں تمہیں   ان سے سمجھے گا خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿57﴾ آپ کی امت میں ہم کیا آگئے   کام اپنا بن گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿58﴾ زیست کے ہر گام پر ہر موڑ پر   آپ سے ہے واسطہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿59﴾ آپ تو اک شجرِ سایہ دار ہیں   دھوپ کی پرواہ کیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿60﴾ روز پڑھتا ہوں میں کثرت سے دُورد   کیوں نہ حل ہو مسئلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿61﴾ دیکھتا ہوں روز میں قرآن میں   عکسِ روئے پُر ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿62﴾ دُور کی ، تم نے سیاہی کفر کی   پیکرِ شمع ہدیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿63﴾ اس کو بخشش کی ضمانت مل گئی   آپ کا جو ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿64﴾ بھینی بھینی سی وہ خوشبو خلد کی   ہے پسینہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿65﴾ کیا مقام و منزلت ہے آپ کی   یہ ہے بس رب کو پتہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Quadri Digitization eGangotri

﴿66﴾ مسجدِاقصیٰ کو خود پر ناز ہے   آپ امام الانبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ روشنی پھیلی جہاں سے دین کی   وہ تو ہے غارِ حرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ مشرکوں کے ہرستم سہتے رہے   کی نہ پھر بھی بددعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ میری سانسیں آپ کی ممنون ہیں   کیسے ہو یہ حق ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ میری سانسوں کا تمہاری یاد سے   جڑگیا ہے سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ اُس نے کرلی عاقبت اپنی خراب   جو ہُوا تم سے جدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ ہوشرف حاصل مجھے بھی حشر میں   آپ کے دیدار کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ لوگ سارے تھے قبیلوں میں بٹے   متّحد سب کو کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ گرم تھا بازار قتل و خون کا   امن قائم کر دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ الاماں اب تو مِری ارض وطن   ہوگئی ہے کربلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ نوحؑ کی کشتی بھلا کیوں ڈوبتی   آپ تھے جب ناخدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ بن گئی سنت زمانے کے لئے   آپ کی اک اک ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ یوں تو کہتے ہیں تمہیں امی لقب   ہے مگرسب کچھ پتہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ آپ شہر عِلم تو در ہیں علیؓ   ہم پہ یہ عقدہ کھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ دل کے آئینے میں آتا ہے نظر   پَرتَوِ رُخ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ دیکھتے ہیں آپ کی صورت میں ہم   جلوۂ نورِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ آپ کا روئے منور دیکھ کر   چاند بھی شرما گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ گرپڑی تلوار عمرؓ کے ہاتھ سے   مسکرانا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ گنبدخضری کا وہ منظر حَسین   کاش میں بھی دیکھتا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ روز کہتا ہوں مدینہ لے کے چل   کیوں نہیں سنتی صبا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Mohammad Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

«46» آپ کی چشمِ عنایت جب اٹھی
پھول صحرا میں کِھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«47» ایک سُوکھا پیڑ پھل دینے لگا
یہ کرم تھا آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«48» میٹھی میٹھی بات سن کر آپ کی
نیم میٹھا ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«49» جتنی باتیں آپ سے ہم نے سُنیں
ہیں وہ پیغام خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«50» جس کو کہتے ہیں صراطِ مستقیم
آپ کا ہے راستہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«51» آپ کا طرزِ تکلُّم مرحبا
درس ہے قرآن کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«52» گوش بر آواز دنیا ہوگئی
جب ہوئے تم لب کشا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«53» ٹاٹ کی مسند پہ ہے جلوہ فگن
بادشاہِ دوسَرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«54» آدمی تو آدمی پتھر نے بھی
آپ کا کلمہ پڑھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«55» جس سے راضی آپ ہیں تو بالیقیں
اُس سے راضی ہے خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«56» اپنے جیسا جو سمجھتے ہیں تمہیں
ان سے سمجھے گا خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«57» آپ کی امت میں ہم کیا آگئے
کام اپنا بن گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«58» زیست کے ہر گام پر ہر موڑ پر
آپ سے ہے واسطہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«59» آپ تو اک شجرِ سایہ دار ہیں
دھوپ کی پرواہ کیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«60» روز پڑھتا ہوں میں کثرت سے دُورد
کیوں نہ حل ہو مسئلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«61» دیکھتا ہوں روز میں قرآن میں
عکسِ روئے پُر ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«62» دُور کی ، تم نے سیاہی کفر کی
پیکرِ شمع ہدیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«63» اس کو بخشش کی ضمانت مل گئی
آپ کا جو ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«64» بھینی بھینی سی وہ خوشبو خلد کی
ہے پسینہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«65» کیا مقام و منزلت ہے آپ کی
یہ ہے بس رب کو پتہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿66﴾ مسجدِاقصیٰ کو خود پر ناز ہے   آپ امام الانبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ روشنی پھیلی جہاں سے دین کی   وہ تو ہے غارِ حرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ مشرکوں کے ہرستم سہتے رہے   کی نہ پھر بھی بددعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ میری سانسیں آپ کی ممنون ہیں   کیسے ہو یہ حق ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ میری سانسوں کا تمہاری یاد سے   جڑگیا ہے سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ اُس نے کرلی عاقبت اپنی خراب   جو ہُوا تم سے جدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ ہوشرف حاصل مجھے بھی حشر میں   آپ کے دیدار کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ لوگ سارے تھے قبیلوں میں بٹے   متّحد سب کو کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ گرم تھا بازار قتل و خون کا   امن قائم کر دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ الاماں اب تو مِری ارض وطن   ہوگئی ہے کربلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ نوح ؑ کی کشتی بھلا کیوں ڈوبتی   آپ تھے جب ناخدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ بن گئی سنت زمانے کے لئے   آپ کی اک اک ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ یوں تو کہتے ہیں تمہیں امی لقب   ہے مگرسب کچھ پتہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ آپ شہر عِلم تو در ہیں علی ؓ   ہم پہ یہ عقدہ کھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ دل کے آئینے میں آتا ہے نظر   پَرتَوِ رُخ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ دیکھتے ہیں آپ کی صورت میں ہم   جلوۂ نورِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ آپ کا روئے منور دیکھ کر   چاند بھی شرما گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ گرپڑی تلوار عمر ؓ کے ہاتھ سے   مسکرانا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ گنبدخضری کا وہ منظر حَسین   کاش میں بھی دیکھتا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ روز کہتا ہوں مدینہ لے کے چل   کیوں نہیں سنتی صبا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pe... Sahib Quadri Hyderabad Digitization eGangotri

﴿86﴾ تیز کردو آنچ میرے عشق کی — ہے تڑپنے میں مزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿87﴾ آگئے تم یاد تو پیش نظر — کِھنچ کے طیبہ آگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿88﴾ ہر نَفَس آواز دیتا ہوں تمہیں — یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجتبیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿89﴾ کیوں ڈروں محشر کی تپتی دھوپ سے — امتی ہوں آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿90﴾ داغِ عصیاں کو میرے دھودیجئے — آپ رحمت کی گھٹا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿91﴾ ساری خلقت ہے تمہارے واسطے — تم سے ہے خلقِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿92﴾ فاطمہ شبیر و شبّر اور علی رضی اللہ عنہم — مرحبا کنبہ ہے کیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿93﴾ عام تھا ہر سُو جہالت کا چلن — ذہن و دل روشن کِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿94﴾ کر دیا شاداب صحرائے عرب — ریت پر سبزہ اُگا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿95﴾ کلمۂ توحید کی آواز سے — سارا عالم گونج اٹھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿96﴾ سانس لی دنیا نے اطمینان کی — چین سب کو مل گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿97﴾ سارا عالم آپ کا شاکر ہُوا — شکریہ صد شکریہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿98﴾ رٹ لگی ہے بس تمہارے نام کی — مصطفی یا مُصطفٰی یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿99﴾ صبر کی تلقین کی تو صبر کا — پھل مجھے میٹھا لگا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿100﴾ ہے ادھورا فرض سنت کے بغیر — کیوں نہ ہو سنت ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿101﴾ آپ کا چھوڑا وہ برتن چاٹ کر — مل گئی روحی غذا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿102﴾ آپ جب ہیں ساتھ تو کیوں طے نہ ہو — زیست کا ہر مرحلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿103﴾ آپ کے ہاتھوں بڑی محنت کے بعد — خانہ کعبہ سجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿104﴾ اللہ اللہ حجرِ اسود کا نصیب — آپ نے بوسہ دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿105﴾ آگئی تصدیق بعثت کے لئے — کوہ فاراں پر ندا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India
Collection Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

﴿106﴾ کفر کی دنیا میں گونجی ہر طرف — لا الہ کی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ جَل اٹھا دنیا میں اقرا کا چراغ — عِلم روشن ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ اپنی امت کی شفاعت کیلئے — کی نمازوں میں دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ بوڑھی بکری دودھ دینے لگ گئی — دستِ شفقت آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ آپ کی یادوں کا ہے دل میں ہجوم — گھر ہمارا ہے بھرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ جستجو میں آپ کی رکتا نہیں — آنسوؤں کا قافلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ کلمہ طیب مرے لب پر رہے — آئے جب میری قضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ کعبہ اشرف کے آگے سر جُھکا — دل مدینے میں جُھکا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ بھیجتا ہوں تم پہ صلوات وسلام — بے عدد بے انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ باعثِ رحمت ہے آمد آپ کی — مرحبا صلِّ علٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ گود میں اک نور کا پیکر لئے — خوش بہت ہیں آمنہ رضی اللہ عنہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ جاگ اٹھا دائی حلیمہ رضی اللہ عنہا کا نصیب — دودھ کا رشتہ جڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ آپ آئے تو جہانِ کفر میں — انقلاب اک آگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ بادِ صرصر کا ہُوا جینا حرام — چل پڑی ٹھنڈی ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ آپ پر اللہ پڑھتا ہے دُرود — رات دن صبح ومسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ آپ پر ساری بڑائی آپ کی — آپ محبوبِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ آپ ملجا آپ ماوی یا نبی — آپ مقصد مدعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ کاش سن لیں آپ میری نعت بھی — میں بھی ہوں صف میں کھڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ بن گیا وحشی جنونِ عشق میں — اب سزا دو یا جزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ قبر سے تاحشر رکھیئے گا خیال — ہے یہ وحشیؔ کی دعا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

بسم الله الرحمن الرحيم

مخضب ز شعراء

اؔ

تعداد کلام (1)

تعداد اشعار (125)

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

ہاشمیؔ

نام :- سید عبدالحق ہاشمی شاہ نواز
قلمی نام :- شاہ نواز ہاشمی
تخلص :- ہاشمیؔ
ولدیت :- سید عبدالسلام ہاشمی
پیدائش :- 15-06-1960
تعلیم :- انٹرمیڈیٹ
شرف تلمذ :- ڈاکٹر مبشر احمد نشرؔ صاحب

آدھی ملاقات کے لئے :-

10-5-65 Ahmed nagar, first lancer, Hyderabad-500028 (T.S) INDIA
Mobile No-9394824634.

* * *

﴿1﴾ وہ خدا کا ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ کا جو ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ ہے مدینہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
سارے شہروں سے جدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ مصطفی یا مجتبیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہیں خیر الوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ ہاشمیؔ ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ کے در کا گدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ ہو مرے لب پر سدا یا مُصطفٰی ﷺ
مصطفی یا مُصطفٰی مصطفی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahab Hyderabad India

«6» معجزہ ہے معجزہ ہے معجزہ آپ کی ہر اک ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«7» مصطفی یا مُصطفٰی مصطفی سارے نبیوں کی دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«8» میرا سب کچھ آپ کا یا مُصطفٰی جان و دل تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«9» آپ کی دیوانگی سجاد میں ہو کرم اِن پر سدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«10» ایک سَو پچیس موتی مل گئے تھا کٹھن یہ مرحلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«11» اللہ اللہ سادگی کی انتہا بوریا بستر رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«12» روز اول سے مرا ایمان ہے ہو حبیب کبریا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«13» ائے مریض شق میری بات سن ہر مرض کی ہے دوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«14» چاند تارے سب ملائک اور بشر آپ پر ہیں سب فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«15» آپ کا صدقہ ہے سورج چاند سب آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«16» دین و دنیا کی بقا کے واسطے ذکر ہے بس آپ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«17» آپ کے اک امتی کا مرتبہ شاہ سے بڑھ کر رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«18» کررہی ہے سب کی سب مخلوق بھی آپ کی ہر دم ثنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«19» دُر نبوت کا کُھلا رہتا اگر تو عمر ہوتے "کہا" یا مُصطفٰی
«20» عرش پر تھے روبرو اللہ کے ہو مبارک دیکھنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«21» سارے عالَم کے معلم آپ ہیں ہے لقب اُمّی شہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«22» پیرہن خود سی لیا ہے آپ نے سادگی کی انتہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«23» جانشیں ہیں آپ کے صدّیق عمر رضی اللہ عنہما رتبہ کیا اعلی ملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«24» رب سے مانگا ہے عمر رضی اللہ عنہ کو آپ نے ہوگئی پوری دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«25» نعت لکھنا میرے بس میں تو نہ تھا ہوگیا فضلِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

﴿26﴾ مقتدی سارے رُسل اور انبیاء　　آپ امام الانبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ کافروں اورمشرکوں نے بھی کہا　　آپ سب سے ہیں جدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ میری بخشش کا سہارا آپ ہیں　　شافعِ روز جزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ زندگی میری نکھرتی ہی گئی　　جب سے میں نعتیں لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ خوبصورت دلنشیں و دلربا　　آپ کی ہر اک ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ سنتوں پرجب عمل کرنے لگا　　دل ہوا روشن مرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ جب بُصیریؒ نے لکھا بُردہ شریف　　آپ نے دے دی ردا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ جب ہرن نے کرلیا وعدہ وفا　　تھا عجب یہ واقعہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ ہم گنہگاروں کی بخشش کے لئے　　ہے سہارا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ جب عمرؓ نے کردیا گردن الگ　　با ادب تھا فیصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ نعت گوشعرا کی بخشش کے لئے　　مانگتا ہوں میں دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ فتح مکہ کا وہ منظرکیا کہیں　　سادگی کی انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ اس جہاں کا ذرّہ ذرّہ بے گماں　　آپ کے صدقے بنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ مل گئی جس کو غلامی آپ کی　　دو جہاں کو پالیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ سخت مشکل میں ہے امت آپ کی　　آئی اک ایسی وبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ با ادب جبریلؑ نے آکر کہا　　یاد رب نے ہے کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ آپ کی آمد سے روشن ہے جہاں　　مصطفی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ ہیں صحابہ سب ہدایت کے چراغ　　آپ ہیں بدالدجیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ ڈوب کر نکلا جو خورشید مبیں　　سب کو حیراں کردیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ دشمنوں سے بھی محبت آپ کی　　کیسے بھولیں یہ ادا یا مُصطفٰی ﷺ

CC-0. Collection Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

﴿46﴾ سب رسولوں انبیاء میں آپ کا   سب سے اعلی مرتبہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿47﴾ آپ ہی صادق امیں سب کے لئے   دشمنوں نے بھی کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿48﴾ محسنِ انسانیت ہیں آپ ہی   ہم نے رب کو پالیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿49﴾ اس لئے بلوایا اپنے عرش پر   آپ محبوب خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿50﴾ عرش پر تحفہ ملا جو آپ کو   وہ نمازوں کا ملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿51﴾ آپ سے آقا ہے میری التجاء   جلوۂ اقدس دکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿52﴾ پھر سے بینائی مری لوٹ آگئی   چوما جو نام آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿53﴾ ہے شہنشاہوں سے بھی اعلی بہت   آپ کا ادنیٰ گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿54﴾ ہو مرا مدفن بقیعِ پاک میں   ہے دعا میری سدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿55﴾ روزِ محشر ہو کرم کی اک نظر   ہے مری یہ التجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿56﴾ زندگی میری سنورتی ہی گئی   آپ کا در کیا ملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿57﴾ آپ کے ملنے سے سب کچھ مل گیا   مل گیا ہم کو خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿58﴾ وجہہ تخلیق دو عالم آپ ہیں   خود خدا نے کہدیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿59﴾ ہر طرح کی کامیابی کے لئے   مل گیا ہے نقشِ پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿60﴾ اب کسی کے ذکر کی حاجت نہیں   ذکر ہے بس آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿61﴾ آپ پر ایمان لانے کے سبب   مل گیا ہم کو خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿62﴾ مشک و عنبر سے معطر صندلی   ہے پسینہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿63﴾ کیا پتہ تھا رب ہمارا کون ہے   آپ نے بتلا دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿64﴾ آپ پرنازاں صحابہ سب کے سب   آپ پر ہیں سب فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿65﴾ آپ ہی سے ہیں جہاں کی رونقیں   آپ ہیں نورِ ہدی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«66» کھہ اٹھے بسترسے آقا کے علی   نیند گھری سوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
«67» حق کو پایا، جس نے پایا آپ کو   خود خدا نے کھدیا یا مُصطفٰی ﷺ
«68» ہم گنہگاروں کی بخشش کے لئے   شافعِ روزِ جزا یا مُصطفٰی ﷺ
«69» آپ کو دیکھے بنا رہتے نہ تھے   سب صحابہ تھے فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«70» سارے نبیوں کی امامت مل گئی   آپ امام الانبیا یا مُصطفٰی ﷺ
«71» عرشِ اعلی پر بُلایا آپ کو   ہے شرف سب سے جدا یا مُصطفٰی ﷺ
«72» کنکروں نے بھی تو کلمہ پڑھ لیا   اُن کو معلوم تھا یا مُصطفٰی ﷺ
«73» انگلیوں سے چشمے جاری ہوگئے   معجزہ تھا معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
«74» ہم گنہگاروں کی بخشش کے لئے   کون ہے تمرے سِوا یا مُصطفٰی ﷺ
«75» فاتحِ بیت المقدس ہیں عمرؓ   آپ ہی کی ہے دعا یا مُصطفٰی ﷺ
«76» آپ کے روضہ کو چھوکر آئی ہے   ہے معطر جو فَضَا یا مُصطفٰی ﷺ
«77» آئے اب کوئی نبی ممکن نہیں   ختم ہے یہ سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«78» کیسے کردوں میں حوالے غیر کے
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«79» تم سادنیا میں نہیں کوئی نہیں   دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«80» ساری دنیا میں حَسیں تم سانہیں   دل ہوا تم پرفدا یا مُصطفٰی ﷺ
«81» حُسنِ یوسف علیہ السلام بھی لگا پھیکا مجھے   دل ہوا تم پرفدا یا مُصطفٰی ﷺ
«82» میری نظروں میں کوئی جچتا نہیں   دل ہوا تم پرفدا یا مُصطفٰی ﷺ
«83» اک پیَالہ دودھ کا سب نے پیا   تھا بڑا یہ معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
«84» روز محشر کون پوچھے گا ہمیں   کون ہے تمرے سِوا یا مُصطفٰی ﷺ
«85» آپ سے روشن ہوئے ہیں دوجہاں   سارے عالم کی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India
Collection of Mohammad Qudrat Digitization eGangotri

﴿86﴾ حشر میں مری شفاعت کیجئے   امتی ہوں آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ پھر سے پہنچوں روضہ اقدس پہ میں   ہے خدا سے التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ کی شکایت اونٹنی نے آپ سے   جس کا مالک تھا بُرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ کیا کروں کس کو سناؤں حالِ دل   سن لو میری التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ سارے پھولوں سے معطر مشک بُو   ہے پسینہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ مرتبہ جو مجھ سے پوچھے آپ کا   میں کہوں بعد از خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ سب صحابہ آپ پر قرباں تھے   اُن سے راضی رب ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ آپ جیسا خلق میں کوئی نہیں   اس لئے ہے دل فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ اب کسی رہبر کی حاجت ہی نہیں   مل گئے بس آپ کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ سُنّتوں پر جو چلے گا آپ کی   ہوگیا وہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ اس لئے شیطان مجھ سے دُور ہے   وردِ لب جو ہے سدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ خودبخود ہر اک ورق روشن ہُوا   جب قلم سے میں لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ عاشقوں کی ہے زباں پر رٹ یہی   آپ ہیں نورِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ ہوگئی مقبول میری ہر دعا   واسطہ جب بھی دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ جب بھی بھیجا آپ پر میں نے دُرود   ٹل گئی سَر سے بلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ ڈال دیجے مجھ پہ بھی نظر کرم   کب سے در پر ہُوں کھڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ جس نے پائی ہے غلامی آپ کی   پاگیا وہ مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ چاند دو ٹکڑے ہوا قرباں ہوا   معجزہ ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ جو یتیموں کا سہارا بن گیا   ہوگیا وہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ سارے نبیوں میں نرالی شان ہے   سب سے اعلی اور جُدا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿106﴾ تشنہ لب ہے روزِ محشر امتی　　جامِ کوثر ہو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ جب سَوا نیزے پہ ہوگا آفتاب　　سایہ ہوگا عرش کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ رب نے سُن لی آپ کی ہروہ دعا　　آپ نے جو کہدیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ رب اُنہیں محبوب رکھتا ہے بہت　　آپ پر جو ہیں فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ ہوگئے اُس کے زمین و آسماں　　آپ کا جو ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ پڑھ رہا ہے خود زباں کے ساتھ ساتھ　　دل مرا بے ساختہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ کہہ رہے تھے آمد سرورپہ سب　　مرحبا صد مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ عائشہ بی بی رضی اللہ عنہا نے سوئی ڈھونڈلی　　آپ کے رخ کی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ پیٹ پر پتھر بھی باندھا آپ نے　　تھی قناعت ہی جدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ دین و دنیا اُس کے روشن ہوگئے　　آپ کا در کیا ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ جو بھی بھیجے آپ پر ہردم درود　　بابِ رحمت کُھل گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ دیکھ کر شق القمرجو ہند میں　　ہوگیا وہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ ماں کے قدموں میں ہے جنت ہاشمیؔ　　آپ نے فرما دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ رات دن کرتا رہوں میں ہاشمیؔ　　آپ ہی کا تذکرہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ ہے محبت ہاشمیؔ کو آپ سے　　رب نے یہ لکھوا دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ کیسے ڈوبے گا سفینہ ہاشمیؔ　　آپ ہیں جب ناخدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ نعت گو ہے ہاشمیؔ بھی آپ کا　　نعت اِس کا مدعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ ہے محبت ہاشمیؔ کو آپ سے　　ائے مرے درد آشنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ مدح خواں ہے ہاشمیؔ بھی آپ کا　　یہ کرم ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ دل مرا روز ازل سے ہاشمیؔ　　آپ کا ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مخضب ز شعراء

ی

تعداد کلام (1)

تعداد اشعار (125)

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moin Qadri Hyderabad Digitization eGangotri

یاسؔر

نام :- سید یاسر بخاری
تخلص :- یاسؔر
ولدیت :- سید یونس بخاری صاحب
پیدائش :- 12-12-1996، کرنول، آندھرا پردیش
تعلیم :- گریجویشن 2019ء
شاعری کا آغاز :- 2017ء میں ہوا۔
شرف تلمذ:- حضرت ڈاکٹر سید وحید کوثر قادری صاحب، حضرت ڈاکٹر سید شاہ ہاشم عارف بادشاہ قادری لاابالی صاحب۔

آدھی ملاقات کے لئے:-

4/9, Osmania College Road, Kurnool, A.P. Pin-518001.
فون ۔ 9014343108

* * *

﴿1﴾ آپ ہیں خیر الوریٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آپ ہیں مشکل کشا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿2﴾ آپ کا ہر معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سب سے رتبہ میں سوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿3﴾ فیض جاری آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
در ملا جو آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿4﴾ ہر مصیبت میں کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مشکلوں میں بھی کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿5﴾ چاند سا چہرہ تمہارا یا نبی
قبر میں دے گا ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Qudarabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ عالم ارواح کے ہیں پیشوا   ہر جہاں تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ انبیاء میں آپ کا رتبہ بڑا   انبیاء تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ جب ہوئے پیدا جہاں میں مرحبا   چاند بھی شرما گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ ہر نبی کا مرتبہ ہے ایک طرف   آپ کا سب سے جدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ آپ کی خاطر بنے ہیں دوجہاں   رب کا تم ہو آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ ہیں ابوبکر و عمر عثماں علی رضی اللہ عنہم   آپ پرسب ہیں فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ رحمة اللعالمیں میرے نبی   بولتا خود ہے خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ ہے وظیفہ نامِ نامی آپ کا   ہے وسیلہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ دین و دنیا کی ملی سب نعمتیں   آپ کے صدقے سدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ ہوں ہمیشہ آپ کے در کا گدا   آپ سے رشتہ مرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ ہر صحابی کو ہے نسبت آپ سے   ہے سپاہی آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ آپ کی ہے نسل کا بچہ ہر اک   رب کا پیارا بن گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ سب کے ہیں مشکل کشا حاجت روا   بھیک دوخیرالوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ ہرنبی کے شہر کو عظمت ملی   رتبہ طیبہ کا بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ آمنہ کے گھر ہوئی جب روشنی   نورسب پر چھا گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ طائر سدرہ کو ہے یہ آرزو   چوم لے وہ نقش پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ در تمہارا چوم لُوں ہے آرزو   در پہ لیجیے گا بلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ آپ کے ہاتھوں میں بخشش ہے مری   بخش دو صدقہ ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ ہے وہ مُردہ آپ کو جو یہ کہے   تم ہو زندہ ہے شبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ ہے پتا کس کو وہ رتبہ آپ کا   وہ تو بس جانے خدا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheeb Hyderabad Digitization eGangotri

﴿26﴾ سیّدوں کے آپ ہیں جدّ کریم سب پہ ہے سایہ گھنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿27﴾ پرورش کی، آپ کی، پایا شرف وہ ابوطالب مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿28﴾ کیوں نہ ہوتی توبہ آدم علیہ السلام کی قبول تھا وسیلہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿29﴾ جو اندھیری قبر کو روشن کرے ہے وہ چہرہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿30﴾ قبر میں جو ہوگا دیکھیں گے، کہ ہے ساتھ شجرہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿31﴾ دونوں عالم میں ہوئے وہ سرفراز جن کو بھی دامن ملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿32﴾ آپ کو رب نے کیا اپنا حبیب
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿33﴾ ہے سہارا دوجہاں میں آپ ہی آپ ہیں حاجت روا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿34﴾ ہر مصیبت میں سہارا آپ کا رحمتوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿35﴾ آپ سے ہے التجا ہر دم یہی ہو نظارہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿36﴾ ہے مری پھر سے تمنا دیکھ لوں وہ مدینہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿37﴾ اِس جہاں میں کوئی بھی اپنا نہیں اے میرے حاجت روا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿38﴾ آپ سے مانگا ہے میں نے جب کبھی وہ مجھے ملتا رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿39﴾ چین مجھ کو ہجر میں ملتا نہیں در ملے اب آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿40﴾ نعمتوں کے آپ قاسم ہیں حضور کچھ تو صدقہ ہو عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿41﴾ خوف سے مجھ کو نہیں کچھ واسطہ ہے سہارا آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿42﴾ دور ہوجاتی ہے مجھ سے ہر بلا نام لوں جب آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿43﴾ نامِ نامی ساتھ میرے ہر جگہ ہے یہ ردِّ ہر بلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿44﴾ جس جگہ جب بھی لیا نام آپ کا میں مظفّر ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿45﴾ زندگی مَیں واردوں گا آپ پر ہوں گدا میں آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Qudarati Digitization eGangotri

﴿46﴾ حشرمیں مجھ کو بچانے کیلئے آپ میرے ہیں شہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿47﴾ جوبھی مانگاجب بھی مانگا آپ سے آپ نے سب کچھ دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿48﴾ نعت لکھاہوں میں جب بھی آپ کی خود قلم کہتا رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿49﴾ میں پڑھوں لکھوں سنوں مدح و ثناء مجھ کو دیجے حوصلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿50﴾ مشکلوں میں نام لُوں جب آپ کا سرسے ٹل جائے بلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿51﴾ جس گھرانہ سے ملی نسبت مجھے وہ گھرانہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿52﴾ بخشوادو اب میری ہرایک خطا امتی ہوں آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿53﴾ پھرمدینہ دیکھ لوں میں آپ کا اورکہوں یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿54﴾ آپ کا عاشق بھی ہندوستان میں کہہ رہا ہے مصطفیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿55﴾ حشرمیں بھی یہ کہوں گا فخر سے ہوں گدا میں آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿56﴾ ہم تمہارے در پہ آئیں، پھر کہیں مصطفیٰ یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿57﴾ ہوتی ہے ہم سے خطا ہر دم یہاں شافع ہر دوسَرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿58﴾ پھر ارادہ کررہا ہوں آج بھی دیکھوں روضہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿59﴾ آس ہے ہم کو شفا کی آپ سے ہوشفاء ہم کو عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿60﴾ جستجو میں جی رہا ہوں آپ کی سَر پہ سایہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿61﴾ سب بلائیں دور ہوجائیں میری جب کہوں گا مصطفیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿62﴾ آپ کا در ، سَر ہو میرا ہو یا نبی دم نکل جائے مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿63﴾ عاشقوں کے آپ ہیں حاجت روا ہو کرم ہم پر سدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿64﴾ پھر مدینہ کی تمنا ہے مجھے پوری ہومیری دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿65﴾ میرا دل میرا جگر ہے آپ ہی آپ سب کچھ ہیں مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(66) مشکلوں میں آفتوں میں آپ کو   میں پکارا ہوں سدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(67) مطلبی دنیا ہے میرے ساتھ میں   مجھ کو لیجے گا بچا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(68) ہو کوئی ابدال یا غوث وقطب   پر تمہارا ہے گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(69) ہر گھڑی ہردم یہی کہتا رہوں   پنجتن کا ہوں گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(70) ہے ہمیشہ پنجتن دل میں مرے   ہوگیا میں آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(71) آمنہ بی بی رضی اللہ عنہا کے ہو نورِ نظر   تم ہو رب کا آئینہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(72) بے ادب ہے جو بھی اہل بیت کا   راہِ حق سے ہٹ گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(73) با ادب ہے جو بھی اہل بیت کا   راہِ حق پرجم گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(74) جب علی رضی اللہ عنہ نے دیکھا چہرہ آپ کا   لب کہے صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(75) آپ کی آنکھو کے تارے ہیں علی رضی اللہ عنہ   ہر ولی کا آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(76) مرتضی کے دل رُبا ہیں مصطفیٰ   مرتضیٰ تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(77) ساتھ میں ہیں آپ کے ہر اک جگہ   مرتضیٰ مشکل کشا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(78) شبّر و شبّیر کے با با علی رضی اللہ عنہم   والدہ ہیں فاطمہ رضی اللہ عنہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(79) آج تک ڈرتا ہے خیبر سن کے یہ   مصطفیٰ یا مرتضیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(80) ہر مصیبت میں وظیفہ ہے مرا   یا علی یا فاطمہ رضی اللہ عنہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(81) نسبت مولا علی رضی اللہ عنہ مجھ کو ملی   ہے کرم یہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(82) اہل بیتِ پاک کی نسبت ملی   باپ ماں میرے فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(83) ہے سدا دل میں مرے حبِّ علی رضی اللہ عنہ   ہوں دیوانہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(84) ساتھ میں ہے فاطمہ زہرا علی رضی اللہ عنہا   دور مجھ سے ہر بلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(85) وہ علی رضی اللہ عنہ کعبہ میں جو پیدا ہوئے   ہر ولی کے پیشوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India
Collection of Mohammad Qadri Digitization eGangotri

«86» خاندانِ اہلِ بیت مصطفیٰ نور کا اک در ہے وا یا مُصطفٰی ﷺ
«87» لب پہ آتا ہے علی کا نام جب دور ہوتی ہے بلا یا مُصطفٰی ﷺ
«88» مرتضی ہیں ہر ولی کے رہنما آپ ان کے رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
«89» جس کے دل میں ہے ابو طالب کا بغض دین سے وہ ہٹ گیا یا مُصطفٰی ﷺ
«90» جس کی زوجہ فاطمہ زہراؓ ہوئی ہے وہ بھائی آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«91» فاطمہؓ کے چَین ہیں میرے حسنؓ ہے نواسہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«92» جس نے پائی تھی خلافت آپ کی ہے حَسنؓ وہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«93» ہر ولایت کی ثنا جس کو ملی ہے گھرانہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«94» فاطمہ بی بیؓ کی ہیں جو والدہ ان کا رتبہ ہے بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
«95» جسم کا میرے ہے ٹکڑا فاطمہؓ آپ نے فرما دیا یا مُصطفٰی ﷺ
«96» دین کی خاطر کٹا یا جس نے سر وہ علیؓ کا لاڈلا یا مُصطفٰی ﷺ
«97» یاد جب میں نے کیا کربلا دل وہی روتا رہا یا مُصطفٰی ﷺ
«98» کربلا میں ایک نواسہ نے تیرے دین کو اونچا کیا یا مُصطفٰی ﷺ
«99» آپ ہے غوث الوریٰؓ کے پیشوا فیض ان کو آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«100» غوث اعظمؓ کو ولایت کی سند آپ نے کی ہے عطا یا مُصطفٰی ﷺ
«101» وارث آلِ نبی ہیں دستگیر عکس ہیں وہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«102» غوث اعظمؓ ہر ولی کے پِیر کو آپ کا حصہ ملا یا مُصطفٰی ﷺ
«103» مظہر مولا علیؓ ہیں دستگیرؒ آپ کا وہ آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ
«104» قادری رکھ قادریوں میں اُٹھا ہر گھڑی ہے التجا یا مُصطفٰی ﷺ
«105» سہروردی نقشبندی قادری اور چشتی ہے فدا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Qadri Hyderabad Digitization eGangotri

﴿106﴾ اولیاء نقش قدم پر آپ کے   سر بسجدہ ہے سدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿107﴾ ہے قدم پرآپ کے سارے ولی   تم ہوا ان کے پیشوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿108﴾ ہوگیا عارف خدا کا ہر ولی   پڑھ کے کلمہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿109﴾ آپ کے نور نظر ہندالولی   رہنما وہ ہند کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿110﴾ خاندانِ سید الابدال کو   آپ کا صدقہ ملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿111﴾ سید الابدال کے حاجت روا   اُن کا میں ادنیٰ گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿112﴾ خاندان لا ابالی سے ملی   آپ کی نسبت سدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿113﴾ شیخ علی صوفی رحمۃ اللہ علیہ تمہاری ہے عطا   لاابالی کی وفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿114﴾ ہے بخاری خانوادہ آپ کا   ہے گھرانہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿115﴾ ہے بخاری خانوادے کو عطا   آپ کا صدقہ سدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿116﴾ جس کو کاندھے پر بٹھایا آپ نے   ہے نواسہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿117﴾ اولیاء کے پیشوا ہیں مرتضی   ہے علی رضی اللہ عنہ کے پیشوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿118﴾ یا علی یا فاطمہ رضی اللہ عنہا لب پر مرے   ورد ہے صبح و مسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿119﴾ ہے یہ یاسؔر پنجتن کا ایک غلام   دے دو صدقہ آل کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿120﴾ یاسؔر و یٰسین ہوں یا ہو محی   سب تمہارے ہیں گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿121﴾ آپ کا صدقہ ہو یاسؔر کو عطا   آپ سے ہے التجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿122﴾ غوث رضی اللہ عنہ کا خادم ہے یاسؔر ہو کرم   سرجھکا کرہے کھڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿123﴾ جب سے یاسؔر کو ملا در آپ کا   مل گیا رب کا پتہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿124﴾ طالبِ لطف وکرم یاسؔر بھی ہے   ہو نوازش ہو عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿125﴾ آپ کے صدقہ میں یاسؔر سے ہوا   نعت کا یہ سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مغضب ز شعراء

مناقب

مشاعرہ کی دوسری طرح ۔ منقبت کی پہلی طرح

ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا

تعداد کلام (34)

تعداد اشعار (457)

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Quadri Collection Peer Sahib Hyderabad India Digitization eGangotri

(ا) فہرست گرہ۔ مناقب

مشاعرہ کی دوسری طرح : ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللّٰہ کا

سلسلہ نمبر	تخلص	فہرست گرہ	نعت شریف اردو
1	احسن	اس میں شرکت خاص ہے مجھ پر کرم اللہ کا	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
2	احکم	کامیاب و کامراں ہے عرس عبداللہ کا	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
3	احمد	آؤ ہم مل کر منائیں دِل سے دِل کی عید آج	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
4	اختر	فیض کا دریا رواں ہے عرس عبداللہ کا	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
5	ارشد	جاؤ جاکر مانگ لو جو مانگنا ہو زائرو	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
6	اشرف	دیکھ کر حیراں جہاں ہے عرس عبداللہ کا	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
7	اعجاز	فیض لینے آگیا اعجاز بھی دربار میں	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
8	آفاقی	تا قیامت جاوداں ہے عرس عبداللہ کا	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
9	بدر	کاش مل جائے حضوری کی سعادت بدر کو	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
10	پارس	جشن میں ہندوستاں ہے عرس عبداللہ کا	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
11	ثقلین	آج سید شاہ کا پھر جلسۂ فیاض ہے	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
12	جامی	خلد کی خوبی کا منظر ہر طرف ہے آشکار	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
13	خالد	یوں ہجومِ عاشقاں ہے عرس عبداللہ کا	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
14	دانش	آؤ دانش! ہم بھی چل کر مانگ لیں من کی مراد	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
15	رانا	کائناتِ رنگ و بو میں ہر طرف یہ شور ہے	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
16	رفیق	ضوفشاں ہی ضوفشاں ہے ہر طرف نوری سماں	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا

17	روشن	قطبِ دوراں ہیں نبیرہ سید الابدال کے	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
18	رئیس	چاند سورج آسماں ہے عرس عبداللہ کا	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
19	سجاد	ہجری چودہ سو بیالیس آگئی لے کر نوید	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
"	"	دو ہزار و بیس ہے جو عیسوی کا سنہ مِلا	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
20	شفیع	اِس قدر شایان شاں ہے عرس عبداللہ کا	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
21	شوق	اب ہمارے درمیاں ہے عرس عبداللہ کا	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
22	صابر	ہوگئے پورے سوا صد آج بافضل خدا	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
23	صادق	دل میں کرتے رہتے ہیں گنتی سدا یہ قادری	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
24	فراز	سارے عالم میں عیاں ہے عرس عبداللہ کا	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
25	فریدی	اک صدی نے دی صدا صد مرحبا صد مرحبا	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
26	فیضی	حَبّذا! ہے شان وشوکت قادریت کی عیاں	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
27	فیض	آج زیرِ آسماں ہے عرس عبداللہ کا	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
28	قیصر	واہ آیا واہ آیا آگیا جی آگیا	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
29	کھوکر	لوگ بچپن سے بوڑھاپے تک ہوئے شامل یہاں	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
30	مقصود	آؤ اے مقصود اِن کے در پہ چل کر دیکھ لو	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
31	نشتر	خود بہاریں تکتی ہیں اس کو سوا سو سال سے	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
32	نظیر	فیضِ دائم کا نشاں ہے عرس عبداللہ کا	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
33	نور	عاشقانِ اہل بیت و اولیاء کی بھیڑ ہے	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا
34	وحشی	اللہ اللہ فیض ان کا دو صدی ہے محیط	ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللہ کا

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

محترم جناب حسن سعید احسن صاحب { احسنؔ }

(1) باعثِ تسکینِ جاں ہے عرس عبداللہ کا
سب کی قسمت میں کہاں ہے عرس عبداللہ کا

(2) زندگی میں اس سے پہلے منقبت گوئی نہ کی
گویا میرا امتحاں ہے عرس عبداللہ کا

(3) ایک سو پچیس سالوں سے ہے یہ قائم یہاں
عظمتِ حق کا نشاں ہے عرس عبداللہ کا

(4) برکتیں ہی برکتیں ہیں اور رحمت کا نزول
تم بھی آجاؤ جہاں ہے عرس عبداللہ کا

(5) نور کی بارش ہے اور عشاق کا مجمع یہاں
عشق کا سیلِ رواں ہے عرس عبداللہ کا

(6) تقویت ایمان کو ملتی ہے اس درگاہ سے
کفر پر بارِ گراں ہے عرس عبداللہ کا

(7) مسلوں کی دھوپ جب بڑھ جائے تو آؤ یہاں
رحمتوں کا سائباں ہے عرس عبداللہ کا

(8) اِس میں شرکت خاص ھے مجھ پر کرم اللہ کا
ایک سو پچیسواں ھے عرس عبداللہ کا

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India
Collection Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

﴿9﴾ جس نے شرکت کی اُسی نے فیض حاصل کرلیا
باعثِ سُود و زیاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿10﴾ قمقمیں حدِّ نظر تل جھلملاتی ہیں یہاں
روشنی کا ترجماں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿11﴾ شان و شوکت، عزت و توقیر، حشمت، دبدبہ
اور ان کے درمیاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿12﴾ اس سے پہلے یہ ضیا باری کہیں دیکھی نہیں
کیا زمیں پر آسماں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿13﴾ ہندو، مسلم، سکھ، عیسائی سب کے سب موجود ہیں
ناز میں ہندوستاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿14﴾ خالی جھولی لا رہے ہیں بھر کے لے جاتے ہیں لوگ
کیا سخاوت کا سماں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿15﴾ عاشقوں کو سال بھر رہتا ہے اس کا انتظار
جیسے ان کی روح وجاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿16﴾ جس سے بھی احسنؔ نے پوچھا کہنے سے قاصر رہا
منبعِ سرِّ نہاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

●●●●●

محترم جناب صوفی محمد اسمٰعیل انصاری صاحب { احکمؔ }

《1》 کامیاب و کامراں ھے عرس عبداللہ کا
ایک سو پچیسواں ھے عرس عبداللہ کا

《2》 آج رشکِ کہکشاں ہے عرس عبداللہ کا
جلوۂ کون و مکاں ہے عرس عبداللہ کا

《3》 یہ بھی اک ادنیٰ کرامت ہے ہمارے غوثؓ کی
ہرکسی پر گل فِشاں ہے عرس عبداللہ کا

《4》 گلشنِ ربِّ جہاں سے آئی ہے فیضِ بہار
حاصلِ امن و اماں ہے عرس عبداللہ کا

《5》 عاشقانِ غوثِ اعظمؓ کی نظر میں بالیقیں
باغِ جنت کا نشاں ہے عرس عبداللہ کا

《6》 مصطفیٰ صلِّ علیٰ کا شامیانہ ہے وہاں
منعقد ' نوری جہاں ہے عرس عبداللہ کا

《7》 غوث اعظمؓ کی کرامت ہے عیاں کونین پر
سب کے ہونٹوں پر بیاں ہے عرس عبداللہ کا

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Sahib Hyderabad India Collection Digitization eGangotri

﴿8﴾ مومنوں کے واسطے یہ عرس ہے فصلِ بہار
نگہ کافر میں خزاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿9﴾ عاشقِ ابلیس سُن لے تو ہے غدّارِ ولی
تیری نظروں میں دھواں ہے عرس عبداللہ کا

﴿10﴾ دل میں تیرے تیرگی ہے آنکھ بھی بے نور ہے
اس لئے تجھ کو گراں ہے عرس عبداللہ کا

﴿11﴾ غوثِ اعظمؓ حضرتِ مولا علیؓ کی آل ہیں
خوب زیرِ آسماں ہے عرس عبداللہ کا

﴿12﴾ طائرانِ دین وملت کا ہے مرکز بے نظیر
یہ نہ کہئے بے نشاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿13﴾ ہم عقیدت مند اتنا جانتے ہیں دوستو
فیض کا دریا رواں ہے عرس عبداللہ کا

﴿14﴾ کاش میری بھی لحد ہو اِس دیارِ غوثؓ میں
دفن ہوتا میں جہاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿15﴾ مجھ کو احکمِ عشق ہے غوث الوریؓ کی ذات سے
میرے سینے میں نہاں ہے عرس عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadari Digitization eGangotri

محترم جناب رضوان احمد انصاری صاحب { احمدؔ }

﴿1﴾ کس قدر جلوہ کناں ہے عرس عبداللہ کا
ساری دنیا میں عیاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿2﴾ ہندومسلم سکھ عیسائی ہیں بمثلِ کھکشاں
یک دِلی کا آسماں ہے عرس عبداللہ کا

﴿3﴾ کیوں بھٹکتا پھر رہا ہے در بدر آجا ادھر
رحمتوں کا سائباں ہے عرس عبداللہ کا

﴿4﴾ جا بجا تاریکیوں کا پھر نہ ہوکیوں خاتمہ
روشنی کا کارواں ہے عرس عبداللہ کا

﴿5﴾ ہر طرح کے رنگ کے یکجا ہوئے ہیں پھول سب
خود میں اک ہندوستاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿6﴾ جوبھی تجھ کو مانگنا ہے مانگ لے مل جائے گا
قادری یہ آستاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿7﴾ خانقاہ یہ ہے تعصب سے یقیناً پاک صاف
اس لئے تو جاوداں ہے عرس عبداللہ کا

﴿8﴾ کیوں نہ میں بھی حاضری کا شرف حاصل کرلوں آج
واہ کیا رنگیں سماں ہے عرس عبداللہ کا

﴿9﴾ اس سے بڑھ کرہوگی کیا اب نیک بختی کی دلیل
میں بھی آپہنچا جہاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿10﴾ آو ہم مل کرمنائیں دل سے دل کی عید آج
ایک سو پچیسواں ھے عرس عبداللہ کا

﴿11﴾ میں بھی صدقہ لینے احمدؔ آگیا اس واسطے
سائلوں پہ مہرباں ہے عرس عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Hyderabad India
Collection Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

محترم جناب فیروز اختر صاحب { اخترؔ }

﴿1﴾ فیض کا دریا رواں ھے عرس عبداللہ کا
ایک سو پچیسواں ھے عرس عبداللہ کا

﴿2﴾ دل کی آنکھوں سے تو دیکھو ہیں ملائک چار سُو
نور کا اک کارواں ہے عرس عبداللہ کا

﴿3﴾ دیکھو پتھر والے صاحب کی کرامت دیکھ لو
غم یہاں اب بے نشاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿4﴾ عاشقِ صادق بھی ہیں اور قطبِ دوراں‘ جان لو
دیکھو الفت کا سماں ہے عرس عبداللہ کا

﴿5﴾ آستاں جیسے که دُلھا بن گیا ہے دیکھئے
نور ہر سُو ضوفشاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿6﴾ خوشیوں سے چھرے کِھلے ہیں دیکھ لو تم آکے اب
غم کی دُنیا بے اَمَاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿7﴾ ذکر عبداللہ کا ہے سب کے ہونٹوں پر عیاں
دیکھو ذکرِ بے کراں ہے عرس عبداللہ کا

﴿8﴾ زائرین اب آؤ اپنے دامنوں کو بھر لو تم
صدقۂ بغداد ‘ یاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿9﴾ عرس میں آیا ہُوں تو سب غم مرے مٹنے لگے
دل مرا اب شادماں ہے عرس ہے عبداللہ کا

﴿10﴾ یه کرامت کم نہیں ہے شاہ عبداللہ کی
ہر کوئی اب کامراں ہے عرس عبداللہ کا

﴿11﴾ لکھ سکوں فیروزؔ میں بھی منقبت شاہِ دکن
فیض یه مجھ پر رواں ہے‘ عرس عبداللہ کا

●●●●●

محترم جناب محمد عمر علی ارشدشرفی صاحب { ارشدؔ }

﴿1﴾ نورکا اک سائباں ہے عرس عبداللّٰہ کا
تیرگی میں ضوفشاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿2﴾ جاؤجاکر مانگ لو جو مانگنا ہو زائرو
ایک سو پچیسواں ھے عرس عبداللّٰہ کا

﴿3﴾ سب طریقت کے سلاسل ایک جَا مِل جائیں گے
سب وہاں پرہیں جہاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿4﴾ سن رہے ہیں سب کی حضرت پیرعبداللّٰہ آج
کہہ رہا سارا جہاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿5﴾ ہرطرف ہے رشنی ہی روشنی چھائی ہوئی
از زمیں تا آسماں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿6﴾ بھرتی جاتی ہیں سبھی کی جھولیاں دربارمیں
کس قدَر گوہر فشاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿7﴾ نور ہی بس نور ہے چھایا ہُوا یاں ہرطرف
نور کا اک آشیاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿8﴾ لو بِلا تخصیص بھرتی جارہی ہیں جھولیاں
آج سب پرمہرباں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿9﴾ بے دِلو آؤ چلو چل کر سکوں پالیں وہاں
بے گماں راحت رساں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿10﴾ کارواں ساہو میں ہی یہ عرس حضرت کانہیں
کارواں در کارِواں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿11﴾ سینکڑوں اشعار کہنے ہیں تجھے ارشد یہاں
شاعروں کا امتحاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿8﴾ مومنوں کے واسطے یہ عرس ہے فصلِ بہار
نگہ کافر میں خزاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿9﴾ عاشقِ ابلیس سُن لے تو ہے غدّارِ ولی
تیری نظروں میں دھواں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿10﴾ دل میں تیرے تیرگی ہے آنکھ بھی بے نور ہے
اس لئے تجھ کو گراں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿11﴾ غوثِ اعظمؓ حضرتِ مولا علیؓ کی آل ہیں
خوب زیرِ آسماں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿12﴾ طائرانِ دین وملت کا ہے مرکز بے نظیر
یہ نہ کہئے بے نشاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿13﴾ ہم عقیدت مند اتنا جانتے ہیں دوستو
فیض کا دریا رواں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿14﴾ کاش میری بھی لحد ہو اِس دیارِ غوثؓ میں
دفن ہوتا میں جہاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿15﴾ مجھ کو احکمؔ عشق ہے غوث الوریٰؓ کی ذات سے
میرے سینے میں نہاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

●●●●●

محترم جناب رضوان احمد انصاری صاحب { احمدؔ }

﴿1﴾ کس قدر جلوہ کناں ہے عرس عبداللہ کا
ساری دنیا میں عیاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿2﴾ ہندو مسلم سکھ عیسائی ہیں بمثلِ کہکشاں
یک دِلی کا آسماں ہے عرس عبداللہ کا

﴿3﴾ کیوں بھٹکتا پھر رہا ہے در بدر آجا ادھر
رحمتوں کا سائباں ہے عرس عبداللہ کا

﴿4﴾ جا بجا تاریکیوں کا پھر نہ ہو کیوں خاتمہ
روشنی کا کارواں ہے عرس عبداللہ کا

﴿5﴾ ہر طرح کے رنگ کے یکجا ہوئے ہیں پھول سب
خود میں اک ہندوستاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿6﴾ جو بھی تجھ کو مانگنا ہے مانگ لے مل جائے گا
قادری یہ آستاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿7﴾ خانقاہ یہ ہے تعصب سے یقیناً پاک صاف
اس لئے تو جاوداں ہے عرس عبداللہ کا

﴿8﴾ کیوں نہ میں بھی حاضری کا شرف حاصل کرلوں آج
واہ کیا رنگیں سماں ہے عرس عبداللہ کا

﴿9﴾ اس سے بڑھ کر ہوگی کیا اب نیک بختی کی دلیل
میں بھی آپہنچا جہاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿10﴾ آو ہم مل کر منائیں دل سے دل کی عید آج
ایک سو پچیسواں ھے عرس عبداللہ کا

﴿11﴾ میں بھی صدقہ لینے احمدؔ آگیا اس واسطے
سائلوں پہ مہرباں ہے عرس عبداللہ کا

●●●●●

محترم جناب فیروز اختر صاحب { اختؔر }

﴿1﴾ فیض کا دریا رواں ھے عرس عبداللہ کا
ایک سو پچیسواں ھے عرس عبداللہ کا

﴿2﴾ دل کی آنکھوں سے تو دیکھو ہیں ملائک چار سُو
نور کا اک کارواں ہے عرس عبداللہ کا

﴿3﴾ دیکھو پتھر والے صاحب کی کرامت دیکھ لو
غم یہاں اب بے نشاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿4﴾ عاشقِ صادق بھی ہیں اور قطبِ دوراں' جان لو
دیکھو الفت کا سماں ہے عرس عبداللہ کا

﴿5﴾ آستاں جیسے کہ دُلہا بن گیا ہے دیکھئے
نور ہر سُو ضوفشاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿6﴾ خوشیوں سے چہرے کِھلے ہیں دیکھ لو تم آکے اب
غم کی دُنیا بےاَمَاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿7﴾ ذکر عبداللہ کا ہے سب کے ہونٹوں پر عیاں
دیکھو ذکرِ بے کراں ہے عرس عبداللہ کا

﴿8﴾ زائرین اب آؤ اپنے دامنوں کو بھر لو تم
صدقۂ بغداد ' یاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿9﴾ عرس میں آیا ہُوں تو سب غم مرے مٹنے لگے
دل مرا اب شادماں ہے عرس ہے عبداللہ کا

﴿10﴾ یہ کرامت کم نہیں ہے شاہ عبداللہ کی
ہر کوئی اب کامراں ہے عرس عبداللہ کا

﴿11﴾ لکھ سکوں فیروزؔ میں بھی منقبت شاہِ دکن
فیض یہ مجھ پر رواں ہے' عرس عبداللہ کا

●●●●●

محترم جناب محمد عمر علی ارشد شرفی صاحب { ارشد }

(1) نورکا اک سائباں ہے عرس عبداللّٰہ کا
تیرگی میں ضوفشاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

(2) جاؤجاکر مانگ لو جو مانگنا ہو زائرو
ایک سو پچیسواں ھے عرس عبداللّٰہ کا

(3) سب طریقت کے سلاسل ایک جَا مِل جائیں گے
سب وہاں پرہیں جہاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

(4) سن رہے ہیں سب کی حضرت پیرعبداللّٰہ آج
کہہ رہا سارا جہاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

(5) ہرطرف ہے رشنی ہی روشنی چھائی ہوئی
از زمیں تا آسماں ہے عرس عبداللّٰہ کا

(6) بھرتی جاتی ہیں سبھی کی جھولیاں دربارمیں
کس قدَر گوہر فشاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

(7) نور ہی بس نور ہے چھایا ہُوا یاں ہرطرف
نور کا اک آشیاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

(8) لو بِلا تخصیص بھرتی جارہی ہیں جھولیاں
آج سب پرمہرباں ہے عرس عبداللّٰہ کا

(9) بے دِلو آؤ چلو چل کر سکوں پالیں وہاں
بے گماں راحت رساں ہے عرس عبداللّٰہ کا

(10) کارواں ساہو میں ہی یہ عرس حضرت کانہیں
کارواں در کارِواں ہے عرس عبداللّٰہ کا

(11) سینکڑوں اشعار کہنے ہیں تجھے ارشد یہاں
شاعروں کا امتحاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

●●●●●

Collection Peer Sahib Quadri Hyderabad India

محترم جناب محمد منور حسین اشرف یعقوبی صاحب { اشرؔف }

﴾1﴿ دیکھ کر حیران جہاں ھے عرس عبداللہ کا
ایک سو پچیسواں ھے عرس عبداللہ کا

﴾2﴿ سنتے ہیں جائے اماں ہے عرس عبداللہ کا
ہم کو بھی لے چل جہاں ہے عرس عبداللہ کا

﴾3﴿ اولیاء کے آستانوں میں الگ یہ آستاں
شہر میں اک آستا ں ہے عرس عبداللہ کا

﴾4﴿ ائے نوائے گردشِ ایام ‘ نظریں تو اٹھا
دیکھ عرسِ لامکاں ہے عرس عبداللہ کا

﴾5﴿ منتوں کی تھالیاں بھربھر کے لے جائیں گے سب
فیض کا چشمہ رواں ہے عرس عبداللہ کا

﴾6﴿ یہ تبرک اور تقدُّس ہے تحیُّر کا مقام
سارے عالم پرعیاں ہے عرس عبداللہ کا

﴾7﴿ آرزوئے خامشی کو لائیے ہونٹوں پہ بھی
بے زبانوں کی زباں ہے عرس عبداللہ کا

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿8﴾ چل کے آجاؤں ولی اللہ کے دربار میں
یہ گُلوں کا سائباں ہے عرس عبداللہ کا

﴿9﴾ خودبخود کھینچے چلے آتے ہیں دل والے یہاں
صبح مرغانِ اذاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿10﴾ رقص کرتے ہیں جہاں پرطائرانِ باغ عشق
گلشنِ دیدہ وراں ہے عرس عبداللہ کا

﴿11﴾ آج بھی ہے ہر کرامت آپ کی پیشِ نظر
جشنِ یادِ رفتگاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿12﴾ عظمتوں سے خوب واقف ہے ہماری سَرزمیں
آسماں بھی قدرداں ہے عرس عبداللہ کا

﴿13﴾ روح پرور کس قدر ہے آج آکر دیکھئے
روشنی میں آستاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿14﴾ رنگِ فرطِ شادمانی سب کے رخ سے ہے عیاں
حال نظروں سے عیاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿15﴾ جس نے دیکھا ہی نہیں تو آج آکر دیکھ لے
یہ سماں جنت نشاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿16﴾ شہرِ دل کی تیرگی کو دُور کردیتا ہے یہ
شامِ غم کی شمع جاں ہے عرس عبداللہ کا

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿17﴾ ہے یہاں اِس انجمن میں کیا لبوں سے ہو بیاں
یہ ہماری جانِ جاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿18﴾ دیکھنے اِس انجمن کو آج ہم بھی آگئے
واقعی جنت نشاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿19﴾ آج حاجت مند جتنے ہیں سبھی آئے ہوئے
بزمِ اہلِ بیکساں ہے عرس عبداللہ کا

﴿20﴾ جو چڑھائی جاتی ہے تربت پہ چادر آپ کی
بیکسوں کا سائباں ہے عرس عبداللہ کا

﴿21﴾ یوں ہی یہ محفل نہیں ہے دُنیوی میرے عزیز
فضلِ رب سے جاوداں ہے عرس عبداللہ کا

﴿22﴾ سر پہ ہے سایہ فگن اُس کے دعاؤں کی گھٹا
جو کوئی بھی میہماں ہے عرس عبداللہ کا

﴿23﴾ مسکراتی ہیں نگاہیں اور لَبْ خاموش ہیں
دیکھ کر دل شادماں ہے عرس عبداللہ کا

﴿24﴾ بیقراروں کو قرار آتا ہے جس کو دیکھ کر
جلوۂ رحمت رساں ہے عرس عبداللہ کا

﴿25﴾ آؤ کہنے آپ اشرؔف منقبت اِس بزم میں
جلوہ گاہِ امتحاں ہے عرس عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheed Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

محترم جناب اعجاز احمد قادری صاحب { اعجاؔز }

﴿1﴾ جگمگاتا گُل فشاں ہے عرس عبداللّٰہ کا
یعنی رشکِ گلستاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿2﴾ کوئی بھی خالی نہیں لَوٹا ہے اِس دربار سے
اک متاع شایگاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿3﴾ آنے والا داخلِ ایمان ہوتا ہے یہاں
یہ شفیعِ عاصیاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿4﴾ جو رَہا بَھٹکا ہُوا اُس لعنتی کے واسطے
باخدا کوہِ گراں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿4﴾ ڈوبنے والا نکالے گا یہاں سے موتیاں
یعنی بحرِ بیکراں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿5﴾ کِھلتے رہتے ہیں جہاں ہردم تصوف کے گلاب
وہ بہارِ بوستاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿6﴾ بے قراری کو یہاں اک پل میں ملتا ہے قرار
منبعِ امن و اماں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿7﴾ ہم سبھی پاتے شفا ہیں آپ کے دربار سے
اک حفیظِ جسم وجاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿8﴾ ظاہر و باطن کے اِن پر منکشف احوال کا
یہ نعیم و غیب داں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿9﴾ نور سے پُر نور ہوتا ہے یہاں تاریک دل
اک چراغِ آسماں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿10﴾ صَرف ہوتا ہے نِرالی شان سے لمحہ ہر ایک
عِلم اور تحقیق میں سرمایہ عبداللّٰہ کا

﴿11﴾ فیض لینے آگیا اعجاز بھی دربار میں
ایک سو پچیسواں ھے عرس عبداللّٰہ کا

●●●●●

محترم جناب محمد عبدالجبار صاحب نور { آفاقی }

﴿1﴾ ایک سو پچیسواں ھے عرس عبداللہ کا
تاقیامت جاوداں ھے عرس عبداللہ کا

﴿2﴾ دل پسندِ خواجگاں ہے عرس عبداللہ کا
زندگی بخش اِک نشاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿3﴾ وجھہ صد تسکینِ جاں ہے عرس عبداللہ کا
جامِ جمشیدِ جہاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿4﴾ آؤدیکھیں چل پھریں ارضِ دکن پرصبح وشام
گوشۂ باغِ جناں ہے عرس عبداللہ کا

﴿5﴾ با مسلماں اللہ اللہ، با بِرَہْمَن رام رام
اس مقولہ کا نشاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿6﴾ ہے نظرتودیکھ لو وحدت میں کثرت کا کمال
اہلِ دل کا امتحاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿7﴾ آسماں کی مانگ ہوجس طرح شب بھرنور ریز
اس طرح سے ضوفشاں ہے عرس عبداللہ کا

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Quadri Hyderabad India Collection Digitization eGangotri

﴿8﴾ یہ تو فرحت بخش ہے ہم دل جَلوں کے واسطے
اور اَندھوں کو دھواں ہے عرس عبداللہ کا

﴿9﴾ حاجیوں کو سوئے کعبہ کوچ کرنے کیلئے
حق نما اک بادباں ہے عرس عبداللہ کا

﴿10﴾ آرہے ہیں وہ مسلماں ہوں کہ ہندو جوق جوق
اک سَرائے کارواں ہے عرس عبداللہ کا

﴿11﴾ جانتے ہیں ہم کہ یہ اہلِ تَوَہُّبْ کے لئے
چِیستان در چِیستاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿12﴾ دیکھ لیتے ہیں پسِ منظر بھی اربابِ نظر
ردِّ شانِ خسرواں ہے عرس عبداللہ کا

﴿13﴾ باعثِ صد امتحانِ اہلیان مُلک ہے
طُرۂ ہندوستاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿14﴾ رہ نمائی کے لئے ہرموڑ پر ہے دیکھ لو
اک ہرا طُغرہ نشاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿15﴾ ہے فلک پر چودھویں کا چاند جیسے نوربیز
فرش پر یوں زرفشاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿16﴾ کوئی بتلائے تو اس کی وجہ تسمیّہ ہے کیا
قابلِ شرح و بیاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿17﴾ مئے کشو ساغر بہ کف بیٹھو بصد ہوش و حواس
حلقہ پیر مغاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿18﴾ جیتے جی ہم دیکھتے ہیں ہر منافق کیلئے
دل فگار آتش بجاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿19﴾ زائرو دیکھو ذرا تم ہر برس با اہتمام
کامراں ہے کامراں ہے عرس عبداللہ کا

﴿20﴾ کون پاتا ہے ہدایت ہم بھی دیکھیں تو سہی
رہنمائے غافلاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿21﴾ آنکھ کے اندھے تو اندھے دل کے اندھوں کیلئے
دیکھنا بھی رائگاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿22﴾ گلستانِ اولیاء میں کِھلتے ہیں ہر سال پھول
رَدِّ صد وہم و گماں ہے عرس عبداللہ کا

﴿23﴾ آتے جاتے رہتے ہیں اہل فلک اعراس میں
اس کا اک بیِّن نشاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿24﴾ آئیے آجائیے ہوش و خرد کو تھام کر
عارفوں کا کارواں ہے عرس عبداللہ کا

﴿25﴾ نور آفاقیؔ نے دیکھے ہیں کئی اعراس پر
ہند میں شایانِ شاں ہے عرس عبداللہ کا

●●●●●

محترم جناب سید بدر احمد صاحب { بدؔر }

﴿1﴾ پردہ دار عاصیاں ہے عرس عبداللہ کا
رہنمائے گمرہاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿2﴾ اپنے اپنے آستانوں میں نہیں ہیں اولیا
سب وہیں پر ہیں جہاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿3﴾ ہر ارادت مند سَر سے پا تلک ڈوبا ہُوا
موجِ لطفِ بے کراں ہے عرس عبداللہ کا

﴿4﴾ چار سُو رنگ و نکہت کا نرالا امتزاج
گویا کشتِ زعفراں ہے عرس عبداللہ کا

﴿5﴾ جس طرف دیکھو اُدھر ہیں نعمتیں ہی نعمتیں
نقشۂ باغ جِناں ہے عرس عبداللہ کا

﴿6﴾ ہر طرف بکھرے ہوئے دیکھو طریقت کے نجوم
عین مثلِ کہکشاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿7﴾ زندگی کی چلچلاتی دھوپ میں اپنے لئے
رحمتوں کا سائباں ہے عرس عبداللہ کا

﴿8﴾ دیدۂ باطن اگر وا ہو ' تبھی دکھلائی دے
کیسا نورانی سماں ہے عرس عبداللہ کا

﴿9﴾ ہر طرف لہرا رہا ہے قادریت کا عَلَم
باعثِ صد عز و شاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿10﴾ دیکھنا ہے سَر کے بل چل کر یہاں آتا ہے کون
عاشقوں کا امتحِاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿11﴾ کاش مل جائے حضوری کی سعادت بدر کو
ایک سو پچیسواں ھے عرس عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Wahab Sahab Hyderabad India Collection Peer Mohammed Qadri Digitization eGangotri

محترم جناب تلک راج ٹلوانی صاحب { پارسؔ }

﴿1﴾ جشن میں ہندوستاں ہے عرس عبداللّٰہ کا
ایک سو پچیسواں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿2﴾ نور جیسا آسماں ہے عرس عبداللّٰہ کا
قدسیوں کے درمیاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿3﴾ ایک دوجے کو مبارک باد دیتے ہیں سبھی
وجد میں ہندوستاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿4﴾ غوث اعظم رضی اللہ عنہ سے قریبی رابطہ اس گھر کا ہے
اِس لئے یہ رازداں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿5﴾ ٹوٹ کے برسی ہے ان کے روضۂ اقدس پہ آج
نور جیسی کہکشاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿6﴾ دیتے ہیں حسنی حسینی رضی اللہ عنہما صدقہ جو خیرات میں
پنجتن کا پاسباں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿7﴾ میری دربدری کو ایسا آسرا حاصل ہُوا
رحمتوں کا آشیاں ہے عرس عبداللّٰہ

﴿8﴾ اِس زمیں پر ہے قیامت خیز سورج کی تپش
سرد ایسا سائباں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿9﴾ جانے کتنے مفلسوں کے پَل رہے ہیں گھر یہاں
یعنی ہر طبقے کی جاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿10﴾ مَیں یہاں آیا تو میرے خواب میں آئے بزرگ
کوئی مجھ پہ مہرباں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿11﴾ آج مہماں بن کے پارسؔ آیا ہُوں اِس در پہ مَیں
مہرباں یہ میزباں ہے عرس عبداللّٰہ

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheiz Hussaini Quadri Hyderabad Digitization eGangotri

محترم جناب محمد ثقلین صاحب { ثقلینؔ }

﴿1﴾ استقامت کا نشاں ہے عرس عبداللہ کا
اک انوکھا کارواں ہے عرس عبداللہ کا

﴿2﴾ پھول کلیاں غنچۂ دل جھوم اٹھتے ہیں یہاں
لہلہاتا گلسِتاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿3﴾ غوثِ اعظمؓ قطبِ ربانی نبی کی آل کے
عاشقوں پر مہرباں ہے عرس عبداللہ کا

﴿4﴾ ہر مسافر کو یہاں آکر ہی ملتا ہے سکوں
اِس شہر کا پاسباں ہے عرس عبداللہ کا

﴿5﴾ شاہ ' ابدالوں ' قلندر یا فقیروں کے لئے
خوبصورت آشیاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿6﴾ شاعر و مہمان سب اعجاز پاتے ہیں یہاں
ہر کسی کا میزباں ہے عرس عبداللہ کا

﴿7﴾ آپ ہیں آلِ نبی ابن سخی کامل ولی
مخلصوں کا پاسباں ہے عرس عبداللہ کا

﴿8﴾ بدعقیدہ حاسدوں کے خواب بوڑھے ہوگئے
دیکھ لو اب بھی جواں ہے عرس عبداللہ کا

﴿9﴾ آج سید شاہ کا پھرجلسہ فیاض ھے
ایک سو پچیسواں ھے عرس عبداللہ کا

﴿10﴾ حاجتیں ہوتی ہیں پوری دل کو ملتا ہے سکوں
فیض کا دریا رواں ہے عرس عبداللہ کا

﴿11﴾ ہندو مسلم سکھ سبھی ثقلینؔ ملتے ہیں گلے
اک اُخوّت کا جہاں ہے عرس عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

محترم جناب سید شاہ عبدالوہاب صاحب ﴿ جامیؔ ﴾

﴿1﴾ لا مکاں کا یک مکاں ہے عرس عبداللّٰہ کا
یک نظامِ عاشقاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿2﴾ سُنّیوں کا ترجماں ہے عرس عبداللّٰہ کا
مرکزِ پیروجواں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿3﴾ مِنّتوں کا کارواں ہے عرس عبداللّٰہ کا
چارۂ بے چارگاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿4﴾ ہے قسم شہرِ نجف کی گلشنِ بغداد کی
کربلائی کہکشاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿5﴾ بِن بلائے خود بخود عشاق آتے ہیں یہاں
ایک روحانی اذاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿6﴾ عشق کے مکتب کا عَالِم معرفت کا شیخ بھی
حُسن کا لفظ و بیاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿7﴾ شاہبازِ لامکاں کے نور کا جلوہ ہے یہ
بازِ اشہب بے گماں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿8﴾ مانگتا ہے ہرکوئی دامن کو پھیلا کر یہاں
دستگیرِ بے کساں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿9﴾ نور چھن کرگنبد خضریٰ سے آتا ہے یہاں
عارفوں کا آشیاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿10﴾ خلد کی خوبی کا منظر ہر طرف ھے آشکار
ایک سَو پچیسواں ھے عرس عبداللّٰہ کا

﴿11﴾ مختصر جامیؔ یہ لکھ کر روک لے اپنا قلم
باعثِ امن واماں ہے عرس عبداللّٰہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Qadri Hyderabad Digitization eGangotri

محترم جناب خالد ندیم بدایونی صاحب { خالدؔ }

﴿1﴾ یہ نہ پُوچھو تم کہاں ہے عرس عبداللّٰہ کا
گلسِتاں در گلسِتاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿2﴾ مت کہو تم رائیگاں ہے عرس عبداللّٰہ کا
رحمتوں کا سائباں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿3﴾ کیسے کہدوں میں نہاں ہے عرس عبداللّٰہ
سب پہ ظاہر اور عیاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿4﴾ شاہِ جیلاں کی حمایت اِس کو حاصل ہے جناب
اس لئے بھی جاوِداں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿5﴾ جو اُجالے لیکے آیا ہے ہماری بزم میں
نور کا وہ کارواں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿6﴾ اِس میں ہوتا ہے ہماری تربیت کا اہتمام
درسگاہِ عاشقاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿7﴾ جس میں روشن ہے ازل سے نور ونکہت کے چراغ
ایک ایسی کہکشاں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿8﴾ ایک عرصہ سے زمانہ ہو رہا ہے فیضیاب
ایسا بحرِ بے کراں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿9﴾ عشق کا پیغامبر ہے اور وفا کا راہبر
پیار کا روحِ رواں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿10﴾ ابتدا سے دے رہا ہے حق پرستی کا پیام
یہ نہ سمجھو بے زباں ہے عرس عبداللّٰہ کا

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India / Collection Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

﴿11﴾ قادری چشتی نظامی اور فریدی صابری
نکہتوں کے درمیاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿12﴾ تیرگی کے دل میں چُبھتے ہیں نکل کرجس کے تیر
اہلِ حق کی وہ کماں ہے عرس عبداللہ کا

﴿13﴾ گلسِتانِ اہلِ دل کو کر رہا ہے مشکبار
اِس قدرخوشبو رساں ہے عرس عبداللہ کا

﴿14﴾ اس حقیقت کا زمانہ کر رہا ہے اعتراف
عظمتِ ہندوستاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿15﴾ آندھی وطوفان بارش کا کوئی خطرہ نہیں
جب ہمارا پاسباں ہے عرس عبداللہ کا

﴿16﴾ اہلِ دل اہلِ نظر یہ دیکھ کر کہنے لگے
کامیاب و کامراں ہے عرس عبداللہ کا

﴿17﴾ ہر دلِ عاشق میں دیکھو ہر نگاہِ شوق میں
پوچھتے کیا ہوکہاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿18﴾ عاشقانِ اولیاء کی بے تحاشہ بھیڑ ہے
ہر بشر پر مہرباں ہے عرس عبداللہ کا

﴿19﴾ یُوں ھجومِ عاشقاں ھے عرسِ عبداللہ میں
ایک سو پچیسواں ھے عرس عبداللہ کا

﴿20﴾ مفلس و نادار سب مہمان بن کر آئے ہیں
آج سب کا میزباں ہے عرس عبداللہ کا

﴿21﴾ آسماں سے بارشِ انوار خالد کیوں نہ ہو
جب نبی کا مدح خواں ہے عرس عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Qadari Digitization eGangotri

محترم جناب عبدالخالق دانش جبلپوری صاحب { دانشؔ }

﴿1﴾ رحمتوں کا کارواں ہے عرس عبداللہ کا
جلوہ گاہِ کہکشاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿2﴾ سلسلہ ملتا ہے ان کا غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ سے نسب
دینِ حق کا پاسباں ہے عرس عبداللہ کا

﴿3﴾ دُور سے چل کر یہاں تک آنے والوں کے لئے
باعثِ تسکینِ جاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿4﴾ یُوں تو ہر دربار کی ہے دلکشی اپنی مگر
رونقِ ہندوستاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿5﴾ ہندو، مسلم، سکھ، عیسائی اس میں آتے ہیں سبھی
ایکتا کا گلستاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿6﴾ لے کے پھول آتے ہیں الفت اور عقیدت کے سبھی
کس قدر رنگیں سماں ہے عرس عبداللہ کا

﴿7﴾ دھیرے دھیرے ہم کو لے جائے گا اک دن خلد تک
سرورِ دیں کا نشاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿8﴾ اس لئے شامل ہے اس میں حیدرآبادی وقار
وجہِ شانِ آستاں ہے عرس عبداللہ کا

﴿9﴾ کیوں نہیں کہتے ہو کُھل کر اپنے اپنے دل کی بات
جب دِلوں کا رازداں ہے عرس عبداللہ کا

﴿10﴾ آؤ چل کر بھر لو دامن صدقۂ حسنین رضی اللہ عنہما سے
فیض کا دریا رواں ہے عرس عبداللہ کا

﴿11﴾ آئو دانشؔ! ہم بھی چل کر مانگ لیں من کی مراد
ایک سو پچیسواں ھے عرس عبداللہ کا

●●●●●

محترم جناب عبادت اللہ انصاری جاوید رانا صاحب ﴿ راناؔ ﴾

﴾1﴿ رحمتوں کا کارواں ہے عرس عبداللہ کا
جگمگاتی کہکشاں ہے عرس عبداللہ کا

﴾2﴿ مہکی مہکی ہیں فضائیں مشک و عنبر کی طرح
عطر افشاں گلسِتاں ہے عرس عبداللہ کا

﴾3﴿ ایک عاشق گا رہا ہے معرفت کے ساز پر
میرا دل ہے میری جاں ہے عرس عبداللہ کا

﴾4﴿ کائناتِ رنگ و بو میں ہر طرف یہ شور ھے
ایک سو پچیسواں ھے عرس عبداللہ کا

﴾5﴿ ہندو، مسلم، سکھ، عیسائی، پارسی آتے ہیں سب
وحدتِ ہندوستاں ہے عرس عبداللہ کا

﴾6﴿ ہوکے وہ سیراب جاتا ہے جو آتا ہے یہاں
ایک بحرِ بیکراں ہے عرس عبداللہ کا

﴾7﴿ روشنی ہے، رنگ ہے، خوشبو ہے، پروانے بھی ہیں
اک ہجوم عاشقاں ہے عرس عبداللہ کا

﴾8﴿ اے زمانے کے امیرو! ہم کو ہے گھرمت کہو
ہم فقیروں کا مکاں ہے عرس عبداللہ کا

﴾9﴿ یہ کسی مخصوص لوگوں کیلئے مختص نہیں
ہر کسی پر مہرباں ہے عرس عبداللہ کا

﴾10﴿ یہ کرم ہے رب العزت کا طفیل مصطفٰی
رونقِ کون و مکاں ہے عرس عبداللہ کا

﴾11﴿ رحمت باریِ تعالی کا ہے ڈیرا اِس جگہ
دیکھ لو راناؔ جہاں ہے عرس عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohsin Sahib Quadri Hyderabad Digitization eGangotri

محترم جناب رفیق ناگوری صاحب { رفیقؔ }

﴿1﴾ یہ درخشاں کہکشاں ہے عرس عبداللّٰہ کا
اِس زمیں پر آسماں ہے عرس عبداللّٰہ کا

﴿2﴾ وہ طریقت جوکہ دنیا میں مثالی بن گئی
اولیاء جیسا ہے ہر اک بچہ عبداللہ کا

{13} برکتوں کی وسعتوں کو دیکھکر ہر خاص و عام
رب سے مانگے ہو عطا اب صدقہ عبداللہ کا

{14} فیضِ غوثِ پاکؓ کی فیضانیت کے نور سے
لگ رہا بغداد سا کاشانہ عبداللہ کا

{15} شمعِ وحدت میں یہ عبداللہ ضم جب ہو گئے
ہر کوئی تب بن گیا پروانہ عبداللہ کا

{16} آپ دکّن کے وتد ہیں قطب دوراں بھی ہیں آپ
ہر زمانہ ہوگیا دیوانہ عبداللہ کا

{17} وہ ولی کہلا یا ولیوں کی صفوں میں آگیا
جس کسی نے بھی ہے دیکھا چہرہ عبداللہ کا

{18} اے امیرؔ اس زندگی کو اِن کے در پر چھوڑ دے
دین پر لانے کا جب ہے وعدہ عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheed Collection Hyderabad Digitization eGangotri

انورؔ۔[ ]۔ محترم جناب محمد فاروق انور قادری صاحب

{1} آؤ جا کے دیکھ لیں ہم جلوہ عبداللہ کا
عُرس آیا ہے سَوا سَو سالہ عبداللہ کا

{2} نور کی برسات ہوتی ہے یہاں پر رات دن
منبعِ انوار ہے یہ روضہ عبداللہ کا

{3} وہ یقیناً پھر کبھی بھوکا نہ خود کو پائے گا
مِل گیا ہے جس کو بھی اک دانہ عبداللہ کا

{4} آئیے چلتے ہیں ہم سب عرسِ عبداللہ میں
بٹ رہا ہے اب وہاں پر صدقہ عبداللہ کا

{5} کیا نرالی شان ہے اولادِ غوث پاکؓ کی
جو بھی دیکھا ہو گیا دیوانہ عبداللہ کا

{6} اِن کے در پر جو گیا مَن کی مرادیں پالیا
کوئی بھی خالی نہ لَوٹا منگتا عبداللہ کا

{7} ہے دکن کی سرزمیں پر اِن کا روضہ جلوہ گر
ہر ولی کی ہے زبان پر چرچہ عبداللہ کا

{8} آستانہ آپ کا تو ثانئ بغداد ہے
غوثِ اعظمؓ سے ہے ملتا شجرہ عبداللہ کا

{9} اِن کے در پر سَر جُھکا کر دیکھ لینا ایک بار
تم کو آئے گا نظر پھر جلوہ عبداللہ کا

{10} ہر طرف ان کی ولایت کا ہے چرچہ آج بھی
اولیاء ہی جانتے ہیں درجہ عبداللہ کا

{11} روضۂ اقدس پہ شیدا ہوگیا انور یہ جو
تب سے اُس کے سَر ہے نوری سایہ عبداللہ کا

●●●●●

انورؔ۔[ ]۔ محترم جناب محمد انور قادری ترپاتوری صاحب

{1} رتبہ ہے کتنا بلند و بالا عبداللہ کا
ہے دکن میں ہند کے جو چرچہ عبداللہ کا
{2} پنجتن کا صدقہ بٹتا ہے یہاں پر صبح و شام
خوشنما ہے کتنا دلکش روضہ عبداللہ کا
{3} بے بسوں کے بیکسوں کے اور یتیموں کے لئے
ہے ہمیشہ اور رہیگا سایہ عبداللہ کا
{4} عاشقِ پیارے نبی ہے اور علی کے لاڈلے
یہ جو اللہ والے ہیں' اللہ عبداللہ کا
{5} جھومنے سے کون روکے گا یہاں عُشّاق کو
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا
{6} مشکلیں آفت حوادث ٹل نہ جائے کیوں بَھلا
لگتا ہے شیطان و جن کو تالا عبداللہ کا
{7} عاشقوں میں بٹ رہی ہے ان کے در سے وہ شراب
معرفت کا ہے پِیالہ عبداللہ کا
{8} منقبت لکھتا ہُوں میں بھی آپ کی تعریف میں
لطف مجھ پر ہوگیا کس درجہ عبداللہ کا
{9} فیض پاتے ہیں تمہارے در سے خاص و عام سب
مِل رہا ہے ہر کسی کو صدقہ عبداللہ کا
{10} ہے مرے دل کی تمنّا ہے دعا تم سے مری
مجھ کو بھی دکھلادے یا رب جلوہ عبداللہ کا
{11} عشق والے کیوں نہ اِن پر جاں فدا اپنی کریں
دیکھو انورؔ ہو گیا ہے شیدا عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad India Collection Digitization eGangotri

انورؔ۔[ ]۔ محترم جناب قاضی ریاض الدین انور صاحب

{1} دیکھئے جس کو لگے، دیوانہ عبداللّٰہ کا
عُرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

{2} نعرۂ حق کی صدا سے گونج اُٹھی ہے فَضا
جگمگائے چاند سا کاشانہ عبداللّٰہ کا

{3} عرس کی رونق عجب ہے، دھوم ہے اک چارسُو
ہے کُھلا سب کے لئے دروازہ عبداللّٰہ کا

{4} ہرکسی دل میں بسا سرکار کا ہے احترام
ہر کوئی انسان ہے دلدادہ عبداللّٰہ کا

{5} وجد ہے عشّاق پراس وقت طاری اک عجب
گونجتا ہے نعرۂ مستانہ عبداللّٰہ کا

{6} جامِ وجدت پی کے ہے مدہوش دیوانے تمام
مئے کشوں سے ہے بھرا میخانہ عبداللّٰہ کا

{7} نیکیوں کے آپ پیکر صاحبِ جود و سخا
خیر کے گُل سے سجا ہے رستہ عبداللّٰہ کا

{8} سارے عالَم میں بجے ڈنکا بھی ان کے نام کا
دہر میں ہے چار سُو، آوازہ عبداللّٰہ کا

{9} ہے دکن کے تم وتد اور صاحبِ صدق وصفا
کیا لگائے گا کوئی اندازہ عبداللّٰہ کا

{10} فیض پاتے ہیں سبھی روضہ پہ دے کر حاضری
معتقد جھومیں، لگائیں نعرہ عبداللّٰہ کا

{11} ہے کرم اللہ کا، انورؔ ہے ان کا معتقد
چاہے ان کوجان سے، دیوانہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

انیسؔ ۔[ ]۔ محترم جناب قاری انیس احمد صاحب

{1} کسی میں ہمت ہے کہ جانے رتبہ عبداللّٰہ کا
گرچہ اہلِ علم کا ہے حلقہ عبداللّٰہ کا

{2} سائباں رحمت کا ہے خود سایہ عبداللّٰہ کا
زیرِ سایہ ہے ہر اک دلدادہ عبداللّٰہ کا

{3} منزل حق ہوگئی آسان اُس کے واسطے
جس کو قسمت سے مِلا ہے جادہ عبداللّٰہ کا

{4} فیضِ نسبت دیکھنا مقصود ہو تو دیکھئے
ہر بُلندی پر ہے اب سجادہ عبداللّٰہ کا

{5} فکرِ روزینہ نہیں فکرِ معیشت بھی نہیں
خوش نصیبی سے ہے جو پروردہ عبداللّٰہ کا

{6} دولتِ دنیا ہو یا پھر دولتِ عقبیٰ ہی ہو
بخشنا ہی بخشنا ہے شیوہ عبداللّٰہ کا

{7} آرزو دیدار کی سچی اگر ہو قلب میں
دیکھ لیں مسند نشیں میں جلوہ عبداللّٰہ کا

Courtesy: Dr. Syed Abdul Hai Mohammad Quadri Digitization eGangotri

{8} اس لئے ہالہ بنائے رہتے ہیں انجم سبھی
چاند جیسا ہے منور چہرہ عبداللّٰہ کا

{9} طالبوں میں بانٹتا ہے دولتِ عرفاں سدا
شاہ سے کچھ کم نہیں شہزادہ عبداللّٰہ کا

{10} صاحبِ مسندکو دیکھا توگمان ہونے لگا
چہرے پہ چہرہ ہے یا ہے برقعہ عبداللّٰہ کا

{11} ذکر کیا ان کی کرامت کا کروں اِس بزم میں
رازوں میں اک راز ہے سَربستہ عبداللّٰہ کا

{12} آج تک بھی ہے وہی سج دھج نظر کے سامنے
پردہ کرکے بھی ہُوا کب پردہ عبداللّٰہ کا

{13} ایک سَو پچیسویں سوغات ہے یہ عرس کی
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

{14} نام جس نے بھی لیا سب کام اُس کے بن گئے
جھولیوں میں ہے برابر صدقہ عبداللّٰہ کا

{15} آمد آمد لااُبالی کی یہاں پر کیا ہوئی
بھر گیا ہے اولیا سے روضہ عبداللّٰہ کا

{16} دُور کیا نزدیک کیا اہلِ نظر کے سامنے
شاہ طاہر دیکھتے ہیں جلوہ عبداللّٰہ کا

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

{17} جلوۂ حضرت مہیمن قادری کو دیکھ کر
آنکھ نے ایک ایک کھینچا نقشہ عبداللّٰہ کا

{18} حضرتِ ہادی بھی جو کہ مائل بخشش ہوئے
دیکھ کر جود و سخا یکطرفہ عبداللّٰہ کا

{19} مست ہوجائے نظر اک بار جو بھی دیکھ لے
لااُبالی شان کا ہے جلوہ عبداللّٰہ کا

{20} خانوادے پرخدا کی خاص رحمت دیکھئے
ہے ہر اک دستار پر' یاں طُرّہ عبداللّٰہ کا

{21} ایک سَو پچیس برسوں نے بھی دیکھا ہے یہی
ہے سلامت ہم سبھوں پر سایہ عبداللّٰہ کا

{22} پھر بصد شوق آج دل سے حاضرِ دربار ہیں
ہوگیا موصول جوں ہی نامہ عبداللّٰہ

{23} روپ میں بندے کے ہے حق کی ہی سب جلوہ گری
دے رہا ہے خود شہادت جامہ عبداللّٰہ کا

{24} منضبط تحریر میں جلوے میں حق کی شان کے
منفرد ہے اس لئے بھی خامہ عبداللّٰہ کا

{25} بُرجِ رحمت میں انیسؔ قادری ہے آج بھی
ہے پناہ گہ جب کہ اس کی قلعہ عبداللّٰہ کا

* * *

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Saheb Quadri Digitization eGangotri

ایازؔ۔ [ ]۔ محترم جناب ابراھیم خان ایاز

{1} میرے دل میں چاند سا ہے چہرہ عبداللّٰہ کا
کرتا ہُوں دیدار مَیں روزانہ عبداللّٰہ کا

{2} ہر طرف ہونے لگا ہے چرچا عبداللّٰہ کا
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

{3} چودھویں کا چاند بھی شرما رہا ہے دیکھ کر
نور میں ڈوبا ہُوا ہے چہرہ عبداللّٰہ کا

{4} شمّعِ عرفان ہیں یہ، اِن کا پروانہ ہُوں مَیں
ہے بڑا گہرا تعلق میرا عبداللّٰہ کا

{5} دونوں ہاتھوں سے امیری مجھ کو کرتی ہے سلام
ہے مِرے کاسے میں جب سے سکہ عبداللّٰہ کا

{6} مست ہو کر سارے میکش یہ دعا کرنے لگے
حشر تک قائم رہے میخانہ عبداللّٰہ کا

{7} قبر سے دونوں فرشتے کہہ کے یہ رخصت ہوئے
پوچھنا کیا ہے یہ ہے دیوانہ عبداللّٰہ کا

{8} فکر دنیا کی اُسے ہے اور نہ محشر کا ہے غم
پی لیا ہے جس نے بھی پیمانہ عبداللّٰہ کا

{9} آگئی ہیں ہاتھ اُس کے دو جہاں کی نعمتیں
جس نے بھی دامان اقدس تھاما عبداللّٰہ کا

{10} میرے دل کے آئینہ میں دو ہی چہرے ہیں ایازؔ
ایک ہے مولا علیؑ کا دوجا عبداللّٰہ کا

{11} گردشوں کی دھوپ ہم کو چُھو نہیں سکتی ایازؔ
رہتا ہے سَر پر ہمارے سایہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

باوزیرؔ۔[ ]۔محترم جناب قاری محمد بن احمد قادری صاحب

{1} روز مَیں دیکھا کرونگا چھرہ عبداللہ کا
میرے دل میں فکس ہے آئینہ عبداللہ کا

{2} آپ کے دربار پرجس دن پڑی پہلی نظر
دل ہُوا اُس دن سے ہی دیوانہ عبداللہ کا

{3} عرس میں آئے ہیں سارے اولیاء صد مرحبا
عُرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{4} جان کیا ہے آل کیا ہے اور مِرا سامان کیا
پاس میرے جو بھی ہے سرمایہ عبداللہ کا

{5} رات بھر رو رو کے کرتا ہُوں دعائیں یا الہ
خواب میں مجھ کو دِکھادے چھرہ عبداللہ کا

{6} آپ کے دربار پر اللہ کی ہیں رحمتیں
نور والا ہے گھرانا سارا عبداللہ کا

{7} عرس اقدس ایک سَو پچیسواں ہے آپ کا
آج کی شب اس جگہ ہے آنا عبداللہ کا

{8} مصطفٰی کی آل ہیں اولادِ غوث پاک ہیں
مرتبہ کتنا ہے ارفع اعلٰی عبداللہ کا

{9} یہ مہیمن لاابالی آپ کے سجادہ ہیں
دل ہمیشہ ان کا ہے پروانہ عبداللہ کا

{10} حضرتِ ہادی کا ہے فیضان جاری آج بھی
بہہ رہا ہے فیض کا یہ دریا عبداللہ کا

{11} فیض حاصل کر رہا ہے علم کا یہ باوزیرؔ
اِس طرح سے یہ بھی ہے اک منگتا عبداللہ کا

* * *

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohamin Hyderabad India Collection PM Sahib Quadri Digitization eGangotri

برھاؔن۔[ ]۔محترم جناب صوفی برھان الدین وارثی صاحب

{1} ہے دکن میں شہرہ ہر سُو پھیلا عبداللّٰہ کا
اس لئے پُر نور ہے یہ روضہ عبداللّٰہ کا

{2} اللّٰہ اللّٰہ کس قدر ہوگا وہ قسمت کا دھنی
خواب میں جس نے ہے دیکھا جلوہ عبداللّٰہ کا

{3} جب ذرا نظریں جھکالی دیکھ لی دل میں انھیں
عاشقوں سے کب بَھلا ہو پردہ عبداللّٰہ کا

{4} کس لئے ہلکاں ہے ناداں سُن لے میرا مشورہ
ہے سلامت شہر میں جب روضہ عبداللّٰہ کا

{5} عاشقِ صادق ہُوں مَیں بھی وارثی نسبت سے ہُوں
کچھ عطا ہو یا الٰہی صدقہ عبداللّٰہ کا

{6} کس قدر احسان ہے یہ بھی رسولِ پاک کا
ہے دکن کی سر زمیں پہ سایہ عبداللّٰہ کا

{7} آرہے ہیں مُلک بھر سے عاشقانِ اولیاء
خوب ہے ہندوستاں میں چرچہ عبداللّٰہ کا

{8} لاڈلے ہیں مصطفی کے غوثِ اعظمؓ کے پِسَر
کیوں نہ ہوگا ہرطرف پھر شہرہ عبداللّٰہ کا

{9} حق تعالی نے دِکھا یا یہ بھی منظر دلنشین
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

{10} یا الٰہی پوری کردے آرزو ناچیز کی
عالَم رؤیا میں دیکھوں جلوہ عبداللّٰہ کا

{11} شاہِ وارث علیہ الرحمہ کا کرم ہے مجھ پہ اے برہان دیں
سچے دل سے میں بھی ہُوں وارفتہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

پاشاہ۔[ ]۔محترم جناب شیخ حسین پاشاہ میاں مرحوم

{1} جگمگاتا ہے سدا جو جلوہ عبداللہ کا
روضۂ اقدس ہے اُجلا اُجلا عبداللہ کا
{2} کتنا پیارا لگ رہا ہے روضہ عبداللہ کا
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا
{3} کان میرے بج رہے ہیں غیب کی ہے یہ صدا
سُن رہا ہُوں چار سُو میں ڈنکا عبداللہ کا
{4} آرہے ہیں اک عقیدت ساتھ لے کر جو یہاں
پا رہے ہیں سب کے سب ہی صدقہ عبداللہ کا
{5} چلچلاتی دھوپ میں آئے هیں در پر سب مرید
دے رہا ہے سب کو سایہ ڈیرہ عبداللہ کا
{6} ڈوبے رہتے ہیں سدا عشقِ نبی میں رات دن
حُبِّ نبوی سے بھرا ہے سینہ عبداللہ کا
{7} لکھنے والے لکھ چکے ہیں سینکڑوں باتیں یہاں
کیا بیاں ہم سے بَھلا ہو رتبہ عبداللہ کا
{8} سِیدھے سِیدھے لے کے جاتا ہے یہ جنّت کی طرف
سارے رَسْتوں سے جدا ہے رستہ عبداللہ کا
{9} جُبہ و دستار کی تو ہے فضیلت اک طرف
سارے کُرتوں سے الگ ہے کُرتا عبداللہ کا
{10} سبز رنگ کا ہے اُجالا نور کی چادر تنی
چومتے ہیں سب فرشتے ماتھا عبداللہ کا
{11} پینے والے ہی رہے ہیں عرس میں پاشاہ میاں
دید کا شربت یہاں ہے مِلتا عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Hyderabad India Collection of Peer Sahib Digitization eGangotri

تنہا۔ [ ]۔ محترم جناب ضیاء الدین صاحب

{1} ہے نظر کے سامنے آئینہ عبداللّٰہ کا
نور کا اک سِلسِلہ ہے کُنبہ عبداللّٰہ کا

{2} مائلِ فیض و کرم ہے دریا عبداللّٰہ کا
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

{3} اُس کی قسمت کا سِتارہ اَوج پر ہے دوستو
جس کو حاصل ہوگیا ہے سایہ عبداللّٰہ کا

{4} کام میرے بن رہے ہیں بَن گیا میرا نصیب
بالیقین مجھ پر کرم ہے داتا عبداللّٰہ کا

{5} آلِ پاکِ مصطفی ہیں ' آپ کی یہ شان ہے
ہے زمیں سے آسماں تک چرچا عبداللّٰہ کا

{6} اپنے دیوانوں کو وہ مِلتے ہی رہتے ہیں سدا
کیسے مانوں ہوگیا ہے پردہ عبداللّٰہ کا

{7} کیا ہے دولت کی حقیقت جان بھی قربان ہے
دل ہی میرا ہوگیا نذرانہ عبداللّٰہ کا

{8} ہر بَلائے ناگہانی ٹالتا ہے سب کی وہ
کام آتا ہے جہاں کے شیدا عبداللّٰہ کا

{9} آپ ہیں تئیسویں غوث الوریٰ کی آل میں
یہ ہے حَسنینی نسب ' ہے اعلیٰ عبداللّٰہ کا

{10} سارے رندوں کی یہی خواہش ہمیشہ سے رہی
حشر تک جاری رہے میخانہ عبداللّٰہ کا

{11} اور بھی دیوانے ہیں حضرت کے اِس سنسار میں
میں ہی دیوانہ نہیں ہُوں تنہاؔ عبداللّٰہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India
Collection P.M. Sahib Digitization eGangotri

جنوںؔ۔ [ ]۔ محترم جناب احمد دُرویش اشرفی صاحب

{1} ہر طرف روشن ہُوا ہے جلوہ عبداللّٰہ کا
نور سے پُر نور ہے یہ روضہ عبداللّٰہ کا

{2} ہر کسی کے لب پہ ہے اب قصّہ عبداللّٰہ کا
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

{3} ذرّہ ذرّہ دَشت و صحرا کا منوّر ہوگیا
کارواں در کارواں جب گزرا عبداللّٰہ کا

{4} آپ کے نقش قدم کی پیروی ہے احمدی
کُوئے جنت جا رہا ہے رستہ عبداللّٰہ کا

{5} اُس جگہ سے ہٹ گیا ہے بتکدے کا ہر نشاں
جس جگہ پر پڑ گیا ہے سایہ عبداللّٰہ کا

{6} باعثِ فخرِ دکن ہے آپ کی روحانیت
قافلہ دامن میں جس کے ٹھرا عبداللّٰہ کا

{7} خیر ہے بس خیر ہے ' ہاں اِسی میں خیر ہے
ہوسکے تو آکے لے لے تحفہ عبداللّٰہ کا

{8} آپ کے دم سے مٹی ہے کفر کی کُل تیرگی
ہے زمیں تا آسماں یہ شہرہ عبداللّٰہ کا

{9} جوئے حق سے آبیاری ہوگی ہندوستان کی
سَر زمینِ ہند پر ہے چرچا عبداللّٰہ کا

{10} سَرنِگوں ہو جائیں گے یہ سارے طاغوتی نظام
مسندِ عالی پہ ہوگا جلوہ عبداللّٰہ کا

{11} صاحبِ اہلِ طریقت کو جنوں معلوم ہے
صوفیوں میں کیا ہے اعلیٰ رتبہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India / Collection of Mohammad Digitization eGangotri

جیلانیؔ۔[ ]۔محترم جناب غلام جیلانی صاحب

{1} شاد ہیں آتے ہیں لینے صدقہ عبداللہ کا
بادشاہوں سے ہے بہتر منگتا عبداللہ کا

{2} غوث اعظمؓ سے ہے اِن کی خاص نسبت دیکھئے
پاس رکھتے ہیں وہ ہر پل کتنا عبداللہ کا

{3} میری قسمت جگمگائی ' ہوگیا ہُوں سُرخُرو
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{4} جاکے مِلتا ہے جو سِیدھے غوثؓ کے دربار سے
سارے رستوں میں ہے روشن رستہ عبداللہ کا

{5} اِس لئے تعظیم کرتے ہیں مرید و معتقِد
سِیدھے رستے پر چَلا ہے کُنبہ عبداللہ کا

{6} اپنے دادا کے قدم پر ہے نظر سجاد کی
ہُو بہو پایا ہے تم نے نقشہ عبداللہ کا

{7} اولیاء سے ہے محبت جس کسی انسان کو
بس وہی تو پڑھ رہا ہے شَجرہ عبداللہ کا

{8} حشر میں جائیں جِدھر وہ ' جاؤں گا مَیں ان کے ساتھ
سلسلہ ہے قادری ہی میرا عبداللہ کا

{9} سب مریدوں پر کرم ہو ائے خدائے ذُوالجلال
کر رہا ہے یہ دعا اک شیدا عبداللہ کا

{10} در پہ آکر مَیں کھڑا ہُوں کب سے عبداللہ کے
کاش مجھ کو بھی مِلے کچھ ٹُکڑا عبداللہ کا

{11} نور ' جیلانیؔ یہاں پر ہے منوّر دیکھئے
ہے گھرانہ نور والا شاہا عبداللہ کا

●●●●●

چاند۔[ ]۔محترم جناب مصباح الدین اکبرآبادی صاحب

{1} جس نے دیکھا ہوگیا وہ شیدا عبداللہ کا
ہر نظر میں بس گیا ہے چہرہ عبداللہ کا
{2} ساری بستی نور میں ڈوبی ہوئی آئی نظر
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا
{3} جان و دل دونوں کو مِلتا ہے یہاں چین و قرار
رحمتوں کے سائے میں ہے روضہ عبداللہ کا
{4} آپ کو شہرِ ولایت میں مِلا اعلیٰ مقام
جاکے مِلتا ہے علیؓ سے شَجرہ عبداللہ کا
{5} پوری ہوتی ہیں مرادیں سب کی اِس دربار میں
فیض کا ہے اب بھی جاری چشمہ عبداللہ کا
{6} آپ کی شانِ ولایت اِس قدر مشہور ہے
چار سُو بجتا ہے دیکھو ڈنکا عبداللہ کا
{7} بورِیے پر بیٹھ کرجس نے شہنشاہی کری
مرتبہ یہ ' اور یہ تھا جلوہ عبداللہ کا
{8} ایک پَل بھی سنّتِ سرکار کو چھوڑا نہیں
اِس طرح گزرا ہے اک اک لمحہ عبداللہ کا
{9} صاف چہرے سے نظر آتا تھا عکسِ دِینِ حق
اِس قَدَر پُر نُور تھا آئینہ عبداللہ کا
{10} کوئی بھی لَوٹا نہیں چوکھٹ سے خالی آپ کی
خدمتِ خلقِ خدا تھا شیوہ عبداللہ کا
{11} چاند بھی آیا ہے چَل کر حاضری دینے یہاں
جب سُنا اس نے ہَوا سے چرچا عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheeb Hydarabad India Collection of Peer Sahib Qudsi Digitization eGangotri

حامدؔ۔[ ]۔ محترم جناب حامد شرفی صاحب

{1} شہر میں جاری ہے ہر سُو چرچہ عبداللہ کا
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا
{2} بن کے آیا ہوں سوالی دَر پہ عبداللہ کے
مِل ہی جائے گا مجھے بھی صدقہ عبداللہ کا
{3} دھوم ہے یہ عرس کی حضرت مہیمن کا کمال
ہو رہا ہے جیسے اب بھی جلسہ عبداللہ کا
{4} عرس کی محفل میں آتا ہُوں عقیدت سے سدا
دیکھ ہی لونگا کبھی تو جلوہ عبداللہ کا
{5} آپ کی نسبت قوی ہے غوثِ اعظمؓ سے حُضور
فیضِ جیلانی ہے دیکھو شیوہ عبداللہ کا
{6} شیفتہ وہ ہو ہی جائے گا حقیقت میں حُضور
جو کوئی بھی سُن لے آکے خُطبہ عبداللہ کا
{7} قلب بھی پائے سکوں ہے چینیاں ہوں مُضمَحِل
جب ہمارے سامنے ہو چہرہ عبداللہ کا
{8} گھر کے بچّے بچّے میں بھی کیفیت ہے نور کی
اِس طرح روشن ہے سارا کُنبہ عبداللہ کا
{9} فیض کا دریا ہے جاری آپ کے دربار سے
ہے مریدوں کے لئے یہ تحفہ عبداللہ کا
{10} اک خزانہ عِلم کا حضرت مہیمن میں بسا
ہو بہو ہے دیکھ لو یہ نقشہ عبداللہ کا
{11} عرس کی یہ رونقیں کہتی ہیں حامدؔ شان سے
حاضرِ محفل پہ ہے اب سایہ عبداللہ کا

●●●●●

حامدؔ۔[ ]۔محترم جناب میر حامد علی شاہ قادری صاحب

{1} کیا بیاں مَیں کرسکوں گا رتبہ عبداللّٰہ کا
باعثِ تخلیقِ عالَم نانا عبداللّٰہ کا

{2} عارفوں میں، زاہدوں میں، صابروں میں دیکھئے
منفرد ہے اور اعلیٰ رتبہ عبداللّٰہ کا

{3} کیوں نہ سَر اپنا جھکائیں اولیاء دربار میں
غوثِ اعظم پیرِ پیراں دادا عبداللّٰہ کا

{4} شیر بن کر دستگیری کی مریدوں کی سدا
یہ کرامت اور کرشمہ ادنیٰ عبداللّٰہ کا

{5} جس نے دیکھا ہے کہا یہ دیکھ کر رُخ آپ کا
چہرہ طاہر کا ہے یا ہے چہرہ عبداللّٰہ کا

{6} چار سُو روشن چراغاں کر رہے ہیں اس لئے
عُرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

{7} ہے کتابِ زندگی کا پتّہ پتّہ نورِ کُل
منفرد ہر ایک اک ہے قصّہ عبداللّٰہ کا

{8} ہو بہو گفتار میں کردار میں اطوار میں
غوثِ اعظمؓ کا ہے نقشہ، نقشہ عبداللّٰہ کا

{9} پھنس نہیں سکتی بھنور میں ناؤ میری دوستو
بے کنارہ اور طوفاں دریا عبداللّٰہ کا

{10} کتنا ڈوبا ہے تواضع میں، خدا کے روبرو
زندگی کا ایک اک وہ سجدہ عبداللّٰہ کا

{11} بے خودی کا راز حامدؔ کیا بتاؤں آپ کو
میری آنکھوں میں عیاں ہے جلوہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India / Collection: Meher Saab Hyderabad Digitization eGangotri

حبیبؔ۔[ ]۔ محترم جناب محمد حبیب الدین صاحب

{1} اونچا رکھا نام کعبے والا عبداللہ کا
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{2} نام لیوا اُن کا ہے اُن سے ہی پائی تربیت
اب بگڑ سکتا نہیں وہ پالا عبداللہ کا

{3} رنگ سے مطلب نہیں بس مصطفٰی کا ہو غلام
گورا عبداللہ کا ہے کالا عبداللہ کا

{4} اِس عمل سے پیر خوش آقا بھی خوش مولا بھی خوش
ہے زباں پر نامِ نامی پیارا عبداللہ کا

{5} پَل میں جاتے ہیں مدینہ اور پَل میں ہیں یہاں
مرتبہ ہے جو بلند و بالا عبداللہ کا

{6} قدسیاں آتے یہاں ہیں آپ کے دیدار کو
کس قدر رتبہ ہے اعلیٰ ' اونچا عبداللہ کا

{7} ارضِ دکّن کے وَتَد ہیں عارفوں کے پیشوا
با وضو ہی نام لینا پیارا عبداللہ کا

{8} ہے رسولِ پاک تک ان کی رسائی دوستو
اس لئے پیتی ہے خلقت پیالہ عبداللہ کا

{9} ہے فرشتوں کی جماعت با ادب ٹھری ہوئی
اہلِ دل نے جب بھی دیکھا روضہ عبداللہ کا

{10} آؤ آؤ کاسہ لے کر ہمدمو آجاؤ تم
بٹتا رہتا ہے یہاں پر صدقہ عبداللہ کا

{11} کیا بگاڑے گا زمانہ ناز ہے اِن پر حبیبؔ
ہے ہماری چار جانب ہالہ عبداللہ کا

* * *

حُسینؔی۔[ ]۔محترم جناب غلام حُسین خان صاحب

{1} گا رہے ہیں سارے زائر نغمه عبداللّٰه کا
معترف ہے یه زمانه سارا عبداللّٰه کا

{2} اپنا سب کچھ وقف کر ڈالا خدا کی راہ میں
اِس جہاں میں کچھ نہیں ہے اپنا عبداللّٰه کا

{3} سلسله مِلتاہے اِن کاجا کے غوثِ پاکؓ سے
در مِلا قسمت سے ہم کو ایسا عبداللّٰه کا

{4} آگیا ہے وقت یه بھی شان والا دیکھئے
ساری دنیا میں بجا ہے ڈنکا عبداللّٰه کا

{5} کیا بڑی نسبت مِلی ہے آپ کو قسمت سے یه
غوثِ اعظمؓ سے مِلا ہے شجرہ عبداللّٰه کا

{6} ان کے گلشن میں کِھلے ہیں خوشنما رنگین پھول
کتنا پیارا پیارا ہے یه کنبه عبداللّٰه کا

{7} روشنی ہی روشنی ہے ہر طرف اب دیکھئے
عرس آیا ہے سَواسَو ساله عبداللّٰه کا

{8} دیکھ کر سجاد پاشاہ کو ہُوا محسوس یُوں
آپ کے چھرے میں ہے بس چھرہ عبداللّٰه کا

{9} عرس کی ہے گہما گہمی ہر طرف اِس واسطے
کس قدر نوری ہُوا ہے روضه عبداللّٰه کا

{10} فیض پانے کی غرض سے روز آتے ہیں مرید
فیض کا اب بھی رواں ہے دریا عبداللّٰه کا

{11} ہے پڑا در پر سوالی یه حسینؔی نام کا
پاس جو کچھ بھی ہے میرے صدقه عبداللّٰه کا

●●●●●

حکمؔ۔[ ]۔ محترم جناب محمد علی عرف غیاث پاشاہ صاحب

{1} فیض جاری دَھر میں ہے آقا عبداللّٰہ کا
ایک اک خادم ہُوا ہے شاہا عبداللّٰہ کا
{2} غوث اعظمؓ سے مِلا ہے شجرہ عبداللّٰہ کا
نور والا ہوگیا ہے رستہ عبداللّٰہ کا
{3} خوب پندرہ دن کا ہے یہ میلہ عبداللّٰہ کا
عُرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا
{4} حشر کے دن خوف کیسا ہو مریدوں کو بَھلا
ہے سَروں پر اِن کے قائم سایہ عبداللّٰہ کا
{5} صحبتِ صَالح تُرا صالح کُنَدْ کی روشنی
ہے عبادت با خدا ہر لمحہ عبداللّٰہ کا
{6} بادشاہوں کی صفوں میں اُس کو عظمت مِل گئی
جس کی جھولی میں پڑا ہے ٹُکڑا عبداللّٰہ کا
{7} غوث اعظمؓ شاہ جیلاں کی مقدس آل پھر
ہے لطیفی فیض خود شیرازہ عبداللّٰہ کا
{8} ماہ نگری میں حضورِ غوثؓ کے پوتے حضور
معتبر ہے اور منور کُنبہ عبداللّٰہ کا
{9} بخت نوری آ ادھر ہے روشنی چاروں طرف
عُرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا
{10} ہر گھڑی شام وسحر صبح ومسا صدمرحبا
فیض کا جاری یہاں ہے دھارا عبداللّٰہ کا
{11} اے حکمؔ شرفی عقیدت کی نظر سے دیکھ لو
غوثِ اعظمؓ سے ہے مِلتا چہرہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

خورشیدؔ۔[ ]۔محترم جناب خورشید احمد فاروقی صاحب

{1} جب نظر آیا مجھے کاشانہ عبداللہ کا
پِھر گیا میری نظر میں چہرہ عبداللہ کا

{2} ساری دنیا چُھوٹ جانے کی مجھے کیوں فکر ہو
جب سلامت ہے جہاں میں کوچہ عبداللہ کا

{3} میرے کانوں میں یہ چُپکے سے ہُوئی بانگِ درا
عُرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{4} خاک چھانی ہے زمانے بھر کی مَیں نے دوستو
تب کہیں جاکر مِلا ہے رستہ عبداللہ کا

{5} لاکے شمعِ غوثؓ سے تقسیم کرتا ہے یہاں
تِیرہ بختوں کو ضیا پروانہ عبداللہ کا

{6} یہ شَرَف بخشا خدا نے بادشاہِ وقت بھی
دیکھتے ہیں رشک سے کا شانہ عبداللہ کا

{7} اور بھی اہلِ ادب میں اِن کی عزت بڑھ گئی
آگیا سجاد میں جب لہجہ عبداللہ کا

{8} جی میں آتا ہے کہ بڑھ کر اس کی آنکھیں چُوم لوں
خواب میں دیکھا ہے جس نے چہرہ عبداللہ کا

{9} ہے یقیں مجھ کو بَھِک سکتے نہیں میرے قدم
چل رہا ہے میرے آگے سایہ عبداللہ کا

{10} سب اِسی امید میں بیٹھے ہیں ماہ وسال سے
اب ہمیں مِل جائے گا اک لمحہ عبداللہ کا

{11} غوثؓ کا دامن ہے جب خورشید میرے ہاتھ میں
کیوں نہ ہو پھر سَر پہ میرے سایہ عبداللہ کا

●●●●●

دلکشؔ۔[ ]۔ محترم جناب صوفی دلکش قادری جالونوی صاحب

{1} کہہ رہا ہے جھوم کر دیوانہ عبداللّٰہ کا
مکہ عبداللّٰہ کا ہے طیبہ عبداللّٰہ کا

{2} آپ ہیں نور نگاہِ سَرورِ کون و مکاں
کیا سمجھ پائے گا کوئی رتبہ عبداللّٰہ کا

{3} یہ عنایت ہے علی کی، فاطمہ حَسنین رضی اللہ عنہم کی
مِلتا ہے ہم عاشقوں کو صدقہ عبداللّٰہ کا

{4} اُس سے پوچھو جلوۂ حُسنِ حبیبِ کبریا
جس کی آنکھوں میں بسا ہے چہرہ عبداللّٰہ کا

{5} رات دن بے چَین رہتی ہیں یقیناً دوستو
میری آنکھیں دیکھنے کو روضہ عبداللّٰہ کا

{6} جو منافق ہیں وہ سُن لیں غَور سے میرا پیام
چار سُو بجتا رہے گا ڈنکا عبداللّٰہ کا

{7} ناز آئے کیوں نہ اپنی خوش نصیبی پر اُنھیں
کہہ رہے ہیں لوگ جن کو شیدا عبداللّٰہ کا

{8} دیکھ لو اے منکرو اپنی نگاہِ عشق سے
مِلتا ہے غوث الوریٰ رضی اللہ عنہ سے شَجرہ عبداللّٰہ کا

{9} اُس بشر کی قسمت بالا پہ ہم بھیجیں سلام
جس بشر نے لمحہ دیکھا عبداللّٰہ کا

{10} چار سُو نورانیت ہے بارشِ رحمت بھی ہے
محفلِ اقدس میں دیکھو جلوہ عبداللّٰہ کا

{11} تاکہ پہچانیں سبھی، یہ ہے غلامِ مصطفی
ڈال دو میرے گلے میں پٹّہ عبداللّٰہ کا

{12} نسبتِ شاہِ امم سے الفت حسنین رضی اللہ عنہما سے
قبر میں بے خوف ہوگا شیدا عبداللّٰہ کا

Collection Peer Sahib Qadri Hyderabad India

{13} عمر بھر کرتے رہے تبلیغِ دینِ مصطفٰی
اللّٰہ اللّٰہ دیکھئے تو جذبہ عبداللّٰہ کا

{14} آپ ہیں آلِ نبی اور آپ ہیں جانِ علیؓ
اِس لئے ہم کر رہے ہیں چرچہ عبداللّٰہ کا

{15} کون سی تھی بات جو اللّٰہ نے مانی نہیں
قولِ صادق سب ہُوا ہے پورا عبداللّٰہ کا

{16} یہ مرا دعوئ بھی ہے اورہے مرے دل کویقیں
حشرت تک یوں ہی رہے گا شہرہ عبداللّٰہ کا

{17} تشنگانِ عِلم وعرفاں آئیں دیکھیں ہر گھڑی
جاری و ساری یہاں ہے چشمہ عبداللّٰہ کا

{18} آرہے ہیں اہلِ حق اہلِ یقیں اہلِ نظر
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

{19} فیض پاکر یہ کہے عالم.مشائخ ‘ خوب تھا
عِلم و حکمت سے منور سینہ عبداللّٰہ کا

{20} لذتِ عشقِ شہنشاہِ دو عالم پائی ہے
میرے منہ سے نام جب بھی نکلا عبداللّٰہ کا

{21} منزلِ عرفاں اُسے حاصل ہوئی رب کی قسم
نقشِ پا جس نے ادب سے چُوما عبداللّٰہ کا

{22} چُوم کر قدموں کو اہلِ عشق کہتے تھے یہی
ہے رسول ہاشمی سے رشتہ عبداللّٰہ کا

{23} چاہتا ہے گلشنِ فردوس کی گر سَیر تُو
پہلے بن جا غوثؓ کا پِھر بن جا عبداللّٰہ کا

{24} مِل گئی ہوگی اسے روشن ضمیری دوستو
جس نے دلکشؔ کھایا ہوگا جھوٹا عبداللّٰہ کا

{25} جن و انساں حور و غِلماں آرہے تھے دید کو
جس گھڑی دلکشؔ ہُوا تھا پردہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

ڈگرؔ۔[ ]۔ محترم جناب سید سیف حسین صاحب

{1} میرے حصّہ میں بھی آیا ورثہ عبداللہ کا
چہرۂ سجاد میں ہے چہرہ عبداللہ کا
{2} ایک عالَم ہے تمہارے آستاں پر اِس لئے
نور والا اور پیارا روضہ عبداللہ کا
{3} غمگساری، دردمندی ہے دلاسہ اور سلوک
دیکھنے والوں نے دیکھا شیوہ عبداللہ کا
{4} پیرِ پیراں کی نظر ہے آپ پر ہی ہر گھڑی
اِس لئے بٹتا ہے ہر پَل ٹُکڑا عبداللہ کا
{5} یہ کرم ہے رب کا بے شک آپ ہیں کامل ولی
بج رہا ہے چار جانب ڈنکا عبداللہ کا
{6} کر رہا ہُوں اس لئے بھی پیروی مَیں دوستو
سنّتوں سے مِل رہا ہے رستہ عبداللہ کا
{7} ہر طرف نورانیت ہے آپ کے دربار میں
جاکے دیکھا مَیں نے روضہ اُجلا عبداللہ کا
{8} حاضری کے واسطے مَیں آگیا ہُوں عرس میں
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا
{9} جس نے بھی کھایا ہے لنگر آپ کے دربار میں
میری قسمت مَیں نے کھایا دانہ عبداللہ کا
{10} ایک میلا سا لگا ہے یہ شہر میں دیکھئے
جس کو دیکھو ہوگیا دیوانہ عبداللہ کا
{11} آستاں سے فیض بٹتا ہے سبھی پر رات دن
یہ ڈگرؔ بھی ہوگیا ہے شیدا عبداللہ کا

* * *

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moizuddin Hyderabad Digitization eGangotri

ذاکرؔ۔ [ ]۔ محترم جناب سید ستار حسینی بندہ نوازی صاحب

{1} میری آنکھوں کو ہے بھائے کوچہ عبداللہ کا
پا رہا ہُوں روز ہی مَیں ٹُکڑا عبداللہ کا

{2} گھوم آیا ساری دنیا خاک چھانی رات دن
تب کہیں جاکر مِلا ہے روضہ عبداللہ کا

{3} ہاں تجلّی مَیں نے پائی ہادئ بغداد کی
یُوں سمجھ میں آگیا ہے نقشہ عبداللہ کا

{4} ہر قدم پر آپ کی ہے رہبری عبداللہ شاہ
یعنی میرے سَر میں ہے سب سودا عبداللہ کا

{5} مِل رہی ہے چار جانب روشنی ہی روشنی
غوثِ اعظمؓ کی ہے شمع اُسوہ عبداللہ کا

{6} ہے ربیع الثانی میں جو نغمۂ غوث الوریٰ
بعد اِس کے گونجتا ہے نغمہ عبداللہ کا

{7} دل کی دنیا کارزارِ کربلا ہے ہر گھڑی
مطمئن کرتا ہے مجھ کو سایہ عبداللہ کا

{8} خوش نصیبی مَیں بھی شامل ہو رہا ہُوں عرس میں
عرس آیا ہے سَوا سَو سالہ عبداللہ کا

{9} خیرہ کردیتی ہے آنکھوں کو مری یہ روشنی
جس گھڑی مَیں دیکھتا ہُوں روضہ عبداللہ کا

{10} اک تجلی ان کے دل میں کیوں نہ ہو عشقِ نبی
جو پڑھا کرتے ہیں دل سے خطبہ عبداللہ کا

{11} روشنی سے علم و فن کی مَیں بھی ذاکرؔ ہو گیا
نور سے معمور ہے کاشانہ عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India
Collection Peer Sahib Qudara Digitization eGangotri

راشدؔ۔[ ]۔محترم جناب سید احمد قادری امان راشد صاحب

{1} دل میں میرے بس گیا ہے روضہ عبداللّٰہ کا
فیض مِلتا ہے مجھے اب پورا عبداللّٰہ کا

{2} کیا خبر تھی بخت جاگے گا مرا بھی صبح دم
پڑھ رہا تھا رات کو مَیں شَجرہ عبداللّٰہ کا

{3} پا رہے ہیں فیض سارے معتقد سارے مرید
غوث اعظمؓ سے مِلے ہے چشمہ عبداللّٰہ کا

{4} حشر میں نسبت‘ عمل ہی کام آئیں گے میاں
یہ ہمیں پیغام پیارا پہنچا عبداللّٰہ کا

{5} کام رُکتا ہی نہیں ہے رات ہو کہ دن یہاں
رات دن جاری ہے یہ میخانہ عبداللّٰہ کا

{6} مانگنا ہے جس سے ‘اُس سے مانگتے ہیں سارے لوگ
در پہ آکر مانگتا ہے منگتا عبداللّٰہ کا

{7} تقویٰ لے کر جائے گا جنّت میں لوگو ایک دن
متّقی لوگوں سے ہے یہ وعدہ عبداللّٰہ کا

{8} راہ سیدھی مِل گئی جنّت کا رستہ مِل گیا
حکم جس نے بھی ہے لوگو مانا عبداللّٰہ کا

{9} اک تجلّی سے بھرا ہے نور کا دربار یہ
مرکزِ رحمت بنا ہے روضہ عبداللّٰہ کا

{10} اُس کے کاسے میں بھری ہے دیں کی دولت بالیقیں
بادشاہوں سے سخی ہے منگتا عبداللّٰہ کا

{11} سَر کے بل جانا ہے راشد حاضری کے واسطے
عُرس آیا ہے سَوا سَو سالہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Sahib Hyderabad India Collection Digitization eGangotri

راؔھی۔ [ ]۔ محترم جناب حنیف وارثی صاحب

{1} عاشقو مل کر سجاؤ روضہ عبداللّٰہ کا
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

{2} فرش سے عرش بریں تک سارا عبداللّٰہ کا
حشرکے دن بھی چلے گا سکّہ عبداللّٰہ کا

{3} میں نہیں جاتا کبھی بھی منزلیں آتی ہیں خود
یارو جب سے ہاتھ میں نے تھاما عبداللّٰہ کا

{4} اِن سے مل کر بڑھ گئی ہے میری قدر و منزلت
اِس لئے دل سے ہُوا ہُوں شیدا عبداللّٰہ کا

{5} گرمیٔ محشر کا کچھ بھی غم نہیں عُشّاق کو
حشر میں سَر پر رہے گا سایہ عبداللّٰہ کا

{6} ساری دنیا آرہی ہے آپ کی دھلیز تک
دیکھنے آیا ہُوں میں بھی جلوہ عبداللّٰہ کا

{7} آپ کی مقبولیت کا مرتبہ کیا خوب ہے
شش جہت میں بج گیا نقّارہ عبداللّٰہ کا

{8} دنیا بھر کے سب مناظر ہیچ ہیں اسکے لئے
جس نظر میں بس گیا ہے چھرہ عبداللّٰہ کا

{9} معرفت کی دینِ حق کی سَربسر تبلیغ میں
آج بھی سیمِ سِپر ہے کنبہ عبداللّٰہ کا

{10} جب تلک زندہ ہُوں میں کہتا رہوں گا منقبت
اس طرح رشتہ رہے گا میرا عبداللّٰہ کا

{11} سب کے سَر راہؔی بِلا تفریق جھکتے ہیں یہاں
مرکز وحدانیت ہے روضہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

رشاؔد۔[ ]۔محترم جناب ڈاکٹر محمد حسن احمدی صاحب

{1} لَوٹتا خالی نہیں ہے منگتا عبداللّٰہ کا
ہے کراماتوں کا دفتر ایسا عبداللّٰہ کا
{2} حضرت سجاد کو دیکھا تو مجھ کو یُوں لگا
رنگ ان پر چڑھ گیا ہے شاھا عبداللّٰہ کا
{3} جا کے اپنے گھر میں مَیں کہتا رہتا ہُوں یہی
حکمِ رب سے دیکھ آیا روضہ عبداللّٰہ کا
{4} یہ وہ میخانہ ہے جس میں جامِ عِلم و فضل ہیں
سب کو مِلتا ہے یہاں پیمانہ عبداللّٰہ کا
{5} اُس کی قسمت جاگ اُٹھی وہ بڑا ہے خوش نصیب
جس کسی کو مِل گیا نذرانہ عبداللّٰہ کا
{6} مِل گئی توفیق جس کو وہ تھگے کا کیا بَھلا
چلنے والا چل رہا ہے رستہ عبداللّٰہ کا
{7} رائیگاں جائے گی کیوں کر زندگی اُس شخص کی
جس کو قسمت سے مِلے اک لمحہ عبداللّٰہ کا
{8} ہے امیرِ شہر تجھ کو ناز دولت پر تری
ہے مرے کشکول میں بھی ٹُکڑا عبداللّٰہ کا
{9} وہ بُھلا سکتا نہیں ہے عطر کی خوشبو کبھی
زندگی میں جس نے چُوما روضہ عبداللّٰہ کا
{10} اُس کو سب کچھ مِل چکا ہے پِیر کے دربار سے
در بدِر پھرتا نہیں ہے منگتا عبداللّٰہ کا
{11} جل اُٹھے دل کے دئیے رشاد روشن ہوگیا
عُرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Qadari Digitization eGangotri

رضاؔ۔ [ ]۔ محترم جناب محمد جلیل احمد صاحب

{1} ہر طرف جاری جہاں میں چرچا عبداللّٰہ کا
ہے فدا چھوٹا بڑا اور بچہ عبداللّٰہ کا
{2} یاں عقیدت مند آکے پا رہے ہیں روشنی
کس قدر روشن ہُوا کاشانہ عبداللّٰہ کا
{3} آپ کے در سے کوئی خالی نہیں جاتا حضور
فیض کا دریا رواں ہے ' کس کا ؟ عبداللّٰہ کا
{4} جب بھی آیا ہُوں مَیں درپہ بس کرم ہی ہوگیا
مِلتا رہتا ہے مجھے بھی صدقہ عبداللّٰہ کا
{5} گھرسے میرے ٹَل گئی ہے ہر مصیبت دیکھئے
گھر میں جاری ہے وظیفہ شاہا عبدِاللّٰہ کا
{6} حضرت سجاد بیٹھے ہیں بہت ہی شادماں
آپ کے سَر پر ہے چھایا سایہ عبداللّٰہ کا
{7} ہوگئی اُس پر عنایت کی نظر پِھر ہوگئی
جو بھی دل سے ہوگیا ہے شیدا عبداللّٰہ کا
{8} شہر کے چاروں طرف اک روشنی سی چھاگئی
ہے اُجالا ہی اُجالا ' کس کا ؟ عبداللّٰہ کا
{9} بس عقیدت ہی لئے آتا ہُوں در پر آپ کے
مدّتوں سے مَیں بھی ہُوں وارفتہ عبداللّٰہ کا
{10} درپہ رحمت سی برستی ہے تمہارے ہر گھڑی
کس قدر پُر نور ہے یہ روضہ عبداللّٰہ کا
{11} ہر طرف اک نور کا عالَم جو چھایا ہے رضا
عُرس آیا ہے سَوا سَو سالہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Fateh Salman Hyderabad India Collection Peer Mohammed Quadri Digitization eGangotri

رضیؔ۔[ ]۔محترم جناب سید رضی الدین قادری صاحب

{1} روضہ اقدس ہے کتنا پیارا عبداللہ کا
دل میں میرے بس گیا ہے روضہ عبداللہ کا

{2} یوں تو لاکھوں صورتیں آتی رہیں جاتی رہیں
میری نظروں میں رہا بس چہرہ عبداللہ کا

{3} آپ نے جو کہہ دیا وہ غوثِ اعظمؓ نے کہا
غوث اعظمؓ کا ہے منشا، منشا عبداللہ کا

{4} آپ کے دربار میں آکر لگا ہے یُوں ہمیں
ہوگیا ہے دل ہمارا شیدا عبداللہ کا

{5} جگ میں ہر سُو ہو رہے ہیں آپ کے چرچے مدام
اَوج پر ہے اولیاء میں تارہ عبداللہ کا

{6} وہ ولی ہیں اور مَیں اُن کے غلاموں کا غلام
ویسے آدم سے ہے رشتہ میرا عبداللہ کا

{7} ذکر جیسے ہو رہا ہے چودھویں کے چاند کا
چرچہ کچھ ہونے لگا ہے ایسا عبداللہ کا

{8} فیض پانے آگئے ہیں عرس میں ہم سب مرید
رحمتوں کا بہہ رہا ہے دریا عبداللہ کا

{9} خالی کاسہ لے کے آئے در پہ عبداللہ کے
کاش مِل جائے ہمیں بھی ٹُکڑا عبداللہ کا

{10} ہو مبارک آپ کو سجاد پاشاہ مرحبا
ہو بہو نقشہ ہے تم میں پورا عبداللہ کا

{11} بِھیڑ سی اک لگ گئی ہے نوبتیں بجنے لگیں
عُرس آیا ہے سَوا سَو سالہ عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad India
Collection of Mohammad Qadiri Digitization eGangotri

رہبرؔ۔[ ]۔ محترم جناب سید عبد المتعال قادری لاابالی صاحب

{1} نسبتِ غوث الوریٰ ہے تمغہ عبداللہ کا
اولیاء میں ہے وتد کا درجہ عبداللہ کا

{2} کوئی بوڑھا ہو کہ بچہ ہو کہ کوئی نوجواں
آج ہے سب کی زباں پر نعرہ عبداللہ کا

{3} فضل سے قائم، قیامت تک رہے گا بالیقین
سب مُریدوں کے سَروں پر سایہ عبداللہ کا

{4} ہیں اُمامہ کو دعائیں آپ ہی کی اور پھر
ہے یہ عبداللہ ثانی پوتا عبداللہ کا

{5} دین ہے اللہ کی یہ میرا بیٹا دستگیر
شان اک پوتے کی ہے اک پوتا عبداللہ کا

{6} ہر گلی میں ہر نگر میں بس یہی اب شور ہے
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{7} جتنا بھی لینا ہے لے لو صدقہ در سے آپ کے
آج بھی بٹتا ہے اس جا صدقہ عبداللہ کا

{8} ایک سَو پچیس ہیں جو نعت کے اشعار بھی
اور گیارہ شعر میں سَر تا پا عبداللہ کا

{9} ہے تونگر دو جہاں میں اور قسمت کا دھنی
پالیا ہے جس کسی نے صدقہ عبداللہ کا

{10} کیوں نہ گزرے گی میری اب زندگی آرام سے
کیوں کہ میں نے پی لیا ہے پیالہ عبداللہ کا

{11} آج تُو بھی لُوٹ لے رہبرؔ فیوضِ اولیاء
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohammed Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

زاہدؔ۔[ ]۔محترم جناب ولی محمد ہریانوی صاحب

{1} شادمانی عرس لے کے آیا عبداللہ کا
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{2} یہ سخنور ساری دنیا سے ہیں جو آئے ہوئے
ذکر محفل میں ادب کی ہوگا عبداللہ کا

{3} کہہ رہے ہیں اہلِ محفل آستانہ آج بھی
خوشبوؤں سے عِلمِ دیں کی' مہکا عبداللہ کا

{4} روزوشب جوہورہی ہیں رحمتوں کی بارشیں
فیض جاری ہے یہاں یہ سارا عبداللہ کا

{5} وہ خدا کے دِین کی باتیں سناتے تھے ہمیں
کام دنیا میں تھا شیریں ایسا عبداللہ کا

{6} فکرِعقبی ہے جنہیں' اِن کے طریقے پر چلیں
ہے نبی کا ہی بتایا ' رستہ عبداللہ کا

{7} کر رہا ہے تشنگانِ عِلم کو سیراب یہ
بہہ رہا ہے عِلم کا جو دریا عبداللہ کا

{8} سرفرازی ہی مِلے گی خوش نصیبی سے اُسے
جس نے مضبوطی سے دامن تھاما عبداللہ کا

{9} دل میں میرے وہ اِسی نسبت سے ہیں چھائے ہوئے
سبطِ پیغمبر سے ہے جو رشتہ عبداللہ کا

{10} کہہ رہے ہیں فخر سے عبدالمہیمن آج بھی
کام میرا بھی وہی ہے' جو تھا عبداللہ کا

{11} ہیں جو یہ سجادؔ پاشا عِلم کا دریا ہیں یہ
ان میں اے زاہدؔ سَراپا ' پایا عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Sahib Hyderabad Collection Digitization eGangotri

زعیمؔ۔ [ ]۔ محترم جناب محمد رحمۃ اللہ زعیم ذمرہ صاحب

{1} اونچا عہدہ ہے گھرانہ اونچا عبداللہ کا
مَیں یہ سُن کر ہوگیا دیوانہ عبداللہ کا

{2} ایسے ویسوں کو کہاں دیدار ہوتا ہے نصیب
دیکھنے والوں نے دیکھا جلوہ عبداللہ کا

{3} نام سُن کر آپ کا بیمار اچھا ہوگیا
یہ کرامت آپ کی یہ رتبہ عبداللہ کا

{4} ہر گھڑی ذکرِ الٰہی میں رہے مشغول آپ
بس یہی معمول تھا روزانہ عبداللہ کا

{5} جمع اِس محفل میں ہیں دیوانے عبداللہ کے
ہر کوئی لگتا یہاں ہے شیدا عبداللہ کا

{6} کی فقیری میں بھی رہ کر بادشاہی آپ نے
جو دکن میں چل رہا ہے سکّہ عبداللہ کا

{7} اولیاء بھی چادرِ گل پیش کرتے ہیں یہاں
دیکھئے کتنا ہے رتبہ اونچا عبداللہ کا

{8} کیا کہوں اب کیا کہوں اب کیا کہوں کیسے کہوں
مَیں نے بھی پایا ہے کیا کیا صدقہ عبداللہ کا

{9} ایک کارِ خیر ہے اس میں بھی شرکت کیجئے
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{10} آؤ میخوارو چلو پھر پی لیں وحدت کی شراب
کُھل گیا پھر دیکھئے میخانہ عبداللہ کا

{11} دوست رکھتے ہیں وہ اپنے سب محبّوں کو زعیم
اِس لئے مشہور ہے یہ روضہ عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India
Collection of Mohammad Qadeer Digitization eGangotri

ژرفؔ۔[ ]۔محترم جناب سیدناصرعلی صاحب

{1} سَر میں لے کر پھر رہا ہے سودا عبداللہ کا
ہے بڑا ہی شانہ یہ دیوانہ عبداللہ کا

{2} علم و عرفاں آگہی کا پی رہا ہُوں جام مَیں
فیض کا جاری ہے اب بھی چشمہ عبداللہ کا

{3} خواب میں مِلتے ہیں اپنے چاہنے والوں سے یہ
ہے خدا کا ہی کرم یہ مِلنا عبداللہ کا

{4} ظلم حد سے بڑھ گیا جب اور اندھیرا چھا گیا
اک مریدِ خاص اُس دم جاگا عبداللہ کا

{5} اِس کے پانی کو پِیا تو تشنہ لب نے یہ کہا
آبِ زم زم سے بھرا ہے مٹکا عبداللہ کا

{6} کیوں نہ ہو مقبول اُن کی ہر دعا اللہ سے
ذکر میں گزرا ہے ہر اک لمحہ عبداللہ کا

{7} سلسلہ در سلسلہ ہے رابطے کی ہر کڑی
راست مِلتا ہے یہ جاکر شَجرہ عبداللہ کا

{8} اس لئے آتا ہے در پر شوق سے ہر اک مرید
زائروں پر وقف ہے ہر لمحہ عبداللہ کا

{9} اس لئے سجاد پاشاہ کا عمل بھاتا ہے یُوں
ہو بھو لگتا ہے بے شک شیوہ عبداللہ کا

{10} اس لئے گرویدہ ہے ساری خدائی آپ پر
صرف سنّت پر عمل ہے شیوہ عبداللہ کا

{11} ژرفؔ کی ہے خوش نصیبی ہوگئی ہے حاضری
عُرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India
Collection Digitization eGangotri

زعیمؔ۔[ ]۔محترم جناب محمد رحمۃ اللہ زعیم ذمرہ صاحب

{1} اونچا عہدہ ہے گھرانہ اونچا عبداللہ کا
مَیں یہ سُن کر ہوگیا دیوانہ عبداللہ کا

{2} ایسے ویسوں کوکہاں دیدار ہوتا ہے نصیب
دیکھنے والوں نے دیکھا جلوہ عبداللہ کا

{3} نام سُن کر آپ کا بیمار اچھا ہوگیا
یہ کرامت آپ کی یہ رتبہ عبداللہ کا

{4} ہر گھڑی ذکرِ الٰہی میں رہے مشغول آپ
بس یہی معمول تھا روزانہ عبداللہ کا

{5} جمع اِس محفل میں ہیں دیوانے عبداللہ کے
ہر کوئی لگتا یہاں ہے شیدا عبداللہ کا

{6} کی فقیری میں بھی رہ کر بادشاہی آپ نے
جو دکن میں چل رہا ہے سکّہ عبداللہ کا

{7} اولیاء بھی چادرِ گل پیش کرتے ہیں یہاں
دیکھئے کتنا ہے رتبہ اونچا عبداللہ کا

{8} کیا کہوں اب کیا کہوں اب کیا کہوں کیسے کہوں
مَیں نے بھی پایا ہے کیا کیا صدقہ عبداللہ کا

{9} ایک کارِ خیر ہے اس میں بھی شرکت کیجئے
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{10} آؤ میخوارو چلو پھر پی لیں وحدت کی شراب
کُھل گیا پھر دیکھئِے میخانہ عبداللہ کا

{11} دوست رکھتے ہیں وہ اپنے سب محبّوں کو زعیم
اِس لئے مشہور ہے یہ روضہ عبداللہ کا

●●●●●

ژرفؔ۔[ ]۔ محترم جناب سید ناصر علی صاحب

{1} سَر میں لے کر پھر رہا ہے سودا عبداللہ کا
ہے بڑا ہی شانہ یہ دیوانہ عبداللہ کا
{2} علم و عرفاں آگہی کا پی رہا ہُوں جام مَیں
فیض کا جاری ہے اب بھی چشمہ عبداللہ کا
{3} خواب میں مِلتے ہیں اپنے چاہنے والوں سے یہ
ہے خدا کا ہی کرم یہ مِلنا عبداللہ کا
{4} ظلم حد سے بڑھ گیا جب اور اندھیرا چھا گیا
اک مریدِ خاص اُس دم جاگا عبداللہ کا
{5} اِس کے پانی کو پِیا تو تشنہ لب نے یہ کہا
آبِ زم زم سے بھرا ہے مٹکا عبداللہ کا
{6} کیوں نہ ہو مقبول اُن کی ہر دعا اللہ سے
ذکر میں گزرا ہے ہر اک لمحہ عبداللہ کا
{7} سلسلہ در سلسلہ ہے رابطے کی ہر کڑی
راست مِلتا ہے یہ جاکر شَجرہ عبداللہ کا
{8} اس لئے آتا ہے در پر شوق سے ہر اک مرید
زائروں پر وقف ہے ہر لمحہ عبداللہ کا
{9} اس لئے سجاد پاشاہ کا عمل بھاتا ہے یُوں
ہو بہو لگتا ہے بے شک شیوہ عبداللہ کا
{10} اس لئے گرویدہ ہے ساری خدائی آپ پر
صرف سنّت پر عمل ہے شیوہ عبداللہ کا
{11} ژرفؔ کی ہے خوش نصیبی ہوگئی ہے حاضری
عُرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moin Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

زعیمؔ۔ [ ]۔ محترم جناب محمد رحمۃ اللہ زعیم ذمرہ صاحب

{1} اونچا عہدہ ہے گھرانہ اونچا عبداللہ کا
مَیں یہ سُن کر ہوگیا دیوانہ عبداللہ کا

{2} ایسے ویسوں کوکہاں دیدار ہوتا ہے نصیب
دیکھنے والوں نے دیکھا جلوہ عبداللہ کا

{3} نام سُن کر آپ کا بیمار اچھا ہوگیا
یہ کرامت آپ کی یہ رتبہ عبداللہ کا

{4} ہر گھڑی ذکرِ الٰہی میں رہے مشغول آپ
بس یہی معمول تھا روزانہ عبداللہ کا

{5} جمع اِس محفل میں ہیں دیوانے عبداللہ کے
ہر کوئی لگتا یہاں ہے شیدا عبداللہ کا

{6} کی فقیری میں بھی رہ کر بادشاہی آپ نے
جو دکن میں چل رہا ہے سکّہ عبداللہ کا

{7} اولیاء بھی چادرِ گل پیش کرتے ہیں یہاں
دیکھئے کتنا ہے رتبہ اونچا عبداللہ کا

{8} کیا کہوں اب کیا کہوں اب کیا کہوں کیسے کہوں
مَیں نے بھی پایا ہے کیا کیا صدقہ عبداللہ کا

{9} ایک کارِخیر ہے اس میں بھی شرکت کیجئے
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{10} آؤ میخوارو چلو پھر پی لیں وحدت کی شراب
کُھل گیا پھر دیکھئے میخانہ عبداللہ کا

{11} دوست رکھتے ہیں وہ اپنے سب محبّوں کو زعیم
اِس لئے مشہور ہے یہ روضہ عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheeb Hyderabad India Collection Peer Sahib Qudarat Digitization eGangotri

ژرفؔ۔ [ ]۔ محترم جناب سید ناصر علی صاحب

{1} سَر میں لے کر پھر رہا ہے سودا عبداللّٰہ کا
ہے بڑا ہی شانہ یہ دیوانہ عبداللّٰہ کا

{2} علم و عرفاں آگہی کا پی رہا ہُوں جام مَیں
فیض کا جاری ہے اب بھی چشمہ عبداللّٰہ کا

{3} خواب میں مِلتے ہیں اپنے چاہنے والوں سے یہ
ہے خدا کا ہی کرم یہ مِلنا عبداللّٰہ کا

{4} ظلم حد سے بڑھ گیا جب اور اندھیرا چھا گیا
اک مریدِ خاص اُس دم جاگا عبداللّٰہ کا

{5} اِس کے پانی کو پِیا تو تشنہ لب نے یہ کہا
آبِ زم زم سے بھرا ہے مٹکا عبداللّٰہ کا

{6} کیوں نہ ہو مقبول اُن کی ہر دعا اللّٰہ سے
ذکر میں گزرا ہے ہر اک لمحہ عبداللّٰہ کا

{7} سلسلہ در سلسلہ ہے رابطے کی ہر کڑی
راست مِلتا ہے یہ جاکر شَجرہ عبداللّٰہ کا

{8} اس لئے آتا ہے در پر شوق سے ہر اک مرید
زائروں پر وقف ہے ہر لمحہ عبداللّٰہ کا

{9} اس لئے سجاد پاشاہ کا عمل بھاتا ہے یُوں
ہو بہو لگتا ہے بے شک شیوہ عبداللّٰہ کا

{10} اس لئے گرویدہ ہے ساری خدائی آپ پر
صرف سنّت پر عمل ہے شیوہ عبداللّٰہ کا

{11} ژرفؔ کی ہے خوش نصیبی ہوگئی ہے حاضری
عُرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Sahib Qadri Hyderabad Digitization eGangotri

سجّاد۔ [ ]۔ محترم جناب سید سجاد پاشاہ قادری علیہ الرحمۃ

{1} ہوگیا ہے ہر کوئی دیوانہ عبداللّٰہ کا
معترف ہے یہ جہاں بھی سارا عبداللّٰہ کا

{2} حشر تک قائم رہے یہ ہے دعا اللّٰہ سے
سب مریدوں کے سَروں پر سایہ عبداللّٰہ کا

{3} خواب میں ہی ہو میسر آپ کا دیدار اب
آرزو ہے دیکھ لوں مَیں جلوہ عبداللّٰہ کا

{4} قدسیاں سب جاگتے ہیں جھومتے ہیں ہر گھڑی
سب کے لب پر ہے مچلتا نغمہ عبداللّٰہ کا

{5} جو بھی آیا فیض پایا آپ کے دربار سے
فیض کا جاری ہے دیکھو چشمہ عبداللّٰہ کا

{6} جگمگاہٹ چاند تاروں سے بھی بڑھ کر ہے یہاں
کتنا نورانی ہے دیکھو روضہ عبداللّٰہ کا

{7} پیش کرتے ہیں مبارکباد آپس میں مرید
بَٹ رہا ہے آج ان میں صدقہ عبداللّٰہ کا

{8} سب پہ شفقت کی نظر رکھتے ہیں، کامل پیر ہیں
سب مریدوں پر ہے یکساں سایہ عبداللّٰہ کا

{9} آپ ہی کا نام ہے جو شہر میں چاروں طرف
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

{10} عرس میں آکر جو دیکھا سیِّدِ سجاد کو
ہو بہو نقشہ لگے ہے پورا عبداللّٰہ کا

{11} ناز ہے سجّاد کو بھی سلسلہ پر آپ کے
غوث رضی اللہ عنہ سے مِلتا ہے جاکر شَجرہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri Digitization eGangotri

سجّاد۔ [ ]۔ ڈاکٹر سید عبدالمہیمن صاحب قادری لااُبالی الجیلانی

صدر مشاعرہ

{1} ذَاکِرُوْنَ اللّٰہَ(۱) میں روزانہ عبداللّٰہ کا
ہے کرامت شیر بھی بن جانا عبداللّٰہ کا

{2} جو عَنِ الّغْوِ سے آگے مُعْرِضُوْنَ(۲) تک گئے
خَاشِعُوْنَ حَافِظُوْنَ(۳) رتبہ عبداللّٰہ کا

{3} صَابِرِیْنَ(۴) پر عمل کرتے گزاری زندگی
صبر و ایثار و تحمّل اُسوہ عبداللّٰہ کا

{4} جھاڑ پیسوں کا بَنے، سکّے لگے گِرنے کئی
ہے تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہ(۵) جلوہ عبداللّٰہ کا

{5} تین دن مسجد کے اندر یاد حق میں ہی رہے
بن گیا فَوْزًا عَظِیْمًا(۶) طُرّہ عبداللّٰہ کا

{6} اَوْلِیَاءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ(۷) کی تفسیرِ عمل
پیکرِ لَا یَحْزَنُونَ(۸) ہے جلوہ عبداللّٰہ کا

---

(۱) الاحزاب۔ ۳۵۔ (۲) المومنون۔ ۳ (۳) المومنون۔ ۲،۵۔
(۴) البقرہ۔ ۱۵۳۔ (۵) سنن ابی داود۔ حدیث نمبر 5095 (۶) الاحزاب۔ ۷۱۔
(۷) یونس۔ ۶۲۔ (۸) البقرہ۔ ۱۱۲۔

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Hyderabad India Collection PM Sahib Quadri Digitization eGangotri

{7} مانگتے ہیں اِھْدِنَا بھی اَلصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ(۹)
ضَآلِّیْنَ(۱۰) کے مخالف اُسوہ عبداللّٰہ کا

{8} ہے جو اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ(۱۱) آیت رَبُّ الْعُلٰی
ھادیوں کے واسطے ہے جادہ عبداللّٰہ کا

{9} درس تھا شَیْءٍ قَدِیْرٍ(۱۲)، اک چنے کو بو دیا
ایک پَل میں پودا اُگ کر آیا عبداللّٰہ کا

{10} اک رسالہ ہے تصوف میں نشانی آپ کی
ہے جو مَالَمْ اور یَعْلَمْ(۱۳) نکتہ عبداللّٰہ کا

{11} اَلَّذِیْنَ آمَنُوْا بھی اور کَانُوْا یَتَّقُوْنَ(۱۴)
مثلِ آیت تھا مکمل تقویٰ عبداللّٰہ کا

{12} ہے جو اَللّٰہُ وَلِیُّ اَلَّذِیْنَ آمَنُوْا(۱۵)
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

{13} عُرْوَۃُ الْوُثْقٰی(۱۶) سے ہم بھی جڑ گئے ہیں شان سے
غوث اعظمؓ سے نبی تک رستہ عبداللّٰہ کا

---

(۹) الفاتحہ۔ ۶۔
(۱۰) الفاتحہ۔ ۷۔
(۱۱) الفاتحہ۔ ۷۔
(۱۲) ھود۔ ۴۔
(۱۳) علق۔ ۵۔
(۱۴) یونس۔ ۶۳۔
(۱۵) البقرہ۔ ۲۵۷۔
(۱۶) البقرہ۔ ۲۵۶۔

{14} اور فِيْهَا پھر ہے کُتبٌ قَيِّمَۃٌ(١٧) کے روپ میں
آج بھی قائم کتابِ خانہ عبداللّٰہ کا

{15} اور عَلَّمْنَاهُ مِنْ لَّدُنَّ عِلْمًا(١٨) نور سے
رب نے روشن کردیا تھا سینہ عبداللّٰہ کا

{16} عَزِّرُوْهُ سَبِّحُوْهُ(١٩) سلسلہ ہے آج تک
محفل نعت نبی یہ پودا عبداللّٰہ کا

{17} فَضَّلَ اللّٰهُ كَثِيْرًا(٢٠) کا اِنھیں حاصل تھا فیض
تھا منوّر نور سے جو چہرہ عبداللّٰہ کا

{18} تَآئِبُوْنَ(٢١) میں تھے شامل باخدا گِریہ کُناں
تھا مریدوں کو بھی حکمِ والا عبداللّٰہ کا

{19} عَابِدُوْنَ(٢٢) پر عمل کرتے رہے تا زندگی
اور ہے ارشاد والا شاہا عبداللّٰہ کا

{20} حَامِدُوْنَ(٢٣) حمد ربی اور نعت مُصطفٰی
بہہ رہا ہے آج بھی یہ جھرنا عبداللّٰہ کا

---

(١٧) البینۃ۔ ٣۔ (١٨) الکھف۔ ٦٥۔ (١٩) الفتح۔ ٩۔
(٢٠) الجمعۃ۔ ١٠۔ (٢١) التوبۃ۔ ١١٢۔ (٢٢) التوبۃ۔ ١١٢۔
(٢٣) التوبۃ۔ ١١٢۔

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohamin Hyderabad Digitization eGangotri

{21} رَاکِعُوْنَ سَاجِدُوْنَ(۲۴) میں رہے مصروف تر
ہر مرید و معتقد کو کہنا عبداللّٰہ کا

{22} آمِرُوْنَ(۲۵) پر عمل تھا زندگی بھر آپ کا
اور ہر چھوٹے بڑے کو کہنا عبداللّٰہ کا

{23} اور نَاھُوْنَ عَنِ الْمُنْکَرْ(۲۶) سدا کہتے رہے
سلسلہ ہے آج بھی یہ شاہا عبداللّٰہ کا

{24} غوث اعظم لا اُبالی کا گدا سجادؔ ہے
جو کہ قِطْمِیْرًا (۲۷) ہُوا پروانہ عبداللّٰہ کا

{25}

حضرت ھادی نے جس کو کردیا ھے نامزد
مَیں وھی سجادؔ ھُوں سجادہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

---

(۲۴) التوبة۔ ۱۱۲۔ (۲۵) التوبة۔ ۱۱۲۔ (۲۶) التوبة۔ ۱۱۲۔
(۲۷) فاطر۔ ۱۳۔

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India / Collection Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

سراؔج۔[ ]۔محترم جناب محمد سراج یعقوبی صاحب

{1} عُرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا
کِس قدَر روشن ہے دیکھو روضہ عبداللّٰہ کا

{2} آگیا اُس کے مقدّر کا سِتارہ اَوج پر
جس نے بھی اک بار دیکھا چہرہ عبداللّٰہ کا

{3} بے خودی ہے ہر گھڑی رہتاہُوں کھویا کھویا مَیں
بَس گیا جب سے نظرمیں جَلوہ عبداللّٰہ کا

{4} لڑکھڑا سکتا نہیں ہرگز قدم اُس کا کبھی
بَن کے جو بھی رہتا ہے دیوانہ عبداللّٰہ کا

{5} کیجئے اندازہ ، ہے کتنا مقام اِن کا بلند
ہر کسی کے لب پہ ہے افسانہ عبداللّٰہ کا

{6} وادئ دل مہکی مہکی رہتی ہے دن رات اب
بن گیا ہے دل مرا کاشانہ عبداللّٰہ کا

{7} آتشِ دوزخ سے وہ جل جائے یہ ممکن نہیں
ہوگیا ہے جو کوئی پروانہ عبداللّٰہ کا

{8} چاہئے گر جامِ الفت پیجئے آکر یہاں
عشق سے معمور ہے پیمانہ عبداللّٰہ کا

{9} ہو بہو بغداد کا منظر نظر آیا مجھے
جب کبھی دیکھا ہے مَیں نے روضہ عبداللّٰہ کا

{10} جس کو عبداللّٰہ کا دامن مِلا ہے دوستو
بس نظر آیا اُسی کو جلوہ عبداللّٰہ کا

{11} لغزشوں سے وہ ہمیشہ دُور رہتا ہے سراؔج
جس کسی کے ہاتھ ہے پیمانہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Hyderabad India Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

سکندر۔[ ]۔محترم جناب سید سکندر حسین شرفی صاحب

{1} ہے اِمام الانبیاء کا رستہ عبداللّٰہ کا
سنتِ شاہِ اُمم ہے شیوہ عبداللّٰہ کا
{2} جس کو قسمت سے مِلا ہے روضہ عبداللّٰہ کا
اس کو لے جائے گا جیلاں زینہ عبداللّٰہ کا
{3} کوئی حافظ کوئی عالِم اور ہے فاضِل کوئی
ہے مقدّر والا بچہ بچہ عبداللّٰہ کا
{4} حضرتِ سجاد پاشاہ کی بھی صورت سے عیاں
دیکھنے والوں نے دیکھا جلوہ عبداللّٰہ کا
{5} کہتی ہے چودہ سَو بیّالیس ہجری شان سے
عرس آیا ہے سَوا سَو سالہ عبداللّٰہ کا
{6} ایک سَو پچیس سالہ عرس کی تقریب میں
ہرکسی کو مِل رہا ہے تحفہ عبداللّٰہ کا
{7} آستاں پر دیکھئے تو سلسلہ در سلسلہ
آج بھی لہرا رہا ہے جھنڈا عبداللّٰہ کا
{8} ایک سَو پچیس برسوں نے بھی دیکھا بارہا
اِن کے در پر بٹ رہا ہے صدقہ عبداللّٰہ کا
{9} رات بھر دیکھا مصلٰی بھی عبادت کے لئے
روبرو رب کے جُھکا ہے سجدہ عبداللّٰہ کا
{10} کہہ رہی ہے سب مریدوں کی عقیدت شان سے
رب نے اعلٰی کردیا ہے رتبہ عبداللّٰہ کا
{11} اے سکندر کہہ رہی ہے عِلم کی گہرائیاں
عِلم کا دریا ہے یا ہے سینہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahab Quadri Digitization eGangotri

سلطاںؔ۔ { }۔ محترم جناب صوفی محمد سلطان الدین چشتی صاحب

{1} چار جانب ہو رہا ہے چرچہ عبداللّٰہ کا
عرس آیا ہے سَواسَو سوله عبداللّٰہ کا

{2} لاابالی سلسلہ ہے ہند میں مشہور تر
غوثِ اعظمؓ سے جڑا ہے رشتہ عبداللّٰہ کا

{3} فیض کا بہتا ہے دریا اس جگہ شام وسحر
مثلِ چندا جگمگائے روضہ عبداللّٰہ کا

{4} جو بھی آیا ہے یہاں وہ ہوگیا ہے سرفراز
مُشک جیسے خانوادہ مہکا عبداللّٰہ کا

{5} دل دُرودوں میں مگن ہے، روح میں ہے روشنی
میں نے بھی پایا ہے نوری تحفہ عبداللّٰہ کا

{6} جو عقیدت سے یہاں آیا وہ بے شک پا گیا
سب کے سَر پر ہے سلامت سایہ عبداللّٰہ کا

{7} کیا امیری، کیا غریبی سب پہ ہے چشمِ کرم
سب کی خاطِر ہے کُھلا دروازہ عبداللّٰہ کا

{8} جو یہاں آیا عقیدت سے وہ فوراً بول اُٹھا
روضۂ غوث الوریٰؓ سا روضہ عبداللّٰہ کا

{9} مَنْ عَرَفُ کے، آستاں پر رمز کُھلتے ہیں سدا
قَدْ عَرَفُ کا درس دینا شیوہ عبداللّٰہ کا

{10} رات کے پچھلے پہر چھائی ہے نورانی فَضا
ذکر جاری ہے خدا کا، روضہ عبداللّٰہ کا

{11} مرحبا سلطاںؔ پہ بھی ہے عطائے شاہ دیں
غوثِ اعظمؓ کا قدم ہے شانہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

سلیمؔ۔[ ]۔آفتابِ سخن محترم جناب سردار سلیم صاحب

{1} بٹتا رہتا ہے ہمیشہ صدقہ عبداللہ کا
بند ہوتا ہی نہیں دروازہ عبداللہ کا

{2} کیوں نہ آئے گی ولایت نسلِ عبداللہ میں
ابنِ عبداللہ سے ہے رشتہ عبداللہ کا

{3} بوترابی رنگ والی مٹی عبداللہ کی
شاہِ مرداں کا ہے اُسوہ، اُسوہ عبداللہ کا

{4} ہیں بڑے انعام اِس پر چلنے والے کے لئے
غوثِ اعظمؓ کا ہے رستہ، رستہ عبداللہ کا

{5} لاابالی حُسن ہے پہچان عبداللہ کی
اور عشقِ طاہری ہے ورثہ عبداللہ کا

{6} ہو رہا ہے ارتقاء درجہ بہ درجہ دن بہ دن
روز بڑھتا جا رہا ہے رتبہ عبداللہ کا

{7} پانچ شہزادے شہِ ہادی کے ہیں خمسہ حواس
غور سے دیکھو تو ہے یہ پنجہ عبداللہ کا

{8} صورتِ سجاد روشن ہوگئی مثلِ چراغ
اور جلوہ ہوگیا ہے پردہ عبداللہ کا

{9} دھوپ غم کی چھاؤں کو بھی چھو نہیں سکتی مری
اوڑھ کر بیٹھا ہُوں سَر پر سایہ عبداللہ کا

{10} ہوش مندوں نے قدم چومے ہیں اُس کے با ادب
مِل گیا جب بھی کوئی دیوانہ عبداللہ کا

{11} ہوگئے روشن سرِ محفل سَواسَو ماہتاب
عُرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{12} ناز کرنا چاہئے تقدیر پر تم کو سلیمؔ
ہے کٹورے میں تمہارے صدقہ عبداللہ کا

●●●●●

سیفؔی۔[ ]۔ابو عمار عرفان اللہ شاہ نوری چشتی قادری صاحب

{1} جشن کا موقع ہے اور ہے شہرہ عبداللّٰہ کا
عُرس آیا ہے سَوا سَو سالہ عبداللّٰہ کا

{2} کیسا رتبہ ' شان ہے کیا پیر عبداللّٰہ کی
آج بھی سارا زمانہ شیدا عبداللّٰہ کا

{3} کام ایسے کرگئے وہ دینِ حق کی راہ میں
ہے دلوں پر آج بھی جو قبضہ عبداللّٰہ کا

{4} کوئی نجدی تھا یہاں تو قادیانی تھا کوئی
کیسے کیسوں سے پڑا تھا پالا عبداللّٰہ کا

{5} نام لیتے ہیں ادب سے زائریں سب دیکھئے
نام ولیوں میں بڑا ہے کتنا عبداللّٰہ کا

{6} عرس میں آیا تو دیکھا کتنا روشن ہے سماں
نور ہے چاروں طرف اب پھیلا عبداللّٰہ کا

{7} اِس میں کوئی شک نہیں ہے ' ہے حقیقت بس یہی
آپ سارے جگ کے ہیں جگ سارا عبداللّٰہ کا

{8} ٹھوکریں کھانے سے بچ کر پا گیا منزل کو مَیں
ہوگیا مجھ پر کرم کچھ ایسا عبداللّٰہ کا

{9} آل کو اُن کی جو دیکھا تو مجھے ایسا لگا
لگ رہا ہے چہرہ دیکھا بھالا عبداللّٰہ کا

{10} ہادیؔ و سجادؔ سے ہم سُنتے آئے ہیں یہی
تھا رُخِ زیبا بہت ہی بھولا عبداللّٰہ کا

{11} ہر کسی سے مسکرا کر آپ مِلتے تھے سدا
منفرد سیفؔی مقام و رتبہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

شجرؔ۔ [ ]۔ محترم جناب محمد عمران احمد عبدالرحیم صاحب

{1} مرحبا صد مرحبا ہے آنا عبداللّٰہ کا
نور سے ہے جگمگاتا شَجرہ عبداللّٰہ کا

{2} عطر زا مہکا ہُوا ہے روضہ عبداللّٰہ کا
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

{3} قادریہ ہے گھرانہ شاہ عبداللّٰہ کا
غوث اعظمؓ تک گیا ہے شَجرہ عبداللّٰہ کا

{4} حاضری میری ہوئی ہے بخت سے دربار میں
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

{5} کاش مجھ کو بھی مِلے اب سلسلے کی روشنی
جگمگاتا نور سے ہے روضہ عبداللّٰہ کا

{6} آپ کے در سے نہ لَوٹا کوئی بھی خالی کبھی
ہر کسی کے سَر پہ ہے جوسایہ عبداللّٰہ کا

{7} خوش ہیں سارے آپ کے شیدائی عبداللّٰہ شاہ
آج ہم کو بھی مِلے گا صدقہ عبداللّٰہ کا

{8} صرف اک دکّن نہیں، ہے ہند میں تو جابجا
چار جانب بج رہا ہے ڈنکا عبداللّٰہ کا

{9} چاروں جانب سے ولی آئے ہیں منظر دیکھنے
ہے گُلابوں سے سَجا یہ روضہ عبداللّٰہ کا

{10} ہندو، مسلم، سکھ، عیسائی اور ہر مذہب کے لوگ
جس نے دیکھا ہوگیا دیوانہ عبداللّٰہ کا

{11} آؤ مل کر سب چلیں گے شاہ کے دربار میں
عرس کا موقع ہے یہ شاہانہ عبداللّٰہ کا

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Mohammad Qudri Hyderabad Digitization eGangotri

{12} صرف اک میں ہی نہیں قربان عبداللہ پر
ہند کا ہر بچہ ہے دیوانہ عبداللہ کا

{13} در پہ شہنائی بجی ہے نوبت عبداللہ کے
دُھوم سے صَندل ہے دیکھو نکلا عبداللہ کا

{14} کالی کالی جو سیہ راتوں میں بھی پُر نور ہے
مقبرہ ہے جگمگاتا داتا عبداللہ کا

{15} مہکی مہکی ہے فَضا چاروں طرف دربار میں
نور سے چمکا ہُوا ہے حُجرہ عبداللہ کا

{16} آؤ مل کر ہم چلیں گے شاہ کے دربار میں
آج میلا ہے لگا سالانہ عبداللہ کا

{17} فیض مجھ کو بھی عطا ہو آپ کے دربار سے
جاری ہے سب کے لئے جو چشمہ عبداللہ کا

{18} دیکھو کیسی شان ہے رب کے ولی کی آج بھی
نور سے روشن ہے روضہ شاہا عبداللہ کا

{19} دُھوم ہے دیکھو مچی لنگر پہ عبداللہ کے
آج سب کو مِل رہا ہے صدقہ عبداللہ کا

{20} یہ ضیاء پھیلی ہوئی پُر نور ہے پُر کیف ہے
ہے منوّر نُور سے ہر بچہ عبداللہ کا

{21} سج گئی محفل یہاں پر ' جشن کا ماحول ہے
ہے زباں پر ہر کسی کے قصّہ عبداللہ کا

{22} سارے عاشق جھوم کر پڑھتے ہیں ان کی منقبت
روشنی سے سج گیا ہے میلہ عبداللہ کا

{23} آج دُلھا جو بَنے ہیں شاہ عبداللہ بھی
کس قدَر مہکا ہُوا ہے سہرا عبداللہ کا

{24} ہے خدا کے جو بہت نزدیک بالا تر جناب
مرتبہ رتبہ بہت ہے اعلیٰ عبداللہ کا

{25} پُھوٹی ہے یہ جو کرن بغداد ہی سے ہند میں
چارسمتوں میں شجر ہے جلوہ عبداللہ کا

●●●●●

صفدرؔ۔ [ ]۔ محترم جناب حافظ عبدالوہاب صاحب

{1} دہر میں بجتا ہے ڈنکا کس کا ؟ عبداللّٰہ کا
چرخ پر جاری ہے چرچا کس کا؟ عبداللّٰہ کا

{2} خلد اُس کو مِل گئی اور وہ ہُوا ہے کامیاب
جس نے قسمت سے بھی پایا شَجرہ عبداللّٰہ کا

{3} باغِ زہرا کے چمن کا یہ مہکتا پھول ہیں
کیوں نہ مہکے گا چمن پھر سارا عبداللّٰہ کا

{4} لَا فَتَاہُ اِلَّا عَلِیُ شیرِ خدا مشکل کشا
کُل جہاں کا ہے وہ مولا دادا عبداللّٰہ کا

{5} کہہ رہے ہیں پیشوائے ہر زمانہ بس یہی
قول ہر اک ہے یقیناً سچّا عبداللّٰہ کا

{6} نور سے رشتہ ہے ان کا اس لئے تو دیکھئے
نور ہی بس نور ہے یہ جلوہ عبداللّٰہ کا

{7} قادریوں کی رکھی ہے لاج جس نے آج تک
غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ ہاں وہی ہے دادا عبداللّٰہ کا

{8} جام پینے چل پڑے ہیں اُس جگہ میخوار سب
جس میں مئے ہے غوث رضی اللہ عنہ کی اور پیالہ عبداللّٰہ کا

{9} غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ ' لا اُبالی' شاہ طاہر سے ہُوا
سلسلہ روشن دکن میں شاہ عبداللّٰہ کا

{10} دھوم عالَم میں مچی ہے شاعری کی ' کس لئے؟
عُرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

{11} غوث رضی اللہ عنہ کے گھر کا ہُوا صفدرؔ بھی اک ادنیٰ گدا
اِس لئے تُو گا رہا ہے نغمہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India Collection of Mohammed Qadri Digitization eGangotri

ضیاءؔ۔[ ]۔محترم جناب ڈاکٹر عبدالرؤف صاحب

{1} کیا بڑا، کیا چھوٹا ہر اک پیارا عبداللّٰہ کا
ادنٰی عبداللّٰہ کا ہے، اعلیٰ عبداللّٰہ کا
{2} پھول کے جیسے کِھلے چہرے بتاتے ہیں ہمیں
اِن کے سَر پر آج بھی ہے سایہ عبداللّٰہ کا
{3} اک نظر ڈالی ہے جس پر وارے نیارے کردیا
حیدرآبادی یہ دیکھو رتبہ عبداللّٰہ کا
{4} مہکی مہکی سی فَضا ہے نور بکھرا چار سُو
ہر طرف پھیلا ہُوا ہے جلوہ عبداللّٰہ کا
{5} معتبر تو اک ولی ہیں اُس پہ اولادِ علی رضی اللہ عنہ
کیوں نہ دنیا میں بَجے پھر ڈنکا عبداللّٰہ کا
{6} صدقۂ حَسنین رضی اللہ عنہما کی سوغات کے تم ساتھ ساتھ
عاشقو لے جاؤ آکے صدقہ عبداللّٰہ کا
{7} اُجلی اُجلی زندگی ہے فکرِ غم کچھ بھی نہیں
مجھ پہ جس دَم سے ہُوا ہے سایہ عبداللّٰہ کا
{8} آپ کے در کے گدا کو کم نہیں سمجھے کوئی
بادشاہوں سے ہے بڑھ کر مَنگتا عبداللّٰہ کا
{9} تِیرگی کو روشنی میں ہے بدلنے کا ہنر
اِس سے پھیلا ہے جہاں میں چرچا عبداللّٰہ کا
{10} جو نہیں قمست میں لکّھا وہ بھی آکر لیجئے
عُرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا
{11} خوش مزاجی سادگی اِس کی بتاتی ہے ہمیں
یہ یقیناً ہے ضیاءؔ، ہے شیدا عبداللّٰہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Hyderabad Collection Digitization eGangotri

ضیاؔ ۔ [ ] ۔ محترم جناب اختر حسین صاحب

{1} لاابالی آئینہ ہے چہرہ عبداللّٰہ کا
ہر طرف آتا نظر ہے جلوہ عبداللّٰہ کا

{2} روشنی بغداد سے تربت پہ آتی ہے سدا
نُور میں ڈوبا ہُوا ہے روضہ عبداللّٰہ کا

{3} جمگھٹا رہتا ہے اِس جا حور و غلماں کا لگا
روز و شب مہکا ہُوا ہے روضہ عبداللّٰہ کا

{4} دوجہاں میں صاحبِ توقیروہ بھی ہوگئے
پُشت پرجن کی لگا ہے پنجہ عبداللّٰہ کا

{5} تاجور کرتے ہیں آکراس کے درکی چاکری
ہے گدا بھی پرسکوں ہر لمحہ عبداللّٰہ کا

{6} رنج و غم کی دھوپ کا سایہ نہیں آتا قریں
جس کے سَر پر ہے ہمیشہ سایہ عبداللّٰہ کا

{7} ہر گھڑی آتا نظر ہے اس جگہ منظر ہَرا
والئِ بغداد سے ہے رشتہ عبداللّٰہ کا

{8} غوث اعظمؓ کی عطاؤں سے بھرا کشکول ہے
ختم ہوگا ہی نہیں اب ٹُکڑا عبداللّٰہ کا

{9} شہرمیں اک دُھوم سی ہے ہرطرف ہے تذکرہ
عُرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

{10} جو کوئی دربار میں آیا معطّر ہوگیا
مہکا رہتا ہے سداؔ کاشانہ عبداللّٰہ کا

{11} مستند اولاد ہیں غوث الوریٰ کی یہ ضیاؔ
ہے بہت اونچے سے اونچا رتبہ عبداللّٰہ کا

* * *

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri / Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

ضیاءؔ۔[ ]۔ محترم جناب محمد ضیا الدین سلطانی صاحب

{1} ہند کے ہے اولیاء میں چرچا عبداللّٰہ کا
ہر زمانہ ہوگیا ہے شیدا عبداللّٰہ کا

{2} نورِ حق سے جگمگاتا روضہ عبداللّٰہ کا
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

{3} دیکھو دیکھو ہے لطیفی لہجہ عبداللّٰہ کا
لاابالی رنگ بھی ہے گہرا عبداللّٰہ کا

{4} آرزو ہے یا الٰہی مجھ دکن کے واسی کی
دیکھ لوں اک بار مَیں بھی چہرہ عبداللّٰہ کا

{5} دیکھ لیتے ہیں نظراپنی جُھکا کرچُپکے سے
عاشقوں سے کب رہے گا پردہ عبداللّٰہ کا

{6} عقل کے اندھوں پہ کب روشن ہوں رتبے آپ کے
جاننے والے ہی جانیں رتبہ عبداللّٰہ کا

{7} آتے جاتے ہیں فرشتے آپ کے در پر مُدام
گھیرے رہتے ہیں ہمیشہ روضہ عبداللّٰہ کا

{8} شرط ہے سچّی عقیدت ٗدیکھنے والے تجھے
حضرتِ سجاد میں ہے جلوہ عبداللّٰہ کا

{9} لاابالی فیض کا دریا ہے جاری اس جگہ
پا رَہے ہیں سب کے سب ہی صدقہ عبداللّٰہ کا

{10} دیکھنے والے یہی کہتے ہیں اکثرائے ضیاءؔ
غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ کا ہے جلوہ ٗجلوہ عبداللّٰہ کا

{11} اے ضیاءؔ میں بھی نہاؤں فیضِ عبداللّٰہ میں
میری چھت پَرکاش ہو پَر نالہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

ضیاؔ۔ [ ]۔ محترم جناب ضیاء الدین ضیاء صاحب

{1} آج آؤ پھر سے پی لو پیالہ عبداللّٰہ کا
عُرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

{2} کفر کے اُس نے دلوں پر لَااِلٰہَ لکھ دیا
کفر کے دَر پر لگا ہے تالا عبداللّٰہ کا

{3} اِن کا دامن تھام لیجے یہ ہیں محبوب خدا
جو پیا مدہوش ہے پیمانہ عبداللّٰہ کا

{4} یہ دِیا "غوث الوریٰ" جلتا رہے گا حشر تک
اس میں ہے نور نبی اور جلوہ عبداللّٰہ کا

{5} اُن کی رہ پر جو چلے مِل جائے گی منزل اُسے
بَن گیا وہ دیکھئے گا پیارا عبداللّٰہ کا

{6} جو بھی آیا ہے یہاں پر وہ مرادیں پا گیا
دے رہا ہے سب مرادیں روضہ عبداللّٰہ کا

{7} اِن کا خالی ہی نہیں جاتا اشارہ دیکھئے
کتنا پیارا ہے خدا کو سجدہ عبداللّٰہ کا

{8} بعد بھی سَو سال کے انوار کم ہوتے نہیں
جلوہ گر ہے نور سے کاشانہ عبداللّٰہ کا

{9} ان کے دل میں جل رہا ہے سبز گنبد کا دِیا
آج تک بھی ضوفشاں ہے سینہ عبداللّٰہ کا

{10} ہر طرف توحید کا ڈنکا بجایا آپ نے
کفر و باطل کو جَلایا شعلہ عبداللّٰہ کا

{11} آپ کے در پر گدِا آیا ہے منّت کے لئے
آج مِل جائے ضیا کو تحفہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Sahab Hyderabad Digitization eGangotri

طارقؔ۔[ ]۔محترم جناب محمد حامد طارق نظامی صاحب

{1} خواب میں دیکھا ہے اکثر جلوہ عبداللّٰہ کا
میری آنکھوں میں بسا ہے چہرہ عبداللّٰہ کا

{2} روشنی کی اک کرن نکلی مۂ انوار سے
سلسلہ طیبہ سے یوں ہے پہنچا عبداللّٰہ کا

{3} آپ پر سرکار صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی جو ہے عنایت اِس لئے
ہر طرف چلتا ہے دیکھو سکّہ عبداللّٰہ کا

{4} آپ کے فیضان سے ظاہر کرامت ہوگئی
ساری دنیا میں رہا ہے چرچہ عبداللّٰہ کا

{5} در سے مِلتی ہے غلاموں کو غلامی کی سند
آج ہم کو مِل گیا ہے صدقہ عبداللّٰہ کا

{6} آمنہ رضی اللہ عنہا کے لال ہی تو سرورِ کونین ہیں
جاکے اقا سے مِلا ہے شَجرہ عبداللّٰہ کا

{7} دھوم ایسی مچ گئی ہے جشن کا ماحول ہے
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

{8} جب تلک در پر نہ آئے تھے رہے محروم ہم
ہم نے سمجھا ہی نہیں تھا رتبہ عبداللّٰہ کا

{9} ہم گنہگاروں کی بخشش ان کے صدقے میں ہوئی
ایسے رب نے رکھ لیا ہے پردہ عبداللّٰہ کا

{10} جب چلے منزل کی جانب راستہ مِلتا گیا
رب نے ہم کو کردیا ہے شیدا عبداللّٰہ کا

{11} در پہ آتے ہی خوشی ہے اپنا دامن بھر گیا
بھیک طارقؔ مِل گئی اور صدقہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

طاؔہر۔[ ]۔ محترم جناب الحاج محمد طاہر خان صاحب

{1} کیوں نہ ہو سب کے لبوں پر چرچہ عبداللہ کا
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{2} آپ اولادِ علیؓ ہیں آپ ہیں آلِ نبی
کیا سمجھ پائے گا کوئی رتبہ عبداللہ کا

{3} ہو دعا مقبول میری واسطہ یا رب تجھے
تیرے ہی مقبول بندے شاہا عبداللہ کا

{4} اُس کا دل بھی نورِ عرفاں سے مزیّن ہوگیا
جس نے بھی اک بار دیکھا جلوہ عبداللہ کا

{5} اِس لئے ہے وار غم کا میرے دل پر بے اثر
عشق ہے سینے میں میرے گہرا عبداللہ کا

{6} دامنِ امّید بھرتے ہیں یہاں آٹھوں پہر
مرکزِ فیض و عطا ہے روضہ عبداللہ کا

{7} یا الٰہی دُور ہُوں مَیں اُن کے روضے سے بہت
تو ہی اب مجھ کو دِکھادے چہرہ عبداللہ کا

{8} تھا یہی تو نامِ نامی والدِ سرکار کا
کیوں نہ ہو پھر نامِ نامی پیارا عبداللہ کا

{9} سیرت و کردار میں ہوتا ہے وہ اعلیٰ تریں
منفرد ہوتا ہے سب سے منگتا عبداللہ کا

{10} یہ تو سچ ہے حیدرآباد انکا مسکن ہے مگر
نام سارے ملک میں ہے مہکا عبداللہ کا

{11} کس لئے طاہؔر ہے تیرے دل میں فکرِ دو جہاں
دامنِ نسبت اگر ہے تھاما عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Hyderabad Digitization eGangotri

طاؔہر۔ [ ]۔ محترم جناب مفتی محمد منیب خان صاحب

{1} چار سُو پھیلا ہُوا ہے شہرہ عبداللہ کا
ہو رہا مخلوق میں ہے چرچہ عبداللہ کا

{2} فاطمہ رضی اللہ عنہا کے لاڈلے ہیں اور علی رضی اللہ عنہ کے لعل بھی
عرش سے آیا ہے دیکھو سہرہ عبداللہ کا

{3} آپ کا جلوا جو دیکھا کہہ دیا مِنْ عَنْ یہی
نور سے معمور ہے یہ چہرہ عبداللہ کا

{4} ذکر پڑھتے‘ شیر بن جاتے تھے حضرت بارہا
شیر بن کر یُوں ٹہلنا آقا عبداللہ کا

{5} جو بھی آتا ہے یہاں در پر مرے سرکار کے
جھولی بھر لے جاتا ہے وہ منگتا عبداللہ کا

{6} غوث اعظم رضی اللہ عنہ قطبِ ربانی کا صدقہ بانٹنے
عُرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{7} اولیاء اللہ میں ہیں شاہِ اوتادِ دکن
قطبِ دوراں بھی لقب ہے شاہا عبداللہ کا

{8} غوث آعظم رضی اللہ عنہ کے دِلارے فاطمہ رضی اللہ عنہا کے لعل ہو
کیا نرالی شان ہے اور رتبہ عبداللہ کا

{9} کیوں پریشاں ہورہے ہو مَیں ہُوں پیسوں کا شَجَر
ہے کرامت کا یہ شہرہ شاہا عبداللہ کا

{10} کچھ نہیں کھائے، رہے جو تین دن مسجد میں ہی
ہے متنگی گاؤں کا یہ قصہ عبداللہ کا

{11} آپ کے ہی نام سے ہیں دُور سب رنج والم
ہو عطا طاہر کو بھی یہ صدقہ عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

طورؔ [ ]۔ محترم جناب کرشن کمار صاحب

{1} عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا
کس قدَر روشن ہُوا ہے ہالہ عبداللّٰہ کا

{2} یہ حقیقت ہے کہ جو اسمِ محمد ﷺ کا نزول
کھولتا ہے زندگی کا تالہ عبداللّٰہ کا

{3} روزوشب عِلم وعمل سے ختم ہوتا ہے ضرور
آفتوں کو ٹالتا ہے روضہ عبداللّٰہ کا

{4} احترام ، انسانیت ، امن و اماں ، تابندگی
درس یہ دیتا ہے ہر دم نقشہ عبداللّٰہ کا

{5} کردئیے دل کے تھے جتنے مسئلے صاف و شفَاف
نامِ اللّٰہ نے اتارا ہالہ عبداللّٰہ کا

{6} سب نے ہی آواز دی اور سب نے ہی حق ہی کہا
سب نے اوڑھا ہے بہت دوشالہ عبداللّٰہ کا

{7} اِس جہاں کے شور میں گوشِ محمد ﷺ کے سِوا
کون سُن سکتا تھا ایسا نالہ عبداللّٰہ کا

{8} ہورہے ہیں سارے دل دِینِ محمد ﷺ کے مرید
ساری دنیا پر ہے پڑتا ہالہ عبداللّٰہ کا

{9} ہیں دکن کے یہ وتد اور مرتبہ اعلیٰ بہت
نور والا ہے گھرانہ شاہا عبداللّٰہ کا

{10} مصطفٰی کی اور خدا کی رحمتیں و برکتیں
مِل رہی ہیں یاں یہ گھر ہے ایسا عبداللّٰہ کا

{11} طورؔ صاحب ہے دعا اب اپنے رب سے بس یہی
تھا جہاں رہنا رہے ، پر جیسا عبداللّٰہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahab Hyderabad India
Collection Peer Mohammad Digitization eGangotri

ظہیرؔ۔[ ]۔ استاذ سخن محترم جناب ظہیر احمد ناصری صاحب

{1} جگمگاتا اس لئے ہے روضہ عبداللہ کا
عرس آیا ہے سَواسَو ساله عبداللہ کا

{2} کیوں نہ گزرے گی ہماری زندگی آرام سے
ہے ہمارے سَر پہ ٹھنڈا سایہ عبداللہ کا

{3} جوق در جوق آرہے ہیں زائرین و معتقد
آئیے دیکھیں چلیں ہم روضہ عبداللہ کا

{4} تذکرہ جاری ہے ان کا اولیاء میں چارسُو
مصطفٰی کے راستے پہ رستہ عبداللہ کا

{5} مست ہے اپنے میں دیکھو اُن کا عاشق دوستو
پی لیا ہے کیوں کہ اُس نے پیالہ عبداللہ کا

{6} میں کہوں گا اے فرشتو روزِ محشر دیکھ لو
دیکھو میرے ہاتھ میں ہے پرچا عبداللہ کا

{7} لاڈلے ہیں غوث اعظمؓ کے علیؓ کے نورِ عین
مرحبا بغداد سے ہے رشتہ عبداللہ کا

{8} آرزو ہے اُن کی خدمت مَیں کروں جی بھر وہاں
خلد میں کرنا مجھے ہمسایہ عبداللہ کا

{9} بزمِ شاہِ دوسَرا میں بہرِ شرکت مرحبا
شب میں ہوتا ہے، سُنا ہے دورہ عبداللہ کا

{10} کام بنتے جائیں گے نادان تیرے غیب سے
بندۂ بے دام پہلے بن جا عبداللہ کا

{11} لاابالی مالا مَیں نے جب سے پہنی ہے ظہیر
کُھل رہا ہے دھیرے دھیرے رتبہ عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohammad Sahib Hyderabad India Digitization eGangotri

ظہیؔر۔[ ]۔محترم جناب ظہیر کانپوری صاحب

{1} ہر جگہ ہر بزم میں ہے چرچہ عبداللّٰہ کا
جس کو دیکھو ہے وہی دیوانہ عبداللّٰہ کا

{2} نغمگی ہے اور سُرُور و کیف کا ماحول ہے
عُرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

{3} میرا سینہ پُھول جاتا ہے خوشی سے اُس گھڑی
لوگ کہتے ہیں کہ جب' ہُوں منگتا عبداللّٰہ کا

{4} جام بھر بھر کر چلو آؤ پئیں توحید کے
وا ہے سب کے واسطے میخانہ عبداللّٰہ کا

{5} ایک خوشبو سی فضا میں چھا گئی چاروں طرف
نام کاغذ پر جو میں نے لکّھا عبداللّٰہ کا

{6} روشنی ہی روشنی بکھری ہوئی ہے ہر طرف
نور سے معمور ہے کاشانہ عبداللّٰہ کا

{7} ہر طرف دکّن میں پھیلی روشنی اسلام کی
جب فَضاؤں میں عَلَم لہرایا عبداللّٰہ کا

{8} پھر نہ کیوں نزدیکِ حق اُن کی دعا مقبول ہو
سیَّدُ الکونین سے ہے رشتہ عبداللّٰہ کا

{9} بانٹتے ہیں رات دن حضرت مہیمن قادری
اب اِنہی ہاتھوں میں ہے سرمایہ عبداللّٰہ کا

{10} ہو گئیں آنکھیں منوّر' دل بھی روشن ہو گیا
نام جب میرے لبوں پر آیا عبداللّٰہ کا

{11} مدّتوں سے ہے ظہیؔر اک آرزو دل میں یہی
خواب ہی میں دیکھ لُوں میں چہرہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Qudarat Digitization eGangotri

عرفاںؔ۔{ }۔ محترم جناب محمد عرفان عبدالمناف پٹیل صاحب

{1} نقشِ پا ہومصطفٰی کا رستہ عبداللّٰہ کا
مَیں لکھوں نعتِ نبی اور خامہ عبداللّٰہ کا

{2} وجد کی لَے میں سنائیں نغمہ عبداللّٰہ کا
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

{3} اب ہمیں پینے پلانے کا مزہ آجائے گا
جامِ وحدت کی طلب اور بادہ عبداللّٰہ کا

{4} کیا ہے دل میں یہ بتادےگی نگاہِ آرزو
ڈال دو اب دوش پر دوشالہ عبداللّٰہ کا

{5} آرہے ہیں آس لے کر،جارہے ہیں جھوم کر
سب کی جھولی بھررہا ہے کاسہ عبداللّٰہ کا

{6} کوہِ فاراں کی تجلّی ہے فروزاں چار سُو
ضوفشاں تنویرِ حق سے کوچہ عبداللّٰہ کا

{7} بے تحاشہ رحمتِ یزداں بھی آئی جوش میں
عرش سے ٹکرایا جب بھی نالہ عبداللّٰہ کا

{8} ہم فقیروں نے سدا رکھا ہے اپنے روبرو
بندگی کا اک حَسیں آئینہ عبداللّٰہ کا

{9} ساری دنیا دے رہی ہے عہد و پیماں کی مثال
میر ے آقا کی طرح ہے وعدہ عبداللّٰہ کا

{10} اُس جبیں کو چُومنے آئے فرشتے عرش سے
جس جبیں نے ہے گذارا سجدہ عبداللّٰہ کا

{11} ہوگیا ایمان تازہ آگیا دل کو قرار
جب بھی عرفاںؔ نے لگایا نعرہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Wahab Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

عقیلؔ۔ [ ]۔ محترم جناب ڈاکٹر سید حفیظ الدین عقیل ہاشمی صاحب

{1} نور افزا لااُبالی شاہا عبداللہ کا
عُرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{2} حق رسی کے واسطے لے کر نویدِ معرفت
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{3} ہے نرالی شانِ محبوبی عیاں سرکار میں
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{4} لے کے جلوے طیبہ و بغداد کربل اور نجف
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{5} ہے تصرّف اور کرامت شادمانی دیدنی
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{6} معرفت کا فیض پاتے ہیں مرید و معتقد
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{7} اہل عرفاں کہہ اُٹھے بے ساختہ
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{8} نعرۂ مستانہ گونجا چار جانب ہر پَہر
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{9} بیکسوں نے با مسرت کہہ دیا فریاد رَس
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{10} قطبِ دوراں واصلِ حق کی ہے صحبت لا کلام
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{11} ربط پر نازاں ہُوا ہے یہ عقیلؔ ہاشمی
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India / Collection Peer Sahib Qudarat Digitization eGangotri

عقیلؔ ۔[ ]۔ محترم جناب محمد عقیل احمد صاحب

{1} خاص لوگوں کے لئے ہے جلوہ عبداللّٰہ کا
عام ہے سب کے لئے دروازہ عبداللّٰہ کا

{2} اُس کو دیوانہ جو سمجھے خود ہی دیوانہ ہے وہ
ہے بڑا ہی دانا ہر دیوانہ عبداللّٰہ کا

{3} حیدرِ کرار کے نورِ نظر ہیں آپ ہی
ہے علی ﵁ سا نوری چہرہ، چہرہ عبداللّٰہ کا

{4} صدقہ مِل جائے گا سب کو پیارے وہ حسنین رضی اللہ عنہما کا
عرس آیا ہے سَوا سَو سالہ عبداللّٰہ کا

{5} روز مِلتے ہیں نبی سے روز کرتے ہیں سلام
ہے نبی سے رابطہ کچھ ایسا عبداللّٰہ کا

{6} سُنتے ہیں ہم شاہِ دیں کے آپ بھی ہیں اک وزیر
کیا نرالی شان ہے کیا رتبہ عبداللّٰہ کا

{7} بے عمل نے دیکھا چہرہ با عمل وہ ہوگیا
تھا وہ نورانی سا چہرہ ، چہرہ عبداللّٰہ کا

{8} ایک سَو پچیس واں ہے عرس سُن لو مومنو
ہم بھی لُوٹیں گے وہاں پہ صدقہ عبداللّٰہ کا

{9} آپ ہیں آقا کے دلبر فاطمہ رضی اللہ عنہا کے دل کا چَین
نام جَپتا ہے جہاں اب سارا عبداللّٰہ کا

{10} سلسلہ مِلتا ہے جاکر یہ رسولِ پاک سے
ہے مہیمنؔ قادری بھی پوتا عبداللّٰہ کا

{11} دامنِ رحمت میں ان کے چُھپ گیا ہے یہ عقیلؔ
ہے دوانہ یہ دوانہ ایسا عبداللّٰہ کا

●●●●●

علیؔ۔ [ ]۔ محترم جناب ابراھیم علی قادری صاحب

{1} شاعری ہے زور پر، ہے چرچہ عبداللہ کا
خوب ہے آباد یہ میخانہ عبداللہ کا

{2} مست رہتے ہیں تمہاے عاشق و سارے مرید
جام سب کو مِل گیا ہے ایسا عبداللہ کا

{3} چور پر ڈالی نظر پَل میں ولایت کی عطا
ایسی عظمت شان والا دادا عبداللہ کا

{4} طیبہ و طاہرہ ماں فاطمہ رضی اللہ عنہم کے فیض سے
حشر تک چلتا رہے گا سکّہ عبداللہ کا

{5} جِس نے جِتنا آپ سے مانگا اُسے اُتنا دِیا
نہ گیا کوئی بھی خالی منگتا عبداللہ کا

{6} شاہ اَمّن شاہ طاہر لااُبالی غوثِ پاک
یوں علیؓ تک جا مِلا ہے شَجرہ عبداللہ کا

{7} جن کے روضہ پر میں جاتاہُوں تو مِلتاہے سکون
ہے اَمَن شہ قادری جو دادا عبداللہ کا

{8} ہے اویسیّہ خلافت جِن کو غوثِ پاکؓ سے
شاہ طاہر قادری پَردادا عبداللہ کا

{9} جِس کو بھی دامن مرے سجاد پاشاہ کا مِلا
اُن کے سَر پر ہے ہمیشہ سایہ عبداللہ کا

{10} شاہ بھی اِس در پہ آئے جھولی پھیلاتے ہوئے
وہ بھی پاتے ہیں یہاں سے صدقہ عبداللہ کا

{11} اے علیؔ سارے ولی ہوں گے وہاں جلوہ فگن
عُرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad India — Collection, Digitization eGangotri

غفارؔ۔ [ ]۔ محترم جناب محمد عبد الغفار خان رزاقی مرحوم

{1} چار جانب بج رہا ہے ڈنکا عبداللہ کا
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{2} سَر کی آنکھوں میں بھی ہے، سَر میں جگر میں جان میں
آنکھ میں دل کی جما ہے نقشہ عبداللہ کا

{3} بخش دے میری خطائیں ائے خدا، ہے واسطہ
یا نبی کا، غوث کا اور شاہا عبداللہ کا

{4} جھولیاں بھرتے سدا ہیں پنجتن کے فیض سے
خالی کوئی کب گیا ہے منگتا عبداللہ کا

{5} شیر بن کر تھا ٹہلنا میرے دادا نے کہا
ہے گوِی کے نام سے اک کمرہ عبداللہ کا

{6} حضرتِ ھادی پیا کا ہُوں مریدِ بے نوا
میری جھولی میں بَھرا ہے صدقہ عبداللہ کا

{7} تھا میں شدت سے عرب میں چُور زخموں سے پڑا
پر مرا دل مطمئن دیوانہ عبداللہ کا

{8} مرے آقا حضرت ھادی مری امداد کو
تھے وہاں بھی اور یہاں بھی پوتا عبداللہ کا

{9} مصطفٰی، شیر خدا، غوث الوریٰ سا دیکھئے
ہے خطاؤں پر عطائیں، شیوہ عبداللہ کا

{10} مومنو ٹہرو ادب سے آئیں گے پیرانِ پیر
دیکھنے عرسِ مبارک شاہا عبداللہ کا

{11} میرے بچے اور گھر والے سبھی غفار خاں
پَل رہے ہیں پی کے کھاکے ٹُکڑا عبداللہ کا

●●●●●

فریدیؔ۔[ ]۔محترم جناب محمد صادق علی (مرحوم)

{1} ہر کوئی دنیا میں ہے دیوانہ عبداللہ کا
ہر جگہ ہوتا رہا ہے چرچا عبداللہ کا

{2} اِن کا دروازہ کُھلا رہتا ہے ہر اک کے لئے
آؤ ہم بھی جاکے دیکھیں روضہ عبداللہ کا

{3} جس طرف بھی دیکھئے ہے روشنی ہی روشنی
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{4} کیا بگاڑیں گے حوادث یہ زمانہ کے مرا
سَر پہ میرے ہے سلامت سایہ عبداللہ کا

{5} میں تو آتا ہی رہا ہُوں بارہا دربار میں
یعنی رشتہ ہے پُرانا میرا عبداللہ کا

{6} ہرکوئی ہے معترف اِن کے بلند اخلاق کا
ہر کوئی پھرکیوں نہ ہوگا شیدا عبداللہ کا

{7} کیا بتاؤں کیوں دھڑکنے لگ گیا ہے دل مرا
نام لب پر جب بھی میرے آیا عبداللہ کا

{8} راج کرتے ہیں دلوں پر جانتا ہے ہر کوئی
آج بھی چلتا ہے دیکھو سکّہ عبداللہ کا

{9} ہے بھروسہ دل کو میرے وہ بھی دن جلد آئے گا
خواب میں دیدار بھی تو ہوگا عبداللہ کا

{10} اس میں کوئی شک نہیں ہے آپ تھے بے حدحَسین
یہ کہا جس نے بھی دیکھا چہرہ عبداللہ کا

{11} درحقیت آدمی ہے وہ بڑا ہی خوش نصیب
جو خوشی سے پاک دامن تھاما عبداللہ کا

{12} آپ کے بارے میں مَیں اس سے زیادہ کیا کہوں
رابطہ ہے مصطفٰی سے گہرا عبداللہ کا

{13} آگیا ہُوں آج مَیں دربار ' اس امید پر
مجھ کو مل جائے گا دیکھو صدقہ عبداللہ کا

{14} لوگ کہتے ہیں کہ اِس دربار کی ہے خاصیت
ہے بڑا ہُشیار ہر دیوانہ عبداللہ کا

{15} اے فریدؔی زندگی میں ہے سکوں کی گر تلاش
مان لے یہ بات میری 'ہوجا عبداللہ کا

●●●●●

فضلؔ۔[ ]۔محترم جناب فضل حسین عثمانی قادری صاحب

{1} جس نے بھی اک بار دیکھا جلوہ عبداللہ کا
اک نظر میں ہوگیا دیوانہ عبداللہ کا

{2} خوش بہت ہے آج ہر مستانہ عبداللہ کا
عُرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{3} شرکتِ غوث الوریٰ ؓ ہے ساتھ میں خواجہ پیا
باندھنے آئیں گے یہ اب سہرہ عبداللہ کا

{4} جام چلتے ہیں یہاں پر حُبِّ اھلِ بیت کے
حشر تک باقی رہے مئے خانہ عبداللہ کا

{5} میں لُٹا دوں گا متاعِ جاں اِسی دربار میں
مجھ کو ہوجائے اگر نظّارہ عبداللہ کا

{6} ہوش کھودیتے تھے جس کو دیکھ کر اھلِ جہاں
اب تصوّر میں ہے بس وہ چہرہ عبداللہ کا

{7} دولتِ دنیا نہ ڈھونڈو آؤ عرسِ پاک میں
بَٹ رہا ہے آج منگتو صدقہ عبداللہ کا

{8} کررہے ہیں دستِ شفقت آج بھی محسوس ہم
عرس میں بِکھرا ہُوا ہے جلوہ عبداللہ کا

{9} عرس کی محفل سجی ہے جانشیں ہیں بزم میں
ہے مریدوں کی زباں پر چرچہ عبداللہ کا

{10} ساقیا، ہم کو پِلا جا روکنا مت جام و مُل
آج ہم کو ہے مِلا مئے خانہ عبداللہ کا

{11} جائے گا تو خلد میں ائے فضلؔ بس اب اس لئے
تو ہے شیدائے نبی دیوانہ عبداللہ کا

●●●●●

Hazrat Haadi-E-Deccan Literary & Research Institute, Hyderabad

کاملؔ۔[ ]۔محترم جناب میرزاهد علی کامل حیدرآبادی صاحب

{1} اب بھی روضہ لگتا ہے ہریالا عبداللہ کا
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{2} ہے قدِ عظمت ہمارا کوئی بونے سے بھی کم
ہے قد عظمت بلند و بالا عبداللہ کا

{3} عمر میں چھوٹی مہیمن ہوگئے گدی نشیں
کتنا خوش قسمت ہے یہ سجادہ عبداللہ کا

{4} دشمنانِ وقت ڈھاسکتے نہیں اِن کا محل
جب خدائے پاک ہے رکھوالا عبداللہ کا

{5} مُسکرائے پاؤں کے چھالے جو حق کی راہ میں
چاند جیسا ہوگیا ہر چھالا عبداللہ کا

{6} چار دیواری چمکتی ہے یہاں کی اے خدا
تو نے روشن مقبرہ کر ڈالا عبداللہ کا

{7} آپ کے در کی صفائی کررہا تھا خواب میں
کس قدر نوکر تھا میں دَھن والا عبداللہ کا

{8} دل کی آنکھیں آج بھی ہوتی ہیں اکثر اشکبار
فکر کے سانچے میں یوں غم ڈھالا عبداللہ کا

{9} حشر میں یہ مَیں کہوں گا مصطفی یا مصطفی
بخشوائیں مجھ کو' ہُوں متوالا عبداللہ کا

{10} نور والا ہے گھرانہ روشنی ہی روشنی
ہے چمکتا نور سے گھر والا عبداللہ کا

{11} اک الگ ہی جینے میں کاملؔ مزہ آنے لگا
عشق جب سے دل میں اپنے پالا عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India / Collection of Mohsin Qadri Digitization eGangotri

کاملؔ ۔ [ ] ۔ محترم جناب ریاض الدین صاحب

{1} چاہنے والا ہُوں مَیں بھی بابا عبداللّٰہ کا
جو زِ ہے قسمت میسّر سایہ عبداللّٰہ کا

{2} دل ہمارا ہوگیا روشن مثالِ آفتاب
دل میں اپنے ضوفشاں ہے جلوہ عبداللّٰہ کا

{3} اُس کو حاصل ہوگیا قربِ نبی قربِ خدا
قرب جس نے اِس جہاں میں پایا عبداللّٰہ کا

{4} دھوم ہے جشنِ عقیدت کی ' حَسین دربار میں
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

{5} ہر کسی کے ذہن و دل کی مِٹ گئیں تاریکیاں
مِنبرِ انور ہُوا کاشانہ عبداللّٰہ کا

{6} نام لیوا آپ کے مِل جائیں گے ہر شہر میں
کُل زمینِ ہند میں ہے چرچا عبداللّٰہ کا

{7} آپ کے نقشِ قدم ہیں مِشعلِ راہِ حیات
نام ہے تعظیم و عزّت والا عبداللّٰہ کا

{8} آپ کے در سے مِلی ہے آگہی کی روشنی
حق بجانب ہی مِلے گا شیدا عبداللّٰہ کا

{9} زندگی میں کامیابی اُس کو حاصل ہوگئی
صدقِ دل سے جس نے کہنا مانا عبداللّٰہ کا

{10} جو یہاں کا ہو گیا وہ ہو گیا روشن خیال
ہے مقدّر کا سکندر ڈھالا عبداللّٰہ کا

{11} دل مہک اٹھا عقیدت کے گُلوں سے دفعتاً
لب پہ میرے نام کاملؔ آیا عبداللّٰہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

گداؔ۔{ }۔محترم جناب محمد عبدالحاجی صاحب

{1} سَر میں میرے تا ابد ہو سودا عبداللہ کا
دل بھی میرا ہے ازل سے شیدا عبداللہ کا

{2} غیر کے آگے کبھی دامن نہیں پھیلائے گا
اک خودی کا آئینہ ہے منگتا عبداللہ کا

{3} دُور ہوتی ہے مصیبت، دیکھ لو آکر یہاں
کس قدر رحم و کرم ہے شاہا عبداللہ کا

{4} ہو بہو تصویر ہیں سجاد پاشاہ قادری
آئینہ ہے عکس ہے یا جلوہ عبداللہ کا

{5} روح اپنی پاک کرلو فیض مِل جائے ابھی
ہر طرف سے بہ رہا ہے دریا عبداللہ کا

{6} جان و دل سے ہے فدا اُس کی الگ پہچان ہے
شہر میں مشہور ہے دیوانہ عبداللہ کا

{7} پاس آکر لَوٹ جاتی ہے جہالت دوستو
ہے کرم کا سَر پہ بادل چھایا عبداللہ کا

{8} یہ چمکتے چاند ہیں اورعرش کے تارے ہیں یہ
خُلد میں جاتا ہے سیدھا رستہ عبداللہ کا

{9} دیکھ کر دل خوش ہوا کتنا حَسیں دربار ہے
اُجلا اُجلا نور والا روضہ عبداللہ کا

{10} مجھ کو آتے دیکھ کر محفل میں سب کہنے لگے
یہ گداؔ ہے آرہا ، دیوانہ عبداللہ کا

{11} ہے مقدّر کا سکندر یہ گداؔ بھی آپ کا
عرس آیا ہے سَوا سَو سالہ عبداللہ کا

●●●●●

لطیفؔ۔ [ ]۔ محترم جناب سید عبداللطیف رزاقی صاحب

{1} چُن لیا ہے میں نے دل سے رستہ عبداللّٰہ کا
اس لئے مِلتا ہے مجھ کو صدقہ عبداللّٰہ کا

{2} زندگی میں جی رہے ہیں ہر قدم پر شان سے
ہے مریدوں کے سَروں پہ سایہ عبداللّٰہ کا

{3} ڈوبتی کشتی کو دیتا ہے سہارا واقعی
کام آکر ہی رہے گا تِنکا عبداللّٰہ کا

{4} اِس لئے بَنتے رہے ہیں کام اِس دربار سے
ہے بڑا رتبہ بہت ہی مانا عبداللّٰہ کا

{5} گھر کا سرمایہ لُٹایا دِیں کی خاطر آپ نے
دِین کی خاطر تھا ایسا جذبہ عبداللّٰہ کا

{6} جگمگانے لگ گئے ہیں یہ زمین و آسماں
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

{7} ختم ہوتا ہی نہیں ہے، پیٹ بھی بھر جاتے ہیں
برکتوں والا ہے کتنا ٹُکڑا عبداللّٰہ کا

{8} آپ کی خدمت میں آکر اک سکونِ دل مِلا
مَیں سَراپا ہوگیا ہُوں شیدا عبداللّٰہ کا

{9} سلسلہ در سلسلہ ہے علم کی یہ روشنی
ہادئ دکّن کا گویا، گویا عبداللّٰہ کا

{10} خاص رحمت تم پہ رب کی ہوچکی ہے اس لئے
گوشے گوشے میں بجے ہے ڈنکا عبداللّٰہ کا

{11} دربدر پھرنے کی حاجت اب نہیں باقی لطیفؔ
میری جھولی میں پڑا ہے صدقہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

لطیفیؔ۔[ ]۔محترم جناب حافظ میر مرتضیٰ شاہ قادری صاحب

{1} کیوں نہ ہوگا ذکر سب سے اعلیٰ عبداللہ کا
جب ہے سلطانِ ولایت دادا عبداللہ کا

{2} سُن کے کافر بھی پڑھے کلمہ نبی کا دوستو
ذی اثر تھا کتنا پیارا خطبہ عبداللہ کا

{3} شجرِ زَر بن کر دکھائی ہے کرامت آپ نے
ہے طریقہ سب سے اعلیٰ اولیٰ عبداللہ کا

{4} عِلم کے ماءِ مطہّر کی لگی ہے یاں سبیل
فیض کا جاری ہے اب بھی چشمہ عبداللہ کا

{5} جن کے نانا مصطفٰی ہوں جن کے دادا غوثِ پاکؓ
کیوں نہ ہوگا اس جہاں میں شہرہ عبداللہ کا

{6} ظاہر و باطن سے اِن کے ہے عیاں شانِ عجب
نور میں ڈوبا ہُوا ہے کنبہ عبداللہ کا

{7} ہر مصیبت اور بَلا میں آفت و آلام میں
ہے مریدوں کی زباں پر نعرہ عبداللہ کا

{8} آسمانِ نیل گوں جب حال پر ہو سرخ گر
اپنی امت کو بچاتا نانا عبداللہ کا

{9} رب کی قربت بالیقیں سب کو مِلے گی دوستو
کیوں کہ ہے مضبوط رب سے رشتہ عبداللہ کا

{10} روشنی تاروں کی کہتی ہے خوشی میں ارض سے
عُرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{11} سارے سجدے سارے فاقے سارے روزے ہیں گواہ
ہے بہت مشکل لطیفیؔ، رستہ عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India / Collection Mohammad Quadri Digitization eGangotri

ماجدؔ [ ]۔ استاد سخن محترم جناب محمد اسلم ماجد صاحب

{1} آج سارے ملک میں ہے چرچا عبداللہ کا
عُرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا
{2} آنکھ سے دیکھا نہیں ہے جلوہ عبداللہ کا
ہوگیا ہے دل مگر دیوانہ عبداللہ کا
{3} جب سے دیوانوں نے دیکھا جلوہ عبداللہ کا
ہوگیا ہے میرا دل بھی شیدا عبداللہ کا
{4} ایک سَو پچیس سالہ عرس کا یہ اہتمام
خود سمجھ میں آرہا ہے رتبہ عبداللہ کا
{5} آنکھ والو دیکھ لو زندہ کرامت آپ کی
پتھروں کے درمیاں آئینہ عبداللہ کا
{6} کوئی بھی میرا عقیدہ لُوٹ سکتا ہی نہیں
رات دن رہتا ہے اِس پہ پہرہ عبداللہ کا
{7} یہ مرا دعویٰ ہے پہونچے گا ضرور اللہ تک
نقشِ پا جس شخص نے بھی پا یا عبداللہ کا
{8} کربلا ' مکہ ' مدینہ ' اور نجف بغداد سے
خلد تک جاتا ہے سیدھا رستہ عبداللہ کا
{9} ہے رسالت اک طرف تو ہے ولایت اک طرف
نورِ حقِ کا سلسلہ ہے کنبہ عبداللہ کا
{10} خدمتِ دینِ محمدﷺ خدمتِ اردو ادب
کارِ فرما ہے برابر جذبہ عبداللہ کا
{11} کوئی بھی اس در سے ماجد خالی جاتا ہی نہیں
بٹتا ہے یاں پنجتن کا ' صدقہ عبداللہ کا

* * *

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohsin Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

محورؔ۔[ ]۔ محترم جناب محمد شاہ نواز صاحب

{1} کتنا اعلیٰ کتنا بالا رتبہ عبداللّٰہ کا
ہر طرف ہے رنگ چھایا کیسا عبداللّٰہ کا

{2} بالیقیں وہ ہوگیا ہے شیدا عبداللّٰہ کا
غور سے دیکھا ہے جس نے جلوہ عبداللّٰہ کا

{3} سارے ہندوستان میں ہے چرچا عبداللّٰہ کا
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

{4} چاند حیراں ہے ہمارے گھر کی رونق دیکھ کر
گھر میں جس دن سے لگا ہے طغرہ عبداللّٰہ کا

{5} مشکلیں کیوں ٹل نہ جائیں در پہ آنے والوں کی
ہے علیؓ مشکل کشاء سے رشتہ عبداللّٰہ کا

{6} ہے مدینے کی تجلّی روضۂ پُر نور پر
کتنا پیارا لگ رہا ہے روضہ عبداللّٰہ کا

{7} اس میں کوئی شک نہیں ہے، ہے حقیقت بس یہی
آپ سارے جگ کے ہیں جگ سارا عبداللّٰہ کا

{8} ٹھوکریں کھانے سے بچ کر پا گیا منزل کو مَیں
ہو گیا مجھ پر کرم کچھ ایسا عبداللّٰہ کا

{9} دیکھ کر اپنالئے تقویٰ نجانے کتنے لوگ
پُر اثر تھا کتنا یارو تقویٰ عبداللّٰہ کا

{10} کر رہا ہے بادشاہِ وقت بھی اُس کا ادب
بادشاہوں سے بھی بڑھ کر منگتا عبداللّٰہ کا

{11} حشر میں وہ شخص محورؔ دیکھنا پچھتائے گا
تھام کر جس نے بھی دامن چھوڑا عبداللّٰہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheeb Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

محؔی ۔[ ]۔ محترم جناب مفتی الحاج سید عبد المستعان قادری لا ابالی الجیلانی صاحب

{1} نور سے ہے یہ منوّر سہرا عبداللّٰہ کا
چاند جیسا ہے چمکتا چہرہ عبداللّٰہ کا

{2} ہر زمانے میں بھی چرچہ آپ کا یہ عام ہے
ہر زمانے کا زمانہ شیدا عبداللّٰہ کا

{3} منقبت سُننے فرشتے حور و غلماں آئے ہیں
دو جہاں میں ہے بڑا ہی چرچہ عبداللّٰہ کا

{4} نور کی بارش ہے روضے پر یہ دیکھو ہر گھڑی
دیکھا جس نے غور سے بھی روضہ عبداللّٰہ کا

{5} جس نے بھی دیکھا تمہیں اس نے کہا ہے مِنْ وَعَن
غوثِ اعظمؓ کا ہے جلوہ‘ جلوہ عبداللّٰہ کا

{6} منقبت کی ہے یہ محفل اور ہے یہ نعت کی
مَیں سُناتا ہوں سراپا شاھا عبداللّٰہ کا

{7} ہاں ولی اللّٰہ بھی آکر مناتے ہیں خوشی
غوث اعظمؓ نے ہے باندھا سہرا عبداللّٰہ کا

{8} آؤ سب مِل کر منائیں گے خوشی دوہری خوشی
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

{9} خوف ہے مجھ کو نہ کوئی، ڈر نہ مجھ کو غم کوئی
آج بھی قائم ہے مجھ پر سایہ عبداللّٰہ کا

{10} دو جہاں کی آج خوشیاں ہو گئیں حاصل محؔی
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

{11} آپ دادا ہیں محؔی کے رکّھو اِس کا بھی بھرم
نسل میں ہُوں تیسرا مَیں پوتا عبداللّٰہ کا

●●●●●

مضطرؔ۔[ ]۔ محترم جناب محمد تاج الدین صاحب

{1} میں جہاں جاؤں وہاں ہے چرچا عبداللہ کا
سلسلہ پھیلا ہے اچھا خاصہ عبداللہ کا

{2} چھوڑ سکتا ہی نہیں دربارکو وہ آپ کے
لگ گیا ہے جس کو بھی یہ چسکہ عبداللہ کا

{3} حشر تک قائم رہے اللہ سے ہے یہ دعا
ہے مریدوں کے سَروں پرسایہ عبداللہ کا

{4} ہے کرم اللہ کا اور فیضِ غوثِ پاکؓ بھی
اولیاء میں معتبر ہے درجہ عبداللہ کا

{5} گونج ہے چاروں طرف اب شاہ عبداللہ کی
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{6} ہر جگہ ہے نور پھیلا مِٹ گئی تاریکیاں
روشنی سے جگمگایا روضہ عبداللہ کا

{7} بوڑھا بچّہ جواں کیا، سب کے لب پر ہے یہی
ہے دکن میں چار جانب شہرہ عبداللہ کا

{8} کوئی چھوٹا یا بڑا ان کی نظر میں ہے نہیں
سب مریدوں پر ہے یکساں سایہ عبداللہ کا

{9} ان میں پوشیدہ ہیں عبداللہ شہ، لگتا ہے یوں
ہو بہو سجاد ہیں آئینہ عبداللہ کا

{10} کارنامے آپ کے ہیں سارے ذہنوں میں عیاں
بج رہا ہے چارِ سُو اب ڈنکا عبداللہ کا

{11} کیوں نہ راحت ہو میسر دل کو مضطر کے سدا
میں بھی پیالہ پی لیا ہوں شاہا عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

مقصوؔد۔ [ ]۔ محترم جناب محمد مقصود شریف صاحب

{1} تَک رہا ہوں دیر سے مَیں روضہ عبداللّٰہ کا
پڑھ رہا ہوں غور سے مَیں کُتبہ عبداللّٰہ کا

{2} دل کی دنیا میں اُجالا ہوگیا ہے اُس گھڑی
جب بھی لب پر آگیا ہے نغمہ عبداللّٰہ کا

{3} روشنی قدموں کو چُومے آپ کے، ہر گام پر
جگمگاتا ہی رہے گا روضہ عبداللّٰہ کا

{4} دیکھ کر روضہ تمہارا چاند بھی شرما گیا
کتنا پیارا نور والا روضہ عبداللّٰہ کا

{5} یہ خدا کا فضل ہے اور ہے دعا سرکار کی
جی رہا ہے شان سے جو کُنبہ عبداللّٰہ کا

{6} اب نہیں ہے ڈر مجھے تو کوئی بھی شیطان سے
جیسے میرے گِرد ہے ایک پہرہ عبداللّٰہ کا

{7} کھاتے کھاتے کہہ رہے ہیں آج یہ سارے مرید
کھا رہے ہیں آج تک بھی صدقہ عبداللّٰہ کا

{8} دیکھ آیا ساری دنیا کچھ نہیں حاصل ہُوا
ہوگیا ہُوں میں فقط دیوانہ عبداللّٰہ کا

{9} اِس طرف بھی اُس طرف بھی چاہے دیکھو جس طرف
ہر طرف ہے دوستو یہ چرچا عبداللّٰہ کا

{10} جو بھی دیکھے کہہ اُٹھے بس مرحبا صد مرحبا
منفرد ہے سب میں ایسا رُتبہ عبداللّٰہ کا

{11} ہر طرف اک نور چھانے لگ گیا مقصوؔد ہے
عُرس آیا ہے سَوا سَو سالہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India
Collection Peer Sahib Qadari Digitization eGangotri

مقیمؔ۔[ ]۔ محترم جناب خواجه مقیم الدین صاحب

{1} غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ پیر سے ہے رشته عبدالله کا
معتبر پھر ہوگیا ہے جاده عبدالله کا

{2} لاابالی فیض کا ہے دریا عبدالله کا
آشیانه رحمتوں کا حلقه عبدالله کا

{3} ہے ازل سے پھر ابد تک چرچه عبدالله کا
رات دن پاتا رہوں گا صدقه عبدالله کا

{4} غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ پیر سے نسبت ارادت دیکھ لو
ہے ہَرا ہی بس عمامه شاہا عبدالله کا

{5} ہے غلاموں پر کرم ایسا نرالا فیض بھی
تزکیه ہے تصفیه ہے شیوه عبدالله کا

{6} اِس زمیں پر تھی حکومت جب که شاہوں کی مگر
قلبِ مومن پر رہا ہے قبضه عبدالله کا

{7} ماه خوباں تک رہے ہیں اِس لئے صبح و مسا
ماه کنعاں سا ہے دیکھو جلوه عبدالله کا

{8} تین سو باره یه گھنٹے کهه رہے ہیں با ادب
عُرس آیا ہے سَواسَو ساله عبدالله کا

{9} ایک سَو پچیس واں ہے وصلِ رب کا سال یه
فیض دیتا آج تک ہے اُسوه عبدالله کا

{10} لاابالی فیض لیکر سُرخرو ہے رات دن
نور والا نور والا کنبه عبدالله کا

{11} اب فلک زادے یہاں تیره دنوں تک ہیں مقیمؔ
عُرس آیا ہے سَواسَو ساله عبدالله کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Sahib Hyderabad India Collection Digitization eGangotri

ناظرؔ۔ [ ]۔ محترم جناب ڈاکٹر ناظر خان صاحب

{1} دیکھنے والوں نے دیکھا جلوہ عبداللہ کا
تھا بڑی ہی شان والا رتبہ عبداللہ کا

{2} کھوگیا اُن کے تصوّر میں یکایک دل مِرا
جب لبوں پر نام میرے آیا عبداللہ کا

{3} جستجو منزل کی ہے تو، اِن کے رستے پر چلو
جاتا ہے منزل کی جانب رستہ عبداللہ کا

{4} اِن کی ہر اک بات میں سَو حکمتیں موجود ہیں
کیوں نہ مانیں پھر بَھلا ہم کہنا عبداللہ کا

{5} اک نظر میں دل کی دنیا کو بدل دیتے ہیں یہ
ہر کوئی بن جاتا ہے دیوانہ عبداللہ کا

{6} شان و شوکت اِن کے منگتے کی کوئی سمجھے گا کیا
بادشاہوں سے ہے افضل منگتا عبداللہ کا

{7} پھر ہَواؤں میں گُھلی اِن کی محبت کی مٹھاس
پھر بہاروں نے سُنایا نغمہ عبداللہ کا

{8} جھوم کر برسے گی رحمت نور ہوگا ہر طرف
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{9} اب ہمارے دل پہ کوئی رنگ چڑھ سکتا نہیں
دل ہمارا ہوگیا دیوانہ عبداللہ کا

{10} کھوگیا ہُوں اِس قدر الفت میں اُن کی دوستو
بس نظر آتا ہے مجھ کو جلوہ عبداللہ کا

{11} اُن کے ناظرؔ چاہنے والے نہ ہوں گے کم کبھی
ہوتا ہے، ہوتا رہے گا چرچا عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahab Qudarat Digitization eGangotri

ندیمؔ۔ [ ]۔ محترم جناب یوسف ندیم صاحب

{1} جن کو الفت کا مِلا ہے ہدیہ عبداللہ کا
اُن کو بیشک مِل گیا ہے صدقہ عبداللہ کا

{2} اِس قدر کردار تھا پاکیزہ عبداللہ کا
تھا فدائی ہر کوئی دیوانہ عبداللہ کا

{3} نور کا اک سلسلہ ہے پھیلا عبداللہ کا
عُرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

{4} سب کو مِلتی ہیں جہاں سے روح کی شادابیاں
دَر یہی ہے لاابالی شاہا عبداللہ کا

{5} تشنہ لب ہیں ' ہم تڑپ کر ان کے در پر آگئے
پا ہی لیں گے فیض کا اک چشمہ عبداللہ کا

{6} لاابالی ہے طبیعت اور پُر عظمت بھی ہے
ارفع و اعلیٰ ہے بیشک رتبہ عبداللہ کا

{7} فیض دیکھو بٹ رہا ہے اِن کے اِس دربار سے
ہندو مسلم پا رہے ہیں تحفہ عبداللہ کا

{8} دیکھتا ہے با عقیدہ ہوکے اُس کو بھی قمر
نور سے معمور ہے جو ہالہ عبداللہ کا

{9} اُن کے صدقہ میں مِلیں گی رحمتیں رب کی ہمیں
ہے سَروں پر اب ہمارے سایہ عبداللہ کا

{10} عشق میں اُن کے ہوئے حاصل اُسے دونوں جہاں
کامراں ہے دیکھ لو دیوانہ عبداللہ کا

{11} ہے رواں دریا کرم کا اک یہاں پیہم ندیمؔ
بالیقیں سب کے لئے ہے تحفہ عبداللہ کا

●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India · Collection of Mohammad Qutub Digitization eGangotri

نصیؔر۔ [ ]۔ محترم جناب محمد نصیر اللہ حضرمی صاحب

{1} ہے زباں پرجب سے میرے نغمہ عبداللّٰہ کا
تب سے آنکھوں میں مری ہے جلوہ عبداللّٰہ کا
{2} اہلِ دل کے دل پہ بھی ہے قبضہ عبداللّٰہ کا
ہند کے شہروں میں ہے یوں چرچہ عبداللّٰہ کا
{3} اللہ اللہ چار سُو بس نور ہی دیکھا کروں
آگیا جب بھی تصوّر پیارا عبداللّٰہ کا
{4} یا لطیف لاابالی دیجئے بھرِ خدا
آگیا ہُوں در پہ مَیں ' کچھ صدقہ عبداللّٰہ کا
{5} گونج ہے صلِّ علیٰ کی روشنی ہے چار سُو
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا
{6} تشنگی ساری بُجھے گی دید آقا کی یہاں
حُسنِ آقا کا سبو ہے چہرہ عبداللّٰہ کا
{7} دوجہاں میں کامیابی چاہئے گر دوستو
بے جھجک اپنالو تم بھی اُسوہ عبداللّٰہ کا
{8} ہے مری نسبت شہ بغداد کے درسے قوی
اس لئے سَر پر مرے ہے سایہ عبداللّٰہ کا
{9} تھام لو دامن ' ولی پیکر بنوگے پل میں ہی
ہے ولایت سے مزّین کنبہ عبداللّٰہ کا
{10} پیر کی آنکھوں سے دیکھا اللہ اللہ مرحبا
نور کا مینار ہے اک روضہ عبداللّٰہ کا
{11} بے نیازی میرے اندر کیوں نہ ہوگی اے نصیؔر
مَیں جو ہُوں منگتا نبی کا شیدا عبداللّٰہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Sahib Hyderabad India Collection Digitization eGangotri

واٰخ۔[ ]۔محترم جناب سید حُسین صاحب

{1} خالی جاتا ہی نہیں ہے منگتا عبداللہ کا
غوثِ اعظمؓ سے ہے ملتا شَجرہ عبداللہ کا

{2} بٹ رہا ہے ہر گھڑی جو صدقہ عبداللہ کا
مِل رہا ہے عاصیوں کو ٹُکڑا عبداللہ کا

{3} غوث اعظمؓ شاہِ جیلاں کا کرم اُس پر ہُوا
جس کسی نے پی لیا پیمانہ عبداللہ کا

{4} جام حق کے یہ پلاتے ہیں سبھی کو آئیے
ہے کُھلا سب کے لئے دروازہ عبداللہ کا

{5} ہم دکّن والے ہمیشہ ہی ہُوئے ہیں فیض یاب
فیض کا دریا رواں ہے جھرنا عبداللہ کا

{6} وہ زمانے میں مقدّر کا سِکندر ہوگیا
واسطہ شامل ہے جس میں شاہا عبداللہ کا

{7} ظلمتوں کی دھوپ ہی ہے چار جانب دیکھئے
رحمتوں والا ہے بے شک سایہ عبداللہ کا

{8} حیثیت کچھ بھی نہیں ہے بادشاہی کی میاں
غوثِ اعظمؓ سے مِلے ہے شَجرہ عبداللہ کا

{9} تم جُھکا دو ساتھ سَر کے دل بھی آکر اِس جگہ
کیفیت والا ہے دیکھو روضہ عبداللہ کا

{10} مجھ کو دنیا کہتی ہے دیوانہ ہے دیوانہ ہے
دھڑکنوں میں گونجتا ہے ڈنکا عبداللہ کا

{11} گمرہوں نے پائی ہے جو حق رسی کی روشنی
اُسوۂ حسنہ کا ہے یہ رستہ عبداللہ

{12} عرس میں مَیں آگیاہُوں سب کے سب عُشّاق ہیں
جس کو دیکھا بس وہی ہے شیدا عبداللہ کا

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Hyderabad India
Collection Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

{13} آؤ آؤ غم کے مارو زندگی ہے اِس طرف
نیکیوں کا راستہ ہے رستہ عبداللّٰہ کا

{14} اِن کا دامن تھام لیں مِل جائے گی منزل ہمیں
مرتبہ کتنا ہے دیکھو اونچا عبداللّٰہ کا

{15} تاجِ دنیا ہاتھ میں ہے ' آخرت کی ہے نوید
دیکھ لو بن کر ذرا دیوانہ عبداللّٰہ کا

{16} جلوہ گر ہوتے ہیں عاشقوں کے خواب میں
تکتے رہ جاتے ہیں سارے جلوہ عبداللّٰہ کا

{16} غوثِ اعظم ﷛ لااُبالی شان ہے اِن میں عیاں
چہرۂ طاہر ہے یا ہے چہرہ عبداللّٰہ کا

{17} عرس کا موسم ہے آیا دھوم ہے دنیا میں سب
سُن رہا ہُوں مَیں جہاں میں چرچہ عبداللّٰہ کا

{18} جس کی آنکھوں کی طرف دیکھویہی کہتی ہیں وہ
نقش ہے نظروں میں میری نقشہ عبداللّٰہ کا

{19} میرے گھر سے کوئی بھوکا لَوٹ سکتا ہی نہیں
میرے دسترخوان پر ہے دانہ عبداللّٰہ کا

{20} جس کے خادم ایسے ہوں مخدوم کا کیا پوچھئے
بھیک شاہوں کو ہے دیتا منگتا عبداللّٰہ کا

{21} کون ہے جو کر رہا ہے با تصور دید کو
ہے ہر ایک دیوانہ دیکھو ایسا عبداللّٰہ کا

{22} آل ہیں یہ پنجتن کی ہم غلامِ پنجتن
ٹُوٹ پائے گا نہیں یہ رشتہ عبداللّٰہ کا

{23} عاشقوں کی بھیڑ ہے اے دل سنبھل کر رکھ قدم
تو ہی دیوانہ نہیں ہے تنہا عبداللّٰہ کا

{24} آگیا ہُوں چھوڑ کے مَیں کام سارے' عرس میں
دل میں میرے بج رہا ہے ڈنکا عبداللّٰہ کا

{25} واخ کا بھی اب مقدّر جاگ اُٹھا شان سے
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheed Hyderabad Digitization eGangotri

وارث۔ [ ]۔ محترم جناب علیم الدین وارث صاحب

{1} کس قدَر ہے مرتبہ یہ اعلی عبداللّٰہ کا
چار سُو ہے دیکھئے یہ شہرہ عبداللّٰہ کا

{2} فیض و رحمت کا وسیلہ بن گئی ہے وہ جگہ
جس جگہ سے بھی گزر تھا شاہا عبداللّٰہ کا

{3} جس پہ طاری ہو گیا ہے جام وحدت کا سُرور
چھوڑ کر جائے کہاں مئے خانہ عبداللّٰہ کا

{4} غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے گھرانے میں ہوئے پیدا شہا
ہر طرف ہے اس لئے بھی شہرہ عبداللّٰہ کا

{5} جس طرف بھی دیکھتا ہُوں آگئے جلوے نظر
چار سُو پھیلا ہُوا ہے نقشہ عبداللّٰہ کا

{6} اِن کی عظمت کی بلندی کا سبب مت پوچھئے
سلسلہ آقا سے ہے جو مِلتا عبداللّٰہ کا

{7} پوچھئے اُن سے کہ کتنی آرہی ہیں برکتیں
نام کا جن کے گھروں میں طغریٰ عبداللّٰہ کا

{8} قلب کو آنکھوں کو مِلتا ہے سکوں اِس جا سدا
ہے منور نور سے جو روضہ عبداللّٰہ کا

{9} ہے شَرف سارے مریدوں کیلئے فضلِ خدا
عرس آیا ہے سَوا سَو سالہ عبداللّٰہ کا

{10} اِن کے قدموں ہی کی برکت سے ہُوا صحرا چمن
منتظر رہتا ہے اب ہر رستہ عبداللّٰہ کا

{11} متفق اپنے وِلی کی مرضی سے پروردگار
رابطہ وارثؔ خدا سے ایسا عبداللّٰہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Sahib Qadri Hyderabad Digitization eGangotri

ھاشمیؔ۔[ ]۔محترم جناب شاہ نواز ھاشمی صاحب

{1} خاندانی ہے بڑا ہی شَجرہ عبداللّٰہ کا
اس لئے پُرنور ہے یہ روضہ عبداللّٰہ کا

{2} سلسلہ ہے روح کی تسکین کا یہ بالیقیں
ہے مریدوں کے لئے اک رستہ عبداللّٰہ کا

{3} جس کا سینہ پاک ہے اور روح میں خوشبو بسی
ظاہر و باطن ہے پورا اُجلا عبداللّٰہ کا

{4} نام دیکھو آپ کا ہے ہر زباں پر ہر گھڑی
عرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللّٰہ کا

{5} بھول جاتے ہیں سبھی کچھ ایک مدت بعد وہ
نام باقی ہے ابھی تک پیارا عبداللّٰہ کا

{6} یُوں تو دنیا میں ہیں لاکھوں اولیاء ، اللّٰہ کے
خوش نصیبی ہے مری ہُوں شیدا عبداللّٰہ کا

{7} ہے کرامت آپ کی ہر اک زباں پر آج بھی
بج رہا ہے آج بھی جو ڈنکا عبداللّٰہ کا

{8} دعوت و تبلیغ میں ہی گزری ساری زندگی
دیکھ کر لاتے تے ایماں چہرہ عبداللّٰہ کا

{9} پیتے ہیں وحدت کی مئے آکر یہاں سارے ہی لوگ
کتنا پیارا ہے یہاں مئےخانہ عبداللّٰہ کا

{10} یہ دیوانہ اُن کا ہے سارے دیوانوں سے الگ
کہتے ہیں مجھ کو سبھی دیوانہ عبداللّٰہ کا

{11} گر یقیں تم کو نہ ہو تو دیکھ لو ائے ہاشمی
آج بھی ہے پُر ضیاء یہ روضہ عبداللّٰہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India Collection Mohammad Qutub Digitization eGangotri

یاسؔر۔[ ]۔ محترم جناب سید یاسر بخاری صاحب

{1} مصطفٰی سے مرتضٰی سے رشتہ عبداللہ کا
اس لئے تو سارا عالَم شیدا عبداللہ کا

{2} غوثِ اعظمؓ کا ہے منگتا منگتا عبداللہ کا
لااُبالی کا ہے شیدا ' شیدا عبداللہ کا

{3} سَرورِ اولادِ آدم رحمۃ للعالمیں
ہے نرالی شان والا نانا عبداللہ کا

{4} ایک ہے مشکل کشا تو ایک ہے غوث الوریٰ
اک سے بڑھ کر ایک دادا دیکھا عبداللہ کا

{5} شاہ طاہر کے کرم سے پنجتن کے نام کا
ہے اُجالا چار جانب پھیلا عبداللہ کا

{6} غوثِ اعظم پیرِ پیراں شاہِ جیلاں دستگیرؓ
جانشین مصطفٰی ہے دادا عبداللہ کا

{7} وہ مقدر کا دھنی ہے اُس پہ نازاں ہے سبھی
سلسلہ جس کو مِلا ہے شاہا عبداللہ کا

{8} دو جہاں سے بے غرض دیکھا گیا ہے وہ گدا
جس کی جھولی میں مِلا ہے سکّہ عبداللہ کا

{9} بے ادب گستاخ نہ بن اس گھرانے کا کبھی
غوثِ اعظمؓ سے ہے رشتہ شاہا عبداللہ کا

{10} مسکرا کر دیکھنے اُس کو لگے منکر نکیر
ساتھ میں رکھا تھا جس نے شَجرہ عبداللہ کا

{11} چل پڑا کرنول سے یاسؔر بھی شرکت کے لئے
عُرس آیا ہے سَواسَو سالہ عبداللہ کا

●●●●●

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohiuddin Quadri Digitization eGangotri

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مغضب ز شعراء

فارسی نعوت

مشاعرہ کی چوتھی طرح ۔

ترحم یا رسول اللہ ترحم

تعداد کلام (3)

تعداد اشعار (58)

Hazrat Haadi-E-Deccan Literary & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohammad Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

فہرست گرہ (فارسی نعوت)

بہ طرح: ترحّم یا رسول اللہ ترحّم

سلسلہ نمبر	تخلص	فہرست گرہ	نعت شریف اردو
1	آفاقیؔ	گزارش می کنم بادیدۂ نم	ترحّم یا رسول اللہ ترحّم
2	حکمؔ	ہمہ محتاج ، شد لطفِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	ترحّم یا رسول اللہ ترحّم
3	سجادؔ	منم قطمیرِ محیِ دیں مہیمنؔ	ترحّم یا رسول اللہ ترحّم

☆☆☆

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheem Qadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

محترم جناب محمد عبدالجبار نور آفاقیؔ صاحب

{1} سرِ محشر ز عصیاں شرمسارم
ترحّم شافعِ محشر تَرَحّم

{2} من آں دیوانۂ شاہِ دو عالم
سرِ مجلس به فرطِ عشق رقصم

{3} نه دَارم خواہشِ دنیا نه دَارم
وَلیکن عَاقبت خوش خواستگارم

{4} منم یک شاعرِ روشن ضمیرم
به درگاہِ شہِ دیں خوش بخوانم

{5} گزارش می کنم بادیدۂ نم
ترحّم یا رسول اللّٰه ترحّم

{6} بهر شب وا کنم چشمانِ طلعت
پئے دیدِ شه دیں انتظارم

{7} بصد اخلاص والفت بر درِ تو
پئے تسکینِ دل سجده گزارم

{8} ز ہے قسمت طفیلِ خود شناسی
بهر شئے جلوۂ حق می شناسم

{9} بیا در خانۂ دل شاہِ بطحا
بعجز و عاجزی منّت پزیرم

{10} به چشمانِ وجودی شاه چشتی
بهر سو جلوۂ ذی شان دیدم

{11} گزارم زندگانی برِ توکل
منم آں نور آفاقیؔ فقیرم

* * *

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Mohammad Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

محترم جناب محمد علی شاہ غیاث پاشاہ حکمؔ صاحب

{1} ترحّم یا رسول اللہ ترحّم
شفیعِ روزِ محشر کس ندارم

{2} حدیثِ جبریلی علیہ السلام من شنیدم
نہ دیدی یا محمد جز مکرّم

{3} نظرکن یا نبی برحال زارم
کریمی ' کن کرم من بے نوایم

{4} منوّر شد دوعالم را وجودش
محمد ﷺ مصطفٰی شد جان عالم

{5} بیا اے ماہِ تاباں روزِ محشر
پشیماں امتی در آں مکرم

{6} نمی دانم چہ ایں شوقست مستی
محمد ﷺ یا محمد ﷺ من نوشتم

{7} اغثنی یا رسول اللہ اغثنی
کہ ایں فریادِ کُل جملہ عوالم

{8} بیا ساقی ز جامِ عشقِ احمد
کہ پیشِ کبریا کردد مکرّم

{9} نظر آمد مہ رخسارِ احمد
کہ رقصاں من کنم شوقِ وصالم

{10} بروئے ما نظرکن یا محمد ﷺ
ز عصیاں امتت گریہ وزارم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheeb Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

{11} فراق و ہجر احمد ای خدایا
کبابم ایں دلم ہرشب کبابم
{12} ظہورِ کبریا دیدم جمالش
خصالش در دو عالم را مکرّم
{13} خدارا آرزو دارم وصالش
که غوغا می کند در سَر سوالم
{14} رموزِ عشق آساں گر نبودی
ز لطفِ آں پری امیدوارم
{15} دریں عالم بود بعد از خدا تو
مکرّم یا رسول اللّٰه مکرّم
{16} حقیرم گرچه در عالم وجودی
که خاکِ کوئے جاناں خوش نصیبم
{17} غلامِ در غلامانِ غلاماں
نظر کن یا نبی ادنٰی غلامم
{18} ہمه محتاج، شد لطفِ محمدﷺ
ترحم یا رسول اللّٰه ترحم
{19} به شانِ کبریا روشن جمالش
به شانِ غوثِ اعظمؓ
{20} وجودِ کُن فکاں دیدم جمالش
شہنشاہِ امم تو، من غریبم
{21} حکمؔ جامیؔ بجا گفتن زنبست
گنه گارم ولیکن خوش نصیبم
{22} نظر کن یک نظر اے ماہِ خوباں
حکمؔ شرفی به تو قربان دایم

◆ ◆ ◆

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahab Hyderabad India

ڈاکٹر سید عبد المھیمن قادری لاأبالی

سجاد پاشاہ

صدر مشاعرہ

{1} محمدﷺ یا رسول اللّٰہ معظّم
محمدﷺ یا حبیب اللّٰہ مکرّم

{2} نظر برحال امت نورِ ربی
کرم کن یا نبی اللّٰہِ اکرم

{3} توئی ختم الرُّسُلْ ائے نورِ اوّل
ترحّم یا رسول اللّٰہ ترحّم

{4} بکو جبریل علیہ السلام این جملہ تقدّم
فدائے نقشِ نعلینِ معظّم

{5} مشوّس این زمانہ افتتانند
ز مہجوری فتادند اغتمامم

{6} او چشم مست و روئے پاک رعنا
خدا مداحِ تو دیدش دو عالم

{7} شفیعُ الْمذنبینَ شانِ اقدس
توئی طرسِ شفاعت یا حبیبم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Saheb Hyderabad India · Collection of Mohammad Qutub · Digitization eGangotri

{8} رسول الله غیم و غیثِ رحمت
معنبر عُمُقِ عرفانِ مفخّم

{9} دلِ فرسوده و پژمرده داری
منم بیمارِ تو والله طبیبم

{10} غُنِیَّتُ بَزَّ این عشقت دلِ من
توئی طابِ خدا مُصقل مُغِیثم

{11} چوں آدمؑ دیده بر عرش معلٰی
محمدﷺ بعدِ حق اعظم تحشّم

{12} برائی مصطفٰی کشتئ نوحیؑ
بر آمد کوه جودی آمدِ ام

{13} دریں فِیۡہِمۡ رَسُولًا آیتِ حق
براہیمیؑ دعا قرآن دارم

{14} یک اسمعیلؑ و عبدالله پدرَت
منم ابنُ الذّبیحینِ چوں گویم

{15} این موسٰی ئے کلیم اللهؑ گوید
منم گر امّت تو خوش نصیبم

{16} به پیشِ صوت و گفتار رسولی
پریشاں لحنِ داؤدی و نازم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

{17} دُرو تخت سلیمان علیہ السلام لعل و گوہر
فدا ذرّاتِ نقشِ پائے انعم

{18} نَبی مِن بَعْدِیْ اِسمِ اُو که احمد
نبی عیسیٰ علیہ السلام بشارت خود بگویم

{19} صحابه گو به ایں گاہے بگاہے
رسول اللّٰه او اَللّٰهُ اَعْلَمْ

{20} حلاحل خوشتر و عاصم فصیحش
منور نورِ حق تنویر دیدم

{21} مُفیقِ دینِ حق اَغلَب مُلاطِف
توئی سلطان عالم یا مقدم

{22} تَضَرُّع من برای دید روضه
دلُ اندر ناشکیبائی دمادم

{23} گنه گارم خطا کار و سیه کار
شفیع المذنبینَ تو این نازم

{24} منم قطمیرِ محیِ دیں مہیّمن
ترحّم یا رسول اللّٰه ترحّم

{25} منم سجّاد قطمیرِ لطیفی
ترحّم یا رسول اللّٰه ترحّم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Hyderabad India / Collection PM Sahib Qudoorabad Digitization eGangotri

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مخضب ز شعراء

منظوم استقبالیہ

محترم جناب اطیب اعجاز قادری صاحب نے نظامت کے فرائض کو اوجِ ثریا پر پہنچانے کے لئے یہ جدّت کی اور تمام 125 شعراء کے لئے اُنہیں نوائے سروش گوش برآواز ہوئی جسے آپ نے صمیم قلب سے خامہ فرسائی کیا اور یہ وارداتِ قلبی منظوم استقبالیہ کی شکل میں ہمارے سامنے پیش کی گئی جسے دیکھ کر ہم انگشت بدنداں رہ گئے اور پذیرائی کی ساتھ ہی یہ بھی ارادہ کرلیا کہ اِسے مخضب زشعراء کے آبشار کی ایک دھارا ضرور بنائیں گے لہذا ہم محترم جناب اطیب اعجاز قادری صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہُوئے اُن کی بے لوث محنت کو یہاں پیش کررہے ہیں۔ 31/ڈسمبر 2021ء۔

ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا اُبالی الجیلانی

سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب علیہ الرحمہ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

1

سجّاد = ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا اُبالی الجیلانی ؒ
سجاد پاشاہ صاحب قبلہ
صدر مشاعرہ

1

1	مرتبہ کیسے بیاں ہو حضرتِ سجاد کا		لا اُبالی سلسلہ ہے آپ کے اجداد کا
2	کتنا نورانی ہے چہرا سیدِّ سجاد کا		آپ کا چہرا مداوئ ہر دلِ ناشاد کا
3	علم و فن میں ہے مہارت آپ کو کیا کیا یہاں		آپ کو درجہ ملا ہے نیک خُو استاد کا
4	کیا ہے اپنا کیا پرایا کام سب کے کر دیئے		ہر طرف اک تذکرہ ہے آپ کی امداد کا
5	بھائی بھی ہیں، باپ بھی ہیں اور بیٹے بھی ہیں آپ		رب نے ذمّہ دیدیا ہے کنبۂ آباد کا
6	نام لے کر رب کا اطیبؔ کر چکا ہوں ابتداء		خود بہ خود ہی سر ہُوا ہے مرحلہ ایجاد کے

-2-

ابرارؔ = محترم جناب ابرار احمد صاحب۔ مئو۔ یو پی

1	لہجے کو دیکھنا ہے نہ گفتار دیکھنا		ہم کو ہے آج جوہرِ ابرار دیکھنا
2	لے کر رہینگے آج یہ محفل میں دوستو		دادِ سخن کا اک نیا انبار دیکھنا

-3-

احسنؔ = محترم جناب سید احسن سعید صاحب۔ جھار کھنڈ

1	رتبہ بڑا ہی اعلیٰ ہے احسن سعید کا		محفل میں اک اُجالا ہے احسن سعید کا
2	آئینگے مائک پر تو مچا دینگے دھوم یہ		تارا چمکنے والا ہے احسن سعید کا
3	سج دھج کے آج آئے ہیں احسن کو دیکھنا		دھک دھک کرے ہے آج یہ دھڑکن کو دیکھنا
4	اُن کا نصیب تھا جو صحابہؓ تھے اُس گھڑی		قسمت میں اُن کی لکّھا تھا دامن کو دیکھنا
5	بے شک خوشی کی بات ہے معراج ہے مری		یعنی نبیؐ پاک کے مسکن کو دیکھنا
6	اطیبؔ بلاؤ مائک پہ نعتیں سُنو ذرا		سید بھی ہیں سعید بھی احسن کو دیکھنا

4

احقرؔ = محترم جناب اسلم احقر صاحب۔ حیدر آباد			
1	مفتیٔ خاص یہ جو احقر ہیں		چلتا پھرتا سا ایک دفتر ہیں
2	اِن کو معلوم ہے، کہاں، کیا ہے		ساری چیزیں ہی ان کو ازبر ہیں
3	چھوٹے صاحب ہوں یا بڑے صاحب		سب کی آنکھوں کے یہ تو انور ہیں
4	سب کی نظروں میں ہیں یہی اطیبؔ		سب کی نظروں کا جیسے محور ہیں

5

احکمؔ = ۔محترم جناب محمد اسمٰعیل انصاری سیری صاحب۔ غازی پور (یوپی)			
1	تشریف لے کے آئے جنابِ اَحکم		رحمت برسنے آئی چھماچھم چھم چھم
2	موتی پرو کے لائے ہیں نعتوں میں یہ		چمکے ہیں اِن کے شعر تو جیسے شبنم

6

احمدؔ = محترم جناب رضوان احمد انصاری صاحب۔ جبلپور			
1	ہو گئی آج بزم میں آمد		مائک پر آیئے ذرا احمد
2	نعت پڑھیئے حضورِ اقدس کی		تاکہ پورا بھی ہو سکے مقصد
3	نعت لائے ہیں منقبت لائے		اس نوازش کا شکریہ بے حد
4	یہ ہیں احمد میاں جبلپوری		اِن کی خاطر سجی ہے جو مسند
5	دے رہا ہے دعائیں یہ اطیبؔ		تم پہ رحمت خدا کی ہو بے حد

7

احمدؔ = محترم جناب محمد احمد صاحب۔ جبلپور۔			
1	تذکرہ ہو رہا ہے احمد کا		جیسے سایہ گھنا ہو برگد کا
2	مائک دیکھے ہے راستہ اِن کا		منتظر آپ کی ہے آمد کا

3	نعت کے شعر جب پڑھیں گے یہ		عقدہ کھلنے لگے کا مقصد کا
4	آج اطیبؔ کی ہے دعا تم کو		تم کو تحفہ ملے یہ مسند کا

8

ارشادؔ ۔ محترم جناب مفتی سید عبد المؤخر قادری لاابالی ارشاد صاحب ۔ حیدر آباد			
1	کہنے ہی کیا ہیں حضرتِ ارشاد آپ کے		جبکہ بڑے ہی بھائی ہیں سجاد آپ کے
2	چھوٹے ہیں گھر میں سب سے تو یہ لاڈلے بھی ہیں		کرتے ہیں ناز آپ پہ اجداد آپ کے
3	بھٹکیں گے کیسے آپ بھلا راستہ کبھی		رہبر بنے ہوئے ہیں جو مقداد آپ کے
4	ہر دم دلاتے رہتے ہیں احساس آپ کو		سایہ بنے ہوئے ہیں جو منقاد آپ کے

9

ارشدؔ ۔ محترم جناب محمد عمر علی شرفی ارشد صاحب ۔ حیدر آباد			
1	اشعار پڑھنے آئے ہیں ارشد عمر علی		سوغاتِ نعت لائے ہیں ارشد عمر علی
2	لکھ لکھ کے نعتِ سیدِ کونین لائے ہیں		اونچا مقام پائے ہیں ارشد عمر علی

10

اسدؔ ۔ محترم جناب حافظ اسد کربلائی صاحب ۔ جبلپور ۔ ایم پی			
1	ہاں ادب کی جان ہیں حافظ اسد		محفلوں کی شان ہیں حافظ اسد
2	نعتیہ اشعار کے شیدا ہیں یہ		بزم میں مہمان ہیں حافظ اسد

11

اسلمؔ ۔ محترم جناب اسلم فرشوری صاحب حیدر آباد			
1	روشنی کا دیار ہیں اسلم		زندگی میں بہار ہیں اسلم
2	تپتے صحراؤں کی تپش میں اک		ٹھنڈی ٹھنڈی پھوار ہیں اسلم
3	مسکراہٹ تو دیکھیے اِن کی		پیارا پیارا نکھار ہیں اسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohsin Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

12

اشرفؔ = محترم جناب محمد منور حُسین اشرف یعقوبی صاحب۔ کلکتہ

1	منفرد اور جدا یہ تیور ہیں		شاعری کا عجیب دفتر ہیں
2	مست رہتے ہیں اپنی مستی میں		خود ہی ناظر ہیں خود ہی منظر ہیں
3	مرکزِ علم ہے جو کلکتہ		بھائی اشرف وہاں کا منظر ہیں
4	پڑھتے ہیں یہ تحت، ترنم میں		اِن کی گھٹڑی میں خاص جوہر ہیں
5	ایسے بیٹھے ہیں آج محفل میں		جیسے کرسی پہ ایک افسر ہیں
6	دوستوں کا دوست یہ اشرف		میٹھے پانی کا جو سمندر ہیں
7	ناز کرتا ہوں اس لئے اطیبؔ		کیوں کہ اخلاق کا یہ پیکر ہیں

13

اشرفؔ = محترم جناب اشرف محمد محبوب اشرف صاحب۔ دموہ (مدھیہ پردیش)

1	محفل میں آ چکے ہیں جنابِ اشرف		اشعارِ نعت آج کرینگے مصرف
2	اطیبؔ نگاہِ ناز کا مرکز ہیں یہ		مقبولِ خاص و عام ہوئے ہیں اشرف

14

آصفؔ = محترم جناب محمد آصف انجم صاحب۔ دموہ۔ یوپی

1	آج شاعری میں اک مل گیا صلہ تم کو		آئے نعت پڑھنے کو خوش رکھے خدا تم کو
2	دل کے گوشے گوشے سے دے رہا ہے اب اطیبؔ		خوش رہو گئے اے آصف ہے مری دعا تم کو

15

اطیبؔ = محترم جناب اطیب اعجاز قادری صاحب۔ حیدر آباد

1	بزرگوں سے جدا ہے کب اطیب		یہ کرم ہے خدا کا سب اطیب
2	تم تو شاعر ہو صاحبِ دیواں		نعتیہ شعر پڑھیئے اب اطیب
3	تم پہ رحمت خدا کی ہو بھائی		شعر پڑھنے لگے گے جب اطیب

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Digitization eGangotri

16

اظہارؔ = محترم جناب اظہار خان صاحب ۔ جبلپور ۔ ایم پی

1	شعر و ادب کے شیر ہیں اظہار کیا کہیں	کرتے ہیں اپنے آپ سے اقرار کیا کہیں
2	عشقِ نبیؐ پاک میں ایسے رنگے ہیں یہ	لکھتے ہیں نعتِ سیدِ ابرار کیا کہیں

17

اعجازؔ = محترم جناب سید اعجاز احمد قادری مانپوری صاحب ۔ مانپور ۔ بہار

1	لہجے کو دیکھنا ہے نہ انداز دیکھنا	تاثیر دیکھنا ہے نہ آواز دیکھنا
2	ہم کو تو نعت پاک کے اشعار سے غرض	اِن کے کلام پر ہے بڑا ناز دیکھنا

18

آفاقیؔ = محترم جناب محمد عبدالجبار نور آفاقی صاحب ۔ محبوب نگر ۔ تلنگانہ

1	اک الگ انداز سادہ نور آفاقی کا ہے	ایک عالم ہی تو شیدا نور آفاقی کا ہے
2	رب نے بخشا ہے انہیں جو مرتبہ اک منفرد	اِس لئے تو خوب چرچہ نور آفاقی کا ہے
3	صنف کوئی بھی ہو اطیبؔ خوب کہتے شعر ہیں	کچھ طریقہ ہی نرالا نور آفاقی کا ہے

19

آفتابؔ = محترم جناب سید آفتاب احمد اعظمی صاحب ۔ اعظم گڑھ ۔ یوپی

1	مہکا مہکا سا اک گلاب ہو تم	یعنی اجلی سی اک کتاب ہو تم
2	بات سُن کر جو مانتے ہی نہیں	منکروں کیلئے سراب ہو تم
3	تم ہو احمد بھی اعظمی بھی ہو	خود ہی تارے ہو آفتاب ہو تم
4	نعت پیاری سی لکھ کے لائے ہو	اِس لئے بزم میں ”جناب“ ہو تم
5	آج کہتا ہے پیار سے اطیبؔ	آفتاب ایک لاجواب ہو تم

20

	آفتابؔ = محترم جناب آفتاب عالم صاحب۔ کلکتہ صاحب۔		
1	ہر طرف ہی چرچہ ہے آفتاب عالم کا		نعت ہی تو ورثہ ہے آفتاب عالم کا
2	نعت کہنے والا ہے اِن کے گھر میں اک شاعر		پیارا پیارا جذبہ ہے آفتاب عالم کا
3	نعت پڑھنے کی خاطر چھوڑ آئے کلکتہ		خوب یہ سلیقہ ہے آفتاب عالم کا
4	نعت لکھتے پڑھتے ہیں نعت ہی کو سُنتے ہیں		خوش نصیب کنبہ ہے آفتاب عالم کا
5	چاندنی اُتر آئی دیکھئے ذرا اطیبؔ		اُجلا اُجلا لہجہ ہے آفتاب عالم کا

21

	افروزؔ = محترم جناب ڈاکٹر معین افروز صاحب۔ حیدر آباد		
1	خوب شعر کہتا ہے ڈاکٹر معین افروز		شاعری میں یکتا ہے ڈاکٹر معین افروز
2	نعتِ پاک پڑھنے کا ذوق ہے بہت عمدہ		خوش بہت ہی رہتا ہے ڈاکٹر معین افروز

22

	اکرمؔ = محترم جناب سید لیاقت اکرم صاحب۔ حیدر آباد		
1	سیدھا سادہ جوان ہے اکرم		سُنتا سب کی ہے بولتا ہے کم
2	نعت لائے ہیں لکھ کے محفل میں		مائک پہ آیئے جناب اکرم
3	مندمل ہوں گے زخم سب اِن کے		گر مدینے کا جو ملے مرہم
4	بھائی اکرم اِدھر کو آؤ اب		آپ سے نعت اک سنیں گے ہم
5	آج اطیبؔ بھی خوش ہوا ہے بہت		بھا رہا ہے خوشی کا یہ عالم

23

	امیرؔ = محترم جناب نور الدین امیر صاحب۔ حیدر آباد		
1	محفل میں آج آئے جنابِ امیر ہیں		پیادہ بھی یہ ہیں اور یہ خود ہی وزیر ہیں
2	پڑھتے ہیں میٹھے سُر میں ترنم بھی خوب ہے		انسان بھی یہ اعلیٰ ہیں اور بے نظیر ہیں

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin, Hyderabad Digitization eGangotri

3	آتے ہیں عرسِ پاک میں ہر سال اس لئے		عشقِ نبیٔ پاک کے یہ تو اسیر ہیں
4	اطیبؔ دِوانے چھوڑ یہ دولت کی آرزو		لکھتے ہیں جو بھی نعت امیر و کبیر ہیں

24

انورؔ = محترم جناب محمد فاروق انور قادری صاحب۔ کرناٹک

1	ممتاز ہیں مہان ہیں بھائی انور		شعر و داب کی جان ہیں بھائی انور
2	اطیبؔ ادب کی شان ہیں بھائی انور		یعنی کہ آن بان ہیں بھائی انور

25

انورؔ = محترم جناب انور قادری صاحب۔ ترپاتور۔ ٹامل ناڈو

1	چھپتا نہیں ہے کوئی بھی زیور انور		علم و ادب کا ایک ہیں منظر انور
2	ہاتھوں میں ان کے دیکھئے اطیبؔ صاحب		پھرتے ہیں لے کے علم کا دفتر انور

26

انورؔ = محترم جناب قاضی ریاض الدین انور صاحب۔ بلڈانہ۔ مہاراشٹرا

1	شعر و داب کی جان ہیں قاضی انور		علم و عمل کی شان ہیں قاضی انور
2	اطیبؔ سخنوری میں ہے کامل بیشک		کردار سے مہان ہیں قاضی انور

27

انیسؔ = محترم جناب قاری انیس احمد صاحب۔ حیدر آباد

1	دکّن میں نام اونچا ہے حضرت انیس ہیں		جیسے ادب کے ایک یہ اعلیٰ رئیس ہیں
2	قاری بھی ہیں قرات میں اعلیٰ مقام ہے		انسان سیدھے سادے ہیں شاعر نفیس ہیں
3	تحریر اِن کی دیکھیئے اطیبؔ میاں ذرا		لکھتے ہیں ایسے جیسے کہ اک خوش نویس ہیں

28

ایازؔ = محترم جناب ابراهیم خان ایاز صاحب۔ حیدر آباد			
1	محمود تو نہیں ہے یہ لیکن ایاز ہے		آواز پر تو ان کی، سماعت کو ناز ہے
2	لکھتے بھی خوب نعت ہیں پڑھتے بھی خوب ہیں		اِن کے گلے میں سُر بھی ہے سازوں کا ساز ہے
3	محفل میں کون بیٹھا ہے کیا سوچتا ہے وہ		ایسی تمام باتوں سے یہ بے نیاز ہے

29

باوزیرؔ = محترم جناب محمد بن احمد باوزیر صاحب۔ حیدر آباد			
1	لہجہ لگے ہے سب سے جدا باوزیر کا		کُھلنے لگا ہے عقدہ نیا باوزیر کا
2	ذکرِ نبیؐ ہو، یا ہو وہ نعتِ نبیؐ کی بزم		چرچہ ہے ہر جگہ ہی بڑا باوزیر کا
3	اطیبؔ بُلاؤ مائک پہ اب دیر ہو گئی		سب ہی سنیں کلام ذرا باوزیر کا

30

بدرؔ = محترم جناب بدر احمد صاحب۔ جھار کھنڈ			
1	بدر ہیں یہ تو بدرِ کامل ہے		عشقِ احمد سے یہ بھرا دل ہے
2	آئے ہیں جھارکھنڈ سے یہ بھی		بِن پڑھیں جائیں یہ تو مشکل ہے
3	آج کی بزم میں سنو اطیبؔ		اِن کی بھی نعتِ پاک شامل ہے

31

برہانؔ = محترم جناب صوفی برہان الدین وارثی صاحب۔ حیدر آباد			
1	محفل میں آج آئے ہیں برہان دیکھیے		وارث ہیں اور صوفی ہیں عنوان دیکھیے
2	وا کر کے اِن کو سنیے گا اذہان' دیکھیے		تازہ کرینگے آج یہ ایمان دیکھیے

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pewer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

3	نعتِ رسولِ پاک کے اشعار جو پڑھیں		جگمگ کرے گا آج یہ ایوان دیکھیئے
4	ذکرِ نبیؐ جو آگیا محفل میں دوستو		خود کو یہ کرنے لگتے ہیں قربان دیکھیئے
5	لازم ادب ہے اِس لئے ذکرِ نبیؐ ہے آج		ذکرِ نبیؐ کو سُنتا ہے رحمان دیکھیئے
6	انداز اِن کا دیکھیئے پڑھتے ہیں خوب یہ		ماریں گے آج کس طرح میدان دیکھیئے
7	اطیبؔ نبیؐ پاک کی پڑھتا ہے نعت جو		میری نظر میں ہے وہی سلطان دیکھیئے

32

پارسؔ = محترم جناب تلک راج پارس صاحب۔ جبلور

1	قربان کیوں نہ کردوں میں اطلس تم پر		توفیق کا بھی در کھلے پارس تم پر
2	اشعار نعت کے یہ جو لکھ ، لے آئے		سایہ افگن ہو رحمتِ اقدس تم پر
3	بڑے خوش نوا ہیں تلک راج پارس		یقیں سے سِوا ہیں تلک راج پارس
4	یہ سُنتے ہیں سب کی تو کرتے ہیں اپنی		بڑے با وفا ہیں تلک راج پارس
5	جبلپور سے یہ دکن آگئے ہیں		عجب دلربا ہیں تلک راج پارس
6	بزرگوں سے اِن کو عقیدت بڑی ہے		اِنہیں کی ضیا ہیں تلک راج پارس
7	بڑے شوق سے یہ سناتے ہیں نعتیں		نبیؐ کے گدا ہیں تلک راج پارس
8	نعوت و مناقب کو لکھنے کا اطیبؔ		عجب سلسلہ ہیں تلک راج پارس

33

پاشاؔ = محترم جناب شیخ حسین پاشاہ میاں صاحب۔ حیدرآباد

1	ہر طرف ہی چرچا ہے شیخ حسین پاشاہ کا		کیا حسین مکھڑا ہے شیخ حسین پاشاہ کا
2	نعت لکھ کے لائے ہیں بزم میں عقیدت سے		لہجہ مہکا مہکا ہے شیخ حسین پاشا ہ کا

34

تنہاؔ = محترم جناب ضیاء الدین تنہا صاحب۔ جبلپور

1	رہ کے سب میں، ہیں یہ سدا تنہا		جگمگاتی رہی ضیا تنہا
2	اِن کو الفت نبیؐ سے ہے بیحد		نعت لکھتے ہیں یہ جدا تنہا

3	منکروں سے جمی نہیں اِن کی		تنہا تنہا رہے سدا تنہا
4	حیدرآباد آگئے ہیں یہ		ہیں جبلپور کا دیا تنہا
5	اِن کو آواز دیجئے اطیبؔ		مائک پر آیئے ذرا تنہا

35

ثقلینؔ = محترم جناب محمد ثقلین صاحب ۔ هریدوار ۔ یو کے

1	دلبری کا ہیں سلسلہ ثقلین		نعت لکھنے کا مشغلہ ثقلین
2	تم ہی تم ہو نبیؐ کی چاہت میں		در مقدر سے مل گیا ثقلین
3	چھان ماریں اگرچہ اُتراکھنڈ		مل نہ پائے گا دوسرا ثقلین
4	آنکھ کھولو ذرا اِدھر دیکھو		جل رہا ہے اِدھر دیا ثقلین
5	آگئے ہو دعا میں اطیبؔ کی		ہو تمہارا بھی اب بھلا ثقلین

36

جامیؔ = محترم جناب سید عبدالوہاب جامی قادری صاحب ۔ کنیکل ۔ آندھرا پردیش

1	شخصیت ہی جدا ہے جامی کی		سب کے حق میں دعا ہے جامی کی
2	آخرت کی ہو فکر پیشِ نظر		لمحہ لمحہ نِدا ہے جامی کی
3	نعت لکھتے ہیں مصطفیٰؐ کے لئے		رب کی خاطر ثنا ہے جامی کی
4	عشقِ سرور میں دیکھ اطیبؔ تُو		خود کی ہستی فنا ہے جامی کی

37

جنوںؔ = محترم جناب جنوں اشرفی صاحب ۔ پٹنہ ۔ بهار

1	سب سے الگ تھلگ ہے جنوں اشرفی کی بات		کہتا ہوں سچ کہ یہ تو نہیں دل لگی کی بات
2	شیدا ہیں نعتِ پاک کے لکھتے ہیں نعتِ پاک		شعروں میں اپنے لائینگے نعتِ نبیؐ کی بات
3	اطیبؔ سنبھل کے بیٹھئے سنیئے اِنہیں ذرا		ہردم زباں پہ ہوتی ہے اک آگہی کی بات

38

جیلاؔنی = محترم جناب غلام جیلانی صاحب۔ حیدر آباد

1	آ گئے ہیں غلام جیلانی		ساتھ لائے کلام جیلانی
2	نعتیہ شعر پڑھنے آئے ہیں		آپ کو ہے سلام جیلانی
3	دن ہو روشن تو صبح مہکی ہو		اُجلی اُجلی ہو شام جیلانی
4	پیارے آقا کے نام کے صدقے		بنتے جائیں گے کام جیلانی
5	دیکھ اطیبؔ ذرا چمک اِس کی		خوب روشن ہے نام جیلانی

39

چاندؔ = محترم جناب مصباح الدین چاند اکبر آبادی صاحب۔ آگرہ

1	چاند آئے ہیں چاندنی لے کر		اپنے ہونٹوں پہ اک ہنسی لے کر
2	اِن کے ہاتھوں میں ہے بیاض نئی		آئے پُر نور شاعری لے کر
3	نعت طرح پہ لکھ کے آئے ہیں		خوشبوؤں میں رچی بسی لے کر
4	اِن پہ رحمت خدا کی ہو اطیبؔ		نعت لائے سجی سجی لے کر

40

حامدؔ = محترم جناب میر حامد علی قادری صاحب۔ حیدر آباد

1	ہے یہ حامد علی کی بات الگ		جیت اِن کی ہے اِن کی مات الگ
2	سر میں سودا ہے نعتیہ ان کے		کب قلم سے رہی دوات الگ
3	اطیبؔ اعجاز پوچھتا کیا ہے		اِن کو دیگا خدا نجات الگ

41

حامدؔ = محترم جناب حامد شرفی صاحب۔ حیدر آباد

1	اُن کی قسمت کا یہ اُجالا ہے		دیکھ حامد نیا سویرا ہے
2	نعت لکھتے ہیں جو بھی، پڑھتے ہیں		اِن کو مولیٰ نے یُوں سنوارا ہے

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohamin Hyderabad Digitization eGangotri

42

حبیبؔ = محترم جناب حبیب الدین صاحب۔ جڑچرلہ۔ تلنگانہ

1	لہجہ الگ ہے سب سے جنابِ حبیب کا		شعروسخن سے رشتہ ہے، ان سے قریب کا
2	روٹی کی فکر کیوں وہ کریں اِن کو ہے خیال		ملتا رہے گا اِن کو تو اپنے نصیب کا
3	آباد، شاد، خوش رہو ہر دم حبیب تم		اللہ دکھادے روضۂ اقدس حبیبؐ کا
4	مشکل تمہارے پاس نہ پھٹکے کبھی حبیب		سایہ تمہارے سرپہ ہو ہر پل حبیبؐ کا
5	مانگی ہے میں نے جب دعا اطیبؔ خدا سے یہ		تارا چمکنے لگ گیا اِن کے نصیب کا

43

حسینیؔ = محترم جناب غلام حسین خان صاحب۔ حیدرآباد

1	مرتبہ ہے بڑا حسینی کا		ہے نگہباں خدا حسینی کا
2	نعت لکھتے ہی مل گئی نیکی		منتظر ہے صلہ حسینی کا
3	اِن کو دیتا ہے یہ دعا اطیبؔ		چمکے تارا سدا حسینی کا

44

حکمؔ = محترم جناب محمد علی غیاث پاشاہ شرفی صاحب۔ محبوب نگر۔ تلنگانہ

1	ممتاز شخصیت بڑی ، شاعر حکم کی ہے		توقیر کل جو تھی وہی اب بھی قلم کی ہے
2	اشعار تم کو پورے سنانے ہیں سوّا سو		دل گردہ والی بات ہے اور بات دم کی ہے
3	اشعار لکھنے والے ہیں ، لکھتے ہیں نعتیہ		اِن پر نگاہِ خاص جو شاہِ اُمم کی ہے
4	خالی ہے مَیں کا گھر رہے آپس میں اتحاد		مَیں، مَیں، نہ کرنا، دوستو محفل یہ ہم کی ہے
5	نعتوں میں اِن کی دیکھئے اطیبؔ میاں ذرا		شاہِ عرب کی بات ہے شاہِ عجم کی ہے

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohamin Hyderabad India Collection PM Sainb Quadri Digitization eGangotri

45

خالدؔ = محترم جناب خالد ندیم صاحب۔ بدایوں۔ یوپی

1	شعر و سخن کا دیکھئے نسخہ عجیب ہے		سب کے دلوں کو بھاتا ہے لہجہ عجیب ہے
2	محفل میں دور بیٹھے ہو خالد ندیم کیوں		سب کی نظر ہے آپ پہ لمحہ عجیب ہے

46

خلیلؔ = محترم جناب محمد ماجد خلیل صاحب۔ حیدرآباد۔ تلنگانہ

1	ہو مبارک یہ نعت کی محفل		اِس میں ماجد بھی ہو گئے شامل
2	نعتیہ شاعری کے صدقے میں		اللہ کر دے گا دُور ہر مشکل
3	اِن کے شعروں میں ہے چمک اطیبؔ		نیک انساں ہیں اور ہیں خوش دل

47

خورشیدؔ = محترم جناب خورشید فاروقی صاحب۔ برہان پور۔ ایم پی

1	یہ تو خورشید ہیں چمکتے ہیں		ان کے اشعار تو دمکتے ہیں
2	شعر پڑھتے ہیں بزم میں جب بھی		ان کے الفاظ خود مہکتے ہیں
3	نعتیہ شعر لائے ہیں لکھ کر		ان کے اشعار تو دھڑکتے ہیں

48

دانشؔ = محترم جناب عبدالخالق دانش صاحب۔ جبلپور

1	آج محفل میں آگئے دانش		ان کے شعروں سے مل گئی تابش
2	شعر لائے ہیں ایک سو پچیس		رنگ لائے گی آج یہ کاوش
3	آج اطیبؔ بھی دے رہا ہے دعا		بار آور کرے خدا کوشش

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India
Collection Digitization eGangotri

49

دلکشؔ = محترم جناب صوفی مبارک علی دلکش قادری جالونوی صاحب۔ آگرہ

1	شخصیت دلکش بڑی ہے آپ کی		خوبصورت زندگی ہے آپ کی
2	آگرہ سے نعت لے کر آگئے		کیا سہانی یہ گھڑی ہے آپ کی
3	آج اطیب دے رہا ہے یہ دعا		بزم میں اب روشنی ہو آپ کی

50

ڈگرؔ = محترم جناب سید سیف حسین قادری۔ حیدر آباد

1	دین کے رہنما ڈگر تم ہو		متقی پار سا ڈگر تم ہو
2	علمیت ان کی مانتے ہیں سبھی		ہیں سبھی سے جدا ڈگر تم ہو
3	اِن سے اطیبؔ کو بھی عقیدت ہے		دین کے پیشوا ڈگر تم ہو

51

ذاکرؔ = محترم جناب سید ستار حسینی بندہ نوازی صاحب۔ حیدر آباد

1	ہیں جہاں بھر میں آپ ہی ذاکر		نعت گوئی ہے شاعری ذاکر
2	نعت کہنے سے مل گئی منزل		آپ شاعر ہیں واقعی ذاکر
3	یہ ہیں بندہ نواز کے عبسہ		خاندانی ہے رہبری ذاکر

52

راشدؔ = محترم جناب سید محمد احمد قادری راشد صاحب۔ حیدر آباد

1	تم تو محفل کی جان ہو راشد		شاعری میں مہان ہو راشد
2	ہو مبارک یہ نعت کا لکھنا		بزم کی آن بان ہو راشد
3	آج اطیب دعائیں دیتا ہے		تم امیدوں کی جان ہو راشد

53

رانا = محترم جناب عباداللہ انصاری جاوید رانا صاحب۔ برہان پور			
1	تم تو جاوید بھی ہو رانا ہو		خوبصورت سا ایک نغمہ ہو
2	نعت پڑھتے ہو یوں عقیدت سے		سامنے جیسے اُن کا روضہ ہو
3	آج اطیبؔ کی ہے دعا تم کو		تم نے دیکھا جو خواب پورا ہو

54

راھی = محترم جناب حنیف وارثی راھی صاحب۔ مدھیہ پردیش			
1	راستہ صاف ہے یہ راہی کا		تم ہی ہو رد ہر اک سیاہی کا
2	اِن کی نظروں میں نعت ہے سب کچھ		درجہ کچھ بھی نہیں ہے شاہی کا
3	نعت کی بزم میں سنو اطیبؔ		اِن کا کردار ہے سپاہی کا

55

رشاد = محترم جناب محمد حسن احمدی صدیقی رشاد صاحب۔ حیدر آباد			
1	یہ تو رشاد ہیں بڑے شاعر		رہتے ہیں بس خدا پہ ہی شاکر
2	نعت لکھتے ہیں شاد رہتے ہیں		صبر کرتے ہیں ، ہیں بڑے صابر

56

رضا = محترم جناب جلیل رضا صاحب۔ جڑ چرلہ۔ تلنگانہ			
1	کام آسان ہے رضاؔ کے لئے		ہاتھ اُٹھاؤ ذرا دعا کے لئے
2	نعت لکھتے ہو تم نبیؐ کی تو		حمد لکھتے ہو بس خدا کے لئے
3	تم کو صحت عطا کرے اللہ		کوئی رستہ ملے دوا کے لئے
4	دے رہا ہے دعائیں اب اطیبؔ		سچے دل سے فقط رضا کے لئے

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Hyderabad Digitization eGangotri

57

رضیؔ = محترم جناب سید رضی الدین قادری رضی صاحب۔ حیدر آباد

1	یہ رضی ہیں بڑے ہی پیارے ہیں		سب کی آنکھوں کے جیسے تارے ہیں
2	جس جگہ بھی یہ جائیں گے اطیبؔ		سب کہیں گے رضی ہمارے ہیں

58

رفیقؔ = محترم جناب رفیق ناگوری صاحب۔ اُجّین۔ ایم پی

1	آپ کے بھی رفیق کیا کہنے		دل ہے ان کا خلیق کیا کہنے
2	ان کو اطیبؔ دعائیں دیتا ہے		ہے یہ انساں شفیق کیا کہنے

59

روشؔ = محترم جناب سید یوسف رَوِش صاحب۔ حیدر آباد

1	یہ روش ہے روش کی بات الگ		ان کا دن ہے الگ تو رات الگ
2	متقی ہیں بڑے روش صاحب		ان کی کٹتی رہی حیات الگ
3	نعت لکھنے کے واسطے اطیبؔ		خود بناتے ہیں اک دوات الگ

60

رہبرؔ = محترم جناب مفتی سید عبدالمتعال قادری لا ابالی رہبر صاحب۔ حیدر آباد

1	دین کے یہ شفیق رہبر ہیں		مشفقانہ ہی اِن کے تیور ہیں
2	اِن کو دی ہے خدا نے وہ تاثیر		ایسا لگتا ہے جیسے افسر ہیں
3	علم و فن میں کمال ہے اِن کو		ذات میں خود کی ایک دفتر ہیں
4	ہے یہ ہادی کا میکدہ اطیبؔ		اس کے پاکیزہ ایک ساغر ہیں

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

61

رئیس = محترم جناب رئیس اعظم حیدری صاحب۔ کلکتہ			
1	آگئے ہیں رئیس محفل میں		مسکراتے ہیں خود یہ مشکل میں
2	متقی ہیں، نعوت پڑھتے ہیں		خوف رہتا ہے ہر گھڑی دل میں

62

زاھد = محترم جناب ولی محمد زاھد ہریانوی صاحب۔ حیدر آباد			
1	یہ تو حافظ ہیں اور شاعر ہیں		یعنی صابر ہیں اور شاکر ہیں
2	نعت لکھنا ہی کام ہے ان کا		وعظ کر تے ہیں اور ذاکر ہیں

63

زعیم = محترم جناب رحمت اللہ زعیم ذو مّرہ صاحب۔ حیدر آباد			
1	استاد یہ سخن کے جنابِ زعیم ہیں		دکّن کی آن بان ہیں شاعر قدیم ہیں
2	سینے میں اِن کے ایک تو قلبِ صمیم ہے		دوجے یہ انکساری میں یکسر حلیم ہیں

64

ژرف = محترم جناب سید ناصر علی صاحب۔ حیدر آباد			
1	شاعری میں بڑے ہو تم ناصر		پہلی صف میں کھڑے ہو تم ناصر
2	اس لئے رب ہوا ہے خوش تم سے		حق کی رہ میں پڑے ہو تم ناصر
3	ایسے وابستہ ہیں یہاں اطیب		جیسے ہیرا جُڑے ہو تم ناصر

65

سجادؔ = محترم جناب سید سجاد پاشاه قادری صاحب۔ بنگانا پلی۔ آندھرا پردیش			
1	یاد آتی ہے آپ کی سجاد		آپ کا گھر رہے سدا آباد
2	نعت لکھتے ہی ہو گئے رخصت		بزم کرتی ہے آپ ہی کو یاد
3	کر رہا یہ دعا ہے اب اطیبؔ		مغفرت اِن کی ہو خدا ، فریاد

66

سراجؔ = محترم جناب سراج یعقوبی صاحب۔ حیدر آباد			
1	شعرا کو سامعین کا پیارا خراج ہے		شمع کے روبرو جو جنابِ سراج ہے
2	شائستگی کے ساتھ نوازیں انہیں ذرا		شاعر ہے پختہ کار پہ نازک مزاج ہے

67

سکندرؔ = محترم جناب سید سکندر حُسین شرفی صاحب۔ حیدر آباد			
1	لے کے آئے ہیں نعت کی خوشبو		نعت مہکے ہے بزم میں ہر سُو
2	نعت پڑھ کر چمکتے ہیں ایسے		یہ سکندر ہو جیسے اک جگنو

68

سلطانؔ = محترم جناب صوفی سلطان چشتی صاحب۔ جڑچرله۔ تلنگانه			
1	چرچہ بڑا ادب میں ہے سلطان آپ کا		معجز نما ہے دیکھئے عرفان آپ کا
2	اطیبؔ دعائیں دیتا ہے سلطان آپ کو		آباد ہر گھڑی رہے ایوان آپ کا

69

سلیمؔ = محترم جناب آفتاب سخن سردار سلیم صاحب۔ حیدر آباد

1	سب مانتے ہیں شاعری اِن کی عظیم ہے		آں محترم کا نام جنابِ سلیم ہے
2	پیتے ہیں جذب کرتے ہیں وحدت کی مئے کو یہ		ہادی کے میکدے کا یہ ساغر قدیم ہے

70

سیفیؔ = محترم جناب عرفان اللہ شاہ نوری سیفی صاحب۔ حیدر آباد

1	کتنی دلکش ہے بات سیفی کی		نرم شیریں ہے ذات سیفی کی
2	صدقۂ نعت یوں ملے اِن کو		جگمگائے حیات سیفی کی

71

شاھدؔ = محترم جناب شریف احمد خان صاحب۔ دموہ۔ مدھیہ پردیش۔

1	ایک عالم فدا ہے شاہد پر		یہ تو رب کی عطا ہے شاہد پر
2	نعت کہتے سنبھل سنبھل کر ہیں		فضلِ حق بھی بڑا ہے شاہد پر

72

شجرؔ = محترم جناب عمران شجر صاحب۔ امراوتی۔ مہاراشٹرا

1	معتبر ہے بڑا شجر کا کلام		داد بھی پائے گا شجر کا کلام
2	نعت کہتا ہے خوب یہ شاعر		آپ سنئے ذرا شجر کا کلام

73

شفیعؔ = محترم جناب سید شفیع الدین سرمست صاحب۔ کرناٹک

1	شرمندہ آج دیکھئے ٹھہری شکست ہے		ناکامیوں کا حوصلہ اس درجہ پست ہے
2	بخشا ہے نعت گوئی کا رب نے شرف انہیں		نعتوں کو لکھنے والا شفیع مست مست ہے

Courtesy: Dr. Syed Abdul ... Digitization eGangotri / Collection Peer Mohammad Sahib Hyderabad India

74

شکیلؔ = محترم جناب شکیل خان صاحب۔ پٹنه۔ بھار

1	محفل میں سب کے دل میں ہے چاہت شکیل کی		وابستہ ہے بزرگوں سے نسبت شکیل کی
2	اطیبؔ ! سنانے آئے ہیں نعتِ رسولِ پاک		شاہا سے کیسی پیاری ہے الفت شکیل کی

75

شوقؔ = محترم جناب زاھد شوق صاحب۔ جڑ چرله۔ تلنگان

1	زاہد علی ہے شوق ہے اور دل نواز ہے		نعتِ شریف لائے ہیں اِن کو بھی ناز ہے
2	عشقِ نبیؐ میں ڈوب کے لکھتے ہیں نعت یہ		دنیا کے کاروبار سے یہ بے نیاز ہے
3	اطیبؔ خدا کے واسطے اِن سے کہو ذرا		نعتِ نبیؐ کو پیش کریں وقتِ ناز ہے

76

صابرؔ = استاذ سخن محترم جناب حلیم صابر صاحب۔ کلکته

1	ماہرِ علم و فن ہو تم صابر		ہر گھڑی ہو خدا پہ تم شاکر
2	شعر کہتے ہو خوب پڑھتے ہو		اعلیٰ استاد اور ہو شاعر
3	ان کے شعروں میں پختگی ہے بہت		دسترس ہے زبان پر قادر
4	ملتے رہتے ہیں محفلوں میں یہ		اِن کے اوصاف ہیں بڑے طاہر
5	ان کو اطیبؔ خدا نے بخشا ہے		خوش گلوئی میں بھی ہیں یہ ماہر

77

صادقؔ = محترم جناب ڈاکٹر خواجه فرید الدین صادق صاحب۔ حیدر آباد

1	روشن سا اک دیا ہے خواجہ فرید صادق		ہاں جوش سے بھرا ہے خواجہ فرید صادق
2	رکھتے ہیں ڈگریاں بھی سب سے زیادہ یہ تو		پوچھو نہ مجھ سے کیا ہے خواجہ فرید صادق

3	گھر پر سجا کے اپنے شعر و سخن کی محفل		اک نام کر رہا ہے خواجہ فرید صادق
4	ہر سال آتے رہنا پڑھنے کو شعر اپنے		اطیبؔ کی یہ دعا ہے خواجہ فرید صادق

78

صفدرؔ = محترم جناب عبدالوہاب قادری صفدر صاحب۔ کرنول۔ آندھرا پردیش

1	کچھ لطف ہی نیا ہے صفدر کی شاعری میں		سب رنگ نعتیہ ہے صفدر کی شاعری میں
2	صفدر دعائیں لے لو اطیبؔ کی آج دل سے		چاہت بھری فضا ہے صفدر کی شاعری میں

79

ضیاءؔ = محترم جناب محمد ضیاء الدین ضیا صاحب۔ تانڈور۔ تلنگانہ

1	جو شاعری ہے ان کی یہ علم کی ضیا ہے		حمد و ثنا ہے اس میں اللہ سے دعا ہے
2	نعتِ رسولِ اکرم لکھتے رہے یہ ہر دم		بخشش ہو اِن کی مولا اطیبؔ کی التجا ہے

80

ضیاءؔ = محترم جناب مفتی اختر ضیاء صاحب۔ سمستی پوری ثم حیدرآبادی

1	شاعری میں ہے اک ضیا لکھنا		یعنی دل کی ہے التجا لکھنا
2	مفتی اختر ضیا کے کیا کہنے		اِن کو بھاتا ہے نعت کا لکھنا

81

ضیاء = محترم جناب ضیاء الدین سلطانی صاحب۔ جڑچرلہ۔ تلنگانہ

1	کتنی پیاری ہے یہ ضیا اِن کی		رنگ لائے گی التجا ان کی
2	اطیبؔ اعجاز دیجیے دعوت		منتظر داد ہے ذرا ان کی

Courtesy: Dr. Syed Abdul [illegible] Sahib [illegible] Digitization eGangotri
Collection of Peer Sahib Hyderabad India

82

ضیاءؔ = محترم جناب ڈاکٹر رؤف ضیاء صاحب۔ جبلپور۔ ایم پی

1	یاد آؤ گے تم ضیا صاحب	لے کے جاؤ گے تم دعا صاحب
2	چار دن کا رہا قیام مگر	یاد آئے گا یہ سدا صاحب
3	نعت پڑھیئے سنایئے سب کو	کر کے آقا سے التجا صاحب
4	کس کو رہنا ہے حشر تک اطیبؔ	حشر تک کون ہے جیا صاحب

83

طارقؔ = محترم جناب محمد حامد طارق نظامی صاحب۔ جبلپور

1	جگمگاتا دِیا ہے طارق کا	ایک سچے رسولِ عاشق کا
2	نعتیہ شعر کہہ رہے ہو تم	فضل ہو تم پہ ربِّ خالق کا

84

طاہرؔ = محترم جناب محمد طاہر خان صاحب۔ جبلپور

1	آپ طیّب ہیں اور طاہر ہیں	نیک انساں ہیں اور صابر ہیں
2	عشقِ احمد میں غرق ہیں ہر دم	ربِّ عالم پہ بس یہ شاکر ہیں

85

طاہرؔ = محترم جناب محمد منیب خان رزاقی صاحب۔ حیدر آباد

1	جگمگاتی ہے رات طاہر کی	کیا مناسب ہے بات طاہر کی
2	خوب لکھتے ہیں خوب پڑھتے ہیں	نعت ہے کائنات طاہر کی
3	کام آ کر رہے گی یہ اطیبؔ	نعت میں یہ حیات طاہر کی

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri / Collection Peer Sahib

86

طورؔ = محترم جناب کرشن کمار طور صاحب۔ هماچل پردیش			
1	بے رنگ جیسے ہوگئی رنجور زندگی		باطن اگر ہو صاف تو ہے نُور زندگی
2	اردو ادب میں نام ہی پہچان اِن کی ہے		اردو ادب کی جان ہے یہ طورؔ زندگی
3	ظلم و ستم ہے اور کرونا ہے اک طرف		زخموں کو سہہ کے ہو چکی اب چور زندگی
4	محفل میں طور آئے تو مسکان چھا گئی		مستی میں جھومتی ہے یہ رنجور زندگی
5	کل تک رہے جو ساتھ بچھڑنے لگے ہیں وہ		اطیبؔ دکھائی دیتی ہے اب دور زندگی

87

ظہیرؔ = محترم جناب ظهیر ناصری صاحب۔ محبوب نگر۔ تلنگانه			
1	زندگی خوش نما ظہیر کی ہے		یہ دعا اِن کو اک فقیر کی ہے
2	ہو غریبی تو بس ظہیر سی ہو		بس یہی تو دعا امیر کی ہے

88

ظہیرؔ = محترم جناب ظهیر کانپوری صاحب۔ کانپور			
1	خوب پڑھتے ہو شعر تم تو ظہیر		جگ میں ملتی نہیں تمہاری نظیر
2	نعت پڑھتے ہو جب ترنم سے		جھوم جاتے ہیں سب غریب و امیر

89

عرفانؔ = محترم جناب عبدالمناف پٹیل صاحب۔ کولهاپور۔ مهاراشٹرا			
1	تم پہ جگ ہو گیا فدا عرفاں		جب ہوا مہرباں خدا عرفاں
2	نعت گوئی کا یہ تصدق ہے		پا رہے ہو جو تُم ضیا، عرفاں

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Sahib Hyderabad India
Collection of Hyderabad Digitization eGangotri

90

عقیلؔ = محترم جناب ڈاکٹر سید عبد الحفیظ عقیل ہاشمی صاحب۔ حیدر آباد

1	کیا مکرم ہے نعت کا رستہ		نعتِ احمد کا ہے یہ گلدستہ
2	شان کیسے بیاں عقیل کی ہو		قافیئے ہی نہیں ہیں صف بستہ
3	علم و فن میں کمال ہے، اطیبؔ		درس و تدریس سے ہیں وابستہ

91

عقیلؔ = محترم جناب محمد عقیل احمد عقیل مرحوم۔ حیدر آباد

1	بات سب سے جدا عقیل کی تھی		شخصیت آئینہ عقیل کی تھی
2	میں مدینے میں جاکے مرجاؤں		آخری یہ دعا عقیل کی تھی
3	رب سے اطیبؔ یہ کر رہا ہے دعا		پوری ہو ، جو دعا عقیل کی تھی

92

علیؔ = محترم جناب ابراھیم علی قادری صاحب۔ ادونی۔ آندھرا پردیش

1	نام فن میں بڑا علی کا ہے		ایسا کچھ مرتبہ علی کا ہے
2	آج کی بزم میں یہ شامل ہیں		اِن پہ سایہ سدا علی کا ہے

93

غفارؔ = ۔محترم جناب عبد الغفار خان رزاقی مرحوم۔ حیدر آباد

1	علم و فن میں مہان تھے غفار		اپنے کنبہ کی جان تھے غفار
2	تھی عقیدت اِنہیں بزرگوں سے		نعت کا اک نشان تھے غفار

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad India
Collection of Pervez Ahmed Digitization eGangotri

94

فراز = محترم جناب محمد ناصر خاں فراز صاحب۔ سنبھل پور۔ اڑیسہ			
1	تم تو احمد فراز جیسے ہو		شاعری میں بھی راز جیسے ہو
2	بن گئے ہو غذا ، سماعت کی		ایک میٹھا سا ساز جیسے ہو
3	نعت بھی خوب آپ نے لکّھی		فخر ہے ہم کو ناز جیسے ہو

95

فریدی = محترم جناب صادق علی فریدی مرحوم۔ محبوب نگر۔ تلنگانہ			
1	دے رہے ہیں دعا فریدی کو		ہوگی جنت عطا فریدی کو
2	نعتِ احمد کے ہی تصدق میں		بخش دے گا خدا فریدی کو

96

فریدی = محترم جناب محمد منصور عالم فریدی صاحب۔ پٹنہ۔ بہار			
1	کہہ رہے ہیں فریدی کام کی بات		یہ نہیں کوئی انتقام کی بات
2	نعت کہتے ہیں عشقِ احمد میں		یہ تو اطیبؔ ہے اک غلام کی بات

97

فضل = محترم جناب حافظ محمد فضل قادری صاحب۔ جبلپور۔ ایم پی			
1	فضل کی بات ہے جدا صاحب		منفرد ہے ہر اک ادا صاحب
2	نعت کہتے ہیں خوب روتے ہیں		عشق کی ہے یہ انتہا صاحب

98

فیروز = محترم جناب فیروز اختر صاحب۔ کلکتہ			
1	نعت کہتے ہیں بَرملا فیروز		ہے خدا کی تمہیں عطا فیروز
2	کیا سلیقے سے نعت کہتے ہو		ہے تمہارا یہ فن جدا فیروز

99

فیضؔ = محترم جناب ابو الفائز ہاشمی صاحب۔ جھار کھنڈ

1	عشق آقا سے والہانہ ہے		نعت لکھنا تو اک بہانہ ہے
2	فیض کا ہاشمی گھرانہ ہے		اس لئے ہر کوئی دوانہ ہے

100

فیضیؔ = محترم جناب عبد الماجد فیضی صاحب۔ سنبھل پور۔ اڑیسہ

1	بات ہی کچھ جدا ہے فیضی کی		کیا انوکھی ادا ہے فیضی کی
2	آج کی بزم کے لئے اطیبؔ		نیک خواہش، دعا ہے فیضی کی

101

قیصرؔ = محترم جناب سید خواجہ اسماعیل قیصر صاحب۔ محبوب نگر۔ تلنگانہ

1	ہے الگ کائنات قیصر کی		دن ہے قیصر کا رات قیصر کی
2	نعتیہ شعر یہ بھی کہتے ہیں		کچھ الگ ہی ہے بات قیصر کی

102

کاملؔ = محترم جناب کامل حیدر آبادی صاحب۔ حیدر آباد

1	شاعری میں بڑے ہی کامل ہیں		آج کی بزم میں یہ شامل ہیں
2	شعر کہتے ہیں یہ نصیحت کے		یہ تو فاضل ہیں اور عاقل ہیں
3	منفرد ہے مقام شعرا میں		خود ہی رستہ ہیں خود ہی منزل ہیں
4	انکساری میں بے مثال ہیں یہ		اطیبؔ اعجاز کا تو یہ دل ہیں

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

103

کاملؔ = محترم جناب ریاض الدین کامل صاحب۔ ناگپور۔ مہاراشٹرا			
1	تم پہ دل ہو گیا فدا کامل		نعت کہتے ہو تم سدا کامل
2	آج اطیبؔ دعائیں دیتا ہے		کام آئے گی یہ دعا کامل

104

کھوکرؔ = محترم جناب عبدالسلام کھوکر صاحب۔ رتلام۔ ایم پی			
1	یہ جو عبدالسلام کھوکر ہیں		شاعروں کے جناب دلبر ہیں
2	ان کے حصہ میں آئی ہیں نعتیں		یہ مقدر کے اک سکندر ہیں

105

گداؔ = محترم جناب محمد عبدالحاجی صاحب۔ حیدرآباد			
1	کھلنے لگا ہے مجھ پہ بھی معیار آپ کا		لہجہ بھی خوب، خوب ہے اظہار آپ کا
2	عشقِ رسولِ پاکؐ میں کہتا گداؔ ہے نعت		ظاہر ہے بس اسی سے تو کردار آپ کا

106

لطیفؔ = محترم جناب سید عبداللطیف صاحب۔ شنکر پلی۔ تلنگانہ			
1	یہ بڑے ہی لطیف شاعر ہیں		آج کی بزم میں یہ حاضر ہیں
2	نعت کہنے کا لگ گیا چسکا		شعر کہنے پہ یہ بھی قادر ہیں

107

لطفیؔ = محترم جناب ڈاکٹر میر مرتضیٰ علی شاہ قادری صاحب۔ حیدر آباد

1	لطف یہ عام ہے لطفیؔ کا		نعتیہ جام ہے لطفیؔ کا
2	نعت کہنا ہی مشغلہ ٹھہرا		بس یہی کام ہے لطفیؔ کا

108

ماجدؔ = استاذ سخن محترم جناب اسلم ماجد صاحب۔ جبلپور۔ ایم پی

1	شاعری میں ہے نام ماجد کا		نعتیہ ہے کلام ماجد کا
2	سنتوں پر عمل ہو ہر لمحہ		ہے یہ پیارا پیام ماجد کا
3	نعتیہ بزم کے سبھی اطیبؔ		سامعیں کو سلام ماجد کا

109

محورؔ = محترم جناب شاہ نواز محور صاحب۔ جبلپور۔ ایم پی

1	شاعری ہے جدا سی محور کی		نعتیہ بزم میں ہے سرور کی
2	خوب لائے ہیں نعت کے اشعار		روشنی ہے یہ نعتِ انور کی

110

محیؔ = محترم جناب مفتی سید عبد المستعان قادری لا ابالی صاحب۔ حیدر آباد

1	شاعری میں ہیں با کمال محی		پاس پھٹکے نہ اب زوال محی
2	سلسلے سے ہیں لاابالی یہ		نعت کہتے ہیں باکمال محی
3	لا سکے گا کوئی مثال کہاں		واقعی تم ہو بے مثال محی
4	تم ہو ہادی کے سلسلے کی کڑی		اس کا قائم رہے جمال محی

Collection of Aamir Saab Hyderabad Digitization eGangotri

111

	مضطرؔ = محترم جناب تاج مضطر صاحب۔ ورنگل۔ تلنگانہ		
1	یہ ورنگل کے تاج مضطر ہیں		شاعری کا حسین دفتر ہیں
2	نعت گوئی میں نام ہے اِن کا		نعت ہی کے تو یہ سخنور ہیں
3	یہ ہیں بزمِ محمدی کے امیر		اور سراپا خلوص پیکر ہیں
4	ان کو دیکھو تو یہ لگے اطیبؔ		یہ ورنگل کا ایک منظر ہیں

112

	مقصودؔ = محترم جناب مقصود احمد صاحب۔ مالیگاؤں۔ مہاراشٹرا		
1	نعتیہ شعر لے کے آئے ہیں		آج مقصود جگمگائے ہیں
2	یہ کرم ہے رسولِ اقدس کا		نعت گوئی میں گُل کھلائے ہیں

113

	مقصودؔ = محترم جناب محمد مقصود شریف صاحب۔ حیدر آباد		
1	بزم میں آج آگئے مقصود		اپنی منزل کو پا گئے مقصود
2	نعت ایسی سجی سی لائے ہیں		ساری محفل پہ چھا گئے مقصود

114

	مقیمؔ = محترم جناب خواجہ مقیم الدین صاحب۔ حیدر آباد		
1	آپ تو رہتے ہیں جہاں میں مقیم		ربِّ عالم رکھے اماں میں مقیم
2	نعت میں گل کھلاتے رہتے ہیں		آپ رہتے ہیں گلستاں میں مقیم

115

1	ناظرؔ = محترم جناب ڈاکٹر ناظر صاحب۔ مدھیہ پردیش		
1	ساری دنیا کو یوں لگا ناظر		رتبہ ہے آپ کا بڑا ناظر
2	آج محفل میں دیکھئے اطیبؔ		دے رہے ہیں سبھی دعا ناظر

116

ندیمؔ = محترم جناب یوسف ندیم صاحب۔ مہاراشٹرا			
1	سب سے بہتر ہو اور قدیم ہو تم		شاعری کے بڑے حکیم ہو تم
2	پیارے آقا کی نعت کہتے ہو		اس لئے بھی بڑے عظیم ہو تم

117

نشترؔ = محترم جناب ڈاکٹر مبشر احمد نشتر صاحب۔ حیدر آباد			
1	کچھ تو ہے خاص بات نشتر کی		آفریں ہے حیات نشتر کی
2	پیارے آقا کی نعت کے صدقے		ہو ہی جائے نجات نشتر کی
3	کہہ رہا ہے یہ فخر سے اطیبؔ		نعت ہے کائنات نشتر کی

118

نصیرؔ = محترم جناب محمد نصیر الدین حضرمی صاحب۔ محبوب نگر۔ تلنگانہ			
1	نعت کہتے ہیں شاندار نصیر		سُن کے ہوتے ہیں اشکبار نصیر
2	حضرمی بھی ہیں اور ہیں شرفی		سلسلے سے ہیں جاندار نصیر

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib, Hyderabad India. Collection Digitization eGangotri

119

نظیؔر = محترم جناب ڈاکٹر واحد نظیر صاحب۔ دھلی			
1	سب سے اعلیٰ لگے نظیر کی بات		دن کو دن یہ کہے ہیں رات کو رات
2	بات سچّی کھری یہ کہتے ہیں		اِن کو دیدے خدا دراز حیات

120

نورؔ = محترم جناب نور الدین نور صاحب۔ گلبر گہ۔ کرناٹک			
1	آپ تو نور سے سِوا ہیں نور		اپنے اجداد کی دعا ہیں نور
2	یہ قلم کے امین لگتے ہیں		جیسے رب کی لگے عطا ہیں نور

121

وارثؔ = محترم جناب علیم الدین وارث صاحب۔ پٹنہ۔ بہار			
1	فکر و فن میں جناب ہیں وارث		جیسے تازہ گلاب ہیں وارث
2	نعتیہ شعر جس میں لکّھے ہوں		ایسی روشن کتاب ہیں وارث

122

واخؔ = محترم جناب سید حُسین صاحب۔ حیدر آباد			
1	واخ کی ہے یہ کامیاب وفا		جیسے کاغذ ، قلم ، کتاب وفا
2	نعت رہتی ہے اِن کی جاں میں بسی		جیسے گُل سے کرے گلاب وفا

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri
Collection of Mohammed Hyderabad India

123

وحشیؔ = محترم جناب سمیع اللہ انصاری وحشی ہوڑوی صاحب۔ کلکته			
1	خوب کرتے ہیں شاعری وحشی		مست رہتے ہیں ہر گھڑی وحشی
2	بزمِ ہادی میں آج آئے ہیں		ہو مبارک یہ حاضری وحشی
3	نعت گوئی ہے اِن کا فن اطیبؔ		بات یہ تو ہے کام کی وحشی

124

ہاشمیؔ = محترم جناب شاہ نواز ہاشمی صاحب۔ حیدر آباد			
1	علم و دانش کا سمندر ہے ہمارا ہاشمی		آگہی کا ایک دفتر ہے ہمارا ہاشمی
2	پیار کا اخلاص کا ایثار کا تہذیب کا		ہاں ! سراپا ایک پیکر ہے ہمارا ہاشمی
3	سنتوں سے پیار اس کو، فرض کا ہر دم لحاظ		نیکیوں کا ایک دفتر ہے ہمارا ہاشمی

125

یاسرؔ = محترم جناب سید یاسر بخاری صاحب۔ کرنول۔ آندھرا پردیش			
1	سب سے سندر ہے بات یاسر کی		ہاں مبارک ہے ذات یاسر کی
2	نعتیہ شعر سے محبت ہے		رب کی مرضی ہے بات یاسر کی
3	نعت پڑھنے میں ہی گزر جائے		ساری ، اطیبؔ حیات یاسر کی

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رپورتاژ.........اطیبؔ اعجاز قادری۔ حیدرآباد (ناظم مشاعرہ)

دنیائے ادب میں تھلکہ مچ گیا

۱۳ روزہ طرحی تاریخ ساز نعتیہ و منقبتی مشاعرہ.....

بموقع 125 واں سالانہ عرس مبارک حضرت وتد دکن سید شاہ عبداللہ شاہ قادری لا ابالی الجیلانی المعروف بارگاہ حضرت پتھر والے صاحبؒ مستعد پورہ کاروان روڈ، حیدرآباد۔ تلنگانہ اسٹیٹ انڈیا میں ۱۲/ جمادی الاولیٰ ۱۴۴۱ھ مطابق 16 ڈسمبر 2021 بروز جمعرات صندل شریف کا دن تھا شام کو صندل شریف کے بعد میلاد کی محفل اذانِ فجر تک جاری رہی۔ نماز فجر با جماعت ادا کرنے کے بعد ناشتہ اور چائے نوشی ہونے تک ساڑھے آٹھ بج گئے۔ 17 ڈسمبر 2021 صبح نو بجے تاریخ ساز تیرہ روزہ طرحی نعتیہ و منقبتی فارسی و اردو مشاعرہ کا آغاز قراتِ کلام پاک اور حمدِ باری تعالیٰ سے ہوا۔ حماد پاشاہ صاحب نے اپنے طرحی کلام سے مشاعرہ کا آغاز کیا۔ یعنی (125) ایک سو پچیس نعتیہ اشعار پیش کئے۔ جی ہاں۔ 125 نعتیہ طرحی اشعار پر مبنی نعتِ شریف پیش کی۔ جب 125 واں عرس شریف آیا تو سجادہ نشین **ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی الجیلانی** المعروف حضرت سجاد پاشاہ صاحب نے ایک اجلاس طلب کیا اور کمیٹی بنائی کہ عرس مبارک کو یادگار بنانے کے لئے سالانہ مشاعرہ میں 125 شعراء کو مدعو کیا جائے اور نعتیہ طرح پر 125 اشعار لکھوائے جائیں اور منقبت کی طرح پر کم از کم 11 اشعار اور زیادہ سے زیادہ 25 اشعار لکھنے کے لئے شعراء کو دعوت دی جائے۔ یوں تو ہر سال عرس شریف کے موقع پر پچھلے 155 سالوں سے کل ہند پیمانے پر عظیم الشان نعتیہ و منقبتی مشاعرہ ہوتا آرہا ہے جس کا قدیم ریکارڈ مشاعروں کے گلدستوں کی شکل میں الحمدللہ آج بھی محفوظ ہے۔

لیکن جب اس مصرع طرح (نعتیہ) **دل ہوا تم پر فدا یا مصطفیٰ** پر 125 نعتیہ اشعار لکھنے کو کہا گیا تو کچھ شعراء نے حامی بھر لی اور کچھ شعراء نے معذرت خواہی کر لی بہر حال 400 سے زیادہ شعراء تک کمیٹی کے ذمہ داروں نے رسائی حاصل کی تب کہیں جا کر 125 شعراء طرحی کلام بھیجنے میں کامیاب ہوئے اور اُن کو مشاعرہ میں کلام سُنانے کے لئے مدعو کیا گیا۔

یہ مشاعرہ 2020ء ڈسمبر میں منعقد ہونا تھا لیکن لاک ڈاؤن اور دیگر رکاوٹوں کی وجہ سے اِس مشاعرہ کو

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib, Hyderabad, India Digitization eGangotri

17/ڈسمبر 2021ء کو منعقد کیا گیا۔ مشاعرہ کیا تھا ایک میلہ تھا عشاقِ نبی کا تیرہ دنوں تک چوبیس گھنٹے جاری رہنے والے اس تاریخ ساز مشاعرہ میں روزانہ الگ الگ مہمانانِ خصوصی تشریف لاتے رہے جیسے علماء، مشائخین، سماجی کارکن اور دیگر اصحاب خاص طور پر ریاست تلنگانہ کے وزیر داخلہ محمد محمود علی صاحب نے بھی شرکت فرمائی اور خصوصی خطاب فرمایا۔ چند شعراء جو 16 ڈسمبر 2021ء یعنی صندل شریف سے 29 ڈسمبر 2021ء تک ہمارے ساتھ شامل رہے اِن میں حضرت صوفی مبارک علی دلکش جالونوی قادری صاحب (آگرہ) اور محمد فاروق انور قادری صاحب (کرناٹک) قابل ذکر ہیں۔ اور پھر نظامت کی ذمہ داری حسب سابق مجھ (اطیب اعجاز قادری) کو سونپی گئی، مَیں نے تمام 125 شعراء کے لئے تعارفی اشعار لکھے اور دوران نظامت شعراء کا منظوم استقبال کیا۔ چوبیس گھنٹے جاری رہنے والے اِس عظیم الشان نعتیہ مشاعرہ میں صرف نمازوں کے لئے وقفہ مقرر تھا۔ رات ہو یا دن مشاعرہ پوری آب وتاب کے ساتھ چلتا رہا۔ دیگر ریاستوں سے آنے والے شعراء کے لئے شیڈول بنایا گیا کہ کس ریاست کے شعراء کس تاریخ کو آئیں گے اور کس تاریخ کو واپس جائیں گے اس طرح بڑے اطمینان کے ساتھ شعراء آکر کلام سُناتے رہے اور جاتے رہے، تمام طرحی کلام کو کتابی شکل دی جا رہی ہے، تمام شعراء کو تہنیت یعنی یادگار توصیف نامہ' شعراء کے ناموں کے اسٹامپ کا قلم اور موتیوں کی مالا پیش کی گئی۔

کلام لکھنے کے بعد کچھ شعراء اللہ کو پیارے ہو گئے یعنی انتقال کر گئے اور کچھ کسی وجہ سے مشاعرہ میں شرکت نہیں کر سکے ایسے شعراء کا کلام نعت خواں حضرات سے پڑھوایا گیا۔

17 ڈسمبر 2021ء بروز جمعہ جب مشاعرہ کا آغاز ہوا تو سر پرستِ مشاعرہ مفکرِ اسلام حضرت العلامہ مولانا مفتی خلیل احمد صاحب شیخ الجامعہ جامعہ نظامیہ، نگرانِ مشاعرہ آفتاب سخن سردار سلیم صاحب، صدر مشاعرہ ڈاکٹر الحاج سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی الجیلانی المعروف سجاد پاشاہ صاحب کے علاوہ نائبینِ صدر مشاعرہ مفتی الحاج سید عبدالمتعال قادری لا ابالی رہبرؔ صاحب، مفتی الحاج سید عبدالمستعان قادری لا ابالی محیؔ صاحب، سکریٹری الحاج سید عبدالمقسط قادری لا ابالی صاحب، مفتی الحاج سید عبدالمؤخر قادری لا ابالی ارشادؔ پاشاہ صاحب، ناظم مشاعرہ (اطیب اعجاز قادری) کے علاوہ سامعین کی کثیر تعداد موجود رہی۔ یہ مشاعرہ فیس بک پر ''فیضانِ ھادیٔ دکن'' page پر Live دِکھایا گیا۔ تیرہ دنوں تک شہ نشین کے عقب میں محمد واجد خان ابن حاجی محمد داؤد خان' محمد فیروز خان کی جانب سے الکٹرانک بڑا سا اسکرین لگایا گیا تھا اور مسلسل ویڈیو گرافی جاری رہی۔ جو شعراء قبل از وقت اپنا طرحی کلام روانہ کئے اُن تمام کے نام فہرست میں ملاحظہ فرما سکتے ہیں یا پھر دعوت نامہ میں بھی

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Hyderabad Digitization eGangotri / Collection of Peer Sahib Hyderabad India

ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔

مشاعرہ کے آخری دن صدر مشاعرہ ڈاکٹر سجاد پاشاہ صاحب قبلہ سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب نے جب صدارتی کلام سنانا شروع کیا تو لوگ دنگ رہ گئے کہ ہر شعر میں (تلمیح) قرآنی آیت یا احادیث مبارکہ کا حصہ اس خوبصورتی کے ساتھ ہر شعر میں پیش کیا گیا کہ لوگ سبحان اللہ کی صدائیں بلند کرنے لگے۔ ہر گوشہ سے سبحان اللہ کی صدائیں گونجنے لگیں۔ اس طرح 29 ڈسمبر 2021ء رات بارہ بجے ناظم مشاعرہ اطیب اعجاز قادری نے مشاعرہ کے اکمال کا اعلان کیا۔ مشاعرہ کمیٹی کے ذمہ داران نے شکریہ ادا کیا۔ شعراء کو کلام پڑھنے کے دوران ٹھنڈا پانی، ناریل پانی، چائے، کافی اور انرجی ڈِرنک کا متوتر اہتمام کیا گیا تھا۔ اس کے علاوہ تمام شعراء اور سامعین کے لئے تیرہ دنوں تک قیامؔ طعام اور آرام کا مسلسل انتظام رہا۔ اسٹیج اسکرین، روشنی (درگاہ و مشاعرہ گاہ میں) درگاہ شریف کے باہر قیام حیدرآباد کے چار سو سالوں میں پہلی مرتبہ برقی قمقموں کی چادر نے ماحول کو چار چاند لگا رکھا تھا۔ مشاعرہ گاہ کے باہر دن ہو کہ رات آٹھوں پہر سبحان اللہ کی صدائیں سُن کر راہ گیر تجسس کے ساتھ اندر آتے اور مشاعرہ میں جو نورانی کیفیت محسوس ہوتی اُس سے محظوظ ہوتے اس طرح سامعین کی تعداد دن بہ دن بڑھتی گئی اور لوگوں کے کان یا مصطفٰی یا مصطفٰی اور سبحان اللہ کی صداؤں کو سُننے کے عادی ہو گئے۔ مشاعرہ کے کچھ دن بعد لوگ مجھ سے پوچھنے لگے کہ بھائی اطیب وہ سبحان اللہ کی صداؤں والا مشاعرہ پھر کب ہوگا۔ اور کچھ لوگ یہ بھی پوچھنے لگے مشاعرہ کے دوران ہم نے ہر وقت ''یا مصطفٰی'' کی صدائیں سُنتے رہے جس سے دل کو سکون ملتا رہا یہ مشاعرہ دوبارہ پھر کب ہوگا۔

اس مشاعرہ کی خاص بات جو مَیں نے محسوس کی کہ پہلے ہی دن سے بارانِ نور کا نزول جاری تھا اور پھر مشاعرہ کے ساتویں دن جب حافظ فضل حُسین قادری جبلپوری نعتیہ کلام پیش کر رہے تھے تو تمام سامعین جذبات سے مغلوب ہو رہے تھے اور اطیب اعجاز قادری کی آنکھوں سے آنسو رواں ہو گئے۔ اس کے بعد کئی شعراء اور سامعین روتے ہوئے دیکھے گئے۔ ایک روحانی کیفیت محفل میں طاری ہو گئی۔ اور یہ سلسلہ مشاعرہ کے آخری دن تک چلتا رہا۔ نماز فجر سے پہلے جو شاعر کلام پڑھتا وہ اس کی آنکھوں سے آنسو ضرور بہتے۔ یہ نورانی و روحانی کیفیت والا مشاعرہ عرصہ دراز تک یاد رکھا جائے گا۔

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

17/ڈسمبر 2021ء کو منعقد کیا گیا۔ مشاعرہ کیا تھا ایک میلہ تھا عشاقِ نبی کا تیرہ دنوں تک چوبیس گھنٹے جاری رہنے والے اس تاریخ ساز مشاعرہ میں روزانہ الگ الگ مہمانانِ خصوصی تشریف لاتے رہے جیسے علماء، مشائخین، سماجی کارکن اور دیگر اصحاب خاص طور پر ریاست تلنگانہ کے وزیر داخلہ محمد محمود علی صاحب نے بھی شرکت فرمائی اور خصوصی خطاب فرمایا۔ چند شعراء جو 16 ڈسمبر 2021ء یعنی صندل شریف سے 29 ڈسمبر 2021ء تک ہمارے ساتھ شامل رہے اِن میں حضرت صوفی مبارک علی دلکش جالونوی قادری صاحب (آگرہ) اور محمد فاروق انور قادری صاحب (کرناٹک) قابل ذکر ہیں۔ اور پھر نظامت کی ذمہ داری حسب سابق مجھ (اطیب اعجاز قادری) کو سونپی گئی، مَیں نے تمام 125 شعراء کے لئے تعارفی اشعار لکھے اور دوران نظامت شعراء کا منظوم استقبال کیا۔ چوبیس گھنٹے جاری رہنے والے اِس عظیم الشان نعتیہ مشاعرہ میں صرف نمازوں کے لئے وقفہ مقرر تھا۔ رات ہو یا دن مشاعرہ پوری آب وتاب کے ساتھ چلتا رہا۔ دیگر ریاستوں سے آنے والے شعراء کے لئے شیڈول بنایا گیا کہ کس ریاست کے شعراء کس تاریخ کو آئیں گے اور کس تاریخ کو واپس جائیں گے اس طرح بڑے اطمینان کے ساتھ شعراء آکر کلام سُناتے رہے اور جاتے رہے، تمام طرحی کلام کو کتابی شکل دی جا رہی ہے، تمام شعراء کو تہنیت یعنی یادگار توصیف نامہ' شعراء کے ناموں کے اسٹامپ کا قلم اور موتیوں کی مالا پیش کی گئی۔

کلام لکھنے کے بعد کچھ شعراء اللہ کو پیارے ہوگئے یعنی انتقال کر گئے اور کچھ کسی وجہ سے مشاعرہ میں شرکت نہیں کر سکے ایسے شعراء کا کلام نعت خواں حضرات سے پڑھوایا گیا۔

17 ڈسمبر 2021ء بروز جمعہ جب مشاعرہ کا آغاز ہوا تو سرپرستِ مشاعرہ مفکرِ اسلام حضرت العلامہ مولانا مفتی خلیل احمد صاحب شیخ الجامعہ جامعہ نظامیہ، نگرانِ مشاعرہ آفتاب سخن سردار سلیم صاحب، صدر مشاعرہ ڈاکٹر الحاج سید عبدالمہیمن قادری لاابالی الجیلانی المعروف سجاد پاشاہ صاحب کے علاوہ نائبینِ صدر مشاعرہ مفتی الحاج سید عبدالمتعال قادری لاابالی رہبؔر صاحب، مفتی الحاج سید عبدالمستعان قادری لاابالی محیؔ صاحب، سکریٹری الحاج سید عبدالمقسط قادری لاابالی صاحب، مفتی الحاج سید عبدالمؤخر قادری لاابالی ارشادؔ پاشاہ صاحب، ناظم مشاعرہ (اطیب اعجاز قادری) کے علاوہ سامعین کی کثیر تعداد موجود رہی۔ یہ مشاعرہ فیس بک پر Live ''فیضانِ ھادیٔ دکن'' page پر دِکھایا گیا۔ تیرہ دنوں تک شہ نشین کے عقب میں محمد واجد خان ابن حاجی محمد داؤد خان' محمد فیروز خان کی جانب سے الکٹرانک بڑا سا اسکرین لگایا گیا تھا اور مسلسل ویڈیو گرافی جاری رہی۔ جو شعراء قبل از وقت اپنا طرحی کلام روانہ کئے اُن تمام کے نام فہرست میں ملاحظہ فرما سکتے ہیں یا پھر دعوت نامہ میں بھی

ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔

مشاعرہ کے آخری دن صدر مشاعرہ ڈاکٹر سجاد پاشاہ صاحب قبلہ سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب نے جب صدارتی کلام سُنانا شروع کیا تو لوگ دنگ رہ گئے کہ ہر شعر میں (تلمیح) قرآنی آیت یا احادیث مبارکہ کا حصہ اس خوبصورتی کے ساتھ ہر شعر میں پیش کیا گیا کہ لوگ سبحان اللہ کی صدائیں بلند کرنے لگے۔ ہر گوشہ سے سبحان اللہ کی صدائیں گونجنے لگیں۔ اس طرح 29 ڈسمبر 2021ء رات بارہ بجے ناظم مشاعرہ اطیب اعجاز قادری نے مشاعرہ کے اکمال کا اعلان کیا۔ مشاعرہ کمیٹی کے ذمہ داران نے شکریہ ادا کیا۔ شعراء کو کلام پڑھنے کے دوران ٹھنڈا پانی، نارمل پانی، چائے، کافی اور انرجی ڈِرنک کا متوتر اہتمام کیا گیا تھا۔ اس کے علاوہ تمام شعراء اور سامعین کے لئے تیرہ دنوں تک قیام٬ طعام اور آرام کا مسلسل انتظام رہا۔ اسٹیج اسکرین، روشنی (درگاہ و مشاعرہ گاہ میں) درگاہ شریف کے باہر قیام حیدرآباد کے چار سو سالوں میں پہلی مرتبہ برقی قمقموں کی چادر نے ماحول کو چار چاند لگا رکھا تھا۔ مشاعرہ گاہ کے باہر دن ہو کہ رات آٹھوں پہر سبحان اللہ کی صدائیں سُن کر راہ گیر تجسس کے ساتھ اندر آتے اور مشاعرہ میں جو نورانی کیفیت محسوس ہوتی اُس سے محظوظ ہوتے اس طرح سامعین کی تعداد دن بہ دن بڑھتی گئی اور لوگوں کے کان یا مصطفٰی یا مصطفٰی اور سبحان اللہ کی صداؤں کو سُننے کے عادی ہو گئے۔ مشاعرہ کے کچھ دن بعد لوگ مجھ سے پوچھنے لگے کہ بھائی اطیب وہ سبحان اللہ کی صداؤں والا مشاعرہ پھر کب ہوگا۔ اور کچھ لوگ یہ بھی پوچھنے لگے مشاعرہ کے دوران ہم نے ہر وقت ''یا مصطفٰی'' کی صدائیں سُنتے رہے جس سے دل کو سکون ملتا رہا یہ مشاعرہ دوبارہ پھر کب ہوگا۔

اس مشاعرہ کی خاص بات جو مَیں نے محسوس کی کہ پہلے ہی دن سے بارانِ نور کا نزول جاری تھا اور پھر مشاعرہ کے ساتویں دن جب حافظ فضل حُسین قادری جبلپوری نعتیہ کلام پیش کر رہے تھے تو تمام سامعین جذبات سے مغلوب ہو رہے تھے اور اطیب اعجاز قادری کی آنکھوں سے آنسو رواں ہو گئے۔ اس کے بعد کئی شعراء اور سامعین روتے ہوئے دیکھے گئے۔ ایک روحانی کیفیت محفل میں طاری ہو گئی۔ اور یہ سلسلہ مشاعرہ کے آخری دن تک چلتا رہا۔ نماز فجر سے پہلے جو شاعر کلام پڑھتا وہ اس کی آنکھوں سے آنسو ضرور بہتے۔ یہ نورانی و روحانی کیفیت والا مشاعرہ عرصہ دراز تک یاد رکھا جائے گا۔

تیرہ روزہ تاریخی مشاعرہ

بارگاہ حضرت پتھر والے صاحبؒ حیدرآباد میں

125 شعراء کا مہا سنگم

(آفتابِ سخن محترم جناب) **سردار سلیم** (صاحب)

اللہ تبارک وتعالی کا لاکھ لاکھ شکر ہے جو اپنے بندوں کی لاج رکھتا ہے، منصوبوں کو پورا کرتا ہے اور نیک مقاصد کی تکمیل میں مدد فرماتا ہے۔

یقین مانئے! آج سے مہینہ ڈیڑھ مہینہ پیچھے مڑ کر دیکھتا ہوں تو اعتبار نہیں آتا کہ وہ معرکہ سَر ہو چکا ہے جس کے لیے ہم لوگ مہینوں سر جوڑ کر بیٹھا کرتے تھے اور اس کارِ مشکل کی انجام دہی کے بارے میں سوچا کرتے تھے۔ مجھے تو بالکل بھی امید نہیں تھی کہ ایک سو پچیس شاعر ایک ساتھ ایک سو پچیس اشعار پر مبنی اپنی نعتیں پیش کریں گے وہ بھی مسلسل تیرہ دنوں پر مشتمل مشاعرے میں۔ بخدا یہ ایک انہونی تھی، مگر اس انہونی کو ہونی کر کے دکھانے والی شخصیت کو ہزاروں سلام۔ اس شخصیت کا نام ہے مولانا ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لاابالی سجاد پاشاہ، سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب، مستعد پورہ کاروان حیدرآباد۔

سجآد پاشاہ نے آج سے پانچ سال پہلے بھی ایسا ہی ایک انوکھا مشاعرہ برپا کیا تھا جس میں 150 شاعروں نے طرحی کلام سنایا تھا اور یہ مشاعرہ مسلسل تیس گھنٹوں تک جاری رہا۔ اُس وقت یہ بھی ہمیں انہونی نظر آرہی تھی ہر چند کہ مشاعرے کا مکمل نظام العمل راقم الحروف نے ترتیب دیا تھا لیکن اس کے باوجود مشاعرہ منعقد ہونے تک عجیب بے یقینی کی سی کیفیت تھی، سجآد پاشاہ کی کاوشوں سے جس طرح یہ مشاعرہ کامیابی سے ہمکنار ہوا تھا اُسی طرح سال 2021ء میں 16 ڈسمبر تا 30 ڈسمبر 125 سالہ عرس مبارک کے موقع پر منعقدہ یہ تیرہ روزہ طرحی مشاعرہ بھی شاندار انداز میں کامیابی سے ہمکنار ہوا جس کے لیے شرط تھی کہ

125 شعراء بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ہدیۂ نعت پیش کریں گے اور ہر شاعر کے پاس 125 شعر ہوں گے، نیز منقبت کے گیارہ شعر الگ۔ مشاعرے کے لیے چار طرح مصرعے جاری کئے گئے جس میں ایک مصرع اردو نعت کا ایک مصرع فارسی نعت کا اور دو مصرعے اردو منقبت کے۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ ہندوستان کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے ممتاز شعراء نے وقت مقررہ پر اپنی طرحی کلام ارسال کر دیا تھا جسے کتابی شکل میں ڈھالا گیا اور کتاب کا نام رکھا گیا" مخضب زشعراء "یہ عنوان تاریخی ہے اور یہ کتاب لگ بھگ 1300 صفحات پر مشتمل ہے۔ ظاہر سی بات ہے جب اتنے شعراء کا کلام ہوگا تو کتاب تو ضخیم ہو گی ہی۔ ہر شاعر کو نظام العمل کے مطابق بتا دیا گیا تھا کہ آپ کا نمبر فلاں تاریخ کو فلاں وقت پر لگے گا، بیرونی شعراء کے لئے قیام وطعام کا مستقل انتظام، بلکہ جہاں تک میں نے دیکھا 24 گھنٹوں میں کوئی ساعت ایسی نہ ہوتی تھی کہ جب دستر خوان اٹھا دیا گیا ہو، لوگ مسلسل آتے رہتے تھے اور تبرک سے استفادہ کرتے رہتے تھے، کسی دن بریانی، کسی دن کھچڑا، کسی دن خشکا اور قورمہ بہر حال تیرہ دنوں تک مسلسل چولھے پر دیگ چڑھی رہی اور چائے کا سماوار آٹھوں پہر گرم رہا۔

ہندوستان کی مشہور و معتبر علمی شخصیت حضرت العلامہ **مولانا مفتی خلیل احمد صاحب** قبلہ، شیخ الجامعہ، جامعہ نظامیہ کی سرپرستی میں یہ طویل تقریب پوری آب و تاب کے ساتھ ایک نئی تاریخ رقم کرتے ہوئے تیرہ دن تک جاری رہی۔ وہ جو کہتے ہیں اللہ مہربان تو گدھا پہلوان، یہ ناچیز اس مشاعرے کا نگران تھا، یہ بھی سجادؔ پاشاہ کی دور اندیشی تھی کہ آزاد پنچھی کو دام میں لانے کے لیے انہوں نے راقم الحروف کو مشاعرے کا نگران بنا دیا۔ سچ پوچھئے تو یہ ان کی ذرہ نوازی تھی، نہ صرف سجادؔ پاشاہ بلکہ ان کے پانچوں برادران مفتی الحاج سید عبدالمتعال قادری لاابالی رہبرؔ صاحب، مفتی الحاج سید عبدالمستعان قادری لاابالی محیؔ صاحب، مفتی الحاج سید عبدالمقسط قادری لاابالی قادرؔ صاحب، مفتی الحاج سید عبدالمؤخر قادری لاابالی ارشاد صاحب کے علاوہ ناظم مشاعرہ اطیبؔ اعجاز قادری صاحب کی جاں فشانی اور انتھک محنت اس تاریخ ساز مشاعرے کی کامیابی کا سبب بنی۔ حیدرآباد اور تلنگانہ کی تقریباً ہر قابل ذکر شخصیت اس تقریب میں شریک ہوئی۔ ان شخصیتوں میں قابل ذکر ریاستی وزیر داخلہ عزت مآب الحاج محمد محمود علی صاحب اور دیگر حضرات اس فہرست میں شامل

ہیں، مسند مشاعرہ پر پورے ہندوستان کے ادبی افق سے تعلق رکھنے والے ستارے جگمگا رہے تھے، یوں سمجھئے کہ ایک کہکشاں سی سج گئی تھی۔ میں تمام 125 شعراء کا ذکر تو نہیں کرسکتا البتہ چند نام رقم کیے دیتا ہوں، استاذ سخن حلیم صابر (کلکتہ) تلک راج پارس (مدھیہ پردیش) خورشید فاروقی (مدھیہ پردیش) ظہیر کانپوری، سید سعید احسن (جھارکھنڈ) عرفان شاہ نوری پٹیل (گوا) حلیم الدین وارث (بہار) محمد فاروق انور (رائچور) محمد مقصود (مالیگاوں) ریاض الدین کامل (ناگپور) استاذ سخن ماجد جبلپوری (مدھیہ پردیش) ان کے علاوہ اور شعراء کے ناموں کے لئے اس کتاب کی فہرست ملاحظہ فرمایئے۔ جبلپور کے تو بہت سارے شعراء اور تلنگانہ کے اضلاعی شعراء میں بھی کئی ممتاز نعت گو شعراء شریک رہے، میزبان شعراء میں جناب کامل حیدرآبادی، جناب صلاح الدین نیر، ڈاکٹر عقیل ہاشمی، مولانا عرفان اللہ شاہ نوری، ڈاکٹر مبشر احمد نشتر، زعیم ذومرہ، سکندر شرفی، حامد شرفی، سراج یعقوبی، مفتی اختر ضیا' ڈاکٹر میر مرتضیٰ لطیفی، قاری انیس احمد، برہان الدین وارثی اور دیگر شعراء اس منفرد مشاعرہ کا حصہ بن کر تاریخ کا حصہ بن گئے، یقینا آنے والے کل کا مورخ جب اردو مشاعروں کی تاریخ لکھے گا تو اسے بارگاہ پتھر والے صاحبؒ کے اس تیرہ روزہ مشاعرہ کے لیے ایک گوشہ مخصوص رکھنا پڑے گا۔ اور ہاں اس مشاعرے کا دعوت نامہ بھی عجوبہ تھا، پورے بتیس (32) صفحات پر مشتمل ملٹی کلر دعوت نامہ جس میں تمام حاضر و غیر حاضر شعراء کی تصاویر ان کا نام اور ان کی کلام نوازی کا مقررہ وقت اور تاریخ درج تھی ایک ایسا مکمل نظام العمل ایک ایسی خوش سلیقہ منصوبہ بندی جس کا کوئی جواب نہیں، نہ کوئی بدنظمی نہ کوئی شور شرابہ، نہ کوئی بھگدڑ، بڑی سلیقہ مندی کے ساتھ نظام ترتیب دیا گیا تھا جس کے لیے تمام عہدیداروں واراکین اور تمام والینٹرس قابل مبارکباد ہیں، یہ اردو کی تاریخ کا پہلا ایسا مشاعرہ تھا جو تیرہ دن تک چلا جس کے لیے منتظمین کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔

☆☆☆☆☆

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri, Collection Peer Sahib Hyderabad India, Digitization eGangotri

مطبوعاتِ دار الهدیٰ

حضرت فخر اولیاءؒ ۔ حضرت فخر اولیاء سید شاہ عبد الرزاق قادری لا ابالی فقیر قدس اللہ سرہٗ

حضرت ہادیٔ دکن ۔ حضرت ہادیٔ دکن سید شاہ محی الدین قادری ہادی لا ابالی الجیلانی قدس اللہ سرہٗ

مرتب۔ ڈاکٹر سید عبد المهيمن قادری لا ابالی الجیلانی سجاد عفی عنه

نشان سلسلہ	نام کتاب	مصنف رمولف	سنہ اشاعت ہجری	سنہ اشاعت عیسوی	کیفیت
۱	راہ جنت	حضرت فخر الاولیاءؒ	محرم الحرام ۱۳۶۵	ڈسمبر 1945	طبع اول
۲	گلشن نعت	حضرت فخر الاولیاءؒ	محرم الحرام ۱۳۶۷	نومبر 1947	طبع اول
۳	روزمرہ کی دعائیں	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۳۸۳	جنوری 1964	
۴	تعمیرِ نَو	حضرت ہادیٔ دکنؒ	محرم الحرام ۱۳۸۵	مئی 1965	
۵	گلشن نعت	حضرت فخر اولیاءؒ	محرم الحرام ۱۳۸۸	اپریل 1968	طبع ثانی
۶	نماز کا صحیح طریقہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ربیع الثانی ۱۳۹۳	مئی 1973	
۷	گیارہ سورتیں	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولی ۱۴۰۰	اپریل 1980	
۸	بارہ سورتیں	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۰۰	مئی 1980	
۹	شرح المطالعۃ السعودیہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ربیع الثانی ۱۴۰۳	مارچ 1983	
۱۰	مختارات الادب	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۰۳	مارچ 1983	
۱۱	مواعظ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاول ۱۴۰۹	ڈسمبر 1988	
۱۲	صوتِ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاول ۱۴۱۰	ڈسمبر 1989	
۱۳	مختصر حالات اولیائے حیدرآباد	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۴۱۰	اپریل 1980	
۱۴	مختصر احوال علماء و اولیاء حیدرآباد	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۴۱۰	اپریل 1990	
۱۵	مختصر تاریخ ادبِ عربی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۱۲	نومبر 1991	
۱۶	تذکرہ اجدادِ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۱۳	نومبر 1992	
۱۷	گلدستۂ نعت و منقبت	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ذی الحجہ ۱۴۱۳	جون 1993	گلدستہ
۱۸	صوفی صفات صحابہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۱۴	ڈسمبر 1994	

۱۹	تربیتی و اصلاحی دروس	حضرت ہادیؔ دکنؒ	رجب المرجب ۱۴۱۵	ڈسمبر 1994	
۲۰	نقشِ تابندہ	حضرت ہادیؔ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۱۶	نومبر 1995	
۲۱	مجلہ قادریہ	حضرت ہادیؔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۱۷	ستمبر 1996	
۲۲	تحیاتِ ہادی	حضرت ہادیؔ دکنؒ	رجب المرجب ۱۴۱۷	ڈسمبر 1996	
۲۳	خیر البشر رسولؐ	حضرت ہادیؔ دکنؒ	شعبان المعظم ۱۴۱۸	ڈسمبر 1997	
۲۴	فواصلِ قرآن	حضرت ہادیؔ دکنؒ	شعبان المعظم ۱۴۱۹	ڈسمبر 1998	
۲۵	حدیقہ نادی الہادی	حضرت ہادیؔ دکنؒ	شعبان المعظم ۱۴۲۰	نومبر 1999	گلدستہ
۲۶	قرآنِ حکیم اور کمپیوٹر	حضرت ہادیؔ دکنؒ	ربیع المنور ۱۴۲۱	جون 2000	
۲۷	عطائے عطا	حضرت ہادیؔ دکنؒ	جمادی الاول ۱۴۲۲	جولائی 2001	
